سرائیکی اکھاݨ

جلد اوّل

تلاش و ترجمہ

شوکت مغل

سرائیکی اکھاݨ

(سرائیکی زبان کی پانچ ہزار سے زائد ضرب الامثال مع ترجمہ)

جلد اوّل

تلاش و ترجمہ

شوکت مغل

سرائیکی اشاعتی ادارہ

زیرِ اہتمام سرائیکی مجلس ادب (رجسٹرڈ) ملتان - پاکستان

طبع اوّل ———— جون ۱۹۹۲ء

کتابت ———— خادم حسین عثمانی

تزئین ———— دارالخطاطی ملتان
نایاب کمپیوٹر گرافکس ملتان

طباعت ———— روحانی آرٹ پریس ملتان

ناشر ———— سرائیکی اشاعتی ادارہ ملتان

سرورق ———— اختر عزیز۔ علی بھائی پرنٹرز ملتان

قیمت ———— تین صد روپے

—— ملنے کا پتہ ——

۱۔ سرائیکی اشاعتی اِدارہ۔ فیض مغل مارکیٹ اندرون پاک گیٹ ملتان۔ پاکستان

۲۔ ۳۹۶۔ ای جھوک مغل پیپلز کالونی۔ وہاڑی روڈ ملتان۔ پاکستان

اپنے مرحوم دوست

خواجہ محمد یونس دستگیر

کے نام!

دیباچہ

سرائیکی وادیٔ سندھ کی قدیم ترین زبان ہے جو دکن سے لے کر کشمیر تک بولی اور سمجھی جاتی رہی ہے لیکن اس زبان کو زمانے کی کہن سالی، نئی نئی جغرافیائی حد بندیوں، غیر زبانوں کی یلغار، ابنائے زمین کی سرد مہری، سیاسی حکومتوں کی بے اعتنائی، غیروں کے تعصب اور بولنے والوں کی عدم توجہی اور بے حسی نے کھا لیا ہے۔ وہ زبان جس کو موہنجو داڑو، ہڑپہ، کوٹ ڈیجی، ہاکڑہ اور ٹیکسلا کے قدیم تہذیبی آثار کے حوالے سے تلاش کیا جانا چاہیئے تھا وقت کے آقاؤں اور ملک کے ناخداؤں کی عدم دلچسپی اور سیاسی مصلحتوں کا شکار ہو کر رہ گئی ہے۔ آج جب اِس زبان کا علمی سرمایہ تلاش کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو سوائے ہاتھ مَلنے کے اور کچھ نہیں مِلتا۔

کسی بھی زبان کو ترقّی دینے کے لئے ماہرینِ لسانیات نے محاورات، ضرب الامثال، لغاتِ اصطلاحات، جامع القواعد اور جامع لغات جیسی تالیفات کو مرتب کرنا ضروری قرار دیا ہے مگر مقامِ افسوس ہے کہ سرائیکی زبان میں ایسی کوئی جامع تالیف موجود نہیں ہے اِلّا ماشاءاللہ اُن چند چھوٹی چھوٹی کتابوں کے، جنہیں بطور دفعِ عذر گنوایا تو جا سکتا ہے لیکن سرائیکی زبان کی قدامت کے مطابق شایانِ شان طور پر پیش نہیں کیا جا سکتا جبکہ وقت کا دامن تھام کر چلنے والی بعض قومیتوں نے اپنی علاقائی زبانوں کی عمارات، سرائیکی زبان کے ادب پر استوار کر کے اپنی زبانوں کی جامعیّت و قدامت کا دعویٰ علم و ادب کی دنیا میں پیش کر کے سرائیکی علم و ادب کو کسی حد تک گہنا دیا ہے حتّیٰ کہ اِسے سیاسی نعرہ قرار دے کر تعصب کا رنگ بھرنے کی ناکام کوشش بھی کی ہے۔

مَیں نے جب سرائیکی زبان کے ایک طالب علم کی حیثیت سے سرائیکی کہاوتوں کا کوئی جامع مجموعہ تلاش کرنا چاہا تو یہ جان کر نہایت افسوس ہوا کہ چند سو سرائیکی کہاوتوں پر مشتمل ایک مختصر کتاب کے علاوہ کوئی ایک بھی مجموعہ دستیاب نہیں ہے۔ جبکہ تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاک و ہند (چودھویں جلد) میں سرائیکی ادب پر بحث کرتے ہوئے میر حسّان الحیدری لکھتے ہیں

"سرائیکی زبان کی کہاوتیں، ضرب الامثال آج بھی ہزاروں کی تعداد میں مقبول و مروّج اور زبان زدِ عام و خاص ہیں۔ اِن کہاوتوں میں بڑی بڑی فلاسفی سموئی ہوئی ہے۔ نیز اِن میں

زندگی کے اُصول و قواعد پنہاں ہیں۔ سرائیکی زبان کی ایسی کہاوتیں یا سُوتر اگر یکجا کیئے جائیں تو بلا مبالغہ بیس ہزار کے لگ بھگ ہوتے ہیں اور بلاشبہ اتنی تعداد کسی بھی عظیم سے عظیم الہامی جملوں یا حکمت و دانش سے پُر ادبی، علمی، قومی، سیاسی اور طنز یہ ضرب الامثال کی نہیں مل سکتی۔"

کسی بھی زبان میں ضرب الامثال کی اہمیّت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ ہر زبان کے ادب میں سب سے اہم چیز ضرب الامثال ہی ہوتی ہیں جن میں بہت حد تک اس کے وسیب کی داستانِ حیات کے مختلف گوشے مضمر ہوتے ہیں۔ ان میں اس سرزمین کے لوگوں کی حکایات اور افسانوں کے علاوہ روزمرّہ کی زندگی کی جھلکیاں بھی پائی جاتی ہیں۔ زبان کی وسعت و گیرائی کا اندازہ بھی اس کے ذخیرۂ الفاظ کے ساتھ ساتھ محاورات اور کہاوتوں سے لگایا جاتا ہے۔

کہاوتیں دنیا کی ساری زبانوں میں موجود ہیں۔ یہ دانائی، سچائی اور انصاف کا بھی پتہ دیتی ہیں اور زبان کے مزاج، وہاں کے موسموں، فصلوں، میلوں ٹھیلوں، فرصت کی مصروفیات، کھیل کود اور زندگی کی دلچسپیوں کا بھی۔ ان میں عورتوں کی زبان سے نکلنے والی گھر گرہستی کی باتیں بھی ظاہر ہوتی ہیں اور زندگی میں موجود اُونچ نیچ اور نقائص بھی ضرب الامثال سے جانوروں کی صفات، عورت و مرد کی انفرادی ذاتی خوبیوں کے علاوہ موسم اور رُت کی تبدیلی کے اثرات، بزرگوں کے تجربات، داناؤں کی دانشمندی کا بھی علم ہوتا ہے۔ ضرب الامثال اُس زبان کو بولنے والے لوگوں کی رسوم، رواج، عادات، مزاج اور تاریخی واقعات کا بھی پتہ دیتی ہیں۔ ان میں قوم کا ماضی بھی جھلکتا ہے اور مستقبل کے لئے نصیحتیں اور مشورے بھی ملتے ہیں۔ ایسی چند کہاوتیں یہ ہیں

حکمت و دانائی اور نصائح

۱:۔ سچ آکھے لالچ، یا ہتھوں ڈاڈھا بے حیا
۲:۔ اُبہل دے اگوں ٹوئے
۳:۔ اَج میڈی واری ہے کل تیڈی
۴:۔ طمع گناہیں دی نانی ہے
۵:۔ اَسوں کتیں تھولا کھاطرف طبیاں نُول ناں جا
۶:۔ پال داچھوٹا پَرنا وَن ڳالٹ ہے
۷:۔ ہکھا جھلیندے تلے لہو، سوڑ گھتیندے اُتے وَنجُو
۸:۔ کرماں دی رَتی چنگی، عقل دا مَن کُجھ ناں
۹:۔ سچ سچ تے، کوڑ کوڑ ئے، کُوڑ دے مُونہہ وِچ دُھوڑ ئے
۱۰:۔ ڳناں مچھی تے ہنڈ واناں، اَسوں پکے کتیں کھاناں

جانوروں کی صفات

۱:۔ ڈانڈ ہولا، بیا سبھو کوڑ ہے
۲:۔ گھر کوٹھا، مال اوٹھا، پتر جیٹھا
۳:۔ گھوڑا پتر گھاہ دا، پیو داناں ما دا
۴:۔ گھوڑے کوں تلا، رن کوں کھلا
۵:۔ گھوڑے دی عمر سٹھ سال جے ملے مسالا، مرد دی عمر سو سال جے رہے سکھالا
۶:۔ گھیو گاوا، کھیر بانجھا، بوہلی باکری/ ناراباکرا
۷:۔ گڈا ننہہ کوں سوٹا، عراقی کوں اشارت
۸:۔ ماروار دا گاباء، بور پور دا سینگا
۹:۔ دتل پوہ دا، دنبہ روہ دا
۱۰:۔ تریٹے دن کون، منجھ ڈبی، بھیڈ پڑ پھلی، ڈاڑھی آلی رن

موسمی کیفیات

۱:۔ آیا دِساکھ تے دردھ گیا سا کھ
۲:۔ اُدھ ماگھ، کھنگل پا نہہ
۳:۔ اسوں اس اسالہ، ڈینہاں دھپیں راتیں پالا
۴:۔ بدرا بار بلا، ساونڑ ہووے ہا
۵:۔ جیٹھ، جالیں ہیٹھ
۶:۔ ساونڑ داستا، بندہ ناں کتا

کہادتوں سے لوگوں کی ثقافتی، تہذیبی، مذہبی، سماجی، اخلاقی، سیاسی، جغرافیائی اور معاشی اقدار و رجحانات کا پتہ چلتا ہے اور اس علاقے کے لوگوں کے رہن سہن طرزِ زندگی ماحول، انفرادی و اجتماعی سوچ اور سماجی روایات کا بھی۔ "بٹے سٹے" کی شادی جیسی سماجی روایت کے بارے میں یہ کہاوتیں ملاحظہ ہوں

۱:۔ وٹا سٹا، ہک سر مٹھی، ہک سر گھٹا
۲:۔ وٹے سٹے دی کڑمائی، گنجی گئی تے کانڑی آئی
۳:۔ وٹے وچ پرنا، ولدی ورتے بلھا

معاملاتِ زندگی اور ماحول

۱:۔ لائق بھانڈیاں دا کھٹ کار تھی پوندے
۲:۔ لائق نال کریجے ویر، وپار، پریت
۳:۔ جھٹرالو دا سر جھیڑے وچ ویندے
۴:۔ وپار وچ کیں بھر تی

۵:- بھرا جیوے، بھیں سواں ناں بھیوے   ۶:- ذال دا مریدڈ دلوںچہ خراب

۷:- سانڈھو گوانڈھی، ترڈا سراندی   ۸:- شریک نہ تی شیخ

۹:- ڈینھ دی دھپ تے رات دی بکھ، جنج دا گاہنڑاں ہے

۱۰:- جیکوں کتا پٹے، سٹ کھلے اوہو کھاوے

لکھنے اور بولنے میں ضرب الامثال اور محاورات کا برمحل استعمال زبان کو حسین دلکش اور پُر لطف بنا دیتا ہے اور قاری اور سامع کے ذہن پر گہرا اثر ڈالتا ہے۔ محاورات اور ضرب الامثال سے مرصع اندازِ تقریر و تحریر زبان دانی اور اعلیٰ انشاء پردازی کی ایک ممتاز صفت ہے جس کی اہمیت سے کوئی صاحبِ علم انکار نہیں کر سکتا۔

کہاوت کی خصوصیات میں اختصار، جامعیت، تجربہ، ٹھیٹھ زبان، حسنِ الفاظ اور سماجی زندگی سے قریبی تعلق شامل ہے۔ دراصل کہاوت ایسا مختصر جملہ ہے جو محاورے سے زیادہ اہم مگر محاورے کے برعکس اپنے طور پر مکمل ہوتا ہے

"جس طرح ہر منضبط معاشرے میں ذات، ہنر اور روایت وراثت میں ملتی ہے بالکل اسی طرح دانائی بھی کیپسول میں مہیا کی جاتی ہے جسے اصطلاحِ عام میں ضرب المثل کہتے ہیں چونکہ اس برصغیر کا معاشرہ ایک منضبط اکائی کے طور پر قائم رہا ہے اس لیے یہاں بھی ضرب المثل کی اجارہ داری صاف نظر آتی ہے" (ڈاکٹر وزیر آغا سہ ماہی ادبیات اسلام آباد شمارہ ۱۶ جلد ۵ صفحہ ۲۴۷)

بعض کہاوتیں جو مذہب کے ذریعے داخل ہوئی ہوں اُن پر اگرچہ مذہبی رنگ ہوتا ہے تاہم ثقافتی رنگ زیادہ غالب رہتا ہے جیسے یہ کہاوتیں ہیں

۱:- آسن قبراں تھیسن خبراں   ۲:- اُبہل کم شیطان دا

۳:- آئی جو قبر وِچ جال، چہ سوڑی تے چہ موکلی   ۴:- اَج میڈڑی واری ہے کل تیڈڑی

جناب شان الحق حقی، وارث سرہندی کی مرتب کردہ "جامع الامثال" کے دیباچے میں ضرب الامثال کی اہمیت

بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں

"کہانیوں کی طرح، کہاوتوں کا مطالعہ مطلق طور پر لسانی نہیں بلکہ ثقافتی مطالعے سے متعلق رکھتا ہے ان سے معاشرے کے مزاج، رہن سہن، عادات، رسومات، اخلاقیات، اقدار و عقائد، ذہنی جودت اور تخلیقی صلاحیت پر روشنی پڑتی ہے ان میں تاریخی واقعات، شخصیات، حکایات، تصورات اور اُمنگوں کی طرف بھی حوالے ہوتے ہیں اس لحاظ سے یہ عمرانیات کی ذیل میں آتی ہیں ....

ضرب الامثال عموماً عوامی سطح پر پیدا ہوتی ہیں۔ اِن میں عوامی لطافت سمائی ہوتی ہے اور عوامی زندگی کی جھلک نظر آتی ہے۔ خوبی یہ ہے کہ پھر خواص بھی ان ہی مثلوں اور کہاوتوں کو برتتے ہیں اور اپنا لیتے ہیں اگرچہ وہ اکثر اُن کے اپنے ماحول یا معاشرے سے تعلق نہیں رکھتیں۔ نہ صرف امثال بلکہ الفاظ، تلفظ، محاورے وغیرہ کے معاملے میں بھی عوام کے آگے خواص کی زیادہ نہیں چلتی پاتی۔ عوامی زبان ہی رفتہ رفتہ معیاری بولی کا درجہ پالیتی ہے"

ضرب الامثال یا کہاوتوں کی زبان عام طور پر قدیم ہوتی ہے اگرچہ اس زبان میں تبدیلی واقع ہوجاتی ہے لیکن قدیم شکل ہی فصیح سمجھی جاتی ہے جیسے

۱:۔ رَنّا حلال تے بوٹیاں حرام

۲:۔ جھیڑا اُگھڑ تال مَرّئے اُو کوں وُہو کیوں پُڑ دِنبجے

۳:۔ پلیئے پَئے تے جُوانی گئی

۴:۔ رُذ سِڑی سَڑ گئی وَل ناں گیا

۵:۔ سائیاں بِکّے مولھے کھیں چِھٹر بِندیاں

۶:۔ وِلہاکا آں وِ دیفہ مائی چا ٹُھوٹھا نت کَرن گدائی

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ضرب الامثال کی تخلیق رُک جاتی ہے ضرب الامثال ہر دَور میں تخلیق ہوتی رہتی ہیں۔ نئے دَور کی وضع کردہ یہ کہاوتیں دیکھئے

۱:۔ جَٹ ہلیر وچ سائیکل پیا چلیندے

۲:۔ کرائے دار دی ہِک جُتّی باہر ہوندی ہے

۳:۔ نئیں تاں پُرانی تنخواہ تے کم کریسوں

۴:۔ پُلیئے دا بہیسر کُھچ وچ ہے تھانیدار دا مُچھ وچ ہے منشی دا چُت وچ ہے

۵:۔ توں بِل دا مالک، اَساں دِل دے مالک

۶:۔ لنڈے دی جرسی، لاوے غرسی

وقت اور زمانے کے ساتھ داناؤں کے مقولے، تجربات اور امثال بھی ضرب المثل کی شکل اختیار کرتی چلی جاتی ہیں جیسے

۱:۔ ڈاتری کوں ہک پاسے ڈندے ہوندن، دنیاں کوں ڈوہاں پاسوں   ۲:۔ چلھ تے سو دل تے

۳:۔ راوی راٹھاں، چناں لاڈلاں، سندھ منافقاں   ۴:۔ ذال پیر دی جتی ہے

۵:۔ سندھ صادقاں، چناں عاشقاں، راوی سارقاں   ۶:۔ چڑھدی کنی شابش

۷:۔ ڈاڑھی نال مچھ، برابر دا رلا   ۸:۔ زبان شیریں تے ملک گیری

۹:۔ زمیندار ازدر بھ دی پاڑ   ۱۰:۔ زنا تے فنا

۱۱:۔ زور دے پنج لنگ   ۱۲:۔ ساٹھا تے پاٹھا

۱۳:۔ سپاہی نال یاری نال لا، رن کوں بھیت نال ڈے، در تے بیر نال رہا

لیکن یہ بات طے ہے کہ لفظ اور محاورے کی طرح مثل جس شکل میں ڈھل جائے وہی سکہ بند ہو جاتی ہے۔

دنیا کی ہر زبان میں عورت کی زبان کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اسی لئے مادری زبان ہی اصل زبان سمجھی جاتی ہے سرائیکی زبان میں "پہاکے" عورت کی زبان سے ادا ہونے والی اُس ٹھیٹھ زبان کی خالص اور اصلی کہاوتیں ہیں جو عورت کی زبان کے طور پر بطور مثال پیش کی جاتی ہیں۔ سرائیکی زبان میں ان "پہاکوں" کی موجودگی سے عورت کی زبان کے خالص پن کے علاوہ اُن صادق جذبوں کا بھی اظہار ہوتا ہے جو عورت کی سوچ اور احساسات کے آئینہ دار ہیں۔ یہ وہ کہاوتیں ہیں جن میں عورت کی زبان کا تیکھا پن اور نشتریت موجود ہے۔ پہاکے سرائیکی زبان کی ایک انفرادی خوبی کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہیں بھی اس مجموعہ میں ضرب الامثال کے ساتھ ہی شامل کیا گیا ہے۔ چند پہاکے یہ ہیں

۱:۔ آپ ہونویں ٹکڑی، کون لاوے پھکڑی   ۲:۔ ادھ روڑا ادھر وڑسی، نکمی مول نال نھی

۳:۔ آپے گھوں تے آپے آتیوں قدر و نجا تیو رناں دا، پت لہا تیو بابے دی تے نک وڈھا تیو اماں دا۔

۴:۔ اماں پکی، بابے پکی، پکی بھیݨ بھراواں، واہ جو پکی آپݨی، رج کے بیٹھی کھانواں

۵:۔ نکھا ننگا یار دھر ہوسے، در تے بیٹھا کھنگے، چولی دی امید رکھیو سے، ہتھوں ٹوپی منگے

۶:۔ اتھیں مہندی، پیریں مہندی، اپݨے مہنے بہاں کوں ڈیندی

۷:- بوتا بُھتر یجی ہکا ذات، مانواں دھیاں ہئی ہئی ذات ۸:- جیندی سس کوار اُوندی نونہہ خوار

۹:- ملی چمڑی، تے بھل گئی امڑی

پہاکوں کے ذریعے سرائیکی زبان کی وسعت اور امیری کو بخوبی جانچا جاسکتا ہے۔ یہ پہاکے زندگی کے ہر پہلو سوچ اور احساس کے بارے میں سرائیکی زبان میں موجود ہیں۔ مثال کے طور پر ایک جوان لڑکی کی منگنی سے شادی تک کے مراحل اور حمل ٹھہر جانے سے وضع حمل تک کے عرصہ پر مشتمل، عورت کے جذبات، احساسات اور امنگوں کا اظہار کرنے کے لئے سرائیکی زبان میں بہت سے پہاکے موجود ہیں مگر افسوس زمانے نے اُن پہاکوں کو گرد میں چھپا دیا ہے۔ تلاش بسیار کے باوجود ایسے تمام پہاکے تو نہیں مل سکے البتہ حاملہ کے نویں اور دسویں مہینے کے بارے میں ڈو پہاکے ضرور مل سکے ہیں جنہیں اس مجموعہ میں شامل کر دیا گیا ہے۔ ایک ہی موضوع پر یہ پہاکے سرائیکی زبان کی امیری کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

۱:- لگا نہواں، نت پئی دیا نواں (نواں مہینہ شروع ہوا ہے ہمیشہ یونہی نچے جنتی رہوں)

۲:- لگا ڈاہواں، گھیو تے جیر اکھانواں (دسویں مہینہ شروع ہوا ہے۔ گھی اور زیرا لگی گوند پنجیری کھاتی رہوں)

(اگر اِس موضوع پر مزید پہاکے مل گئے تو اگلی جلد میں شامل کر دیئے جائیں گے)

اِن کے علاوہ اشعار یا اُن کے مصرعے، مقولے، شگون، دُعائیں، روزمرے اور بعض محاورات بھی جو بطور مثل گفتگو میں استعمال ہوتے ہیں یہاں درج کئے گئے ہیں۔

اشعار

۱:- بھل وے جوبن نیڈی یاری ؛ کھڑاناں پچھو ویندی واری

۲:- بھنگی دی رن رنگ برنگی، پوستی دی رن رووے ؛ ہفیمی دی رن آکھے، مو یارات کوں اُٹھ ناں ہووے

۳:- پنجرا تھیا پُراناں، پنچھی تھیا اُداس ؛ جیں گھر مُوجاں ماݨیاں اوکن ٹکن ناں ڈیندے راس

۴:- پہلی پیڑھی آنور ساڈھر، ڈوجھی شیخ زادے ؛ حق ہمسائے مر بھر گئے اُساں سید زادے

۵:- گُل گئے گلشن گئے باقی رہ گئے دھتُورے ؛ امب گئے، انار گئے باقی رہ گئے لسوڑے

شگون

۱:۔ پٹ پٹ کے روٹی ناں کھوتنگی آندی ہے ۲:۔ ٹرٹر کے روٹی ناں کھوتنگی آندی ہے

۳:۔ رات کوں بہاری ڈیوناں نحوست/غریبی آندی ہے ۴:۔ رات پئی تے چھوت پئی

۵:۔ رنول دا مُل ناں گھتو

دعائیں

۱:۔ شالا کماناں چھکیاں رہون ۲:۔ گھر دا لکھ تھیوے

۳:۔ شالا ہک ہئے کوں انڈے پا ہنڈاؤ

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اکھاݨ، پہاکے، ڈپے، چٹکلے، ٹوٹکے، مقولے، محاورے اور روزمرہ جیسی اہم اصطلاحات کی وضاحت بھی کر دی جائے

اکھاݨ

عربی میں جسے ضرب المثل، ہندی اور اردو میں کہاوت کہتے ہیں سرائیکی میں "اکھاݨ" کہلاتا ہے۔ اردو میں "کہاوت" کے مترادفات میں "مقولہ، نکتہ، بات، مثل، تمثیل، ضرب المثل اور بچن" کے الفاظ مستعمل ہیں (اردو مترادفات مرتبہ احسان دانش)

"مثل وہ ہے کہ جس سے احوال گذشتہ معلوم ہوتا ہے کہ اوس کہاوت کو کسی نے وقت ظاہر ہونے کسی حادثہ کے یا واسطے مثال دینے ایک حال کے ساتھ حال دوسرے کے، ایک لطف و غرابت کے ساتھ وضع کیا ہو تو جس وقت ویسا ہی سانحہ ظاہر ہو اوس مثل کو کہیں تا سننے والوں کو شے متخیل محقق ہو ہو جاوے اور متوہم بصورت متیقن کے نظر آوے یا غائب بمنزلہ مشاہد کے دکھائی دے اور کچھ پردہ حقیقت میں اوس چیز کے نہ رہے اور اگر ساتھ موقع کے کسی عبارت میں کوئی کہاوت درج کی جائے وہ کلام لا کلام ایک خوبی اور رنگینی، لطافت اور ملاحت بہم پہنچائے کہ سلف کے لوگ کہتے ہیں المثل فی الکلام کالملح فی الطعام یعنی کہاوت کلام میں جیسے نمک ہے طعام میں" (خزینۃ الامثال مرتبہ شاہ حسین حقیقت بار اول ۱۸۵۲)

انگریزی میں اسے PROVERB کہا جاتا ہے جس کے عربی مترادفات ہیں مَثَل ۔ قول معنّی ۔ مَضرب المَثَل (المنار انگریزی عربی لغت مرتبہ حسن ۔ ایس کرمی ۱۹۷۰ء)

چند کہاوتیں دیکھئے

۱:۔ انگوری جمدیوں سُنجا پدی ہے

۲:۔ اکھ چُکّی تنبالُو گُم

۳:۔ ہِک ہِک تے ݙُ ذیار ھال

۴:۔ ہمسایا ما پیؤ جایا

۵:۔ نانگاں دا ماندری نانگاں دی موت مردے

۶:۔ وݙی دیگ دی گھروڑی دی نہیں ماوݨ دی

۷:۔ مارناں کُٹ ، آندر چا گھُٹ

۸:۔ مَن حرام اُتے حُجتاں ڈھیر

۹:۔ گھڑی دی رتھ کوہاں دا پندھ

۱۰:۔ کھاناں پِی ، وݙا پیاقی

پہاکے

سرائیکی زبان کے وہ تیر ونشتر جن میں طنز اور عیب جوئی کا پہلو ہو اور جو عورت ذات کی کوتاہیوں اور خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے نصیحت اور اصلاح کا پہلو ساتھ ساتھ پیش کریں ، پہاکے کہلاتے ہیں پہاکے کی دو بنیادی خصوصیات ہیں ۔ ایک تو عورت کی زبان سے ادا ہونا ، دوسرے اُس کے اجزاء کا ہم قافیہ ہونا ، پہاکے میں عورت ، انسانی کمزوریوں اور عیبوب کو بھی طنز اُظاہر کرتی ہے اور ساتھ ہی سماجی زندگی کے بارے میں نصیحت آموز باتیں بھی بیان کرتی ہے ۔

ٹپّے

کسی بیت ، کافی یا دوہڑے کا وہ حصہ جس کی تک بندی ہم قافیہ الفاظ سے کی گئی ہو ، ٹپہ کہلاتا ہے ۔ ٹپّہ دیہاتی لوگوں کی ایک خاص ادا ہے جس میں شعر یا ہم قافیہ الفاظ کی شکل میں اپنے کلچر ، ماحول ، رسموں یا عادتوں کو پیش کیا جاتا ہے ۔ ٹپّے میں مزاح بھی ہو سکتا ہے اور طنز بھی اور کبھی محض تک بندی ہی کی جاتی ہے ۔

۱:۔ چار ݙینہہ شوقیں دے ، وَل کُتّے بھونکدے

۲:۔ چار ݙیہاڑے چِتیر دے تے کُٹے بکر وال

۳:۔ چاندی دا بدل گجے ، سُوراں تے سُوز دَھتے

۴:۔ گیسوں گیسوں شام بھیسی گھر ویسوں

۵:۔ ہائے وے لوکو ہائے ، ہِکناں دیاں رَناں ، ہِکناں دے پئے

ٹُکٹ بندی

۱:- دال ـ نبھے نال
۲:- گوشت ـ دِل دا دوست
۳:- وَڑیاں ـ گلّھاں سُڑیاں
۴:- ساگ ـ متّھے دا بھاگ
۵:- پوہ ـ کھ کھانے پیا جھوہ

چُٹکلے

کوئی ایسا جُملہ جس کا رنگ مزاحیہ ہو یا کسی کا مذاق اُڑانے اور اُسے چڑانے کی نیّت سے ادا کیا جائے چُٹکلہ کہلاتا ہے۔ بعض اوقات کئی آدمیوں کے درمیان میں کوئی ایک ایسا آدمی بیٹھا ہوتا ہے جو اپنی عام باتوں کے ساتھ ساتھ کبھی کبھی مزاحیہ فقرے بھی چُست کرتا چلا جاتا ہے چاہے وہ فقرے کسی کو چڑانے کی غرض سے ادا نہ بھی کئے جائیں "چٹکلے" کہلائیں گے۔ چٹکلے کا اصل مقصد ہنسی مزاح ہوتا ہے۔ اُردو میں اِسے "پُھلجھڑی" کہا جاتا ہے۔

چند چٹکلے یہ ہیں

۱:- آکھے شادی تاں تیار ہے بس گولی گُوار ہے
۲:- آئے نپ دے ماہر، گولی اندر دم باہر
۳:- پٹکی پِرے وِچ پئی ہے اللہ بخت رکھ گھدی ہے
۴:- جھبھڑ دی بار تے ڈیسی
۵:- ڈیسرے دی بارھی کوں کتیں وِچ سُوز
۶:- ڈُو ڈالیں دا وَڑا، جیویں ڈُو ڈ
۷:- اِیکوں برف تے رکھو
۸:- کتھ رہ گئی سُنجاݨ، اُٹھاں تے آ چڑھ ہن، گِدڑ ہواں تے پلاہݨ

ٹوٹکے ۔ مقولے

ٹوٹکے کا لُغوی ترجمہ ہے چھوٹا سا ٹکڑا۔ دو، تین الفاظ کا وہ مجموعہ جو پیا ہے فعل کا محتاج نہ بھی ہو، ٹوٹکا کہلاتا ہے۔ اُردو میں اِسے مقولہ بھی کہا جاتا ہے جو کہاوت کا مترادف بھی ہے بقول شان الحق حقّی "مثل کا یہ ہے کہ وہ حکایت یا تمثیل یا مقولے کی شکل میں ہوتی ہے۔۔۔۔ کسی مقولے کو مثل بھی کہا جائے گا کہ اس کا اطلاق وسیع ہو" ٹوٹکے میں تجربے کی بات ہوتی ہے جو کہنے والا کسی بھی مشکل صورتِ حال میں بیان کرتا ہے

سرائیکی زبان میں کسی مشکل صورتِ حال میں عام بولا جاتا ہے "مستیں کتی ٹوٹکا لڑاؤ" یعنی اپنے تجربے کی بنیاد پر مسئلے کا حل تلاش کرو' اور ایک دانا انسان ایسی مشکل میں اپنی دانائی استعمال کرتا ہے۔ مقولے اور ٹوٹکے میں تجربہ بنیادی شرط ہے لیکن فرق یہ ہے کہ مقولہ وسیع ہو کر کہاوت کی شکل اختیار کر لیتا ہے لیکن ٹوٹکا اپنی الگ تھلگ حیثیت برقرار رکھتا ہے۔

محاورے

دو یا دو سے زیادہ الفاظ کا ایسا مجموعہ جو اپنے اصلی اور لغوی معانی کی بجائے اپنے مجازی اور وضعی معانی میں استعمال ہو محاورہ کہلاتا ہے۔ محاورے کی چیدہ چیدہ شرائط میں کم از کم دو الفاظ کا ہونا' الفاظ کا مجازی استعمال' اہلِ زبان کی بول چال سے مطابقت، قواعد کی پابندی اور اس میں فعل کا ہونا، شامل ہیں۔ محاورے کے مقاصد میں تحریر میں نازک خیالی اور حسن پیدا کرنا شامل ہے۔ تحریر میں محاورے کا استعمال محدود ہو مگر کسی زبان میں محاورات کی کثیر تعداد کا ہونا اس زبان کی وسعت اور نازک خیالی کا پتہ دیتا ہے۔ کہاوت اور محاورے میں نمایاں فرق یہ ہے کہ محاورہ جزوِ تحریر بن کر جذب ہوتا ہے جبکہ کہاوت اپنی انفرادیت قائم رکھتی ہے۔ محاوروں پر مشتمل چند کہاوتیں دیکھیے

۱:۔ اَجن بگڑ گنھلی وِچ ہے
۲:۔ اُدھار دی مار بگئی ہے
۳:۔ اَنج مُؤلیاں اَنج پتر کرن
۴:۔ اِیندے گھر خیر ہے
۵:۔ لے چھوٹے ڈے کے پڑھے
۶:۔ تُھک کے چٹیندے پن
۷:۔ تُھک نال وڑے بھیں پکدے
۸:۔ ٹھڈّے کیر کوں بھُونک ڈِ بندے
۹:۔ ڈِھینگراں تے اَٹّا پئے ڈِیندن
۱۰:۔ ڈِ ٹھے کوں اَنّ ڈِٹھا کرن
۱۱:۔ بگڑ گنھلی پئے کُیندن
۱۲:۔ لوݨ ہنیں تُکیندا

روزمرہ

وہ مخصوص کلمات جو اہلِ زبان کی زبان پر چڑھے ہوتے ہیں اور بے ساختہ ادا ہوتے ہیں۔ ان میں گرامر کے اصول و قواعد کی پابندی نہیں ہوتی اور نہ انہیں گرامر کے اصولوں پر پرکھا جا سکتا ہے۔ اہلِ زبان کا انہیں اپنی زبان سے ادا کرنا ہی، صحت کی علامت ہے۔ کہاوتوں کے طور پر مستعمل چند روزمرے دیکھیے

۱:۔ اَجّݨ ڈُھٹیں نال

۲:۔ پاݨی آندا پیئے ؟

۳:۔ پاݨی وِچ مُدھاݨی

۴:۔ پیر اُستاد دے اَڈے تے

۵:۔ توں پَرزَل آئیں

۶:۔ تیڈا اکئی مَر گئے ؟

۷:۔ ٹھکسہے طَباخی دے بوڑ کوں

۸:۔ جلہے ناں جاگہ

۹:۔ جمدا ناں موئیوں

۱۰:۔ شابش ہہئی

۱۱:۔ شمطان دے کن ڈُورے

۱۲:۔ ہل بٹّی نال گُگڑ

چونکہ کہاوتوں کا مطالعہ کسی بھی زبان بولنے والوں کے عمرانی مطالعہ سے منسلک سمجھا جاتا ہے اِس لئے سرائیکی علاقے کے بسنے والے لوگوں کا تاریخی مطالعہ کرنے کے لئے سرائیکی کہاوتوں کو یکجا کرنا انتہائی ضروری تھا جو لوگ سرائیکی وسیب کے روایتی رویّے کا مطالعہ عمرانی نقطۂ نظر سے کرنا چاہیں وہ سرائیکی کہاوتوں کے اس مجموعے کو اپنے لئے مفید پائیں گے عمرانی مطالعہ کے نتائج پر مشتمل چند شہروں کے بارے میں سرائیکی کہاوتیں ملاحظہ فرمادیں

دِلّی —— دلّی شہر نمونا٘ں، اندر مٹّی باہر چُوناں

لاہور —— ۱۔ آئے یار لہوری، ڈِکھاوِن دروازہ ٹپاوِن موری

۲۔ ڈِٹھا لہور نموناں، اَندر مٹّی۔ باہروں چُوناں

ملتان —— ۱۔ ملتان دا یار پِنّاں عیدگاہ

۲۔ ملتان آیاں داہے جائیاں دا مِفیں

جَتّوں —— فُلاݨاں گیا جَتّوں، وَل آوے تاں مَنّوں

بَھلوال —— بھیڑا وِیہی بھیلوال، کالی کُتّی نالو نال

کچھّی —— ۱۔ کچھّی سونے دی بچھّی

۲۔ کچھّی دا یار اُتے لئی دا انگارا، ڈو نہیں بے وفا ہوندِن

(کچھّی ۔ دریائے ستلج کے کناروں کا علاقہ۔ دوآبہ)

کھردڑ پکا ـــــ آئے نی یار کھردڑی، نش پش ڈھیر محبت تھولی

(کھردڑ پکا ضلع لودھراں کی ایک تحصیل)

جلہ اراتیاں ـــــ ۱۔ جیکر ونجیں جلے، اٹا بدھیں پلے

۲۔ جلے دے ارائیں او ہے چورتے او ہے سئیں

(جلہ اراتیاں ۔ ضلع لودھراں میں ایک علاقہ)

کینجھر ـــــ کینجھر رات ناں پودی، بھانویں اٹا پلے ہووی

(کینجھر ـــ ضلع مظفر گڑھ کے موجودہ قصبے شاہ جمال کا قدیم نام)

بوہڑ ـــــ بوہڑیں رات ناں پودی، تورڑے کس تے سوہرا ہودی

(بوہڑ۔ تونسہ سے تین چار میل پہلے ایک قصبہ)

پہاڑی ـــــ پہاڑی منت کیندے، محبت کھا داتے ڈیندے

(پہاڑی ۔ موسم سرما میں پہاڑوں سے آنے والے لوگ)

مندرجہ بالا وہ چند بنیادی ضروریات تھیں جن کے تحت میں نے سرائیکی کہاوتیں جمع کرنے کا مشکل اور صبر آزما کام چند سال قبل شروع کیا معروف سرائیکی دانشور جناب حبیب فائق کی معاونت مجھے حاصل رہی انہیں کی رہنمائی سے کہاوتوں کی درست املا اور شکل کا فیصلہ کیا گیا اور وہ ہمیشہ مجھے اپنے مفید مشوروں سے نوازتے رہے۔

اس بات کا مجھے ہمیشہ احساس رہا ہے کہ سرائیکی زبان و ادب کے نثاری انتہائی محدود اور قلیل مقدار میں موجود ہیں اور وہ بیشتر اردو زبان کے ذریعے سرائیکی زبان کا مطالعہ کرتے ہیں اس لئے ضروری تھا کہ سرائیکی کہاوتوں کا ترجمہ بھی لکھا جائے تاکہ سرائیکی زبان کے اس ذخیرے کو اردو کے ذریعے پڑھنے کے خواہشمند اپنے ذوق کی تسکین کر سکیں اور پھر یہ بھی کہ ایسا اردو داں طبقہ جو علاقائی زبانوں کی توانائی کو اردو زبان کی شریانوں میں چلنے والے خون میں شامل دیکھنا چاہتا ہے اس مجموعے سے کماحقہ استفادہ کر سکے۔ میرا یہ عقیدہ ہے کہ علاقائی زبانیں وہ ندی نالے ہیں جو اردو کے دریا میں دائیں بائیں سے آکر گرتے ہیں اور اردو کے دریا کو وسعت و تازگی عطا کرتے ہیں اگر ان ندی نالوں کے راستوں پر مصنوعی بند

باندھے گئے تو اُردو کا دریا اپنی آغوش میں نہ صرف سمٹ کر رہ جائے گا بلکہ اُس کے پانی میں موجود تازگی و توانائی کا عنصر ختم ہو کر اُس پانی کو متعفن اور بدبودار بنا دے گا۔ اس لئے مَیں نے سرائیکی کہاوتوں کے اس مجموعے کو چار کالموں پر پھیلایا ہے جن میں صرف پہلا کالم "سرائیکی" ہے جبکہ باقی کالم اُردو میں ہیں پہلا کالم سرائیکی کہاوت، دوسرا لفظی ترجمے اور تیسرا موقع استعمال پر محیط ہے۔ میرا یہ بھی نقطۂ نظر ہے کہ پنجاب کی وہ زبان جس نے اُردو کو جلت کے کھنکنے سِکّے دے کر عوام النّاس کی زبان بنایا، سرائیکی ہی ہے (جس کے ثبوت کے لئے میری پہلی دو کتب قارئین کی نظر سے گزر چکی ہیں) اس لئے اس مجموعے کا چوتھا کالم اُن مقابل اُردو کہاوتوں پر مشتمل ہے جو سرائیکی کہاوتوں کے مقابل اردو میں موجود ہیں۔ اگرچہ ایک زبان کی کہاوت کو دوسری زبان کی کہاوت کے مقابل پیش نہیں کیا جا سکتا لیکن اُردو کہاوتوں کے وسیع ذخیرہ میں ہزاروں ایسی کہاوتیں موجود ہیں جو سرائیکی کہاوتوں کی اردو شکل ہیں اور محض ترجمہ کہلا سکتی ہیں جنہیں اس مجموعے کے پہلے اور چوتھے کالم کے تقابلی مطالعے سے بخوبی دیکھا جا سکتا ہے۔ الف کی پٹّی میں موجود پہلی سو کہاوتوں میں سے چالیس کہاوتیں مقابل اردو کہاوت کے ساتھ ملاحظہ فرمائیے

سرائیکی کہاوت	اُردو کہاوت
۱:۔ اُبہل کم شیطان دا	جلدی کام شیطان کا، دِھیرا کام رحمان کا
۲:۔ اُبہلی کُتّی، اَندھے گُلّر جَندی ہے	جَلد باز کُتیا اندھے بچّے جنتی ہے
۳:۔ اُتّم کھیتی، مدّھم وپار، نیچ نوکری، پِنّݨ بیکار، خوار	اُتّم کھیتی، مدّھم بیوپار، نکھد نوکری، بھیک ندان
۴:۔ اُتّوں ڈٹھّا سَنبھلدے، دِلّوں لتھّا، ڈھٹّا نہیں سنبھلدا	اونچائی سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا
۵:۔ اِتھاں پکھّی پَر نہیں مار سگدا	یہاں پرندہ پَر نہیں مار سکتا
۶:۔ اِتھاں تیڈا اچّرو، پُوریا پئے؟	یہاں کیا تیرا مال گڑا ہے
۷:۔ اِتھاں ککڑیں بانگاں ڈیندیاں ہِن	یہاں مُرغی اذان دیتی ہے
۸:۔ اِتھاں وی چنگے دی لوڑ ہے	یہاں جن کی چاہ، اُن کی دہاں چاہ
۹:۔ اِتھوں دی ہر گالھ وکھری ہے	یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے
اُتّی کھا، جِتّی سگیں پچا	اُتنا کھاؤ جتنا پچاؤ

سرائیکی کہاوت	اردو کہاوت
۱۱:۔ اِتّی مِٹھا ناں تھی کہ کُئی کھا ونجے، اِتّی کوڑا ناں تھی کہ تھُک سٹّن	اِتنے میٹھے نہ ہو کہ کوئی کھا جائے
۱۲:۔ اَٹّا ڈالا کجھ تھی ویسی	آٹا نہیں تو دلیہ، جب بھی ہو جائے گا
۱۳:۔ اُٹھ تے چڑھدی ہے، لاکڑا منگدی ہے	اونٹ چڑھے، بونٹ مانگے
۱۴:۔ اُٹھ جیڈا اِتھیا، عقل ناں آئی	اونٹ برابر ڈیل بڑھایا، پاؤ بھر عقل نہ آئی
۱۵:۔ اُٹھ جیڈا قد ہِس، عقل ذری نھیں، کوڈی دا نھیں	اونٹ سا قد بڑھا لیا، پر شعور ذرا نہیں
۱۶:۔ اُٹھ دی لاہی چاڑھی، ڈوہاں تے لعنت	پہاڑ کی اُترائی چڑھائی دونوں پر لعنت
۱۷:۔ اُٹھ دے گَل ٹلّی کون گھتّے	بلّی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے
۱۸:۔ اُٹھ دے گَل نال بِلّی	اونٹ کے گلے میں بِلّی
۱۹:۔ اُٹھ دے موُنھ وِچ جِیرا	اونٹ کے منہ میں زیرا
۲۰:۔ اُٹھ لنگھ گئے، پُوچھل رہ گئی ہے	ہاتھی نکل گیا، دُم اٹکی رہ گئی ہے
۲۱:۔ اُٹھ وَڈا تھیا، مُترݨ ناں آیا	اونٹ بڑھا ہوا پر موتنا نہ آیا
۲۲:۔ اَٹّے دے ڈیوے، باہر کھاوِن کاں اَندر کھاوِن چوہے	آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے، باہر رکھوں تو کوّا لے جائے
۲۳:۔ اُٹھی ناں سگّے تے ہیٹوں پیا کھیڈے	چل نہ سکوں، میرا کودن ناؤں
۲۴:۔ اَٹّے وِچ لوݨ ہے	آٹے میں نمک ہے
۲۵:۔ اَج دے تھپّے اَج نھیں بلدے	آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے
۲۶:۔ اَج جو کرنیں کر گھن، کل کیں ڈٹھی ہے	آج جو کرنا ہے کر لے کل کی کل کے ہاتھ ہے
۲۷:۔ اَج ساڈے نال ہے، کل تہاڈے نال	آج ہمارے لئے، کل تمہارے لئے
۲۸:۔ اَج قسمت نال ہتھیں لگّے ہو	آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو
۲۹:۔ اَج کِیڑوں چَندر چڑھے	آج کدھر چاند نکلا

۳۰:۔ اَج کریسی، کل چیسی	آج کرے گا، کل پائے گا
۳۱:۔ اَج کریسیں، کل بھریسیں	جیسا کروگے، ویسا بھروگے
۳۲:۔ اَج کیندا مُونہہ ڈِٹھے	آج کس کا منہ دیکھا ہے
۳۳:۔ اَج موئے کل ڈُوجھا ڈِینہہ	آج مرے کل دوسرا دن
۳۴:۔ اَج میڈی منگݨی تے کل میڈا نِکاح، تُرٹ گئی منگݨی تے بیٹھی ڈھول وَجا	آج میری منگنی کل میرا بیاہ، ٹوٹ گئی منگنی رہ گیا نکاح
۳۵:۔ اَج میڈی واری ہے، کل تیڈی	آج میں، کل تُو
۳۶:۔ اَج میں کل تُوں	آج میں، کل تُو
۳۷:۔ اَج نال کل ہِیں رَلدی	آج ہے سو کل نہیں
۳۸:۔ اَجاں سَویں سَنجھ ہے	ابھی سویرا ہے
۳۹:۔ اَجاں سیر وِچوں پُونی وی نہیں کَتی	ابھی سیر میں سے پُونی بھی نہیں کتی
۴۰:۔ اُچا بول لیا اَگوں آندے	بڑے بول کا سر نیچا

بعض اوقات ایسی کہاوتیں مقابل اُردو کہاوت کے طور پر شامل کی گئی ہیں جو اپنے مفہوم کے لحاظ سے تو سرائیکی کہاوت کا متبادل سمجھی گئیں مگر الفاظ کے لحاظ سے نہیں ہیں جہاں کہیں اُردو زبان اپنی تنگ دامنی کا اظہار کرتی رہی وہاں پر مقابل اردو کہاوت کے کالم کو خالی چھوڑ دیا گیا البتہ جہاں کہیں مقابل اُردو کہاوت کی جگہ دیگر زبانوں کی کہاوتیں ملیں اُنہیں بھی چوتھے کالم میں درج کر دیا گیا ہے اور اُن کے ساتھ بریکٹ میں متعلقہ زبان کا علامتی حرف بھی لکھ دیا گیا ہے۔

مختلف کتب میں موجود اُردو کہاوتوں کی شکلوں میں بھی فرق نظر آتا ہے۔ مَیں نے اُردو کہاوتوں کے لئے وارث سرہندی کی مرتب کردہ 'جامع الامثال' کو معیار بنایا ہے اور تقریباً تمام اُردو کہاوتیں اسی مجموعہ سے لی گئی ہیں۔ البتہ کہیں کہیں 'نجم الامثال' سے بھی استفادہ کیا ہے۔ سرائیکی کہاوتیں چونکہ پہلی بار اتنی کثیر تعداد میں سامنے آرہی ہیں اس لئے

ان کی املا میں بھی خاصی مشکلات رہیں۔ سرائیکی املا کے لئے لغاتِ دلشاد یہ (سرائیکی اُردو) سے مدد لی گئی ہے اور سرائیکی کہاوت کی درست ادائیگی کے لئے اعراب بھی لگائے گئے ہیں چونکہ سرائیکی زبان ایک وسیع علاقے میں بولی جاتی ہے اس لئے ان ضرب الامثال کے الفاظ اور شکلوں میں بھی اختلاف اور تنوع ہے۔ بیشتر ضرب الامثال سُنی سنائی ہونے کے سبب پہلی بار تحریری شکل میں آرہی ہیں۔ شکلوں کے اختلاف کو حتیّ الوسع یہاں سمونے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ہر علاقے کا لہجہ اور طرزِ اظہار اس مجموعہ میں شامل ہو سکے تاہم تکرار سے اجتناب کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ چند ضرب الامثال کی مختلف شکلیں یہ ہیں

۱:۔ (i) اُڈ دے ڈِٹھے نِیں، پھسدے بِھیں ڈِٹھے

(ii) اُڈ دیاں ڈِٹھیاں ہِس، پھاسدیاں ہِس ڈِٹھیاں

(iii) اُڈدیاں ڈِٹھیاں ہِنبیں، پھسدیاں بِھیں ڈِٹھیاں

۲:۔ (i) رُل گیاں دے کیہیں جنازے

(ii) رُل موئیاں دے کیہیں جنازے

۳:۔ (i) روواں موئیاں کُوں، سُݨاواں یاراں کُوں

(ii) رووے یاراں کُوں، گھِن گھِن ناں بھرانواں دا

(iii) رووے یاراں کُوں، ناں موئیاں دا

۴:۔ (i) سرکاروں ڈِہیجے بھَت تے بھگّل گھِنیجے اَڈ

(ii) سرکاروں گھیو ڈِہیوے، دُھسّے ءِ چ جُھلیجے

۵:۔ (i) سُوہر نُوں کیوں موٹا، لانڈھ جاݨم ناں تروٹا

(ii) سُوہر کیوں موٹا ، لاہا جانڑے ناں تروٹا

۶:- (i) سُوہر دا کپیا پچ وینْدے ، بھونڈِڑ دا اُٹھیا نھیں بچدا
(ii) سُوہر دا کپیا لڑدے ، بھونڈِڑ دا اُتھنارِیا مُونہہ نھیں کرینْدا

۷:- (i) سُوہر موتیا ، سُوکھا کھاکے
(ii) سُوہرتاں موتیا پر ٹانڈے بھن کے

۸:- (i) سُوہراں دے ٹپ ساسی جانڑ
(ii) سُوہراں دے ٹپ مُہتم جانڑ

۹:- (i) شاہ جہاں بیٹھا تخت ، مستریاں لگا بھاگ تے بخت
(ii) شاہ جہاں بیٹھا تخت ، مُلک کوں لگا بھاگ تے بخت

۱۰:- (i) ما بچڑے جنْیندی ، بخت ناں ڈینْدی وَنڈ
ہک پئے راج کرِن ، ہک ٹکر کھانْدے منگ
(ii) ما پُتر جمینْدی ، بخت ناں ڈینْدی وَنڈ
ہک چڑھن گھوڑیاں ، ہک ڈھووِن پَنڈ
(iii) ما جنیندی پُتر ، بھاگ ناں ڈینْدی وَنڈ
ہک چڑھے تازیاں ، ہک چھکینْدے گھَنڈ
(iv) ما جنیندی پنج ، بخت ناں ڈینْدی وَنڈ

ہِک لیندے کپھریاں، ہِک کھاندے ٹُکر مَنگ

چوتھے کالم میں دیئے گئے مندرجہ ذیل حروف اپنے سامنے دی گئی زبانوں کو ظاہر کرتے ہیں

انگ = انگریزی ج = جاپانی ش = پشتو ع = عربی ف = فارسی

مستقبل کے وہ محققین جو سرائیکی اور اُردو کے روابط کا جائزہ لینا چاہیں اس مجموعے سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

پانچ ہزار سے زیادہ سرائیکی کہاوتوں کا یہ مجموعہ تقریباً چار سال میں تکمیل کو پہنچا۔ ابتدائی کام بہت مشکل تھا راستہ نیا اور دشوار تھا لیکن صاحبِ علم لوگوں کی حوصلہ افزائی اور احباب کی معاونت نے اس مشکل کام کو آسان بنا دیا اور آج میں فخر کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ سرائیکی کہاوتوں کی جلد دوم بھی سرائیکی زبان سے سچی محبت کرنے والوں کی معاونت سے مکمل کرتے ہیں کامیاب ہو جاؤں گا۔

کہاوتوں کا پہلا ذخیرہ ڈاکٹر مہر عبدالحق کی کتاب "مزید لسانی تحقیقات" میں موجود ملا، اس کے بعد ای او براءن کی گلاسری میں سے سرائیکی کہاوتوں کو انگریزی متن سے سرائیکی میں منتقل کیا گیا۔ ان سرائیکی کہاوتوں کا تیسرا بڑا منبع بزرگوں کے وہ ہفتہ وار اجتماعات بنے جو سالہا سال سے مخدوم زادہ کبیر احمد قریشی (مقیم اندرون حسین آگاہی ملتان) کی بیٹھک میں جاری ہیں جن میں شرکت کرنے والے تقریباً سبھی احباب ہفتہ بھر میں جمع ہونے والے سرائیکی الفاظ، تراکیب اور ضرب الامثال کی پونجی اپنی جیبوں میں محفوظ کاغذوں پر سے پڑھ کر یا اپنے ذہن کے کونوں کھدروں سے نکال کر مجلس میں پیش کرتے رہیں اور پھر بحث و تمحیص کے بعد درست معانی اور شکلوں کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں محترم میرے بھائی میاں نذیر احمد بھٹی نے قابلِ قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ پروفیسر محمد ایوب خاں (شعبہ علوم اسلامیہ گورنمنٹ ولایت حسین اسلامیہ کالج ملتان) بھی اُن ہفتہ وار اجتماعات کی روحِ رواں ہوا کرتے تھے، جگہ جگہ گھوم پھر کر ضرب الامثال اکٹھی کر کے لاتے رہے ان کے علاوہ جناب اللہ بخش یاد (معروف سرائیکی شاعر و انشائیہ نگار) جناب رحیم طلب (ایڈیٹر ہفت روزہ جاگ، احمد پور شرقیہ، بہاول پور۔ حال افسرِ اطلاعات لاہور) جناب حمید الفت

ملتانی (وائس چیئرمین تھل دمان سرائیکی سنگیت لیہ) حاجی عبدالرحمٰن بلوچ (شجاع آباد) محمد رفیع اور ملک محمد اسلم (سینئر کلرکس گورنمنٹ کالج سول لائنز ملتان) اور معروف عوامی گلوکار سجاد ملک (گورنمنٹ کالج سول لائنز ملتان) نے بھی بہت سی ضرب الامثال تلاش کر کے مہیا کیں۔ ہفت روزہ صدائے مخدوم مظفر گڑھ کے چیف ایڈیٹر جناب مخدوم غفور ستاری نے اپنے اخبار میں سرائیکی ثقافت کو اُجاگر کرنے کے لئے قسط وار سرائیکی کہاوتیں شائع کیں اُن کی پہلی دس اقساط میں شائع ہونے والی کہاوتوں کو بھی اس مجموعے کی زینت بنایا گیا ہے اس لئے میں کہہ سکتا ہوں ؎

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر
لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

اِس لحاظ سے اس مجموعے کی تیاری میں ساری محنت انہی احباب کی ہے جنہوں نے ضرب الامثال کا یہ وسیع ذخیرہ مہیا کیا اس لئے اِن سب کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرنا میرا فرض اوّلین ہے۔

کسی کہاوت کے ملنے کے بعد اس کا ترجمہ اور اخذِ مفہوم بھی خاصا دقت طلب کام تھا۔ کہاوت کا ترجمہ کرتے ہوئے مَیں نے اصل کہاوت سے قریب ترین مستعمل اردو الفاظ استعمال کئے ہیں۔ سرائیکی کہاوتوں میں مستعمل بعض قدیم الفاظ آج عام سُنائی نہیں دیتے، جن کا صحیح مفہوم بعض اوقات عمر رسیدہ بزرگ بھی نہ بتا سکے (شاید یہی وجہ ہے کہ ای۔ او برائن کے علاوہ کہاوتوں کے کسی ماخذ سے ترجمہ دستیاب نہیں ہوا) تاہم معانی کے لئے مختلف سرائیکی لغات کے علاوہ ہندی لغات سے بھی استفادہ کیا گیا۔ اِتنی چھان پھٹک کے باوجود کہاوت کے ترجمے اور موقعِ استعمال کے تعین میں غلطیوں کا اِمکان بہرحال موجود ہے۔ سرائیکی زبان کی وسعت کے مطابق کہاوتوں کے الفاظ بھی مخصوص مقامی معانی اور استعمال رکھتے ہیں۔ اس لئے اس مجموعے کا مطالعہ کرنے والے جہاں کہیں غلطی پائیں اس کی ضرور نشاندہی کریں تاکہ اگلے ایڈیشن میں مناسب ترمیم کی جا سکے۔ ایسے مشکل الفاظ جن کے معانی ترجمہ میں واضح نہیں ہو پائے بصورت فرہنگ آخر میں دیئے جا رہے ہیں تاکہ ترجمہ کے ممکنہ مسائل حل ہو سکیں۔

مندرجہ بالا ذاتی اور انفرادی ذرائع کے علاوہ جن مختلف کتب سے استفادہ کیا گیا ہے اُن کا ذکر "کتابیات" کے تحت آخر میں کر دیا گیا ہے۔ بعض احباب نے اس مجموعہ کے لئے کہاوتیں روانہ کرنے کا وعدہ فرمایا تھا مگر وہ بروقت اپنی کہاوتیں روانہ نہ کر سکے اُن کے لئے دوسری جلد کے صفحات حاضر ہیں۔

جب مسوّدہ تیار ہوگیا تو وہی روایتی سوال اُبھرا جو آج سرائیکی کے ہر لکھاری کا مقدّر ہے کہ اس کی اشاعت کیسے ہو؟ غیر سرکاری اور نجی اشاعتی ادارے تو اپنی کاروباری سوچ اور مصلحتوں کے سبب علمی و تحقیقی کتب کی اشاعت سے ہمیشہ گریز کرتے چلے آئے ہیں لیکن مقامِ افسوس ہے کہ ہمارے سرکاری اشاعتی ادارے بھی ایسی کتب کی اشاعت نہیں کرتے جن میں سرائیکی زبان و ادب پر کوئی کام کیا گیا ہو (شاید یہی وجہ ہے کہ آج تک ملکی سطح کے کسی سرکاری اشاعتی ادارے نے سرائیکی زبان و ادب پہ کوئی کتاب شائع نہیں کی) یہ سب کسی سیاسی پالیسی کا نتیجہ ہے یا کسی اتفاقی سبب سے؟ بہرحال ع

رموزِ مملکتِ خویش خسرواں دانند

اس مشکل مرحلہ پر ایک دردمند انسان نے اس کام کا بوجھ اٹھایا اور انہوں نے سرائیکی ادب نوازی کرتے ہوئے اس کتاب کی کتابت و طباعت کا سارا اہتمام کیا۔ اُن کی اِس قدر شناسی نے میرے حوصلوں کو بڑھا دیا ہے اور میں کہہ سکتا ہوں کہ ابھی ہماری راکھ میں کچھ چنگاریاں باقی ہیں ع

سفر ہے شرط مسافر نواز بہتیرے

کتابت و طباعت کے جملہ مراحل میں جناب جاوید اختر بھٹی (ایڈیٹر ماہنامہ "انشاب" ملتان) کی مشاورت اور نایاب کمپیوٹر گرافکس کے پروپرائٹر جناب ذوالفقار علی بھٹی کی فنی معاونت شامل نہ ہوتی تو یہ مجموعہ اس قدر دیدہ زیب اور جاذبِ نظر نہ ہوتا۔ میں اُن تمام دانشوروں بزرگوں اور دوستوں بالخصوص محمد وزیر خان غلزئی، ڈاکٹر طاہر تونسوی اور ڈاکٹر جمیل جالبی کا ممنون ہوں جو اِس کام کو دیکھ کر وقتاً فوقتاً حوصلہ افزائی فرماتے رہے اور ہر مشکل مرحلہ پر کھوج کی نئی راہیں بھی دکھاتے رہے۔ اللہ تعالیٰ اِن سب کو جزائے خیر دے

۱۵ر جون ۱۹۹۲ء

شوکت مُغل

سرائیکی کہاوت	لفظی ترجمہ	مفہوم / موقعِ استعمال	اُردو کہاوت
آ اڑی کاکی بِلّوں بِلّوں، اَک تے کانے چھلّوں چھلّوں	آ۔ ری بہن ملیں، آک اور سرکنڈے چھلیں	بیکار کام میں شریک لوگوں کے لئے بولتے ہیں	
آ بلا، گَل لگ	آ بلا، گلے لگ	اپنے لئے خود مشکلات پیدا کرنا	آ بلا، گلے لگ
آ کُتّا میکوں پَٹ	آ کتے! مجھے کاٹ	خواہ مخواہ مصیبت کو دعوت دینا	آ بلا مجھے مار
آ گِن ملنگ۔ کُونڈا کھول ڈِے لِسنگ	درویش آگئے ہیں بلا جھجک کُنڈی کھول دے	درویشوں سے سبھی محبت کرتے ہیں	
آ گیا تاں بسم اللہ، ناں آیا تاں نعوذ باللہ	آ گیا تو بسم اللہ نہ آیا تو خدا کی پناہ	کوئی آئے نہ آئے ہماری بلا سے	آتے کا نام سہجا، جاتے کا نام مکتا
آپ آپ کریندا مویوں بچڑا، اِنہاں فارسیاں گھر گالے (دوسرا مصرع۔ جے پتہ ہوندا تُوں پانی منگدیں ہیں بھر بھر ڈِیندی پیالے)	اے بیٹا! تو آپ آپ کہتا مر گیا، اس فارسی (زبان) نے گھر برباد کئے ہیں	ناواقفوں میں غیر زبان بولنے سے مشکل پیدا ہوتی ہے	کابل گئے مغل بھئے، بولن لاگے بانی آب آب کرتے مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی
آپ آپ کریندے موئے، اے فارسیاں پڑھ مٹھے	آپ آپ کرتے مرے، یہ فارسی پڑھ کر مارے گئے	جس زبان کو لوگ نہ سمجھتے ہوں وہاں وہ زبان نہ بولو	آب آب کرتے مر گئے سرہانے دھرا رہا پانی
آبرو دا صدقہ جان، جان دا صدقہ مال	عزت کا صدقہ جان، جان کا صدقہ مال	عزت بچانے کے لئے جان کی قربانی دینا پڑتی ہے	آبرو کا صدقہ جان، جان کا صدقہ مال
آپ اَلاوے تے دِہڑ ہُنا دے، بیا الاوے تاں مُوں لاہ بہادے	خود بولے تو محلّہ اچھا، دوسرا بولے تو بالکل اچھا نہ لگے	جب کوئی خود کو سب سے اچھا سمجھے تو بولتے ہیں	آپ دھاپ، اپنا منہ اپنی بات
آپ اُمتی تے سیّد بانہا	خود اُمتی اور سیّد نوکر	نوکر مالک سے برتر ہو تو بولتے ہیں	دیکھا بھالا تو بیچی اور چپڑا سیّد ہوئے
آپ بھلے تاں جگ بھلا، آپ بُرے تاں جگ بُرا	خود اچھے تو زمانہ اچھا خود بُرے تو ساری دُنیا بُری	جیسا انسان خود برتاؤ کرتا ہے لوگ بھی ویسے ہی برتتے ہیں	آپ بھلے تو جگ بھلا، آپ بُرے جگ بُرا
آپ بُڈّدی ویندی، بِنھاں کوں متّیں ڈِیوے	خود ڈوبتی جائے، دوسروں کو نصیحت کرے	دوسروں کو نصیحت کرنے سے پہلے اپنے گریبان میں جھانکو	گیدڑ اوروں کو شگون بتائے آپ کتوں سے پھڑوائے
آپ بُڈّدی ویندی تے ہنگ ویندی پیٹر پیندی	خود ڈوبتی جا رہی ہے اور نیفے کو نچوڑتی جا رہی ہے	بے موقع احتیاط کرنے کے موقع پر بولتے ہیں	
آپ باولی تے سیّد نوکر	خود جولاہا اور نوکر سیّد	اعلیٰ لوگ کم ظرفوں کے تابع	دیکھا بھالا تو بیچی اور چپڑا سیّد ہوئے
آ پرائی کُتّی چک پا وَنج	آ جا پرائی کتیا! کاٹ جا	دوسرے کے معاملات میں مداخلت مصیبت کو دعوت دینا ہے	آ بیل مجھے مار / آ بلا گلے پڑ
آپ بُلیانٹی، نفر لنگا	خود جولاہن، نوکر لنگڑا	جیسا خود ویسے متعلقین	اندھے کو کوڑھی لبھے ہاتھوں ملتا ہے

آپ تاں آپ، محبؔ شاہ دی نال	خود تو خود، محب شاہ بھی ساتھ	آپ تو بن بلائے اور ساتھ ایک کو بھی لائے	ایک آپ دوسرا البغل جاپ
آپ تاں ہِلّی، آڑا پاڑا ای نال	خود تو برباد ہوئی، اردگرد والے بھی ساتھ	اپنے ساتھ اوروں کو بھی لے ڈوبے	آپ ڈوبے تو ڈوبے، اور کو بھی لے ڈوبے
آپ تڑاپی ہِءِ ح کون کیئں دا	نفسا نفسی ہے کون کسی کا	پریشانی میں کوئی کسی کی پرواہ نہیں کرتا	
آپ تِلّے، چھپّر تے ہتّھ	خود ننگے، چھپر پہ ہاتھ	کمتر ہوکر بڑائی کا اظہار	آپ میاں منگتے، باہر کھڑے درویش
آپ تَتّی ڈیندے، آپ دُتّی ڈیندے	خود تانے جاتا ہے خود سُنے جاتا ہے	خود سوال کرنا خود جواب دینا	آپ ہی کہا آپ ہی سُنا
آپ ڈوم۔ نوکر سیدّ ربلوچ	آپ مراثی، ملازم سید ربلوچ	کم ذات خود کو اعلیٰ ذات ظاہر کرتا ہے	دیکھا بھالا تو کچی اور جیرا سید ہوئے
آپ راضی تے جگ راضی	خود راضی تو دُنیا راضی	خوش باش شخص ساری دُنیا کو خوش سمجھتا ہے	آپ سکھی تو جگ سکھی
آپ سَتّی لُڑھدی، لوکاں کوں ڈِیندی مَتّاں	سستی خود بہتی جا رہی ہے، لوگوں کو نصیحت کر رہی ہے	نصیحت وہ کرے جو خود عمل پیرا ہو	اوروں کو نصیحت خود را فضیحت
آپ سَوّاں کُئی نہیں ہوندا	اپنے جیسا کوئی نہیں ہوتا	ہر شخص خود کو دوسروں سے اچھا سمجھتا ہے	اپنے سے بہتر خدا
آپ کُجّی، دِھیّاں پُتراں کَجّی	خود بدسلیقہ، بیٹیوں بیٹوں نے ڈھانپا	لائق اولاد سے والدین کی نیک نامی ہوتی ہے	
آپ کُلّی دِہاڑے ڈُوہ	خود بے شرم، الزام محلّے کو	جو خود کام نہ کر سکے بہانے تلاش کرتا ہے	اپنے لچھّن اوروں دیندی
آپ کوں آپ سُنجاݨ، تانی ڈھیرناں تاݨ	اپنے آپ کو خود پہچانو تانی زیادہ نہ پھیلا	انسان کو چاہیئے زندگی کے معاملات کو مختصر کرے	
آپ کوں جھڑا مراوے، اُوکوں کون جھلّے	خود کو جو مراوے اُسے کون سنبھالے	جو اپنا نقصان خود کرتا ہے وہ کبھی آگے نہیں بڑھ سکتا	خود کردہ را علاجے نیست (ف)
آپ کوں نالار، اپنی مَیں کوں مار	خود کو نہ مار، اپنی بڑائی کو مار	غرور کو ختم کرو	مَیں کی گردن پر چھری
آپ گلیتوں، نال جہاناں کوں وی گالیو	آپ تباہ ہوا ساتھ سرداروں کو بھی تباہ کیا	نالائق لوگ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی لے ڈوبتے ہیں	آپ ڈوبے بہمناں، ججمان ڈبوئے
آپ مریسی، مارݨ ناں ڈیسی	خو مارے گی، مارنے نہ دے گی	ماں کی ممتا ظاہر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے	آپ مارے، مارنے نہ دے
آپ منجھوں ننگی، جگ جہان توں جِنگی	خود نچلے دھڑ سے ننگی ساری دنیا سے اچھی	عیب دار دوسروں کو بُرا کہے	اپنا تن پہلے ڈھانکو، دوسرے کو ننگا پیچھے کہو
آپ موچم، ساکھ بلوچم	خود موچی ہوں، رشتہ داری بلوچوں سے	کم ذات کا بڑے لوگوں سے دوستی کا اظہار	آپ میاں منگتے، باہر کھڑے درویش
آپ مُہارے، آپ مُرادے	اپنی مرضی کرنے اور اپنی مرضی پر چلنے والے	نہایت خود غرض اور من مانی کرنے والا	آپ خورادے، آپ مرادے
آپناں بَلّے، کُتّے جھلّے	خود نہ پلے، کُتّے رکھے	خستہ حالی کے باوجود بڑائی کا اظہار	آپ میاں منگتے باہر کھڑے درویش

آپ ناں جرگی، گوانڈھ وَلادے	اپنے قابل نہیں، محلّہ کو بُلائے	غریب ہو کر بڑی بات کرے	آپ نہ جوگی گیدڑی، کاگن نیوتن جائے
آپ ناں ماندے تے گامب نِتّی آندے	خود سماتا نہیں اور پیٹ نکالے آتا ہے	خواہ مخواہ کی اکڑ	چوہا بل میں سمائے نہیں، دُم میں باندھے چھاج
آپ ناں وَتّے ساہورے، بِنھاں کوں ڈِیوے مَتّیں	خود سسرال میں نہ بسے، اوروں کو نصیحتیں کرے	خود عمل نہ کرنے والا دوسروں کو نصیحت نہ کرے	آپ فضیحت اور کو نصیحت
آپ وَدّا منگدا تے بوہے تے درویش	خود مانگتا پھرے اور دروازے پر درویش	غریب ہو کر بڑائی کا اظہار	آپ میاں منگتے، باہر کھڑے درویش
آپ دِہانی مُنّاواں یا جگ دِہانی	خود پر بیتی کہوں یا جگ پر بیتی	جب کسی سے کوئی قصّہ سنانے کی فرمائش کی جائے تو وہ جواباً سوال کرتا ہے	آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی
آپ دی سڑی تے آڑا پاڑا وی نال	خود بھی جلی اور ارد گرد والے (ہمسائے) بھی ساتھ	اپنے ساتھ اوروں کو بھی لے ڈوبے	آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے
آپ ہو نویں تکڑی، کون لادے تکڑی	خود ٹھیک ہو تو کون مذاق اڑائے	مستقل مزاج لوگ عزت پاتے ہیں	اپنی عزت، اپنے ہاتھ
آپت ءِ رج کھاپت ہے	آپس داری میں جھگڑا ہے	اپنوں میں جھگڑے ہوا ہی کرتے ہیں	اپنے تن کا پھوڑا ہی اپنے تئیں ستاتا ہے
آپناں آپناں تے پرایا پرایا	اپنا اپنا اور غیر غیر	اپنوں میں اپنائیت ہوتی ہے	اپنا اپنا غیر غیر
آپناں آپناں ہوندے، غیر دا کیا وِسا	اپنا اپنا ہوتا ہے، غیر کا کیا بھروسہ	اپنا زیادہ محبت رکھتا ہے	اپنا اپنا غیر غیر
آپناں اُہو جہڑا تن تے لگا	اپنا وہی جو جان کو لگا	اپنی چیز اُسے سمجھو جو اپنے کام آئے	کھائے، پہنے سو اپنا
آپناں اُوہو جہڑا ویلے تے کم آوے	اپنا وہی جو وقت پر کام آئے	دوست وہی جو مشکل میں کام آئے	اپنا وہی جو اپنے کام آئے
آپناں پُتر جگ توں سوہناں	اپنا بیٹا (ساری) دُنیا سے حسین	اپنی شے کو سبھی اچھا کہتے ہیں	۱۔ اپنا پوت پرایا ڈھینگر ۲۔ ہر کس را فرزند خود بہ جمال نماید و عقل خود بکمال (ف)
آپناں پیسہ کھوٹا تے کئیں تے کیاں ڈوس	اپنا پیسہ کھوٹا تو کسی پر کیا الزام	اپنی اولاد نالائق ہو تو دوسرے کا کیا قصور	اپنا پیسہ کھوٹا، پرکھنے والے کا کیا دوش
آپناں تبّر، آپنیں جھُمّر	اپنا مقام، اپنی جھومر	اپنی جگہ اپنی ہے، جو چاہو کرو	اپنا گھر، اپنا باہر
آپناں توشہ، آپ بھروسہ	اپنا سامان، اپنا اعتماد	جو اپنے پاس ہے وہی اپنا ہے	اپنا توشہ اپنا بھروسہ
آپناں ڈِھڈھ تاں کُتّا وی پلیندے	اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے	دوسروں کا خیال رکھنے میں عظمت ہے	اپنا پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے۔
آپناں ڈِھڈھ کھولاں آپ ننگی تھیواں	اپنا پیٹ کھولوں، خود ننگی ہو جاؤں	اپنے گھر والوں کی بُرائی اپنی بدنامی ہے	اپنی ٹانگ/ران کھولئے آپ ہی لاجوں مریئے
آپناں رانجھا راضی کیتی وَدے	اپنا رانجھا راضی کئے ہوئے ہے	اپنے آپ میں مگن ہے	آپ دھاپ، اپنا منہ اپنا ہی ہات
آپناں رکھ۔ بگاناں چکھ	اپنا رکھ۔ بیگانہ چکھ	لالچی آدمی کے لئے بولتے ہیں	اپنا رکھ۔ پرایا چکھ
آپناں رکھ بگاناں چکھے، اوکوں ملن درگاہوں دِھکے	(جو) اپنا مال بچا کر دوسروں کا کھائے اسے قدرتی طور پر دھکے ملتے ہیں	خود غرض ذلیل وخوار ہوتا ہے	پرایا کھائیے گا بجا، اپنا کھائیے ٹٹی لگا
آپناں سُوئل ناں بھلیسں مُول، پرائی پِیڑ تاں کندھ وِچ تیر	اپنا درد قطعاً نہ بھولے، پرایا درد، دیوار میں تیر (سمجھے)	لوگ پرائی تکلیف کا احساس نہیں کرتے	پرایا سر دیوار برابر

آپنڑاں کالا دی چن ورگا ہے	اپنا کالا بھی چاند کی طرح ہے	اپنی بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے	اپنا گوہ بھوجن / اپنا میٹھا انکر تیت
آپنڑاں کچھ اِچ، پرایا ہتھ اِچ	اپنا بغل میں، پرایا ہاتھ میں	اپنا عیب کسی کو نظر نہیں آتا	اپنی پُننت نہیں سوجھتی
آپنڑاں کم بچے تے ناں سٹ	اپنا کام دوسرے پر نہ ڈال	اپنا کام خود کرنا چاہیئے	اپنا دھولسا آپ ہے جاؤ اپنے ہاتھ بجاؤ
آپنڑاں کم سِدھا ہے	اپنا کام سیدھا ہے	ہر حالت میں اپنا مطلب نکل جائے گا	اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا
آپنڑاں کیتا ہر کوئی چیندے	اپنا کیا ہر کوئی اٹھاتا ہے	اپنے کئے کا انجام ملتا ہے	کیا دھرا آگے آتا ہے
آپنڑاں گھر پرول ڈِسدے	اپنا گھر دُور سے نظر آتا ہے	انسان کو اپنا فائدہ جلدی سوجھتا ہے	اپنا گھر دُور سے سوجھتا ہے
آپنڑاں گھر پھوک تماشا ڈیکھنڑ آلی گالھ ہے	اپنے گھر کو آگ لگا کر تماشا دیکھنے والی بات ہے	حاسد دوسروں کو نقصان پہنچانے کے لئے اپنا نقصان کرتا ہے	اپنی ناک کٹی تو کٹی، پرائی بدشگونی تو ہو گئی
آپنڑاں گھر تنگ کے بھر، پرایا گھر تُھک دا ڈر	اپنا گھر ٹھک کر بھر دو، پرائے گھر میں تھوکنے کا خوف	جو راحت اپنے گھر میں ہے دوسرے کے گھر میں نہیں	اپنا گھر ہگ ہگ بھر، پرایا گھر تھوک کا ڈر
آپنڑاں مال سٹ کے پرائے مال کوں ہتھ گھتے	اپنا مال ضائع کر کے غیر کے مال کو ہاتھ ڈالے	نالائق لوگ اپنے مال کی حفاظت نہیں کر سکتے	اپنا سونا کھوٹا، پرایا دھتکیرا
آپنڑاں مریسی چھاں تے سٹیسی، پرایا مریسی دُھپ ءِ تے سٹیسی	اپنا مارے گا سائے میں پھینکے گا، غیر مارے گا دھوپ میں ڈالے گا	اپنا ہے پھر بھی اپنا	اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا
آپنڑاں نک کڈھیا ہس	اپنا ناک نکالا ہے	اپنا عیب ظاہر کیا ہے	اس نے ذات کا گن نکالا
آپنڑاں ننگر، پرایا ڈِھینگر	اپنا جوان، پرایا کانٹا	اپنی اولاد ہر چیز کو ہر کوئی اچھا کہتا ہے	اپنا پُوت، پرایا ڈِھینگر
آپنڑاں وَل دی آپنڑاں ہے	اپنا پھر بھی اپنا ہے	عزیز اور غیر یکساں نہیں ہو سکتے	اپنا اپنا ہی ہے، پرایا پرایا ہی ہے
آپنڑاں ہتھ آپنڑے سِر تئیں ویندے	اپنا ہاتھ اپنے سر تک جاتا ہے	آدمی کا بس اپنے تک چلتا ہے	بھیئے کی لات گھٹنے تک
آپنڑاں ہتھ ءِ تے، پرایا کچھ اِچ	اپنا ہاتھ میں، پرایا بغل میں	اپنے کام کی نمود کرنا دوسرے کا گھٹیا بتانا	آپ کو ہپ ہپ، اور کو تھو تھو
آپنڑی آپنڑی وَنجھلی، آپنڑاں آپنڑاں راگ	اپنی اپنی بانسری، اپنا اپنا راگ	جہاں ہر ایک اپنی کہے وہاں بولتے ہیں	اپنی اپنی ڈفلی، اپنا اپنا راگ
آپنڑی آپنڑی ہے، پرائی پرائی	اپنی اپنی ہے پرائی پرائی	انسان کا اختیار اپنی شے پر ہوتا ہے	اپنی چیز اپنے سامنے
آپنڑی اردڑی تے کُتا وی شیر ہوندے	اپنے گھورے پر کُتا بھی شیر ہوتا ہے	قرابت داروں سے انسان کی اہمیت ہے	اپنی گلی میں کُتا بھی شیر ہوتا ہے
آپنڑی اکھ، پرایا ڈیلا	اپنی آنکھ پرایا ڈیلا	اپنی شے اچھی، دوسرے کی بے وقعت	اپنا پوت، پرایا ڈھینگر
آپنڑی اُدھا جہڑی آپنڑے کول رکھیسے ورچ ہے	اپنی دہی جو اپنے پاس رجیب میں ہے	جو پیسہ اپنے پاس وہی فائدہ مند باقی بیکار	اپنا مال اپنی چھاتی تلے
آپنڑی بکری پرائے چھیلے کوں وَٹھ ڈیندی ہے	اپنی بکری پرائے بکرے کو بکر دیتی ہے	اپنے آلہ کار کے ذریعے غیر سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے	
آپنڑی بیڑی بوڑ ڈِتّی	اپنی کشتی ڈبو دی	اپنا نقصان خود کرے ہے	اپنی لُٹیا ڈبو دی
آپنڑی پت رگب آپنڑے ہتھ	اپنی عزت رپگڑی، اپنے ہاتھ	دوسرے کی بے عزتی سے اپنی بے عزتی ہے	اپنی آبرو رپگڑی اپنے ہاتھ
آپنڑی بووی پرائی دِسری	اپنی پڑے اور پرائی بسرے	مظلوم، ظالم کے لئے کہتا ہے (بددعا)	تجھے اپنی پڑے

آپݨی چھاکوں کون کھٹا آہدے ؟	اپنی لسّی کو کون کھٹا کہتا ہے ؟	اپنی چیز کی سبھی تعریف کرتے ہیں	اپنی چھاچھ/اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے ؟
آپݨی دھی ست بھلّاں راݨی	اپنی بیٹی سات پھولوں کی رانی	اپنی چیز کو ہر انسان اچھا کہتا ہے	اپنا پوت، پرایا ڈھینگر
آپݨی ذات ݙکھائی/کڈھی ہس	اپنی ذات دکھائی/نکالی ہے	اپنی کینہ پن ظاہر کیا ہے	اس نے ذات کا گن نکالا
آپݨی سدھ آپ گھن/لہہ	اپنی خبر خود لے	انسان اپنا احساس خود بہتر کرتا ہے	اپنی مدد آپ کر
آپݨی شئے آپݨی ہے	اپنی چیز اپنی ہے	انسان اپنی شے پر اختیار رکھتا ہے	اپنی چیز اپنی
آپݨی شئے آپݨی ہے، پرائی پرائی ہے	اپنی چیز اپنی ہے، پرائی پرائی ہے	اپنی چیز پر تصرف کا کامل اختیار ہوتا ہے	اپنی چیز اپنے سامنے
آپݨی عزت آپݨے ہتھ ہے	اپنی عزت اپنے ہاتھ میں ہے	اپنی عزت کا احساس خود کرو	اپنی عزت، اپنے ہاتھ
آپݨی قبر آپݨاں جواب	اپنی قبر اپنا جواب	ہر شخص اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے	اپنا اپنا کرنا، اپنا اپنا بھرنا
آپݨی بُکھ وِچ، ٻئے دی ہتھ وِچ	اپنی بغل میں، دوسرے کی ہاتھ میں	لوگ دوسرے کے عیوب پر نظر رکھتے ہیں	اپنا ٹینٹ نہ نہارے، اور کی پھلّی دیکھے
آپݨی ککڑ چنگی ہووے تاں پرائے گھر عانے کیوں لہاوے	اپنی مرغی اچھی ہو تو پرائے گھر انڈے کیوں دے	اگر آدمی خود اپنا احساس کرے تو دوسرے اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتے	
آپݨی کنڈھ کہیں کوں نظر نئیں آندی	اپنی پیٹھ کسی کو نظر نہیں آتی	انسان کو اپنی خامیوں کا احساس نہیں ہوتا	اپنی پیٹھ اپنے تئیں نہیں دکھائی دیتی
آپݨی کھٹی کمائی وِچ برکت ہوندی ہے	اپنی کمائی میں برکت ہوتی ہے	اپنے وسائل پر انحصار کرنا چاہیئے	اپنے ہاتھوں کے بل بل جائیے
آپݨی کیتی آپݨے اڳوں آندی ہے	اپنا کیا اپنے آگے آتا ہے	برائی اور نیکی کا صلہ ضرور ملتا ہے	کیا دھرا آگے آتا ہے
آپݨی کیتی ہر کئی چیسی	اپنا کیا ہر کوئی اٹھائے گا	ہر شخص کو اپنے اعمال کی سزا ملے گی	اپنی اپنی سب بھگت لیں گے
آپݨی گھوڑی چھاں تے بدھو	اپنی گھوڑی سائے میں باندھو	بے صبر اور جلد باز سے کہا جاتا ہے	دھیرا سو گمبھیرا
آپݨی ڳالھ بُکھ وِچ، پرائی ڳالھ ہتھ وِچ	اپنی بات بغل میں، پرائی بات ہاتھ میں	اپنے عیب چھپانا دوسروں کے اچھالنا	دوسروں کی آنکھ کا تنکا نظر آتا ہے اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہیں آتا
آپݨی ڳلی وِچ ٻلّی وی شیر ہوندی ہے	اپنی گلی میں بلّی بھی شیر ہوتی ہے	مددگار ہوں تو بزدل بہادر بن جاتا ہے	اپنی گلی میں کتّا بھی شیر ہوتا ہے ۔
آپݨی ماڑی ناں رہووے، ٻئے دا چھپر/جھوپڑی ساڑنی ہے	اپنا محل نہ رہے، دوسرے کی جھونپڑی جلانی ہے	دوسرے کے حسد میں اپنا نقصان کرنے پر طنز	ناک تو کٹی پردہ بھی مر گئے
آپݨی موڑھی چٹ ہووے تاں ٻئے کوں کیا آکھوں	اپنی پونجی خراب ہو تو دوسرے سے کیا کہیں	اپنی اولاد بری ہو تو لگائے گئے الزامات کا برا نہ مانو	اپنا سونا کھوٹا، پرکھنے والے کا کیا دوس
آپݨی واری ترٹے ویہاں شتو	اپنی دفعہ تین کوڑیوں کا سو	ذاتی معاملات میں انسان ہمیشہ زیادہ کھینچا تانی کرتا ہے	۱۔ اپنی لٹی پر سب آگ رکھتے ہیں ۲۔ اپنے لگے تو پیٹھ میں
آپݨی ہٹی، ٻئے تے پٹی	اپنی ہٹی، دوسرے پر ڈالی	اپنا عیب دوسرے پر تھوپا	اپنی ہائی، اوروں پر چھائی
آپݨیاں کھا کریسوں شادیاں، وت کریسوں ٻئے دیاں رادھیاں	اپنی دفصلیں، کھا کر خوشیاں منائیں گے پھر دوسروں کی کاشت کریں گے	اپنے حال میں مست لوگ دوسروں کی پرواہ نہیں کرتے	۱۔ آپ دھاپ اپنا منہ، اپنا ہی ہات ۲۔ اول خویش، بعد درویش
آپݨیاں نال رُجھ لُجھ ہوندی ہے	اپنوں سے بے تکلفی کی تکرار اور جھگڑا ہوتا ہے	اپنوں ہی پہ مان ہوا کرتا ہے	
آپݨیاں وِچ بھاہ تے اوپریاں وِچ ساہ	اپنوں میں آگ/حسد اور غیروں میں جان	اپنوں کے مقابلے میں غیروں کو اچھا سمجھنا	اپنوں سے غیر اچھے

آپݨے آدر پُخ نال ہوندن	اُپنے، آمدورفت سے ہوتے ہیں	میل ملاپ سے اپنائیت بڑھتی ہے	
آپݨے بال، پرائی ذال چنگی لگدی ہے	اپنے بچے، دوسرے کی بیوی بھلی لگتی ہے	اورلاد اپنی خوبصورت نظر آتی ہے اور بیوی دوسرے کی	اپنی اولاد اور دوسرے کی بیوی خوبصورت معلوم ہوتی ہے
آپݨے پیر اُتے کُہاڑی ناں مار	اپنے پاؤں پہ کلہاڑی نہ مارو	اپنا نقصان خود نہ کرو	اپنے پاؤں پر کلہاڑی نہ مارو
آپݨے جائے آپ پالو	اپنے جنے خود پالو	اپنے گلے لگایا ہوا فساد خود نمٹاؤ	
آپݨے دل دا حال پتہ ہوندے	اپنے دل کے حال کا علم ہوتا ہے	اپنے دل کا حال ہر شخص بخوبی جانتا ہے	اپنے عیب سب جانتے ہیں ۔
آپݨے دِلاں تے ٹُھلدیں	اپنے دل پر بھولتے ہو	دوسروں کو اپنے جیسا سمجھتے ہو	اپنے من سے جانیئے پرائے من کی بات
آپݨے ڈِھڈھ وِچ سلائی تاں ہائے قیامت آئی، پرائے ڈِھڈھ وِچ مولھا تاں کپاہ کنوں پولا	اپنے پیٹ میں سلائی تو ہائے قیامت آئی پرائے پیٹ میں موسل تو کپاس سے نرم	لوگ پرائی تکلیف کا احساس نہیں کرتے	اپنے سوئی بھی نہ چبھونے دو اور دوسرے کے بھالا گھسیڑ دو
آپݨے راہ تے کنڈے وِچھائے ہِنیں	اپنے راستے میں کانٹے بچھائے ہیں	جو شخص اپنے لئے مصیبتیں خود پیدا کرے اس کے لئے کہا جاتا ہے	اپنے کئے کا علاج نہیں
آپݨے ڈکھ ہر کُئی کجیندے	اپنے پردے ہر کوئی ڈھانپتا ہے	اپنی بُرائی سب چھپاتے ہیں	اپنے عیب سب لپیٹتے ہیں
آپݨے گھر دی خیر منگو	اپنے گھر کا بھلا مانگو	اپنے بچاؤ کی کوشش کرو	اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو
آپݨے گھر کُڑ کُڑ پرائے گھر عانیں	کُڑ کُڑ اپنے گھر، انڈے دوسرے کے گھر	اپنوں کی بجائے غیروں کو فائدہ پہنچاتا ہے	باہر کے کھائیں، گھر کے گائیں
آپݨے گھر کوں تاں سیاݨاں ہے	اپنے گھر کے لئے تو عقلمند ہے	اپنے مطلب کی ہر ایک کو خوب سوجھتی ہے	جیجھ دیوانی، اپنے کاموں سیانی
آپݨے گھر کوں ہر کُئی سیاݨاں ہوندے	اپنے گھر کے لئے ہر کوئی عقلمند ہوتا ہے	اپنا نقصان کوئی نہیں کرتا	دیوانہ بکار خویش ہشیار (ف)
آپݨے گھر کُئی چھج وجاوے بھانویں چھاݨی	اپنے گھر کوئی چھاج بجائے چاہے چھلنی	اِنسان اپنے گھر میں خود مختار ہوتا ہے	
آپݨے گنڈھوں کیا ویندے	اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے	اپنا کوئی نقصان نہیں	اپنی گرہ سے کیا جاتا ہے
آپݨے مونہہ میاں مِٹھو	اپنے منہ میاں مٹھو	اپنی تعریف خود کرتا ہے	اپنے منہ میاں مٹھو
آپݨے موئے آپ دفناؤ	اپنے مُردے خود دفن کرو	اپنی ذمہ داری خود اٹھانا ہوتی ہے	اپنا اپنا گھولو، اپنا اپنا پیو
آپو آپݨی پئی ہے	اپنی اپنی پڑی ہے	کوئی کسی کی پرواہ نہیں کرتا	نفسی نفسی پڑی ہے
آپوں وڈے نال نہیں کھڑیندا	اپنے سے بڑے کو نہیں چھیڑتے	زبردست سے چھیڑ چھاڑ نقصان دہ ہے	
آپے آوے تاں آوݨ ڈیوو	خود بخود آئے تو آنے دو	مفت میں ملنے والی شے لوٹایا نہیں کرتے	آپ آئے تو آنے دو
آپے آوے تاں حلال ہے	آپ سے آئے تو حلال ہے	مفت کی شے سبھی لے لیتے ہیں	رو میں آیا سو حلال ہے
آپے پھاتھے کوں کون چھُڑاوے	خود پھنسنے والے کو کون چھُڑائے	دوسروں کے معاملات میں مداخلت نہیں کرنی چاہیئے	خود کردہ را علاج نیست (ف)
آپے چھیڑی آپ نبیڑ، بھانویں سہہ ونج، بھاویں چھیڑ	خود چھیڑا ہے خود نمٹو، چاہے برداشت کرو، چاہے جھگڑا کرو	کسی کے معاملے میں مداخلت نہ کرو	خود کردہ را علاج نیست (ف)
آپے گئیوں تے آپے آئیوں قدر نہ کجایو ناں دا پت لہایو بابے دی تے نک ڈھایو ماں دا	خود گئی اور خود آئی عورتوں کی ناقدری کی باپ کی عزت گنوائی اور ماں کا ناک کٹایا	آشنا کے ساتھ فرار ہونے والی اہل خانہ کے لئے کلنک کا ٹیکہ ہوتی ہے	

آپے کیتے کمڑے، آپ بہہ وچار	کرتوت خود کیئے۔ خود بیٹھ کر سوچو	ہر آدمی اپنے اعمال کا خود ذمہ دار ہے	اپنی کرنی اپنی بھرنی
آپ گئی تے آپے آئی قدر ونجائیس رناں دا، ڈاڑھی پٹیس بابے دی تے چونڈا مُنیس اماں دا	خود گئی اور خود آئی، عورتوں کی شان گھٹائی، باپ کی داڑھی نوچی اور ماں کا چونڈا مونڈا	جو عورت سیول میرج سے گھر آئے اُس کی اور اس کے خاندان کی عزت نہیں رہتی	
آپے ہیں رجّی بجّی، آپے میڈے بچڑے جیون	خود ہی ہیں پیٹ بھری، خود ہی میرے بچے جیئیں	اپنی تعریف خود کرنا	
آتن دی رن ناں کار ناں کم	آتن کی عورت، نہ کام نہ کاج	جہاں عورتیں جمع ہوں وہاں کام نہیں ہوتا	بی خیلا دو جنی ایک میلہ
آدم دا بال پلّے، سونے دی سلھ گلّے	اِنسان کا بچہ پلے، سونے کی اینٹ گلے	آدم زاد مشکل سے پلتے ہیں	
آدھا میں جو بیرا گھوڑی گبھن ہے	(یوں) کیوں نہیں کہتے کہ اے پیر! گھوڑی حاملہ ہے	حقیقت ظاہر نہ کرنے والے سے کہا جاتا ہے	
آدھی سیانی، پکّے رِدھے گھتّے پانی	آدھا عقلمند بیٹی! پکے کھانے میں پانی ڈال	کبھی زیادہ عقلمند کام بگاڑتا ہے	بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نمک ڈالے
آر یا پار	آر یا پار	اِدھر یا اُدھر، فتح یا شکست	آر یا پار
آڑا پاڑا تے تہاکوں میڈا ساڑا	سارا محلہ اور تمہیں میرا حسد (سب کو چھوڑ کر مجھ سے حسد)	جب کوئی ایک نشانہ تضحیک ہو تو کہا جاتا ہے	
آڑا پاڑا چھوڑ تے چاگھاں چیکھا لچا چی نال	اڑوس پڑوس چھوڑ کر چچی سے بگاڑ	اپنوں سے بگاڑ اچھا نہیں	
آسا جیوے نراسا مرے	اُمید والا جیتا رہے ناامید مر جائے	مایوسی گناہ ہے	آسا جیئے نراسا مرے
آسا ڈم جھمبھڑی، کیسر اڈّے پیسے کوں جھمبھڑی	آسا رام بھڑ ہے، چوتھائی پیسہ دے کر پورے پیسے کو چمٹے (ہے)	لالچی فطرت کا اظہار کرنے کے لئے بولتے ہیں	بنیے سے سیانہ، سو دیوانہ
آسن قبراں تے لگسن خبراں	آئیں گی قبریں تو پتہ چلے گا	مرنے کے بعد دنیا دی اعمال کا حساب ہوگا	
آسوں پاسوں سہوٹی میانوں گدڑ	اِدھر اُدھر سے برداشت کرنی، درمیاں میں گڑ بڑ	اوپر سے ماننا دل سے تسلیم نہ کرنا	
آسی تاں کھاسی، ناں تاں یاد کرے ماسی	آئے گا تو کھائے گا، نہیں تو ماسی کو یاد کرے	جو بروقت نہیں آتا وہ محروم رہتا ہے	
آکڑ ڈُنج دی، پیڑھی مُنج دی	ویرانے کی اکڑ، مونج کا کھٹولا	مفلس کا اظہار بڑائی بیکار ہے	آپ میاں صوبیدار، بیوی گھر میں جھونکے بھاڑ
آکھاں دھی کوں، سُنانواں نونہہ کوں	کہوں بیٹی سے، سناؤں بہو کو	ایک کو مخاطب کر کے دوسرے کو احساس دلانا	کہنا بیٹی کو، سنانا بہو کو
آکھن تے کرن وچ فرق ہے	کہنے اور کرنے میں فرق ہے	زبانی جمع خرچ آسان ہے اور عمل مشکل	کہنا اور شے ہے، کرنا اور شے ہے
آکھن دے ویلے ناں آکھن، تے ناں آکھن دے ویلے آکھن، احمق دا کم ہے	کہنے کے وقت نہ کہنا اور نہ کہنے کے وقت کہنا، بے وقوف کا کام ہے	ضرورت کے وقت بولنا دانائی ہے	وقت کا رونا، بے وقت کے ہنسنے سے اچھا ہے
آکھن سوکھا ہے کرن اوکھا ہے	کہنا آسان ہے، کرنا مشکل ہے	زبانی جمع خرچ آسان اور عمل مشکل ہے	کہنا آسان، کرنا مشکل

آکھݨ نال کھوہ وچ کون ٹپ مریندے	کہنے سے کنویں میں کون چھلانگ لگاتا ہے	کسی کے کہنے پر کوئی اپنا نقصان نہیں کرتا	کہنے سے کوئی کنویں میں نہیں گرتا
آکھو منجھ تلے، ویندے کٹے تلے	کہو بھینس کے نیچے، جاتا ہے کٹے کے نیچے	کہو کچھ، کرتا کچھ اور ہے	جو کو گئے، سٹوانی سے آئے
آکھی نھیں آندی	کہی نہیں ہوتی	انسان کی خواہشات پوری نہیں ہوا کرتیں	کسی کے کہے موت نہیں آتی
آکھے بندہ، سُݨے خدا	انسان کہے، خدا سُنے	انسان کی دُعا خدا قبول کرتا ہے	خدا سب کی سنتا ہے
آکھے شادی تاں تیار ہے، بس گوٹھی گوآر اے	کہے شادی تو تیار ہے بس دلہن ڈھونڈنی ہے	بے بنیاد دعوے اور بڑائی	
آکھیا سچ ہِس، ماری ڄج ہِس	کہا سچ ہے، بات بگاڑ دی ہے	بعض اوقات سچ بولنے سے معاملہ بگڑ جاتا ہے	سچ بات آدھی لڑائی ہوتی ہے
آ بگلی آ بگلی کانڑ، گنّے گھن چھپائی	ہر لوہر کانی، گنّے کر چھپائی	ساری شے بیکار نکلی	آوے کا آوا خراب ہے
آلس بھنّݨ نال نحوست کھنڈدی ہے	انگڑائی لینے سے نحوست پھیلتی ہے	ایک کے انگڑائی لینے سے دوسروں کو بھی انگڑائی آتی ہے	
آلسی، روندا رہسی	سُست روتا ہے	سُست سدا روتا ہے	آلسی سدا روگی
آلسیاں دا جھگا بھیڑیاں نیں بھنّیا	سُست لوگوں کا گھر بھیڑیوں نے توڑا	سُست آدمی کمزور سے مار کھاتا ہے	ننگوں نے بھوکوں کو لوٹ لیا
آلنے وچوں نکلیا پکھی ول نھیں آندا	گھونسلے میں سے نکلا ہوا پرندہ واپس نہیں آتا	ایک مرتبہ ٹھکانہ چھوٹ جائے تو واپسی مشکل ہے	
آلہ ڈے نوالہ تے جیوے کھٹّݨ والا	اے آلہ! مجھے نوالہ دے اور میرا کمانے والا جیتا رہے (ایک بھکارن بادشاہ کی بیوی بننے کے بعد کھانا طاق میں رکھ کر یہ صدا لگاتی اور پھر کھانا کھاتی تھی)	کمینہ اپنی عادت ترک نہیں کرسکتا	آلہ دے نوالہ
آمد دے گل سہرا	آمدنی کے گلے میں سہرا	آمدنی کے مطابق خرچ ہوتا ہے	جتنی آمد اُتنا بوجھ
آن پوی سر آپݨیں، چھوڑ پرائی آس	اپنے سر آن پڑے، پرائی آس چھوڑ دے	مصیبت میں کوئی کام نہیں آتا	اپنی کرنی، پار اُترنی
آن پھتو سے بادی ہا	مشکل میں آن پھنسے	سخت مشکل سے راہ فرار نہیں ہے	جائے رفتن نہ پائے ماندن (ف)
آندراں بکھیاں تے مچھ تے چاول	آنتیں بھوکی اور مونچھ پر چاول	گھر میں کچھ نہیں باہر بڑائی	گھر میں نہیں تاگا، البیلا مانگے پاگا
آندری باہری ہن	اندر والے، باہر والے ہیں	ہر طرح سے ذمہ دار ہیں / ہمراز ہیں	کند ہم جنس باہم جنس پرواز (ف)
آندی جلتی ہے ویندی اوکھی ہے	آتی جلدی ہے جاتی مشکل سے ہے	بیماری کے لئے بولتے ہیں	آتی ہے ہاتھی کے پاؤں جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں
آندی ہے گھوڑے چڑھی، ویندی ہے جوں وانگوں	آتی ہے گھوڑے پر سوار ہو کر جاتی ہے جوں کی طرح	بیماری جلدی آتی اور دیر سے جاتی ہے	آئے ہاتھی کی چال، جائے چیونٹی کی چال

آندیاں دے ہیوے تے گیاں دے کانئیوے	آنے والوں کے ہو اور گئے ہوؤں کے نہیں ہو	موجود شخص کی تعریف اور گئے کی غیبت کرنے والے کے لئے بولتے ہیں	
آئیں دیر لگدی ہے ونیں دیر نھیں لگدی	آتے دیر لگتی ہے جاتے دیر نہیں لگتی	مقدر بدلتے دیر نہیں لگتی	بنتے دیر لگتی ہے، بگڑتے دیر نہیں لگتی
آئیں سکھ، ناں ونیدیں ڈکھ	آتے سکھ نہ جاتے دکھ	نکما ہے، ہونا نہ ہونا برابر ہے	آتے بھلے نہ جاتے
آون پرائیاں جائیاں، وچھوڑن سکیاں بھائیاں	پرائی بیٹیاں آئیں، سگے بھائیوں کو جدا کریں	دیورانیاں دیوروں کو لڑا دیتی ہیں	
آون آپنڑے وس، ونجنڑ پرائے وس	آنا اپنے بس، جانا پرائے بس	مہمان اپنی مرضی سے آتا ہے اور میزبان کی اجازت سے جاتا ہے	آنا اپنے بس میں جانا پرائے بس میں
آونڑ ونجنڑ بہوں، ڈیونڑ گھننڑ گھٹ آوو ونجو سجنو، گھر بار تساڈا کھاوو پیوو اپنا ٹلو تو آ پتر وٹا اساڈا	آنا جانا بہت دینا لینا کم دوستو! آؤ جاؤ، گھر بار تمہارا کھاؤ پیو اپنا تو کیا کمائی ہماری	نری ظاہر داری زبانی اور ظاہری محبت	کھاؤ پیو گھر اپنے، رہو ہمارے سنگ کھاؤ پیو اپنا، رہو ہمارے سنگ
آوے تاں آوے، ناں تاں پنج پکا کھاوے	آئے تو آئے نہیں پانچ پکا دیسر، کھائے	کوئی دوسرے کے پاس زبردستی نہیں لایا جا سکتا	
آوے دا آوا خراب ہے	آوے کا آوا خراب ہے	سبھی ایک سے ہیں	آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے
آویں ہا سویلے کپ چاڑھاں ہا کریلے، آئیں ڈینھ لتھے، چواں کڈھ مرلیسائیں متھے	جلدی آتا (تو) کریلے کاٹ کر چڑھاتی۔ دن ڈوبے آیا ہے مراڑی نکال کر ماتھے (پر) ماروں گی	بے وقت آنے والے مہمان کی کوئی بھی خوشی سے تواضع نہیں کرتا	بے وقت کی شہنائی، موئے کڑھ نے بجائی
آؤ بھراوو ہہندے ونجو ساڈے گھر کاج اے، کھاونڑ پیونڑ اپنا ساڈا دل دلاڑے کانڈھا ڈتوسے کئی ناں آیا ساڈے متھے بھاگ لے تر کلے نال گھیو کڈھیوسے وڈا ہنجھ فراخ اے	آؤ بھائیو بیٹھتے جاؤ ہمارے گھر (شادی) کا تہوار ہے، کھانا پینا اپنا (اپنا) ہمارا دل فراخ ہے ہم نے دعوت دی کوئی نہ آیا ہمارے نصیب اچھے ہیں، تر کلے سے گھی نکالا ہمارا دستر خوان وسیع ہے	جب کوئی اپنی خامیوں کو خوبی بنا کر پیش کرے تو بولا جاتا ہے (اندر سے خالی دعوے بڑے)	گھر بار تمہارا، کوٹھی کٹھلے کو ہاتھ نہ لگانا
آؤ مہانو! اساڈی داری کرد	مہمانو آؤ، ہماری تواضع کرو	میزبان کو مہمانوں سے توقعات نہیں رکھنی چاہئیں	
آؤ مہانو! گھر آلیاں دی سُدھ لہو	مہمانو! آؤ، گھر والوں کی خبر لو	میزبان کا مہمانوں سے توقعات وابستہ کرنا غلط ہے	
آئی اُباسی، نیندر دی ماسی	آئی جمائی، نیند کی خالہ	جمائی لینا نیند آنے کی علامت ہے	
آئی بلا، گیئی بلا، نعرہ دم باہُو	آئی بلا، گئی بلا، نعرہ دم باہو	حضرت باہو کا نعرہ لگانے سے ہر بلا ٹل جاتی ہے	
آئی تاں روزی، نھیں تاں روزہ	آئی تو روزی، نہیں تو روزہ	روزی مقدر سے ملتی ہے	آئی تو روزی نہیں تو روزہ
آئی جو قبر وِچ جال، چہ سوڑی تے چہ موکلی	اگر قبر میں رہنا آگیا ہے تو کیا تنگ اور کیا کھلی	مجبوری میں شکایت بیکار ہے	

آئی جھار، گئی اُجاڑ	جھار آئی اور اُجاڑ (کر) گئی	بیاہی ہوئی لڑکیاں کا بال بچوں سمیت میکے آکر کھا پی کر چلے جانا	
آئی دا کئی دارو نھیں	آئی کا کوئی علاج نہیں	آفت/موت آکر رہتی ہے	آئی نہیں ٹلتی
آئی دے تیر کڈاہیں نھیں چُکدے	آئی (موت) کے تیر کبھی نہیں چُوکتے	موت نہیں ٹلا کرتی	آئی نہیں ٹلتی
آئی گالھ نھیں رہندی	آئی بات نہیں رہتی	مُنہ پہ آئی بات کہہ دینی چاہیئے	دل میں آئی کو رکھے سو بھڑوا
آئی مزدوری تلی تے، کھا ہِٹھوں بِگلّی دے	مزدوری ہتھیلی پہ آئی۔ گلی میں بیٹھ کر کھائی	بچت نہ کرنے والا نقصان اٹھاتا ہے	
آئی نھیں ٹلدی	آئی ہوئی (موت) نہیں ٹلتی	موت کا وقت معیّن ہے	قضا نہیں ٹلتی
آئی ہاں میں تاں تیڈے ساہ، توں کیوں ویندیں کنڈ وَلا	میں تو تیری خواہش لئے آئی ہوں تو پیٹھ پھیر کر کیوں جا رہا ہے	میزبان کی عدم توجہی پر بولتے ہیں	
آئیاں دے ہوڑے، جائیاں دے نوڑے	آنے والوں کے ہو، پیدا ہونے والوں کے نہیں ہو	قرابت کے رشتے ختم کرکے نئے راستے بنانے والے سے کہتے ہیں	
آئے تپ دے ماہر، گولی اندر دم باہر	تپ کے ماہر آئے، گولی اندر سانس باہر	نیم حکیم پر طنز کرتے ہوئے کہتے ہیں	گولی اندر دم باہر
آئے دا ماڻ کرناں پوندے	آنے والے کی عزت کرنا پڑتی ہے	جو آئے اُس کی عزت کرو	
آئے دی خوشی، ناں گئے دا غم	آئے کی خوشی نہ گئے کا غم	بے پرواہ کے بارے میں کہتے ہیں	آئے کی خوشی نہ گئے کا غم
آئے رزق کوں دھکا نھیں ڈیویندا	آئے ہوئے رزق کو موڑا نہیں جاتا	جس قدر روزی ملے اس پر شکر کرو	آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے
آئے رن دے سکے شَشَک مانے پکے،	بیوی کے رشتے دار آئے جلدی جلدی چپاتیاں پکیں،	عورت اپنے رشتے داروں کی خوب خاطر مدارت کرتی ہے	بیوی کے رشتہ دار گھر آئیں تو خاطر مدارت ہو۔ شوہر کے رشتہ دار آئیں تو نظریں پھیری جائیں (ش)
آئے مرد دے سکے ڈیوو پچھوئیں دھکے	مرد کے رشتے دار آئے (تو) پیچھے کو دھکے دو		
آئے نی رب دے سوالی، چٹے کپڑے تے کھیسے خالی	خدا کے بھکاری آئے ہیں۔ کپڑے سفید اور جیبیں خالی	ظاہری آن بان رکھنے والا	
آئے نی یار کہروڑی۔ کَش پَش ڈھیر محبت تھوڑی	کہروڑی دوست آئے (ہیں) دکھاوا بہت محبت تھوڑی	کہروڑ پکا کے لوگوں کی محبت کا اعتبار نہیں	
آئے یار لہوری، ڈکھاون دروازہ ٹپاون موری	لاہوری دوست آئے (ہیں جو) دروازہ دکھاتے ہیں اور موری میں سے گزارتے ہیں	لاہور کے لوگ سبز باغ دکھاتے ہیں	
آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی	آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی	ہر شخص کے لئے اس کی قسمت کا رزق موجود ہوتا ہے	آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی
آیا رزق، گئی بلا	آیا رزق گئی بلا	جو روزی مل جائے اُسی پر شکر کرو	
آیا ماماں بگڑاں، آن پاتی سگناں	گرجتا ہوا ماموں آیا اور دانہ پانی عام ہوگیا	بر وقت بارش ہوتی رہے تو غلے کی کمی نہیں ہوتی	آتے کا نام سبھا جاتے کا نام ٹکا برسے گا برساوے گا، کوڑی کھیت لگاوے گا
آیا ودیں ماڻ وتح، تاں تھاتی پا گریوان وچ	مان میں آئے ہوئے ہو تو گریبان میں جھانکو	فانی انسان کو اکڑ زیب نہیں دیتی	
آیا وساکھ تے ودھ گئی ساکھ	بیساکھ آیا اور عزت/شان بڑھ گئی	بیساکھ میں فصلیں پک جانے سے کاشت کار کی مالی حالت اچھی ہو جاتی ہے	

آیا ویلا سوتا، کُجھی کُناں دھوتا	سونے کا وقت آیا، غلیظ نے ہنڈیا دھوئی	ہر کام اپنے وقت پر اچھا ہوتا ہے	بے وقت کی شہنائی، موئے کڑھ نے بجائی
اُبھردیں ناں تتے، لہندے کیا تپسی	(جو سُورج) اُبھرتے گرم نہ ہوا وہ ڈوبتے کیا گرم ہوگا	جس نے جوانی میں کچھ نہ کیا وہ بڑھاپے میں کیا کرے گا	چڑھتی کڑاہی تیل نہ آیا تو پھر کب آئیگا
اُبھے دی گِدڑ مُنہ ناں اِنیجے، آتھر دی گھن ویسی	مشرق کی گدھی نہ لائی جائے (کاٹھی کا) بوریا بھی ساتھ لے جائے گی	مشرق کے لوگ چالاک ہوتے ہیں	
اُبھے دی لمے تے، لمے دی اُبھے تے	مشرق کی مغرب کو، مغرب کی مشرق کو	بے سروپا باتیں کرنا	سوال دِگر، جواب دِگر
اُبہل دے اگوں ٹوئے	جلد بازی کے آگے گڑھے	جلد بازی بُرے نتائج لاتی ہے	دوڑ چلے نہ چوپٹ گرے
اُبہل دے اگوں ہمیشہ کنڈے ہوندن	جلد بازی کے آگے ہمیشہ کانٹے ہوتے ہیں	جلدبازی سے ہمیشہ نقصان ہوتا ہے	جلدی پکا سو جلدی سڑا
اُبہل کم شیطان دا	جلد بازی شیطانی عمل ہے	جلد بازی اچھی عادت نہیں	جلدی کام شیطان کا، دھیرا ردیر کا کام رحمٰن کا
اُبہلی رَن ڈَہ واری ہنگدی ہے	جلد باز عورت دس مرتبہ ہگتی ہے	جلد باز کام میں زیادہ دیر لگاتے ہیں	اُتاؤلی سو باؤلی
اُبہلی کُتی اندھے کُتُڑ جندی ہے	جلد باز کتیا، اندھے بچے جنتی ہے	جلد بازی میں نقصان ہوتا ہے	جلد باز کُتیا اندھے بچے جنتی ہے
اُتم کھیتی، مدھم وپار، نیچ نوکری، پِنّڑ بے کار خوار	بالاترین کھیتی باڑی، کم بیوپار، کم ترین ملازمت، بھیک بیکار ذلت	زمیندارہ شان والا پیشہ ہے	اُتم کھیتی، مدھم بیوپار، نکھد نوکری بھیک ندان
اُتوں آئے ہور، جنہاں اگلے ڈِتے تور	اوپر سے اور آئے جنہوں نے پہلے والوں کو چلتا کیا	چھوٹے بدمعاش پر بڑا بدمعاش غلبہ پائے تو کہتے ہیں	
اُتوں چِٹا مِٹا، اندروں بھُݨ بھُݨ مکھا	اوپر سے بنا سنورا، اندر سے مکھیوں کی بھن بھن	ظاہری شان	خوان پوش پاک، کھول کے دیکھو تو خاک
اُتوں چِکّھی مکّھی، اندروں بھݨ بھݨ مکّھی	اوپر سے میک اپ، اندر سے مکھیوں کی بھنبھناہٹ	ظاہری شان رکھنے والے اندر سے خالی ہوں تو کہا جاتا ہے	خوان پوش پاک، کھول کے دیکھو تو خاک
اُتوں ڈھٹا سنبھلدے، دِلوں لتھا ر ڈھٹا نہیں سنبھلدا	اوپر سے گرا سنبھلتا ہے دل سے اُترا ر گرا نہیں سنبھلتا	بے عزت کی عزت نہیں لوٹا کرتی	اونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا
اُتوں صدقے گھولے اندر کُئی ناں پھولے	اوپر سے صدقے واری، اندر سے کوئی نہ کریدے	ظاہری محبت دل میں بُغض	
اُتوں لتھیاں چار کتاباں، پنجواں لتھا ڈنڈا، جوں کتاباں کجھ ناں کیتا، ڈنڈے کیتا سِدھا	اوپر سے چار کتابیں اُتریں پانچواں ڈنڈا اترا چاروں کتابوں نے کچھ نہ کیا، ڈنڈے نے سیدھا کیا	لوگ باتوں کی بجائے سختی سے درست رہتے ہیں	

اُتوں لا الٰہ، وِچوں بئی صلاح	اوپر سے کلمہ، اندر سے اور نیت	نیکی کا اظہار کرکے دھوکا دینا	آپ راہ راہ، دُم کھبت نیت
اُتوں منجھوں ننگا، ہیٹھے پچ پچ ٹرمے	اوپر نیچے ننگا، ٹخنے ڈھانپ ڈھانپ رکھ چلے	دکھاوے کی شرافت	
اُتوں مینہ وُٹھا، تلوں بھیڈاں مُتریا	اوپر سے مینہ برسا، نیچے بھیڑوں نے موتا	مصیبت تنہا نہیں آتی	مفلسی میں آٹا گیلا رتیلا
اِتھاں پکھی پر نہیں مار سگدا	یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا	یہاں کسی کی مداخلت نہیں	یہاں پرندہ پر نہیں مار سکتا
اِتھاں تھیوے پرنہیں، ما کا کاورھیں دے ورھیں	یہاں ہو پنچایت، بڑے بھائی سال کے سال	یہاں اُلٹے کام ہوتے ہیں	یہاں الٹی گنگا بہتی ہے
اِتھاں تیڈا اِیڑو پوریا پئے	یہاں تیرا برتن گڑا ہے	کوئی جگہ کا استحقاق جتلانے کو کہتے ہیں	۱۔ یہاں تیرا کیا مال گڑا ہے ۲۔ یہاں کچھ نال تو نہیں گڑی
اِتھاں چُپ دی جا ہے الا کئی نہیں سگدا	یہاں خاموشی کی جگہ ہے کوئی نہیں بول سکتا	زبردست لوگوں کے سامنے بات کرنا بے سود ہے	یہاں سب کان پکڑتے ہیں
اِتھاں رَن دے سر تے پگ ہے	یہاں عورت کے سر پر پگڑی ہے	یہاں عورت من مانی کر رہی ہے	یہاں مُرغی اذان دیتی ہے
اُتھاں وی چنگے دی لوڑ ہے	وہاں بھی اچھے کی ضرورت ہے	خدا نیک لوگوں کو پسند کرتا ہے	جن کی یہاں چاہ، اُن کی وہاں چاہ
اِتھوں دی ہر گالھ ڈکھری ہے	یہاں کی ہر بات انوکھی ہے	سبھی معاملات مختلف ہیں	یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے
اُتی کھا جتی سگیں پچا	اتنا کھاؤ جتنا ہضم کرسکو	زیادہ کھانا بدہضمی کرتا ہے	اُتنا کھاؤ جتنا پچاؤ
اِتی مٹھا ناں تھی کہ کوئی کھا ونجے، اِتی کوڑا ناں تھی کہ تھک سٹن	اتنا میٹھا نہ ہو کہ کوئی کھا جائے، اتنا کڑوا نہ ہو کہ تھوک ڈالیں	انسان کو اعتدال کا رویہ اختیار کرنا چاہیئے	اتنے میٹھے نہ ہو کہ کوئی کھا جائے
اِتی منت کندھ دی کروں ہا تاں اوہ دی ڈھہ پووے ہا	اتنی منت سماجت دیوار کی کرتے تو وہ بھی گر جاتی	ضدی شخص سے کہا جاتا ہے	مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر
آٹا پیٹھا نہیں تے کانڈھے اگے وَدے پھردن	آٹا پسا نہیں اور بلاوے پہلے دیتے جا رہے ہیں	انتظامات کے بغیر میزبانی نہیں سجتی	بھینس آئی نہیں اور دروازہ چھوڑنے لگے
آٹا ڈالا کجھ تھی ویسی	آٹا دلیہ کچھ ہو ہی جائے گا	کچھ نہ کچھ نفع ہو ہی جائے گا	آٹا نہیں تو دلیہ جب بھی ہو جائے گا
آٹا گندھے تے بھاجی کھوڑتے	آٹا پتلے اور سالن سستی خانے	نامکمل اور ادھوری شے ساتھ رکھنے والے کے لئے بولتے ہیں	
آٹا، مٹی گارا، نکاح پڑھیا سارا	آٹا مٹی گارا، سارا نکاح پڑھا گیا	بے تکا ملاپ ہوا	
آٹا ملیندی ہلدی کیوں ہیں؟	آٹا گوندھتے ہوئے ہلتی کیوں ہے؟	کام کرنے والے پر بے جا اعتراض	
اُٹھ اڈاندے ہی لڈ پیندن	اونٹوں پر کچھ زائد وزن ہی لادا جاتا ہے	جو باہمت ہو اُسی پر زیادہ مشکلات آتی ہیں	اُونٹ لائے بیگاری
اُٹھ بار ناں چاوے جت پوچھڑ کوں چک پاوے	اونٹ وزن نہ اٹھائے شتربان دُم کو (دانتوں سے) کاٹے	دوسروں پر انحصار کرنے والا ذلیل و خوار ہوتا ہے	
اُٹھ نپھڑ ناں آوے، بوریاں کوں لتاں مارے	اونٹ مقابلہ نہ کرے بوریوں کو لاتیں مارے	کمزور اپنا غصہ اپنی ذات پر نکالتا ہے	

اُٹھ تاں اُٹھ، نتھیں تاں ریت دی مُٹھ	اُونٹ رہے، تو اُونٹ، نہیں تو ریت کی مٹھی	بڑا آدمی کام کرے تو بہت کرتا ہے بگڑ جائے تو بالکل نہیں کرتا	
اُٹھ توں اُٹھی، کجاوے اَٹکی	اُونٹ سے اُٹھی، کجاوے میں اُلجھی	ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں الجھ جانا	آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا
اُٹھ تے چڑھدی ہے لاکڑا دی منگدی ہے	اونٹ پر چڑھتی ہے، ڈنڈا بھی مانگتی ہے	اونچا درجہ پا کر دوسروں سے خدمت طلب کرنا۔ مزید اونچا ہونے کی خواہش ہے (کسی عورت نے اونٹ پر بیٹھے ہوئے ایک درویش سے دُعا کی فرمائش کی تو اس نے جواب دیا)	اونٹ چڑھے بونٹ مانگے
اُٹھ جاں دی بولے، جال دی بو کڈھے	اونٹ جب بھی بولے جال کی بُو نکالے	بُرا اپنی فطرت ظاہر کرتا ہے	
اُٹھ جیڈا تھیا، عقل ناں آئی	اونٹ برابر ہوا، عقل نہ آئی	کسی کے بیوقوفانہ کام پر بولتے ہیں	اونٹ برابر ڈیل بڑھایا، پاپوشس بھر عقل نہ آئی
اُٹھ جیڈا قد ہس، عقل ذری نئیں / کوڈی دا نخیں	اونٹ برابر قد ہے، عقل ذرا نہیں / کوڑی برابر نہیں	قد اتنا لمبا مگر عقل سے خالی	اونٹ سا قد بڑھا لیا پر شعور ذرا نہیں
اُٹھ چالھی دا، توڈا پنتالھی دا	اونٹ چالیس کا، اونٹ کا بچہ پنتالیس کا	پرانی شے کے مقابلے میں نئی شے کی قیمت زیادہ ہوتی ہے	
اُٹھ چنگا مال، کھٹے سوناں تے کھاوے جال	اونٹ اچھا مال ہے، جال کھاتا ہے سونا کماتا ہے	شتربان اونٹ کے ذریعے بہت کماتے ہیں	
اُٹھ چھوڑیا کنکاں، چُن چُن جواں کھا، کُتا راج بہایا چکی چٹݨ جا	اونٹ کو گندم (کے کھیت) میں چھوڑا (تو وہ) چُن چُن کر جو کھانے لگا۔ کُتے کو مالک بنایا (تو وہ) چکّی چاٹنے لگا	فطرت تبدیل نہیں ہوتی	
اُٹھ خالی وی رڑدے تے لدّیا وی	اونٹ خالی بھی رڑیائے اور لدا ہوا بھی	کام کرتے ہوئے بڑبڑانا	اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے
اُٹھ دا لاڈ، کجاوا ٹوٹے	اونٹ کا لاڈ، کجاوہ ٹکڑے ٹکڑے	انجان کا بھلا بھی نقصان دہ ہوتا ہے	
اُٹھ دُگیجن پئے گئے، مکوڑیاں آکھیا ساکوں وی داغی ڈیوو	اونٹ داغے جانے لگے، مکوڑوں نے کہا ہمیں بھی داغتے جاؤ	ادنیٰ بھی امیروں کی بھونڈی ریس کرنے لگے	گھوڑے کے نعل لگتے دیکھ کر گدھا بھی ٹانگیں پسارے (دش)
اُٹھ دی لاہی چڑھی ڈوہاں تے لعنت	اونٹ کے اترنے چڑھنے دونوں پر لعنت	اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھ کر سفر کرنا بہت مشکل ہے	پہاڑ کی اترائی، چڑھائی دونوں پر لعنت
اُٹھ دی لاہی چنگی ناں چاڑھی	اونٹ کا اترنا اچھا نہ چڑھنا	بڑے آدمی کی دوستی اچھی نہ دشمنی	پہاڑ کی اُترائی چڑھائی دونوں پر لعنت
اُٹھ دی لت، زمین تے ناں اسمان تے	اونٹ کی لات، زمین پر نہ آسمان پر	کم ظرف کسی کو فائدہ نہیں پہنچا سکتا	اونٹ کا پاد نہ زمین کا نہ آسمان کا
اُٹھ دے گل ٹلی کون گھتے؟	اونٹ کے گلے میں گھنٹی کون ڈالے	زبردست کو قابو میں لانا مشکل ہے	بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے؟
اُٹھ دے گل نال بلی	اونٹ کے گلے کے ساتھ بلی	بے جوڑ تعلق	اونٹ کے گلے میں بلی
اُٹھ دے مونہہ وچوں جال دی بو آندی ہے	اونٹ کے منہ سے جال کی بُو آتی ہے	بُرے کی فطرت ظاہر ہو جایا کرتی ہے	کل اناءٍ یترشح بما فیہ (برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے)

اُٹھ دے مُونہہ وِچ جیرا	اونٹ کے مُنہ میں زیرا	زیادہ ضرورت مند کو تھوڑی شے دیگئی	اونٹ کے منہ میں زیرا
اُٹھ کرے ویہہ کوہ، تو ڈِڈا کرے تریہہ کوہ	اونٹ بیس کوس کرے، لو تیس ۳۰ کوس کرے	نادان ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے	
اُٹھ کنڈکیں چھوڑیا تے وِچ جَوانہاں کھائے	اونٹ گندم میں چھوڑا اور وہ جاکر جوانہہ کھائے	ہر چیز اپنے اصل کی طرف لوٹتی ہے	
اُٹھ لنگھ گئے پوچھل رہ گئی ہے پُچھ وی لنگھ ویسی	اونٹ گذر گیا، دُم رہ گئی ہے دُم بھی گذر جائے گی	کام تقریباً مکمل ہے	ہاتھی نکل گیا ہے دُم اٹکی رہ گئی ہے
اُٹھ نہ رُنّے جہڑے بار چاتی آئے ہتھوں بورے رُنّے جہڑے اُتّے لدے آئے	اُونٹ نہ روئے جو وزن اُٹھائے آئے، الٹے بورے روئے جو اوپر لدے آئے	دکھی کی بجائے سکھی کا شکایت کرنا عجیب ہے	دُکھیا سووے، سُکھیا رووے
اُٹھ ناں رُنّے، بورے رُنّے / اُٹھ ناں روون بورے روون	اونٹ نہ روئے بورے روئے / اونٹ نہ روئیں بورے روئیں	دکھی کی بجائے سُکھی شکایت کرے	دُکھیا سووے، سُکھیا رووے
اُٹھ وڈا تھیا، مُترن ناں آیا	اونٹ بڑا ہوگیا، موتنا نہ آیا	بڑی عمر کے بدسلیقہ شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے	اونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا
اُٹھاں آلے سدا قرضائیں، منجھیں آلے اَدھے، بھیڈاں بکریاں آلے سادے سو کھے، بھاویں مَرونجن سبھے	اونٹوں والے ہمیشہ مقروض، بھینسوں والے آدھے مقروض، بھیڑ بکریوں والے سُکھی (ہوتے ہیں) چاہے سارے (جانور) مرجائیں	بھیڑیں بکریاں پالنے والے خوشحال رہتے ہیں	
اُٹھاں کوں ڈیکھ کے مکوڑے دی ڈنگیجن پئے گئے	اونٹوں کو دیکھ کر مکوڑے بھی داغے جانے لگے۔	ریس بھی مناسب کرنی چاہیئے	
اُٹھاں نال کوڈی کھیڈے واہ کُلی پُلیائی	اونٹوں سے کشتی کھیلے، کیسی بھولی جولاہن ہے	اپنے سے بڑے سے بگاڑ نہیں کرنی چاہیئے	
اُٹھوالاں نال یاری تے بُوہے جھکے	شتربانوں سے دوستی اور دروازے نیچے	امیر لوگوں سے دوستی لگاؤ تو ان کے لئے مناسب سامان تیار کرو	یا مکن یا پیل باناں دوستی، یا بناکن خا در خورد پیل
اُٹھوالاں نال یاری ہے تاں دروازے اُچّے رکھو	شتربانوں سے دوستی ہے تو دروازے اونچے رکھو	بڑے لوگوں سے تعلقات نبھانے کے لئے بڑا حوصلہ چاہیئے	اونچے مکان کا زینہ اونچا چاہیئے
اُٹھی آپ ناں سگّاں۔ پھٹے مُونہہ گوڈیاں دا	خود اُٹھ نہ سکوں لعنت ملامت گھٹنوں کو	اپنا الزام دوسروں کے سر تھوپنے والوں کے بارے میں کہا جاتا ہے	ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا
اُٹھی آپ ناں سگّے ڈِوہ گوڈیاں کوں	خود اُٹھ نہ سکے الزام رملامت گھٹنوں کو	اپنا الزام دوسروں کو دینا	ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا
اُٹھی ناں سگّے تے ہیبڑ پیا کھیڈے	اُٹھ نہ سکے اور ہیبو کھیلے	کمزور آدمی کی خواہشات پر طنز ہے	چل نہ سکوں میرا کودن ناؤں
اَٹے دے ڈِیوے، باہر کھاون کاں اندر کھاون چوہے	آٹے کے دیئے، باہر کوّے کھائیں۔ اندر چوہے کھائیں	کمزور ہر جگہ مصیبت میں ہوتا ہے	آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے، باہر رکھوں تو کوا لے جائے
اٹے نال پلیتھن گلیا	آٹے کے ساتھ پلیتھن ضائع ہوا	بلاوجہ چیز ضائع ہوئی	آٹے کے ساتھ گھن پستا ہے

اَٹے وِچ لُوݨ ہے	آٹے میں نمک ہے	نہایت قلیل مقدار میں ہے	آٹے میں نمک ہے
اَج دے تھپّے اَج نئیں بلدے	آج کے تھپے آج نہیں جلتے	صبر سے کام لینا چاہئیے	آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے
اَج جو کرݨیں کر گھن، کل کیں ڈِٹھی ہے	آج جو کرنا ہے کرے کل کس نے دیکھی ہے	زندگی ناپائیدار ہے موقع غنیمت جانو	آج جو کرنا ہے کرلے کل کی کل کے ہاتھ ہے
اَج ساڈِے نال ہے کل تُہاڈِے نال	آج ہمارے ساتھ ہے کل تمہارے ساتھ	زمانہ رنگ بدلتا رہتا ہے	آج ہمارے لئے کل تمہارے لئے
اَج قسمت نال ہتھّیں لگے ہو	آج قسمت سے ہاتھ لگے ہو	کوئی اتفاقاً ہتھے چڑھ جائے تو بولتے ہیں	آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو
اَج کیڈُوں چندر چڑھے	آج کدھر سے چاند طلوع ہوا	کسی دوست کے اچانک آنے پر بولتے ہیں	آج کدھر چاند نکلا
اَج کریسی، کل جیسی	آج کرے گا کل اٹھائے گا	بدلہ ضرور ملتا ہے	آج کرے گا کل پائے گا
اَج کرلیسیں، کل بھرلیسیں	آج کروگے کل بھروگے	کئے کا انجام سامنے آتا ہے	جیسا کروگے، ویسا بھروگے
اَج کل اُوندے ڈِینہ ہِن	آج کل اس کے دن ہیں	بڑے صاحبِ اقبال ہیں	آج کل اُن کی ناؤ کمان چڑھتی ہے
اَج کیندا مونہہ ڈِٹھے رڈِٹھا ہئی	آج کس کا منہ دیکھا ہے	کوئی کام بگڑ جائے تو بولتے ہیں	صبح رآج کس کا منہ دیکھا ہے رتھا
اَج موئے، کل ڈُوجھا ڈِینہہ	آج مرے، کل دوسرا دن	زندگی ناپائیدار ہے	آج مرے، کل دوسرا دن
اَج میڈی منگݨی تے کل میڈا نکاح، ترٹ گئی منگݨی تے بیٹھی ڈھول وَجا	آج میری منگنی اور کل میرا نکاح، ٹوٹ گئی منگنی اور بیٹھی ڈھول بجا	اُمیدیں بہت مگر زمانے کی بے اعتنائی اور دنیا کی بے ثباتی	آج میری منگنی کل میرا بیاہ، ٹوٹ گئی منگنی رہ گیا بیاہ
اَج میڈی واری ہے، کل تیڈی	آج میری باری ہے، کل تیری	بطور تنبیہ کہتے ہیں	آج میں، کل تُو
اَج میں کل توں	آج میں کل تُو	ہر انسان سدا خوش نہیں رہتا	آج میں کل تُو
اَج نال کل نئیں ملدی ررلدی	آج سے کل نہیں ملتی	زندگی ناپائیدار ہے موجودہ وقت کی قدر کرو	آج ہے سو کل نہیں
اَجاں اُتھائیں کھڑے	ابھی وہیں کھڑا ہے	کوئی ترقی نہیں کرسکا	ہنوز روزِ اوّل ہے
اَجاں سَویں سَنجھ ہے	ابھی نئی شام ہے	ابھی موقع ہے ضائع نہ کرو	ابھی سویرا ہے
اَجاں سیر وِچّوں پوݨی دی نئیں کتی	ابھی سیر میں سے پونی بھی نہیں کاتی	ابھی آغاز ہی ہوا ہے	ابھی سیر میں سے پونی بھی نہیں کتی
اَجاں کیڈا پَینڈا ہے	ابھی کتنا سفر پڑا ہے	ابھی لمبا کام باقی ہے	ہنوز دلّی دور است (ف)
اَجڑ وِچ ہَہر پیا، اَجڑی کو حاجت آئی	ریوڑ میں بھیڑیا آن گھسا، چرواہے کو پاخانہ آیا	ضرورت کے وقت غیر ضروری کام کیا	شکار کے وقت کتیا ہگائی
اُجڑ گیاں دے گھر کیویں ڈُتھے سیر بنجیندیں ترے پاء کھٹے	تباہ حال لوگوں کا گھر کیسے آباد ہو، ایک سیر کی بنجائی کرتے ہوتے تین پاؤ (پون سیر) کم ہو جائے	مالی نقصان اٹھانے والے کبھی خوشحال نہیں ہوا کرتے	مفلسی میں آٹا گیلا
اَجݨ بہوں دیراں ہِن	ابھی بہت تاخیریں ہیں	حصول مقصد میں ابھی دیر ہے	ہنوز دلّی دور است
اَجݨ گُڑ گتھلی وِچ ہے	ابھی گڑ تھیلی میں ہے	پوشیدہ معاملہ کے بارے میں بولتے ہیں	ابھی ہاتھ منڈیر سے نہیں اترے
اَجݨ ہِنئیں تال	(اور) اب ابھی سے	مقصد پورا ہونے میں ابھی دیر ہے	ہنوز دلّی دور است
اُچا بولیں اگوں آندے	اونچا بولا آگے آتا ہے	تکبر ڈبو دیتا ہے	بڑے بول کا سر نیچا
اُچا شملا، سلاماں دی چٹی	اونچا طرّہ راونچی پگڑی، سلاموں کا تاوان	لوگ ظاہرداری کے پیچھے بھاگتے ہیں	

اچاردں وڈے نانگے۔ ڈکاروں وڈے اُساں	اچار (کے مالک) کی حیثیت سے ہمارا ننھال بڑا ہے ڈکار کے (لحاظ) سے ہم	دوسروں کے حوالے سے خود کو بڑا ظاہر کرنا	پدرم سلطان بود (ف)
اُچھل اُبل نال پیسے نئیں بچدا	اُچھلنے اُبلنے سے رقم نہیں بچتی	فضول خرچی بچت کی دشمن ہے	
احمد خان دُرانی نوکر گنجا گھوڑی رکھوتی کانی	احمد خان دُرانی، نوکر گنجا گھوڑی رگدھی کانی	بڑائی کا اظہار کرے مگر حقیقتاً ایسا نہ ہو	نام بڑے درشن چھوٹے
احمق اُدراں دے گھروں پر دتھ منگے	بے وقوف لالچی، حریص کے گھر سے بچی ہوئی شے مانگے	حریص بچت نہیں کرسکتے	
احمق کپے اپنا پیر	بے وقوف اپنا پاؤں کاٹے	بے وقوف اپنا نقصان کرتا ہے	نادان ہاتھی اپنی ہی فوج کو مارتا ہے
احمق کوں نال چھیڑ، جیڑے پڑ سے اُڈا تہیں رہڑھ	احمق کو نہ چھیڑ، جدھر ڈھکے اُدھر ڈھلکا دے	بے وقوف سے بحث نہ کر	اوچھے سنگ نہ بیٹھئے اوچھا بُری بلا
اُدر کیتا گدر	غیر ذمہ دار نے گڑبڑ کردی	غیر ذمہ دار کو ذمہ داری نہ سونپی جائے	
اُدراں دے گھر پیُ وتھ نہیں بچدے	حریصوں کے گھر باسی کھانا نہیں بچا کرتا	حریص کوئی چیز بچا کر نہیں رکھ سکتا	
اَدے دا بدلہ	کئے کا بدلہ	جیسا کروگے ویسا ملے گا	ادلے کا بدلہ
اَدُھ سیر اَمن، گلاٹے بھن موئے ہالی دا تہے پاوا لُونُ، وات پچو لُو، پال والی دا	آدھ سیر کی موٹی روٹی (جو) گردن توڑتی ہے، موئے ہل چلانے والے (مرد) کے لئے تین پاؤ کی ٹکیہ (جو) ٹھگنے کے لئے ہے بچے والی (عورت) کے لئے	مرد کے مقابلے میں عورتیں زیادہ کھاتی ہیں اور مرد نام کے خوش خوراک کہلاتے ہیں	
اَدھ ماگھ، کمبل بانہہ	نصف ماگھ، آدھا بازو پر	نصف ماگھ کے بعد سردی کی شدت ختم ہو جاتی ہے	آدھے ماگھ کملی کاندھے پر
اَدھ مَن کھوتی، پنج مَن بار، کیا کرے سیّد جمال	نصف من گدھیا، پانچ من بوجھ، سید جمال کیا کرے	جانور پر اس کی برداشت سے زیادہ بوجھ ڈالنا نقصان دہ ہے	تین من گھوڑی، نو من لادنی
اَدھا پانی، اَدھا کھیر	آدھا پانی، آدھا دودھ	ملاوٹ اور فریب والی شے	آدھا پانی آدھا تیل
اُدھار چاونڑ سوکھا ہے لہاونڑ اوکھا ہے	اُدھار لینا آسان ہے، دینا مشکل ہے	اُدھار کی ادائیگی مشکل ہوتی ہے	اُدھار کھائے کلیش بسائے
اُدھار چاونڑ کنوں بُکھا رہنڑ چنگا ہے	اُدھار لینے سے بھوکا رہنا اچھا ہے	اُدھار لینا پریشانی مول لینا ہے	اُدھار کھانے سے بھوکا پڑا رہنا بہتر ہے
اُدھار دی ماں مر گئی ہے؟	اُدھار کی ماں مرگئی ہے ؟	قرض بہرحال مل سکتا ہے	ادھار کی ماں نہیں مری
اُدھار دے گھوڑے بھاڑے دے کھیّے، کیا کھٹیسن گھیو دے ونجارے	اُدھار کے گھوڑے، کرایہ پر (لئے گئے)، کپّے (ہوں تو) گھی کے سوداگر کیا کمائیں گے	تجارت میں فائدہ اپنے مال سے ہوتا ہے	
اُدھار ڈِتا ڈُو نہیں گئے	اُدھار دیا دونوں گئے	ادھار دینے سے رقم اور دوستی دونوں نہیں ملتے	اُدھار دیوے، دونوں کھووے
اَدھر وڈا اَدھر وڈ سی، نکّی مُول نال تھی	اُدھیڑ ادھیڑ کر سیئو، نکمّی ہرگز نہ رہو	انسان کو کچھ نہ کچھ کرتے رہنا چاہیئے	بیکار سباش کچھ کیا کر، کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر
ما مل گئیاں کوں ڈاج کیہاں	گھر سے بھاگی ہوئیوں کو جہیز کیسا	ماں باپ کے ہاتھوں بیاہی ہوئی کی قدر ہوتی ہے	

اَدھَو اَدھَو اَدھو، لکھ کھٹیو، کروڑ کھٹیو پَلّے کُجھ ناں بدّھو	اے ادھو، لاکھ کمایا، کروڑ کمایا، ساتھ کُچھ نہ باندھا	بہت محنت کی مگر فائدہ نہ ہوا	سارا دن پیسا، چُٹکی بھر اُٹھایا
اَدھی چھوڑ ساری کوں نسّے، اَدھی وی گئی	آدھی چھوڑ کر ساری کو دوڑے آدھی بھی گئی	حریص کے بارے میں بولتے ہیں	آدھی چھوڑ ساری کو دھائے، آدھی رہے نہ ساری پائے
اَدّھے کُجھ آہدن، اَدّھے کُجھ آہدن	آدھے کُچھ کہتے ہیں، آدھے کچھ کہتے ہیں	چند اشخاص کا مختلف الرائے ہونا	آدھے گاؤں دوالی، آدھے گاؤں ہولی
اَدّھے ہک گالھ آہدن، اَدّھے بی گالھ	آدھے ایک بات کہتے ہیں، آدھے دوسری بات	لوگ مختلف الرائے ہوتے ہیں	آدھے گاؤں دوالی، آدھے گاؤں پھاگ
اڈھائی بُوٹے تے ناں پھتّو باغبان	اڑھائی پودے اور نام فتو (فاتح، کامیاب) مالی	باغ کی حالت دیکھ کر باغبان کے نام پر طنز ہے	ڈھائی پیڑ بکائن کے میاں باغ میں
اڈھائی جُھگّے مہاتماں دے تے ناں خیرپور	سُور پالنے والوں کے اڑھائی کنبے اور نام خیرپور	لوگ چاہے کم رہتے ہوں جگہ بستی ہی کہلائے گی	
اُڈ بھنبھیری، ساونڑ آیا	اے بھنبھیری! تو اڑ۔ ساون آگیا	خوش ہوجاؤ عیش کا زمانہ آگیا	اُڑ بھنبھیری ساون آیا
اُڈ ہیندا مرے، ڈُب ہیندا مرے	اُڑ کر ہیندا مرے، ڈوب کر ہیندا مرے	ہمیشہ کمزور ہی مار کھاتا ہے ہر صورت خرابی	ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات
اُڈدی پھسدی اے	اُڑتی (ہوئی) پھنستی ہے	حیثیت سے بڑھ کر اظہار نقصان دہ ہے	
اُڈدے تتر اَیڑ دے	اُڑتے تیتر پکڑتا ہے	بہت چالاک آدمی ہے (طنز)	اڑتی کے پَر کاٹتے ہیں
اُڈدے ڈِٹھے نیں، پھسدے نئیں ڈِٹھے	اُڑتے دیکھے ہیں پھنستے نہیں دیکھے	تجھے مصائب کا احساس نہیں	
اُڈدیاں ڈِٹھیاں ہس، پھاسدیاں نس ڈِٹھیاں	(اس نے) اُڑتی دیکھی ہیں، پھانستی نہیں دیکھیں	اسے مشکلات کا علم ہی نہیں	
اُڈدیاں ڈِٹھیاں ہِنیں، پھسدیاں نئیں ڈِٹھیاں	(تو نے) اُڑتی دیکھی ہیں پھنستی نہیں دیکھیں	تو حقیقی مشکلات کو نہیں سمجھا	
اُڈّا نہیں موئی ملنگنی، جِڈّے موئیا ملنگ	اُدھر ملنگنی مری جدھر ملنگ مرا	اصل شے کے ساتھ متعلقات بھی گئے	
اُڈدے پکھیاں کوں لونڑ لیندے	اُڑتے پرندوں کو نمک لگاتا ہے	بہت چالاک کے لئے بولتے ہیں	اُڑتی چڑیا کے پَر گنتا ہے
اِڈّوں دا اوڈّے، اُڈّوں دا ایڈّے	اِدھر کا اُدھر، اُدھر کا اِدھر	منافقانہ رویہ	ادھر کی اُدھر، اُدھر کی اِدھر
اَڈّی پُچھیا لڑیاں کنوں، لڑیاں آکھیا کیا پُچھدے وے ہاں دے سڑیاں کنوں	شہتیر نے بالوں سے پوچھا، بالوں نے کہا دل جلوں سے کیا پوچھتے ہو؟	دُکھی، دُکھی کی باتوں کا کیا جواب دے سکتا ہے	
اُڈّے چلّیں بھلّیا، جِڈّے پیو تے ڈاڈا چلّیا	اے بھلے! اُدھر جانا جدھر تیرا باپ دادا گیا	بزرگوں کے نقش قدم پر چلنا چاہیئے	
اَرائیں، طمع تئیں	ارائیں۔ مطلب تک	ارائیں کی دوستی بے غرض نہیں ہوتی	
اُرسی کرسی۔ کندھا پرے تے ٹُرسی	اُرسی دکھو کرسی دکھو، دیوار بنیاد پر چلے گی	تعمیر کردار بچپن کی تربیت سے ہوتی ہے	باؤلی کھاٹ کے باؤلے پائے، باؤلی رانڈ کے باؤلے جائے
بھاڑا تے پار جھیڑا	اس کنارے مزدوری، اُس کنارے جھگڑا	مزدوری شروع میں طے کرلینی چاہیئے	

اَرلی رووے، پَرلی رووے، پہلی رات دی پرنی وی رووے؟	غیرا ہم روئے، پریشان روئے، پہلی رات کی بیاہی بھی روئے؟	خوشیاں پالنے والے کا گلہ کرنا عجیب ہے	رانڈ روے، کنواری روے، ساتھ لگی ست خصمی رووے
اروڑی دا گند اروڑی تے ڈھکدے	گھوڑے کا کوڑا گھوڑے پر پہنچتا ہے	ہر شے اپنی فطرت پر آتی ہے	کل شئی یرجع الیٰ اصلہٖ (ع)
اَری کُنّی! توں کیوں رُنّی؟ میں اُتوں اُتوں مُنّی	اے ہنڈیا! تو کیوں روئی؟ میں اوپر اُوپر سے مُنڈی	پکتی ہنڈیا میں سے سالن نکال لیا جائے تو ہنڈیا کی برکت ختم ہو جاتی ہے	
اساڈی بلّی، اساکوں میاؤں	ہماری بلّی ہمیں کو میاؤں	جب ممنونِ احسان نیکی کا بدلہ برائی سے دے تو بولا جاتا ہے	ہماری بلّی، ہمیں کو میاؤں
اَساں اُڈدے مارن	ہم نے اُڑتے ہوئے مارے ہیں	شیخی مارنے والے سے کہا جاتا ہے	ہم اڑتی چڑیا کے پر گنتے ہیں
اَساں اندروں وَلّے ہوئے ہیں	ہم اندر سے پلٹ کر آئے ہوتے ہیں	بد طینت سے کہا جاتا ہے کہ ہم باطنی خباثت سے آگاہ ہیں	ایسے لڑکے بہت کھلائے ہیں
آساں اے سبق کوئنی پڑھیا	ہم نے یہ سبق نہیں پڑھا	ہم یہ کام نہیں کرنا چاہتے	یہ پٹی نہیں پڑھے
اَساں تھک ای نئیں مریندے	ہم تھوک بھی نہیں پھینکتے	ہم کو تم سے زیادہ نفرت ہے	تم تھوکتے ہو، ہم تھوکتے بھی نہیں
اَساں تیڈے کمّیں ہیں؟	ہم تمہارے کام کاج والے ہیں؟	ہم تم سے کمتر نہیں	ہم کیا تیری پٹی تلے کے ہیں
اَساں جنگی رن پرنیوسے، کھا گئے ساکوں نت دے روشے	ہم اچھی عورت بیاہے، ہمیں ہمیشہ کی سیاہ بختی کھا گئی	منحوس عورت کے بارے میں بولتے ہیں	
اَساں ہیجے ہیچھٹے، کھاونڑ اُنجو اُنج لڑنڑ کوں ہیں کٹھے	ہم ہیں پیچے پچھٹے، دستر خوان الگ الگ لڑنے کے لئے اکٹھے ہیں	پیچے اور چھٹے دوسروں سے لڑنے میں ذاتی اختلاف فراموش کر دیتے ہیں	
اساکوں ڈاں سکھاونڑ آئے/ساکوں سکھاونڑ آئے	ہمیں طریقہ سکھانے آیا ہے/ہمیں سکھانے آیا ہے	ہم سے چالاکی کرتا ہے	ہم ہی کو کرنا سکھانے آیا ہے
اِسبغول تے کجھ ناں پھول (اے سب گول تے کجھ ناں پھول)	اسبغول (ہے) اور کچھ نہ کھولو	بڑی گڑبڑ ہے، تحقیق بے کار ہے	
اُستاد دی استادی لگے، گنڈ دا متھا بھجّے	استاد کی کاریگری صرف ہو، انجان کا ماتھا پھوٹے	ماہر بہتر کام سرانجام دے سکتا ہے	
اُستاد دی مار تے ما دا پیار	استاد کی سزا اور ماں کا پیار	دونوں زندگی سنوارتے ہیں	استاد کی مار عمر سنوار دیتی ہے
اُستاد دیاں گالھیں، گھیو دیاں نالیں	استاد کی باتیں، گھی کی نلیاں	استاد کی سرزنش سدھارتی ہے	مار پیچھے سنوار
اَسمان دو تھک سٹیجے، آپناں مونہہ لبیجے	آسمان کی جانب تھوک پھینکی جائے اپنا منہ لبڑے	دوسروں کی برائی سے اپنا وقار جاتا ہے	آسمان کا تھوکا اپنے ہی منہ پر آتا ہے
اَسمان ہووے سونے دا تے ہتھ ناں اپڑے، تاں کیا فائدہ	آسمان سونے کا ہو اور ہاتھ نہ پہنچے تو کیا فائدہ	چیز وہی اچھی جو اپنے پاس ہے	
اَسّوں آس لہے، گورکھ چھاں بہے	اسوج امیدیں لائے، گورکھ (ایک پرندہ) چھاؤں میں بیٹھے	اسوج سرما کی ابتدا ہے مگر گرمی شدید رکھتا ہے	

اَستوں اُس اسالہ ڈِینہاں دُھپّیں راتیں پالا / اَستوں ماہ نرالا، ڈِینہاں دُھپّیں راتیں پالا	اسوج کا موسم انوکھا، دن کو دھوپ رات کو سردی	اسوج کی مخصوص کیفیت کی طرف اشارہ ہے	آسوج بیالا، دن دھوپ رات پالا
اَستوں اُس بُجھے، گورکھ پکھی چھاں بہے	اسوج (کا مہینہ) گزرے، گورکھ پرندہ سائے میں بیٹھے	اسوج میں شدید گرمی ہوتی ہے	
اَستوں کتیں تھولا کھا، طرف طبیباں مُول ناں جا	اسوج کاتک تھوڑا کھا، طبیبوں کی جانب ہرگز نہ جا	اسوج کاتک میں تھوڑا کھانا بہتر ہے	
اَستوں ماہ وِلالا / ملالہ ڈِینہیں دُھپّیں راتیں پالا	اسوج کا مہینہ بے اصول / کم چمک والا ہے۔ دن میں دھوپ، راتوں میں سردی	اسوج میں سورج کی چمک کم ہو جاتی ہے دن کو گرمی اور رات کو سردی ہوتی ہے	آسوج بیالا، دن دھوپ رات پالا
اَستی ۸۰ دی آمدن، چُوراسی ۸۴ دا خرچ	اسّی کی آمدن، چوراسی ۸۴ کا خرچ	آمدنی کم اور خرچ زیادہ	اسی کی آمد، چوراسی کا خرچ
اَستی سینھاں باجھری تے سو سینھاں کماند، کنک بِناں بھوئڑیں، جینداں مُنڈھ ناں پانْد	باجرے کے لئے اسی مرتبہ ہل چلاؤ، کماد کے لئے سو مرتبہ، گندم بیچاری بھولی بھالی ہے جس کا کوئی پتہ نہیں	گندم کے لئے زمین میں لاتعداد ہل چلانے چاہئیں	
اَستی، لَستی	اَستی (کی عمر) لَستی (ہے)	بڑھاپے میں توانائی جاتی رہتی ہے	اَستی، لسّی
اشارے سمجھے گنگے دی ما	اشارے گونگے کی ماں سمجھتی ہے	ہمراز ایک دوسرے کی بات بہتر سمجھتے ہیں	گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے
اُشناک پاولی دی ٹُب وِچ نَلیاں	نفاست پسند جولاہے کی ڈاب میں نلیاں	کتنا ہی رکھ رکھاؤ ہو اصل ظاہر ہو جاتی ہے	سیانے کا گوہ تین جگہ
اُشناک چڑی تے دھوانکھ وِچ آنڑاں	نفاست پسند چڑیا، دود کش میں گھونسلا	سمجھدار بھی ناسمجھی کے کام کر گزرتے ہیں	سیانا کوا گوہ کھاتا ہے
اَصل اصل ہے، نقل نقل ہے	اصل اصل ہے، نقل نقل ہے	اصل اور نقل میں واضح فرق ہوتا ہے	اصل اصل ہے، نقل نقل ہے
اصل ذات کُٹاݨیاں دی، تُرڈُئے بنھدے ہاسے، سیّد بݨے سڈیندے ہِن، ہُݨ پلنگ بھنیندن پاسے	اصل ذات کٹانا ہے، چٹائیاں باندھا کرتے تھے، سیّد پکارے جاتے ہیں (اب)، پلنگ پہلو توڑتے ہیں	انسان اپنی فطرت کے مطابق مصروفیات میں خوش رہتا ہے	
اصلوں خطا نھیں، کم اصلوں وفا نھیں /	اعلیٰ فطرت سے غلطی نہیں (ہوتی)، بدفطرت سے وفا نہیں (ہوتی)	شریف النسب دوسرے سے دھوکا نہیں کرتا	اصل سے خطا نہیں، کم اصل سے وفا نہیں
اصل کوں خطا نھیں کم اصل کوں وفا نھیں			
اصل سنگ، چولی دا سنگ ہوندے	اصلی رشتہ، چولی کا رشتہ ہوتا ہے	اصلی رشتہ داری عورت کی طرف سے ہوتی ہے	
اصیلاں کوں شارت تے کم اصلاں رگڈاندہ کوں سوٹا	اچھوں کو اشارہ اور بداصل رگڈھے کو ڈنڈا	ضدی ڈنڈے سے سیدھے ہوتے ہیں	لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے
اعتبار ویندا سوکھا ہے، آندا اوکھا ہے	اعتبار جانا آسانی سے ہے، آنا مشکل سے ہے	اعتبار چلا جائے تو پھر نہیں آتا	ساکھ گئے پھر ہاتھ نہ آوے
افسر افسر ہے بھانویں مٹّی دا ہووے	افسر افسر ہے چاہے مٹی کا ہو	افسر سے ہر حال میں ڈرنا چاہیئے	
افسر دی اگاڑی تے گھوڑے دی پچھاڑی کنوں ڈرد	افسر کے آگے اور گھوڑے کے پیچھے سے ڈرو	اپنے جیسے لوگوں سے دوستی ٹھیک رہتی ہے	حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی سے ڈرنا چاہیئے

اَک پتر وی کھا ویندے	آک پات بھی کھا جاتا ہے	کھانے میں اچھے بُرے کی تمیز نہیں رکھتا	بیر گٹھلی سب ہضم
اَک دا اکیاں تک	آک کا کیسا ناک (آک کے پودے پر کیسا مان	بُرے پر فخر بیکار ہے	
اَک دی پاڑ نال بدّھے نھیں بیٹھے	آک کی جڑ سے بندھے نہیں بیٹھے	بے بس نہیں ہیں	
اَک پُھنڈی تے کرناں سنگھدی	آک کے لئے ترستی اور کرنا سونگھتی ہے	بدذوق کو اعلیٰ شے مل گئی	
اَک نال ماکھی نھیں لگدی	آک کے ساتھ شہد نہیں لگتی	بُرے سے اچھائی کی توقع عبث ہے	شاخِ حنظل سے انگور ملنا ناممکن
اَک ناں سنگھے، کرناں سنگھے	آک نہ سونگھے، کرنا (کے پھول) سونگھے	کسی بد ذوق کو اعلیٰ شے مل جائے تو بولتے ہیں۔	
اکبر جیہاں بادشاہ بیلو جیہاں جٹ ناں کوئی ہوئیا پہلے ناں کوئی ہوسی وت	اکبر جیسا بادشاہ، بیلو جیسا جاٹ نہ کوئی پہلے ہوا نہ کوئی آئندہ ہوگا	ہر شخص انفرادی خوبیوں کا مالک ہوتا ہے	
اکھ اوڈھر، پہاڑ اوڈھر	آنکھ اوجھل، پہاڑ اوجھل	جو چیز آنکھ کے سامنے نہیں وہ قریب ہو کر بھی دُور ہے	آنکھ اوجھل، پہاڑ اوجھل
اکھ پٹ لہور آ گئی	آنکھ کھول، لاہور آ گیا ہے	کسی کو خبردار کرنے کے لئے بولتے ہیں	
اکھ ٹھانڈی نھیں ناں چراغ شاہ	آنکھ سجتی نہیں نام چراغ شاہ	علم نہ ہونے کے باوجود خود کو علامہ ظاہر کرنے والے	آنکھوں سے اندھا نام نین سُکھ
اکھ بُڑدی نھیں تے ناں چراغ شاہ	آنکھ بنتی نہیں اور نام چراغ شاہ	غیر موزوں نام	آنکھوں سکھی، نام حافظ جی
اکھ جھپکی بُنچکا گم	نگاہ ہٹی، پوٹلی غائب	ذرا سی عدم توجہی سے مال غائب ہوا	آنکھ پھیری مال یاروں کا
اکھ جھپکی نھیں، تنباکو گم ر غائب	نگاہ ہٹائی نہیں۔ گٹھڑی گم رغائب	ذرا سی عدم توجہی ہو تو لوگ مال اڑا لیتے ہیں	آنکھ بچی مال دوستوں کا
اکھ نھیں تاں کجھ نھیں	آنکھ نہیں تو کچھ نہیں	آنکھیں بڑی نعمت ہیں	آنکھیں بڑی نعمت ہیں
اکھ وِچ سُوہر دا وال ہِس	آنکھ میں سور کا بال ہے	بہت ہی بے لحاظ کے لئے کہتے ہیں	آنکھ میں پانی نہیں
اکھ وِچ فرق ہوسی اینڈے وِچ فرق ناں ہوسی	آنکھ میں ٹیڑھا پن ہوگا اس میں نہ ہوگا	کسی چیز کو بہت عمدہ بتانے پر کہا جاتا ہے	آنکھ میں میل ہے اور اس میں میل نہیں
اکھ وِچ ککھڑ ناں سما دے تے سجن ساوِن سامے	آنکھ میں تنکا نہیں سماتا اور محبوب / دوست پورا سما جاتا ہے	کل جدھر دیکھتا ہوں ادھر تُو ہی تُو ہے	جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تُو ہی تُو ہے
اکھ وِچ مُتر دی چھنڈک ہِس	آنکھ میں پیشاب کا چھینٹا ہے	بے شرم و بے مروّت ہے	آنکھ میں پانی نہیں
اکھ ہے تاں لکھ ہے	آنکھ ہے تو لاکھ ہے	آنکھیں بڑی نعمت ہیں	
اُکھلی وِچ سِر ڈیوناں اُتے موہلیاں کنوں ڈرناں	اوکھلی میں سر دینا اور موصلوں سے ڈرنا	انسان جب کام شروع کر دے تو راستے کی مشکلات سے نہ گھبرائے	اوکھلی میں سر دیا تو موصلوں کا کیا ڈر
اکھیں ڈِسدا نھیں ناں چراغ خان	آنکھوں سے دکھائی نہیں دیتا نام خانوں کا چراغ	غیر موزوں نام	آنکھوں کے اندھے نام نین سُکھ
اکھیں بُکھیاں تے ڈِھڈھ رَجّا	آنکھیں بھوکی اور پیٹ رجا ہوا	لالچی کا پیٹ کبھی نہیں بھرتا	حریص کی آنکھ نہیں بھرتی

اکھیں بھیاں ڈو، اپنے ڈیکھناں نت دا	آنکھیں ہوئیں دو اور دیکھنا ہمیشہ کا	کسی کو سامنے پڑی شے دکھائی نہ دے یا کوئی دیکھ کر کام نہ کرے تو بولتے ہیں	آنکھ کے آگے ناک سوجھے کیا خاک
اکھیں تے بھرویٹیاں دا بار نہیں ہوندا	آنکھوں پر بھوؤں کا بوجھ نہیں ہوتا	جس سے محبت ہو وہ گراں نہیں گزرتا	آنکھوں پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا
اکھیں دا انّدھا، گنڈھ دا پورا	آنکھوں سے اندھا، گانٹھ کا پورا	بے وقوف مالدار	آنکھ کا اندھا، گانٹھ کا پورا
اکھیں دا انّدھا، ناں چراغ شاہ	آنکھوں سے اندھا، نام چراغ شاہ	لوگوں کے نام خوبصورت ہیں اور عمل الٹے	آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن
اکھیں دا انّدھا ناں نین سُکھ	آنکھوں کا اندھا، نام آنکھوں کی ٹھنڈک	نادان ہو کر دانائی کا دعویٰ	آنکھوں کے اندھے۔ نام نین سکھ
اکھیں دا سُکھ، کلیجے دی ٹھاڈل	آنکھوں کا سکھ، کلیجے کی ٹھنڈک	ہم اس سے بہت خوش ہیں	آنکھوں سکھ، کلیجے ٹھنڈک
اکھیں دا نُور ہے	آنکھوں کا نور ہے	عجیب اور نایاب شے ہے (طنزاً)	پٹاری میں بند رکھنے کے قابل ہے
اکھیں دی انّدھی، ناں نُور بھری	آنکھوں سے اندھی، نام روشنی سے بھری	لوگوں کے نام، عمل سے متضاد ہوں تو بولتے ہیں	آنکھوں سے اندھے نام شیخ روشن
اکھیں دی جا بھرویٹے نکل گئن	آنکھوں کی جگہ بھنویں لے گئی ہیں	کسی کا گلہ اس کے دوست کے سامنے کرنا	آنکھ کا گلہ بھوؤں سے
اکھیں کے اگوں بھرویٹیاں دا گلہ	آنکھوں کے سامنے بھنوؤں کا گلہ	کسی کا گلہ اس کے عزیز دوست کے سامنے نہیں کرنا چاہیے	بھوؤں کا گلہ، آنکھ کے سامنے
اکھیں دے تانگھی، ہٹڑانیاں کنول	آنکھوں کے منتظر (اندھے)، جگنو کنول	اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعویٰ کرنا	
اکھیں دے نہوں لہواؤ	آنکھوں کے ناخن اترواؤ	دیکھنے کی صلاحیت پیدا کرو	
اکھیں دیاں سوئیاں رہ گئن	آنکھوں کی سوئیاں نکالنا باقی رہ گیا ہے	تھوڑا کام باقی ہے	آنکھوں کی سوئیاں نکالنی رہ گئی ہیں۔
اکھیں ڈٹھی ہے	آنکھوں دیکھی ہے	آنکھوں کے سامنے وقوعہ ہوا ہے	آنکھوں دیکھا سو جانا، کانوں سنا نہ مانا
اکھیں سُکھ، کلیجے ٹھڈ	آنکھوں کو سکھ، کلیجے کو ٹھنڈک	دلی خوشی ہونے پر بولتے ہیں	آنکھوں سکھ کلیجے ٹھنڈک
اکھیں کجلا تے سوہرے دی سو	آنکھوں میں کجلا اور سسر کا غم رسوگ	عورت بناؤ سنگھار کئے بغیر نہیں رہ سکتی	
اکھیں نال پھُلیں ناں ڈٹھا تے ناں گل بی بی	آنکھوں سے پھول نہ دیکھا اور نام ملکۂ پھول	اسم بامسمّیٰ ہونا مشکل ہے	آنکھوں سکھی، نام حافظ جی
اکھیں ہن یا بٹن ؟	آنکھیں ہیں یا بٹن ؟	جسے سامنے پڑی شے دکھائی نہ دے تو طنزاً کہا جاتا ہے	آنکھیں ہیں یا بھینس کے چوتڑ
اکی زبان ناں رکھے تے آکھن ہکڑا ہے	بالکل زبان نہیں رکھتا اور کہیں ہکلاتا ہے	حقیقت کو چھپانا بے سود ہے	
اگاڑی ہس پچھاڑی کلہے نسی	آگے والا حصہ ہے پیچھے والا نہیں ہے	محض خالی باتوں پر ٹرخانے والا	
اگلی کنوں چنگی تھتی بنی ہے	پہلے سے کام بگڑا ہوا ہے	معاملہ خراب تر ہو جائے تو بولتے ہیں	
اگلیاں کیتی، پچھلیاں جاتی	اگلوں نے کی، پچھلوں نے اٹھائی	بڑے نے قصور کیا، چھوٹے نے سزا پائی	اگلے نے کیا، پچھلے پر آئی
اگلے ویلے کوڑ مارن ہا شکل بدل ریہندی ہئی، ہُݨ تپ اِی نہیں چڑھدا	اگلے زمانے جھوٹ بولتے (تو) شکل بدل جایا کرتی تھی۔ اب تپ بھی نہیں چڑھتا	جھوٹوں پر طنز ہے	سچے مر گئے، جھوٹوں کو تپ بھی نہیں آتی
اگوں اللہ دا ناں	آگے خدا کا نام	مبالغے کی گنجائش نہیں	آگے خدا کا نام
اگوں اللہ دا ناں محمدؐ دا کلمہ	آگے خدا کا نام محمدؐ کا کلمہ	مزید کچھ نہیں	آگے خدا کا نام محمد کا کلمہ

اگوں اللہ مالک ہے	آگے خدا مالک ہے۔	محنت کر کے نتیجہ خدا پر چھوڑتے ہوئے بولتے ہیں	آگے کی خدا جانے
اگوں بھاہ، پچھوں کندھ، انڈھا وَنجے کیہڑے پندھ	آگے آگ پیچھے دیوار۔ اندھا کیسے سفر کرے	پریشانی میں انسانی دماغ ماؤف ہو جاتا ہے	آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں، پیچھے دیکھے آنکھیں پھوٹیں
اگوں پچھوں سارے مر ویسن	آگے پیچھے سارے مر جائیں گے	موت سے کسی کو مفر نہیں	آگے پیچھے سب چل بسیں گے
اگوں توں کن تھئے	آگے کو کان ہوئے	آئندہ محتاط رہیں گے	آگے کو کان ہوئے
اگوں توں میڈے پیو دی توبہ	آئندہ میرے باپ کی توبہ	آئندہ ایسا نہ ہوگا	اب کھائی سو کھائی، اب کھاؤں تو رام دہائی
اگوں ٹُردے پچھوں دی خبر نئیں	آگے چلے پیچھے کی خبر نہیں	انسان ظاہری/دنیا دی نفع سوچتا ہے	آگے چلتے ہیں پیچھے کی خبر نہیں
اگوں چاوّاں تاں آپ ننگی، پچھوں چاواں تاں آپ ننگی	آگے سے اٹھاؤں تو آپ ننگی پیچھے سے اٹھاؤں تو آپ ننگی	اپنوں کا گلہ خود کو شرمندہ کرنے والی بات ہے	یہ ٹانگ کھولو تو لاج، وہ ٹانگ کھولو تو لاج
اگوں دوڑ، پچھوں چوڑ	آگے دوڑ تاہے پیچھے بگڑا ہوا	ایک کام کو مکمل کر کے دوسرے میں ہاتھ ڈالنا چاہیئے۔	آگے دوڑ، پیچھے چوڑ
اگوں روک، پچھوں ٹھوک	آگے سے روک، پیچھے سے دبا	گھوڑے کی چال بہتر بنانے کے لئے بطور ہدایت کہا جاتا ہے	آگے روک، پیچھے ٹھوک
اگوں کندھ پچھوں بھاہ، اندھا وَنجے کیہڑی راہ	آگے دیوار، پیچھے آگ، اندھا کس راستے جائے	ہر طرح مصیبت ہے	نہ جائے رفتن، نہ پائے ماندن (ف)
اگوں کھوہ، پچھوں کھاڈا	آگے کنواں، پیچھے کھڈا	ہر صورت خرابی ہے	آگے کنواں، پیچھے کھائی
اگوں گدھ دے مرلی وجاوݨ کوں تھک اے	گدھ کے سامنے بین بجانا بیکار ہے	بُدھو کو سمجھانا بیکار ہے	بھینس کے آگے بین بجانا بے کار ہے
اگوں نانگ، پچھوں شینہ	آگے سانپ، پیچھے شیر	ہر طرف مصیبت	آگے کنواں، پیچھے کھائی
اگے پچھے چنگا، عید تلے ڈینہ ننگا	آگے پیچھے اچھا (بھلا) عید کے دن ننگا	بے موقع خرچ کرنا لیکن ضرورت کے وقت محروم	نت جنگی، تیوہار کو ننگی
اگے پچھے عید برات، وڈے ڈیہاڑے جمعرات	آگے پیچھے عید، شب برات بڑے دن جمعرات	ہمیشہ سب کچھ لیکن ضرورت کے وقت محرومی	سب دن چنگے تہوار کے دن ننگے
اگے چکڑ ہئی، بیا بھیڈاں مُتریا	پہلے کیچڑ تھا، مزید بھیڑوں نے موتا	بگڑے ہوئے کام میں مزید بگاڑ آئے تو بولتے ہیں	یک نہ شد، دو شد
اگے مینہ، پچھے کہرا، دِل رہکاں دا ہوندے تھوڑا	آگے بارش پیچھے کہر، مزارعوں کا حوصلہ کم ہوتا ہے	سردیوں میں بارش ہو یا کہر پڑے تو مزارعین پریشان ہو جاتے ہیں	
آل بلا دی گل بلا	بہت بے وقوف، گلے کا عذاب	بے وقوف باعث عذاب ہوتا ہے	انگلی پکڑتے پکڑتے پہنچا پکڑا
الا بے ترح کنڈے	آواز / بول چال میں کانٹے	بات اچھی نہیں لگتی	بات نہیں سہتے

الاریا ماریا برابر ہوندے	ہاتھ اٹھانا مارنے کے برابر ہے	کسی پہ ہاتھ اٹھانا مارنے سے کم توہین نہیں ہے	
الاونڑ دا قصور تھئے ہیلی بت دا مہان	بولنے کا قصور ہوا ہے آدمی ہمیشہ کا مہمان (ہے)	معمولی تعلقات پر گہری دوستی ظاہر کرنا اچھا نہیں	
الاونڑ دا رو وَٹی رووݨ ڈُودری چَٹی	بولنا باری یاری، رونا دوہرا عذاب	باتیں سب بناتے ہیں مشکل میں کوئی کام نہیں آتا	
الف، ب، باہر بیریں پکیاں، مسیت ساڈا کیا ہے	الف۔ب، باہر بیر پکے، مسجد میں ہمارا کیا کام	پھل پکنے کے موسم میں بچے خوشیاں مناتے ہیں	
الف۔ب سلکھڑاں، نانی دے گھر لکھ ناں رکھڑاں	الف۔ب بدبخت، نانی کے گھر کچھ نہیں رکھنا	نواسے ننھیال کو لوٹتے ہیں (طنزاً)	
الف چٹا تھی گئے	بالکل مکر گیا ہے	صاف مکر جانے پر بولتے ہیں	
الف کوں جانے کلّی ناں محمد فاضل	الف کو کھونٹا سمجھتا ہے (مگر) نام محمد فاضل (ہے)	ظاہراً بڑے، حقیقتاً چھوٹے	پڑھے نہ لکھے نام محمد فاضل
الف کوں کلّی جاناں، وڈا اُستاد دی ہیں	الف کو کھونٹا جانوں، بڑا استاد بھی ہیں	نالائق ہو کر دانائی کا دعویٰ	
الف کوں کلّی نہیں جاندا	الف کو کھونٹا نہیں سمجھتا	بالکل ان پڑھ ہے	الف کے نام بھالا نہیں جانتا
الف کوں کلّی جاندے	الف کو کھونٹا سمجھتا ہے	بالکل جاہل ہے	الف کا نام بے گتکا
اُلو دی بوٹی کھادی ہوئی ہس	الو کی بوٹی کھائی ہوئی ہے	الٹی عقل کا ہے	الو کا گوشت کھایا ہے
الوئے دا ڈل سونے دی سلھ	الوئے کا ڈھیلا، سونے کی اینٹ	جو چیز سینت سینت کر رکھی جائے وہ سونے کی طرح قیمتی ہے	
اللہ اللہ کر	اللہ اللہ کرو (خیر مانگو)	جب کوئی بدشگونی کرے تو بولتے ہیں	اللہ اللہ کرو
اللہ اللہ کیتی رکھ، مال پرایا پیتی رکھ	اللہ اللہ کرتا رہ، پرایا مال ہضم کیے جا	نیکی کے لبادے میں دھوکے بازی	بغل میں چھری، منہ میں رام رام
اللہ اللہ کیتی رکھ، صبر پیالہ پیتی رکھ	اللہ اللہ کرتے رہو، صبر کا پیالہ پیتے رہو	یاد خدا میں صبر کا دامن تھامنا ضروری ہے۔ (صوفیا کی کہاوت)	
اللہ بادشاہ ہے، ککھاں دی بیڑی تے مکوڑا ملاح ہے	اللہ بادشاہ ہے، تنکوں کی کشتی پر مکوڑا ملاح ہے	اللہ کا سہارا سب سہاروں پر بھاری ہے	خدا مددگار تو کشتی پار
اللہ بھوندے روڑے کنوں بچاوے	خدا گھومتے ہوئے روڑے سے بچائے	ناگہانی آفت سے خدا بچائے	
اللہ حاکم، حکیم کنوں بچاوے	خدا حاکم اور طبیب سے محفوظ رکھے	انسان کو بھکڑ کر دیتے ہیں مقدمہ اور بیماری	
اللہ دا ڈتا سب کجھ ہے	خدا کا دیا سب کچھ ہے	اظہار شکرانہ	اللہ کا دیا سب کچھ
اللہ دا ناں محمد دا کلمہ	اللہ کا نام، محمد کا کلمہ	مفلسی و ناداری ہے	اللہ کا نام محمد کا کلمہ
اللہ دا ناں ہے	خدا کا نام ہے	کچھ مال و اسباب نہیں	فقط اللہ کا نام ہے

اللہ دے خزانے ءِ تُح کیا تھوڑ ہے	اللہ دے خزانے میں کیا کمی ہے	خدا کے ہاں سب کچھ ہے	اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے
اللہ ڈیوے تے بندہ گھنے	اللہ دے اور بندہ لے	انسان کو بُری بھلی سہنا پڑتی ہے	اللہ دے، بندہ سہے رے
اللہ رکھے تاں کون چکھے	خدا رکھے تو کون چکھے	جس پر خدا مہربان ہو اُسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا	جسے خدا رکھے اُسے کون چکھے
اللہ سدھ کریندے بندہ بدھ کریندے	خدا اچھائی کرتا ہے، آدمی بُرائی ر اُلٹ کرتا ہے	انسان خطا کار ہے	اچھا کیا خدا نے، بُرا کیا بندہ نے
اللہ سئیں حقوں نحقوں بچاوے	اللہ تعالیٰ حق، ناحق سے بچاوے	خدا ہر آفت سے محفوظ رکھے	
اللہ سئیں ہیں سب کوں ہتھ پیر ڈتن	اللہ تعالیٰ نے سب کو ہاتھ پاؤں دیتے ہیں	ہر شخص کو کچھ نہ کچھ توفیق حاصل ہے	چار ہاتھ پاؤں تو سب کے ہیں
اللہ کئیں دا بھول نہ بھنے	اللہ کسی کی خوش فہمی ختم نہ کرے	خدا کرے سب کا بھرم قائم رہے	
اللہ لائیا بھاگ تے سُوراں دے گل ٹل	خدا نے بخت لگایا تو سوروں کے گلے میں گھنٹیاں	نا اہل کو اہلیت مل گئی	بندر کے گلے میں موتیوں کا ہار
اللہ مولا چنگائی کریسی	اللہ بہتری کرے گا	خدا سے اچھائی کی اُمید رکھنی چاہیئے	اللہ خیر کرے گا
اللہ مہربان تاں جگ مہربان	خدا مہربان تو دنیا مہربان	خدا کی مہربانی بہت ضروری ہے	خدا مہربان تو جگ مہربان
اللہ واسطے دا وَیر ہے	خدا واسطے کا بَیر ہے	خواہ مخواہ کی دشمنی	خدا واسطے کا بَیر ہے
اللہ یار تاں بیڑا پار	خدا دوست تو بیڑا پار	خدا کے سہارے کامیابی ہے	اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے
اللہ یار کندھی تے	اللہ یار کنارے پہ	جب کوئی شخص مشکل کے وقت الگ ہو جائے تو اس کے بارے میں کہتے ہیں	
آماں ادھماں آئن، عید کوں جھڑے جُھکھے گئین	اُمی وہ مہمان آئے ہیں جو عید پہ بھوکے گئے تھے	کنجوس کبھی مہمان نواز نہیں ہوتے	
اَماں بابو دا مِٹھا ناں، او پرے چھک کے دُھپ سٹن، آپنے سٹن چھاں	ماں باپ میٹھا نام ہے، غیر کھینچ کر دھوپ میں ڈالیں اپنے سایہ میں	اپنا پھر بھی اپنا ہے	اپنا اپنا غیر غیر
اَماں پکی، بابے پکی، پکی بھینڑ بھرانواں، واہ جو پکی آپنی رَج کے بیٹھی کھانواں	ماں کے ہاں پکی، باپ کے ہاں پکی، بہن بھائیوں کے ہاں پکی، واہ واہ جو اپنے ہاں پکی، رَج کے بیٹھی کھاؤں	اپنی محنت اور مشقت کی کمائی میں بڑا لطف ہے	اپنے ہاتھوں کے بل بل جائیے جیسا چاہیئے ویسا کھائیے
اَماں پکیاں، بابے پکیاں، میں ناں پکیاں تاں کیاں پکیاں	ماں کے گھر پکیں، باپ کے گھر پکیں، میرے گھر نہ پکیں تو کیا پکیں	مال وہی جو اپنے پاس ہے	اپنا توشہ، اپنا بھروسہ
اَماں تیئں طمع، بابل تیئں راج	ماں تک غرض، باپ تک راج	مزا ماں باپ کے دم سے ہے	ماں باپ جیتے حرام کا نہیں کہلاتا
اَماں ڈتی پائی، میں ہک ڈِنگ پکائی ڈیوے رب سئیں تاں میں نت پائی پکائی	اَماں نے ۲۰ سیر دیا، میں نے ایک وقت پکایا۔ خدا تعالےٰ دے میں ہمیشہ ۲۰ سیر پکاؤں	خوشحالی رب کے کرم سے آتی ہے	خدا کا دیا کام آتا ہے

اَماں کنوں دِھی سیانڑی، پکّے بِڈّھے گھتے پانی	ماں سے بیٹی سمجھدار، پکے بھنے میں پانی ڈالے	چھوٹے بڑوں سے زیادہ تیز ہوتے ہیں	
اَمان کُوں تاں کاں نِیں وی کُجھ ناں آکھیا ہِئی	امانت کو تو کوّے نے بھی کچھ نہ کہا تھا	امانت میں کبھی خیانت نہ کرو	
اَمب رہیسو اَمب چیسو، اَک رہیسو اَک چیسو	آم بوؤ گے آم اٹھاؤ گے، آک بوؤ گے آک اٹھاؤ گے	جیسا کرو گے ویسا پاؤ گے	آم بوؤ آم کھاؤ، اِملی بوؤ اِملی کھاؤ
اَمب کھاسو، گِٹکاں گِنسو	آم کھاؤ گے یا گٹھلیاں گنو گے	اپنے کام سے کام رکھنا چاہیئے	آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے
اَمب ناں لگدے ٹالھیاں، توت ناں لگدے شرینہہ، باز ناں دانے چگدا دربھ ناں چردا شینہہ	آم شیشم پر نہیں لگتے، توت شرینہہ پر نہیں لگتے باز دانہ نہیں چگتا، شیر دربھ نہیں چرتا	ہر چیز اپنی فطرت کے مطابق زندگی گزارتی ہے۔	
اَمباں دے بُھلاوے اَکّاں کوں گَل لاوے، متاں بو اَمباں دی آوے	آموں کے دھوکے میں آک کو گلے لگائے شاید آموں کی خوشبو آئے	بُرے کی ظاہری حالت سے دھوکا کھانا	
اَمباں کوں کپ کے اَکّاں کوں لوڑھا	آموں کو کاٹ کر، آک کے گرد باڑ	کارآمد چیز ضائع کر کے بیکار چیز سنبھال کر رکھنا	
اُمید تے دُنیا قائم ہے	اُمید پر دنیا قائم ہے	انسان اُمید پر زندہ رہتا ہے	دُنیا بااُمید قائم
اُمید دی جاہ خالی ہوندی ہے	اُمید کی جگہ خالی ہوتی ہے	جہاں امید لگاؤ وہاں سے مایوسی ہوتی ہے	آسا مرے، نراسا جیئے
امیر دا پِدّ کستوری ہوندے، غریب دی گالھ نہیں بھاندی	امیر کا پاد خوشبودار ہوتا ہے۔ غریب کی بات اچھی نہیں لگتی	غریب سے سبھی نفرت کرتے ہیں	
امیر دی دائی سِکھّی سکھائی	امیر کی دائی سیکھی سکھائی	امیر آدمی کے نوکر چاکر بھی ہوشیار ہوتے ہیں	امیر کی دائی سیکھی سکھائی
امیر دی دِھی نہ بیٹھی ہئی، فقیر دا پُتر بہہ گیا ہئی	امیر کی بیٹی نہیں بیٹھی تھی، فقیر کا بیٹا بیٹھ گیا تھا	غریبوں کو کوئی رشتہ نہیں دیتا	
امیر دی مرگئی کُتّی ہر کئیں پُچھی، غریب دی مرگئی ما، کئیں ناں گِھدا ناں	امیر کی کتیا مرگئی ہر ایک نے پوچھا۔ غریب کی ماں مرگئی کسی نے نام تک نہ لیا	غریب کے بڑے دکھ کو بھی لوگ اہمیت نہیں دیتے	
امیر کوں کنڈا اُپڑے ساری دُنیا آندی ہے غریب مَر ونجے کوئی نہیں آندا	امیر کو کانٹا چبھے ساری دنیا آتی ہے، غریب مرجائے کوئی نہیں آتا	دولت مند کی سبھی خوشامد کرتے ہیں	دھنونتی کے لگا کانٹا دوڑے لوگ ہزار نردھن گرا پہاڑ سے کوئی نہ آیا کار
امیر نال شالا قبر دی سانجھی ناں ہووے	امیر کے ساتھ خدا کرے قبر بھی مشترک نہ ہو	دولت مند کا قرب کہیں مفید نہیں	۱۔ امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنوائے ۲۔ امیر ہمسایہ زخموں پر نمک (دشمن)
امیری تے فقیری دی بو چالیہہ ورہیں نہیں ویندی	امیری اور غریبی کی بو چالیس سال نہیں جاتی	امارت اور فقر کا اثر تادیر رہتا ہے	امیری اور فقیری کی بو چالیس سال تک نہیں جاتی
امیری دل دی ہے	دولت مندی دل کی ہے	دل کی فراخی کا نام امیری ہے	
اَن پڑھ بالاں دیاں تختیاں بہوں	ان پڑھ بچوں کی تختیاں بہت	ناتجربہ کار کچھ زیادہ ہی اہتمام کرتا ہے	

اَن ڈِٹھ کراڑی مُنکا لَدھا دُھنّی تے ٹکا دے	ہندوانی نے ان دیکھا منکا پایا، ناف پر لٹکائے	بے وقوف کا بناؤ بھی بے ڈھنگا ہوتا ہے	۱۔ دلاری بٹیا، انیٹوں کا شگن ۲۔ ہاتھ نہ گلے، ناک میں پیاز کے ڈلے
اَن کھادیں سُول پوندے تاں پوونڑ ڈیو	اناج کھانے سے مروڑ ہوتا ہے تو ہونے دو	پلیوڈ شخص کھانا کھاتے ہوئے صحت کی پرواہ نہیں کرتا	
اَن، گھتّے بَن	روٹی، بند باندھتی ہے۔	پیٹ میں روٹی، تمام تکلیفوں سے نجات	پیٹ بھرا تو دُور کی سوجھی
اَن وَرسانْدی ڈیسر وَلایا، جی دے آیا جی	نہ لبنے والی نے دیور کو پھانسا، جی آیا جی	جو خاوند کی بجائے غیر کو چاہے اس کا گھر نہیں لبتا	
اِنّ اللذی ناں اُنّ اللذی	نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا	بات کسی طرف نہیں جاتی	اَللذی نہ اُللذی
اِنّ اللذی یا اُنّ اللذی	یا اِدھر یا اُدھر	معاملہ کسی طرف تو جائے گا	اُونٹ کسی کروٹ تو بیٹھے گا
اِنّ اللہ یا اُنّ اللہ	اِنّ اللہ یا اُنّ اللہ (اِدھر یا اُدھر)	معاملہ ایک طرف ہونا چاہیئے	یا اِدھر ہو یا اُدھر
اَنت بُرے دا بُرا	بالآخر بُرے کا انجام بُرا	بُرائی کا بُرا انجام ہوتا ہے	بُرائی کا بُرا انجام
اَنت بھلاّ سو بھلاّ	انجام بھلا، ہو بھلا	نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی	انت بھلا سو بھلا
اَنت بھلے دا بھلاّ	آخر نیکی کا (صلہ) نیکی	جو بھلا کرتا ہے، خدا اس کا بھلا کرتا ہے	انت بھلے کا بھلا
اَنت دانْیاں دا مُونہہ چکّی وَل رکھن	بالآخر دانوں کا رُخ چکّی کی جانب	کمزور بالآخر پس جاتا ہے	بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی
اَنت مُوٗ لاہٹی تے	آخر مُولا دُکان پر	بنیا بالآخر کاروبار ہی کرتا ہے	
اِتے کھوہ اُتے کھڈ	اِدھر کنواں، اُدھر کھڈا	ہر طرح مشکل میں	اِدھر کنواں، اُدھر کھائی
اَنج مولیاں اَنج پتر کرنْ	مولیاں الگ، پتے الگ کرنا	اچھائی اور بُرائی الگ الگ کرنا	دودھ کا دودھ، پانی کا پانی کرنا
اَکٹھوا اَنج بھیا تاں گلیا، ہک بھیا تاں بچیا	الگ الگ ہوا تو برباد ہوا، ایک ہوا تو بچا	اتفاق میں برکت ہے	اتفاق میں برکت ہے
اَندر بیٹھی لکھ دی، باہر نکھتی ککھ دی	اندر بیٹھی لاکھ کی، باہر نکلی تنکے کی	۱. بے تکی بات منہ سے نہ نکالو ۲. عزت اپنے گھر میں رہنے سے ہے	۱۔ پہلے تولو، پھر بولو ۲۔ عصمت بی بی از بے چادری
اَندر شے تے باہر ہوکا	اندر چیز اور باہر شور	چیز کی تلاش میں گھبراہٹ کی ضرورت نہیں	لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں
اَندر ہووی سچ، تاں بوہے کھڑا نچ	اندر ہو سچ تو دروازے پر کھڑا ناچ	سچّا آدمی بے دھڑک ہوتا ہے	
اندر دل ہووی رَجّی، تاں باہر دل آدی کجی	(گھر کے) اندر رجی ہوئی ہو تو باہر سے ڈھکی ہوئی آتی	بھوکے کو کوئی نہیں پوچھتا۔ دولت مند کو ہر کوئی دیتا ہے	بھرے کو دنیا بھرتی ہے
اَندھا اَندھی رَلیّا، سارا جُھگّا گلیا	اندھا اندھی اکٹھے ہوئے، سارا گھر تباہ ہوا	ناتجربہ کار لوگ کام بگاڑتے ہیں	اندھا گرو بہرا چیلا، مانگے ہڑ دے بیڑا
اندھا دوزخی تے ڈورا بہشتی	اندھا جہنمی اور بہرہ جنّتی	بہرہ ہر قسم کے گناہ سے بچا رہتا ہے	اندھا دوزخی، بہرہ بہشتی
اندھا راجہ بیداد نگری، ٹکے سیر وصل پیسے سیر نصری	اندھا راجہ، ظالمانہ حکومت، ٹکے سیر پیاز پیسے سیر مصری	جہاں اچھے بُرے کی تمیز نہ ہو وہاں بولا جاتا ہے	اندھیر نگری چوپٹ راجہ، ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا
اندھا کُتا سئیں کوں بھونکے	اندھا کتا مالک کو بھونکتا ہے	سفلہ پروری اچھی نہیں ہوتی	
اندھا کُتّا واکوں بھونکے، ہئیں دے لیکھے تازی ہے	اندھا کُتّا ہوا کو بھونکتا ہے مالک کے حساب (خیال) سے شکاری ہے	نااہل سے اچھائی کی توقع عبث ہے	آندھر ککر بتاسے بھونکے

اندھا کُتّا ہرناں دا شکاری	اندھا کُتّا ہرنوں کا شکاری	بنیادی صلاحیت سے محروم اچھے کام نہیں کرسکتا	اندھا کیا جانے بسنت کی بہار
اندھا کیا منگدے، ڈُو اکھیں	اندھا کیا مانگے، دو آنکھیں	ضرورتمند اپنی ضرورت کے لئے دیوانہ ہوتا ہے	اندھا کیا چاہے دو آنکھیں
اندھا گاوے تے ڈورا وجاوے	اندھا گائے بہرا بجائے	نالائقوں کے ہاتھوں میں کام آگیا ہے	اندھا گائے، بہرا بجائے
اندھا مُلاّں، تُرٹی مسیت	اندھا مُلاّ، ٹوٹی مسجد	ناقص کو ناقص شے ملتی ہے	اندھا مُلاّ/امام ٹوٹی مسیت
اندھا وَٹے رَسّی، پچھوں وَچھا کھاوے	اندھا رسّی بٹے، پیچھے سے بچھڑا کھائے	نادان فائدے کی بجائے نقصان کرتا ہے	اندھا بانٹے جیوڑی اور پیچھے بچھڑا کھائے
اندھا وَنڈے ریوڑیاں، وَل وَل آپنیاں کوں	اندھا بانٹے ریوڑیاں بار بار اپنوں کو	جو شخص اپنوں کو ہی فائدہ پہنچائے اس کی نسبت بولتے ہیں	اندھا بانٹے ریوڑیاں، پھر پھر اپنوں ہی کو دے
اندھا ہاتھی لشکر دا زیان	اندھا ہاتھی، لشکر کا نقصان	بیوقوف طاقت ور اپنوں کو تباہ کرے گا	اندھا ہاتھی اپنی فوج ہی کو مارے
اندھا پیا سرکار کوں، چور بدّھے کُتوال کوں	سرکار میں اندھیر نگری ہوئی، چور کوتوال کو پکڑے/باندھے	جہاں قانون کی بالادستی نہ ہو وہاں نظام نہیں چل سکتا	اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے
اندھارے ویلے آپناں پچھانواں وی نال نھیں ہوندا	تاریکی میں اپنی پرچھائیں بھی ساتھ نہیں ہوتی	مصیبت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا	بُرے وقت کا اللہ بیلی
اندھی امیرت، کھیسے وِچ گاجراں	اندھی امیری، جیب میں گاجریں	دولت بے سلیقہ نہیں	
اندھی لشیپٹ/شیھنی کاناں باز دار	اندھی شاہین، کانا محافظ	ناکارہ شے کے لئے ناکارہ انتظام کیا جاتا ہے	کند ہم جنس با ہم جنس پرواز (ف)
اندھی پیکیں گئی تاں گئی، رہی برابر	اندھی میکے جائے نہ جائے ایک برابر	جو شخص اعلیٰ خوبیوں سے محروم ہو وہ اعلیٰ شے کی کیا قدر کرے گا	اندھے کو دن رات برابر
اندھی پیہندی گئی، کُتّے لکیندے گئے	اندھی پیستی گئی کتے چاٹتے گئے	بے وقوف کی محنت ضائع ہو جاتی ہے	اندھی پیسے کُتّا کھائے
اندھی رَن، بِجّیاں وِچ خوش	اندھی عورت کُھلّا دینے میں خوش	بے حیا کی بابت بولتے ہیں	
اندھی رَن ڈِیکیاں وِچ مست رہندی ہے	اندھی عورت پُھسلاوے میں خوش رہتی ہے	نادان جلدی بہک جاتا ہے	
اندھی رنجھیں دے پنج، سارے اَنجو بَنج	اندھی ربیکار عورت کے پانچ (بیٹے) سب الگ الگ	کسی کے ہاں کی نااتفاقی ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں	اندھا دھند، منوہرا گائے
اندھی کُکڑ، خشخاس دا چوگا	اندھی مُرغی، خشخاس کا چوگا	نااہل آدمی کام نہیں کرسکتا	سارس کو شوربا
اندھی گَڈھ بیٹھ تلے بَدھی	(کیا) اندھی گدھی کو تلے گھاس پر باندھا ہے؟	اندھے جانور کو کھیت کے اندر باندھو تاکہ کچھ کھا سکے، نیچے گھاس کا تو اُسے پتہ ہی نہ چلے گا	
اندھی ماء پُتراں رنجھڑیاں دا مُونہہ ناں ڈِیکھے	اندھی ماں بیٹوں کا منہ نہیں دیکھ سکتی	صلاحیت سے محروم بُرے بھلے میں تمیز نہیں کرسکتا	اندھی ماں پوتوں کے بچ منہ دیکھے

اَندھی ما، کوٹھرے وِیاہ موئنہ ڈِیکھے ڈَہاڈَہا	اندھی ماں، بدصورت بچے، گڑگڑا (کر) مُنہ دیکھے	ناممکن بات، ممکن نہیں ہوا کرتی	اندھی ماں پوتوں کے رُخ منہ دیکھے
اَندھی مینھ لوڑھلپیّے / لتاڑے	اندھی بھینس باڑ پھاندے / لتاڑے (یہ کہاوت بھی ہے، جواب ہے 'جوتے')	نادان نقصان اُٹھاتا ہے	اندھا بگلا کیچڑ کھائے
اَندھی ناں ڈِیکھے بچڑیاں دا مُونہہ	اندھے نہ دیکھے بچوں کا مُنہ	ناممکن بات ممکن نہیں ہوتی	اندھی ماں، پوتوں کے رُخ منہ دیکھے
اَندھی نِوائیں، کاٹھ دے اُسترے	اندھی نائن۔ لکڑی کے اُسترے	صلاحیت سے محروم مہارت سے محروم	
اَندھی نِوائیں، نہیرنِ ڈَنجھ دا	اندھی نائن، نہیرن جِنبُو کا	دستکار کی اہلیت کا اندازہ اُس کے اوزار دیکھ کر ہو جاتا ہے	
اَندھی ہنگے، ڈُوڈُ کھنادے	اندھی (عورت) پاخانہ کرے دو کو روکے	اندھے کے ساتھ دوسرے کو بھی رکھنا پڑتا ہے	اندھا نیو، تے دو جنے آدیں
اَندھے اَگوں رووَݨ ڈُڈّرے اَگوں گَل، گنگے ہتھ سینہا تریہے ئل وِلل	اندھے کے آگے رونا بہرے کے سامنے بولنا گونگے کے ذریعے پیغام رسانی، تینوں کام بیکار	نااہلوں سے کام نہیں ہوا کرتے	بہرے کے آگے رونا، گونگے آگے گل اندھے آگے ناچنا، تینوں اَلل بلل
اَندھے تاں قدرتوں ہِن، نیندراں تاں کُوڑِیں	اندھے تو قدرتی ہیں، نیند کے مزے تو لیں	کام چور کو ذرا سا بہانہ درکار ہوتا ہے	سوئی ٹوٹی، کشیدہ سے چھوٹی
اَندھے دی ڈَنگوری، جِتھاں لگّی اتھائیں موری	اندھے کی لاٹھی، جہاں لگی وہیں سوراخ	بے تُکی چوٹ کاری ہوتی ہے	اندھے کی داد نہ فریاد، اندھا مار بیٹھے گا
اَندھے دی رَن، اللہ دے حوالے	اندھے کی بیوی، اللہ کے حوالے	نااہل اپنی عزّت کی حفاظت نہیں کرسکتے	اندھے کی جورو کا اللہ بیلی
اَندھے دی رَن، ہر کہیں دی بھابی	اندھے کی بیوی، ہر کسی کی بھابی	کمزور پر سب کا بس چلتا ہے	غریب کی جورو سب کی بھابی
اَندھے دی نونہہ، سُنجّ ڈِہوں مُونہہ	اندھے کی بہو، ویرانے کی جانب مُنہ	نالائق کی اولاد بھی نالائق ہوتی ہے	
اَندھے دے اَگوں، اندھارا سو جھلا ہِکّو	اندھے کے آگے اندھیرا روشنی برابر	بے وقوف اچھے بُرے کی تمیز نہیں کرسکتا	اندھے کے بھاویں دن رات برابر
اَندھے دے پیر تلے بٹیرا آ گئے	اندھے کے پاؤں تلے بٹیر آ گیا ہے	نادان کو اتفاقاً شے مل گئی ہے	اندھے کے ہاتھ میں بٹیر لگی
اَندھے دے پیر تلے بٹیرا آیا، آکھیُس شکاری ہاں	اندھے کے پاؤں تلے بٹیر آیا، کہنے لگا شکاری ہوں	اتفاقی اچھا کام، کارنامہ نہیں ہوتا	اندھے کے پاؤں تلے بٹیر دب گئی کہا روز شکار کھائیں گے
اَندھے کانے دی ہِک رَگ وادھو ہوندی ہے	اندھے اور کانے کی ایک رگ فالتو ہوتی ہے	محتاج کی دیگر صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں	۱۔ اندھے کانے کچھ زیادہ ہی شرارتی ہوتے ہیں ۲۔ اندھا، گونگا، کانڑا ایں پورے شیطان
اَندھے کرݨ خَیرت، وَل وَل ڈِیوݨ آپنیاں کوں	اندھے خیرات کریں، بار بار اپنوں کو دیں	اپنوں کو فائدہ پہنچانا	اندھا بانٹے ریوڑیاں پھر پھر اپنوں ہی کو دے
اَندھے کوں ما مسیت پلھا آندی ہے	اندھے دیکھے، کو ماں مسجد میں بٹھا آتی ہے	دینی تعلیم اپاہج لوگوں کو دلائی جاتی ہے	
اَندھے ہتھ بَندوخ	اندھے کے ہاتھ (میں) بندوق	نااہل کو خطرناک چیز نہ دو	دیوانے کے ہاتھ میں چُھری

اندھے ہتھ بٹیرا آیا	اندھے کے ہاتھ میں بٹیر آیا	نادان کو اتفاقاً شے مل گئی ہے	اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی
اندھیاں اگوں رووݨ اکھیں دا زیان	اندھوں کے آگے رونا آنکھوں کا نقصان	سنگدل کے رُوبرو فریاد بیکار ہے	اندھے کے آگے روئیے اپنے نین کھوئیے
اندھیاں حُوراں لولھے فرشتے	اندھی حوریں اپاہج فرشتے	بُرے کو بُرا ملتا ہے	جیسی روح ویسے فرشتے
اندھیاں وِچ کاݨاں راجہ	اندھوں میں کانا راجہ	بیوقوفوں میں تھوڑی عقل والا، عقل مند کہلاتا ہے	اندھوں میں کانا راجہ
اندھیر نگری چوپٹ راجا، ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر خاجا	ظالمانہ حکومت، بگڑا ہوا راجہ ٹکے سیر سالن ٹکے سیر کاجو	جہاں گدھے گھوڑے میں کوئی تمیز نہ ہو وہاں بولا جاتا ہے	اندھیر نگری چوپٹ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا
انڈے کتھائیں، کُڑ کُڑ کتھائیں	انڈے کہیں، کُڑ کُڑ کہیں	وعدہ کہیں کرنا، مفاد دوسرے کو پہنچانا	ایک کو سائی دوسرے کو بدھائی
اُنگل اُنگل دا فرق ہوندے	اُنگلی اُنگلی میں فرق ہوتا ہے	سبھی ایک جیسے نہیں ہوتے	پانچوں اُنگلیاں برابر نہیں ہوتیں
اُنگل انگوٹھے وِچ فرق ہوندے	اُنگلی (اور) انگوٹھے میں فرق ہوتا ہے	امیر و غریب یکساں نہیں ہوا کرتے	
اُنگلیں ڈِتے بال نھیں جمدے	انگلیاں دینے سے بچے پیدا نہیں ہوتے	ہر کام کے لئے مقررہ طریق کار اختیار کرنا ضروری ہے	پیشاب سے چراغ نہیں جلتا
اَنگوری جمدیوں سُنجاپدی ہے	ہریاول شروع ہی سے پہچانی جاتی ہے	جوہر اور کمال ظاہر ہو جایا کرتا ہے	ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات
اِنوں اُنوں ڈِتے تے آڈے آلا جھلّے	اِدھر اُدھر سے پلٹے، آڑے والا سنبھالے	ہر کوئی اپنے ٹھکانے پر آتا ہے	لوٹ کے بدھو گھر کو آئے
اِنوں دا اُن، اُنوں دا اِن / اجگل دی اُن	اِدھر کی اُدھر، اُدھر کی اِدھر	منافقت، دو رُخا رویہ	اِدھر کی اُدھر، اُدھر کی اِدھر
اُنوں دی اِن			
اِنوں دا رہیا، ناں اُنوں دا	اِدھر کا رہا نہ اُدھر کا	بیکار ہو گیا، اعتماد کھونے والے کے لئے بھی بولتے ہیں	اِدھر کے رہے نہ اُدھر کے
اُنوں گِھن اِنوں ڈِے	اُدھر لے، اِدھر دے	کھرے اور نقد سودے کے بارے میں بولتے ہیں	اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے
اِنہاں تِلاں وِچ تیل کائے نھیں	اِن تِلوں میں تیل نہیں	یہاں آس لگانا بیکار ہے	ان تلوں میں تیل نہیں
اُنہاں دی جاݨن اُن، توں بیٹھی دانے بھُن	اُن کی جانیں اُدھر والے، تو بیٹھی دانے بھون	اپنے کام سے کام رکھنا چاہیئے	اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو
اِنہاں کن چَم دا سِکّہ چلدے	اِن کے ہاں چمڑے کا سکہ چلتا ہے	بدکاری کی آمدنی ہے	اِن کے ہاں تو چمڑے کے جہاز چلتے ہیں
اِنہاں کوں وی لکھو	اِنہیں بھی لکھو (تحریر میں شامل کرو)	اِنہیں احمقوں میں شامل کرو (بیربل نے اکبر کے سامنے یہ ثابت کرنے کے لئے کہ دنیا میں بے وقوف بہت ہیں اور دانا کم۔ ایک جگہ منشی کے ساتھ بیٹھ کر لنگر ادھر سے اُدھر رکھنا شروع کر دیئے جو پوچھتا کہ کیا کرتے ہو؟ بیربل کہتا اِس کا نام لکھو)	اِنہیں بھی لکھو

سرائیکی اکھاݨ	اردو ترجمہ	مفہوم	اردو مترادف
اَنْ جاݨ دی مٹی خوار	انجان کی مٹی خراب	ناتجربہ کار ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے	انجان کی مٹی خراب
اَنْ جاݨ کُر بھنیسی	نادان/ناواقف ہل توڑے گا	جس کو کام کا تجربہ ہو وہی کام کر سکتا ہے	جس کا کام اُسی کو ساجھے
اِنْ مِنْ میکوں وِچ گِݨ	اِن مِن، مجھے بیچ میں گِن	خواہ مخواہ دخیل سے طنزاً کہتے ہیں	تو کون ؟ میں خواہ مخواہ
او اُٹھی ناں سگے، آکھے دھرو کڑی مار	وہ اُٹھ نہ سکے، کہیں کود پھاند/دوڑ لگا	نالائق سے کام کی توقع عبث ہے	
او پھردے نک کپݨ کوں، اے آہدی ہے میکوں نتھ گھڑا ڈے	وہ ناک کاٹنے کو پھرتا ہے یہ کہتی ہے مجھے نتھ بنوا دے	بے وقوفانہ خواہشات نہیں کرنی چاہئیں	میاں ناک کاٹنے کو پھریں، بیوی کہے مجھے نتھ گھڑا دو
او ڈینہہ گئے جے چاڳݨ	وہ دن گئے جب لے اٹھائے گئے	پرانی صحبتوں کو یاد کرنے پر بولتے ہیں	آں قدح بشکست و آں ساقی نماند (ف)
او ڈینہہ ڳیا، جڈاں چڑھیا گھوڑی کُبا	وہ دن منحوس، جب کُبڑا گھوڑی پر چڑھا	جس سے اچھائی کی توقع نہ ہو اس کے بارے میں بولتے ہیں	وہ دن ڈوبا کہ گھوڑی چڑھ گیا کُبا
او ڈینہہ ڳیا، جڈاں کم سنوارے کُبا	وہ دن منحوس، جب کُبڑا کام سنوارے	بُرے سے اچھائی کی توقع عبث ہے	بھول گئے دن دہاڑا، منڈوے نے بھرا باندھا
او جانے اوندا کم جانے	وہ جانے اس کا کام جانے	کام سے بری الذمہ ہونے پر کہتے ہیں	وہ جانے اور اس کا کام جانے
او سب کوں لکھدے	وہ سب کو لکھتا ہے	سخت بے دھڑک ہے	
او سچے جہان چلا گئے اساں وی ونجݨے	وہ سچی دنیا کو چلا گیا ہمیں جانا ہے	سچائی کی یقین دہانی کے طور پر کہتے ہیں	وہ مر گئے ہمیں مرنا ہے
او کیا جانے پیڑ پرائی، جیندی لگی نہ ناں ویائی	وہ دوسروں کی تکلیف کیا جانے جس کی لگی نہ بیائی	دُکھی ہی دوسرے کے دکھ کا احساس کرتا ہے	جس کے پاؤں نہ جائیں بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی
او مردی رہے اے مست رہے	وہ مرتی رہے یہ مست رہے	دوسرے کی تکلیف کا کون احساس کرتا ہے	پرائی سرائے میں کون دھواں کرتا ہے
او نال ناں کھڑے، او مونڈھے تے چڑھے	وہ ساتھ نہ لے، وہ کندھے پر چڑھے	زبردستی کی اپنائیت	تو کون، میں خواہ مخواہ
او نال ناں نیوے، میڈا اموہری کیا دا	وہ ساتھ نہ لے، میرا آگے والا کیا دا	خواہ مخواہ اپنائیت جتانا	
او نال ناں نیوے، میں لہندی چڑھدی ورلساں	وہ ساتھ نہ لے جائے، میں اُترتی چڑھتی جاؤں گی	بے مروت سے اُمیدیں وابستہ کرنا غلط ہے	تو کون، میں خواہ مخواہ
او نال نہیں نیندے، اے آہدی ہے میں ٹلی آلے تے بہساں	وہ ساتھ نہیں لے جاتے، یہ کہتی ہے میں گھنٹی والے پر بیٹھوں گی	بلا طلب قریب آنا، ذلیل کراتا ہے	تو کون، میں خواہ مخواہ
او ناں جانے اُستے کوں تے لتاں مارے ڈھتے کوں	وہ ڈھیر کو نہ جانے اور ڈھتے کو لاتیں مارے	مصیبت زدہ کسی کی پرواہ نہیں کرتا	تنگ آمد بجنگ آمد
او وی چنگیاں کوں سڈیندے	وہ بھی اچھوں کو بلاتا ہے	خدا بھی نیک لوگوں کی قدر کرتا ہے	اچھوں کو خدا بھی پوچھتا ہے
او وی کُئی بندہ ہے جیڑا بندے دی قدر نال کرے	وہ بھی کوئی آدمی ہے جو آدمی کی قدر نہ کرے	آدمی کو اہلِ ہنر کی قدر کرنی چاہیے	آدمی کیا جو آدمی کی قدر نہ کرے
او وینڈیاں تے ہتھ رکھ گئے	وہ جاتے ہوؤں پر ہاتھ رکھ گیا ہے	تنگ آکر دلیر بنائے، موقع ملنے پر نکل بھاگا ہے	
او ترک مرے تاں ارداح کون جرے	لاولد مرے تو فاتحہ کون دلائے	لاولد کو مرنے کے بعد کوئی یاد نہیں کرتا	

اوترک نکھتر، ناں مولی ناں پتر	لاولد بے اولاد، نہ مولی نہ پات	بے اولاد کے بارے میں کہتے ہیں	
اوتری دا جایا	بدبخت، لاولد کی اولاد	منحوس کے لئے بولتے ہیں	
اوترے کوں ملیا نکھترا، ہک لکائی بھیڈ بئے لکایا چھترا	اوترک کو نکھتر ملا، ایک نے بھیڑ چھپائی دوسرے نے مینڈھا چھپایا	برے کو برا مل ہی جاتا ہے	کند ہم جنس باہم جنس پرواز
اوترے کھٹن تے ہیجڑے کھاون	لاولد کمائیں اور ہیجڑے کھائیں	منحوس کا مال حرام جاتا ہے	پاپی کا مال اکارت جائے
اوتریاں کوں پتر ڈیندے	لاولد کو بیٹا دیتا ہے	ناممکن کام کی کوشش کرتا ہے	دھول کی رسی بٹتے ہیں
اورنگ زیب عالمگیر ہک ہے خوش ہک ہے دلگیر	اورنگ زیب عالمگیر، ایک دکھی، خوش ہے، ایک رنجیدہ	اورنگ کی وسیع مملکت میں بھی سبھی لوگ خوش حال نہیں تھے	
اودھی وہے ناں اگی کھیتی سکی دی سکی	نالی بالکل بہے نہ، کھیتی خشک کی خشک	پانی کے بغیر فصل نہیں ہوا کرتی رجوعط نہیں کرتا وہ محروم رہتا ہے	
اوڑک بچہ مولیا! توں ہٹی تے بہناں	بالآخر اے موئے بچے! تجھے دکان پر بیٹھنا ہے	بنیا کاروبار ہی کرتا ہے	
اوڑک تاک چوتھی تے آسی	بالآخر پٹ چوتھی پر آئے گا	انسان کو اپنی اصلیت پر آنا ہوتا ہے نقصان بہرحال غریب کا ہوتا ہے۔	
اوڑک جھوک فنا دی	بالآخر (دنیا) فنا کا گھر	دنیا فانی ہے	انسان کو فنا سے نجات نہیں
اوکوں کڈھو، ایکوں ڈھکو	اس کو نکالو، اس کو بند کرو	بچے یا نادان کو ڈرانے کے لئے بولتے ہیں	
اوکوں متراں دا ڈاں نہیں آندا	اسے موتنے کا سلیقہ نہیں آتا	بالکل نادان ہے	اسے تو دھوتی باندھنی نہیں آتی
اوکوں نال ناں نیون تے میں سوڑ آلے ڈاند تے چڑھساں	اسے ساتھ نہ لے جائیں اور میں رضائی والے بیل پر چڑھوں گی	زبردستی ساتھ نتھی ہونے والے کے لئے بولتے ہیں۔	تو کون، میں خواہ مخواہ
اوکھ نال سوکھ ہے	مشکل کے ساتھ آسانی ہے	خوشیاں اور تکلیفیں ساتھ ساتھ ہیں	جہاں پھول وہاں کانٹے
اوکھا ویلا دی لنگھ ویندے	مشکل وقت بھی گذر ہی جاتا ہے	مصیبت سدا نہیں رہتی	مشکلے نیست کہ آسان نشود (ف)
اوکھے ویلے دا گاہناں ہے	مشکل وقت کا زیور ہے	ضرورت میں کام آنے والی شے ہے	آڑے وقت کا گہنا ہے
اوکھے ویلے کم ناں آوے، او نئیں ساڈا یار سڈ اوے	مشکل وقت میں کام نہ آئے ویسے ہمارا دوست کہلاوے	دوست وہی جو مشکل میں کام آئے	
اوکھے ویلے کئیں کیں دا پتر نہیں تھیندا	مشکل وقت میں کوئی کسی کا دوست نہیں ہوتا	مصیبت میں کوئی کام نہیں آتا	بپتا میں کوئی ساتھی نہیں
اوکھے ویلے گڈانہ کوں پیو منیندن ر بناوناں پوندے	مشکل کے وقت گدھے کو باپ مانتے ہیں ر بنانا پڑتا ہے	مصیبت میں ادنیٰ سے ادنیٰ کی خوشامد کرنا پڑتی ہے۔	وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں
اول تساں، ول کئی بیا	پہلے آپ، پھر کوئی اور	پہلے آپ کا حق ہے	پہلے تم، پیچھے اور
اولاد ڈکھ دی، دولت مٹھ دی	اولاد اپنی کوکھ کی، دولت اپنی مٹھی کی	اپنی دولت اور حقیقی اولاد کام آتی ہے	اپنا مال اپنی چھاتی
اولاد گناہیں کنوں دی پیاری ہے	اولاد گناہوں سے بھی عزیز ہوتی ہے	ماں باپ کو اولاد بہت عزیز ہوتی ہے	اولاد کی آنچ بری ہوتی ہے

اَولاد ماپیو کیتے مِٹھا میوہ ہوندی ہے	اولاد ماں باپ کے لئے میٹھا میوہ ہوتی ہے	اولاد ماں باپ کو بہت عزیز ہوتی ہے	اولاد کی آنچ بُری ہوتی ہے
اولاد مرد دے سِر وِچ ہے بخت عورت دے سِر وِچ	اولاد خاوند کی قسمت میں ہوتی ہے، مقدّر عورت کی قسمت میں	نصیب بیوی کی قسمت کے بتائے جاتے ہیں	
اُوں کنوں ڈریجے جہڑا مُونہہ تے کُوڑ مارے	اس سے ڈرو جو مُنہ پر جھوٹ بکے، اس سے	جو پہنچ یا گرفت میں نہ ہو وہ زبردست ہوتا ہے	
اُوں کنوں ڈریجے جہڑا کندھ دے پاروں وٹّے مارے، اُوں کنوں وی ڈریجے جہڑا پاروں بُجّے ڈیوے	ڈرو جو دیوار کی دوسری طرف سے بٹے مارے، اس سے بھی ڈرا جائے جو دریا کے دوسرے کنارے سے لعنت دے		
اُوں ماہئیں پر لیکھے وِچ بُجّری ہئیں	ویسے مال ہو مگر حساب میں چھوٹی بچی ہو	کوئی بزرگ لین دین میں چالاکی کرے تو بولتے ہیں	
اُوندا تاں مُتر بلدے	اس کا تو پیشاب جلتا ہے	صاحب اقبال کے بارے میں کہتے ہیں	آج کل ان کے پیشاب میں چراغ جلتے
اُوندا سِر اُوندیاں جُتیّاں	اس کا سر اُسی کی جوتیاں	اپنے ہاتھوں اپنے اعمال کو پہنچا	اُس کی جوتی اسی کا سر
اوندی جَد وی ساڑ گھتی ہے	اس کی بنیاد ہی جلا دی گئی ہے	جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے	وہ دریا ہی جلا دیا
اُونویں رہندی سِنگری مُنگری گھر وِچ کائنس چِھپّی مُنگری	ویسے بنی بجی رہتی ہے، گھر میں بھابی کوڑی نہیں ہے	دکھاوا بہت ہے، حقیقت کچھ نہیں	ا۔ گھر میں بھونی بھانگ نہیں اور باہر نوبت ساٹ ۲۔ گھر میں دانہ نہ پان، بی بی کو بڑا گمان
اُوہا رانی، جہڑی شَوہ دے مَن بھاوے	وہی رانی جو خاوند کے دل کو پسند آئی	دل کو اچھی لگنے والی شے ہی اچھی ہوتی ہے	راجہ جھوٹے اور رانی جھوٹے
اُوہو دا اُوہو رہیا رہ پہول	وہی کا وہی رہا رہی کے وہی رہے	حالت میں کوئی تبدیلی نہ آئی	ا۔ وہی کا سا وہی آش ۲۔ بے انت موچی کے موچی
اُوہو گھڑا، نِت کھوہ تے کھڑا	وہی گھڑا، ہمیشہ کنوئیں پر کھڑا	جس کے بغیر نباہ نہ ہو سکے اس سے نہیں بگاڑنی چاہیے	
اِیں پھیرے چُھٹسوں، وَل بیٹھے مِٹّی کُٹسوں	اِس مرتبہ رجان، چھوٹے، پھر بیٹھ کر مٹی کوٹیں گے	تھوڑی چیز پر قناعت نہ کرنے والوں کا بُرا انجام ہوتا ہے	گذشتہ را صلوٰۃ، آئندہ را احتیاط (ف)
اِیں توں چنگی اللہ دی ذات ہے	اِس سے اچھی اللہ کی ذات ہے	کسی شے کی خوبی بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں	اس سے اچھا تو خدا کا ناؤں
اِیں کنّوں سُݨی اُوں کنّوں اُڈائی	اِس کان سے سُنی، اُس کان سے اڑائی	توجہ ہی نہیں دیتے	اِس کان سُنی اُس کان اُڑا دی
اِیں کنّوں سُݨی اُوں کنّوں کڈھ ڈِتّی	اِس کان سے سُنی، اُس کان سے نکال دی	بات سنی اور عمل نہ کیا	اِس کان سُنی اُس کان اُڑا دی
اِیکوں آندھی آندی ہے	اِسے آندھی آتی ہے	جسے رات کو دکھائی نہ دے اس کیلئے بولتے ہیں	
اِیکوں اُتھاں پُچاؤ، مار دِتھاں پاݨی ناں ملے	اس کو وہاں پہنچاؤ، مار دو جہاں پانی نہ ملے	اس پر ترس نہ کھانا چاہیئے	اس کو وہاں ماریئے جہاں پانی نہ ملے

ایکوں برف تے لکھو	اس کو برف پر لکھو	چیز لوٹانے کا ارادہ نہ ہو تو بولتے ہیں	
ایکوں چھتّا بخت ہے	اسے شدید خوش بختی ہے	بہت امیر ہے	
ایکوں خواجہ جا نھیں ڈیندا	اس کو خواجہ (خضر) جگہ نہیں دیتا	اسے کہیں سکون و قرار نہیں	
ایکوں دُھرو دُھرو کے مقدمہ جتیساں	اسے گھسیٹ گھسیٹ کر مقدمہ جیتوں گا	مقدمہ بازی میں جو صابر ہے وہ جیت جاتا ہے	
ایکوں ڈھکّو اوکوں کڈھو	اس کو بند کرو پہلے کو باہر نکالو	کسی کو (بالخصوص بچے کو) ڈرانے کے لئے کہتے ہیں۔	اِسے چھپاؤ۔ اُسے نکالو
ایکوں کنڑاں سٹ مریندے	اسے کیڑا کاٹتا ہے	بہت شرارتی بچے کے لئے کہا جاتا ہے۔	
ایکوں کھلّا سنگھاؤ	اس کو جوتا سنگھاؤ (اسے چلتا کرو)	جب کوئی زبردستی منتّی ہونے لگے تو کہا جاتا ہے	اِسے چلتا کرو
ایکوں کیا پتہ بھیڈ دی پچھّت وچ مینگنیاں کون ڈیندے	اسے کیا پتہ بھیڑ کی مقعد میں مینگنیاں کون بناتا ہے	خدا کی قدرت کا اعتراف کرتے ہوئے بولتے ہیں	اونٹ کے پیٹ مینگنیاں کون بناتا ہے
ایکوں لُکاؤ، اوکوں کڈھو	اس کو چھپاؤ اس کو نکالو	دو ہم شکل کے بارے میں بولتے ہیں	اسے چھپاؤ۔ اُسے نکالو
ایکوں لکھ ترونّے دی وُٹ تے	اِسے سرکی چٹائی کے سرے پر لکھ	چیز لینے کے بعد دینے کا ارادہ نہ ہو تو لینے والا بولتا ہے	
ایکوں ماکھی لاکے چٹّو	اسے شہد لگا کر چاٹو	بیکار دستاویز کے بارے میں طنزاً کہتے ہیں	شہد لگاکے چاٹو
ایکوں مِٹھّا پٹیندے	اِسے سٹھّاس کاٹتا ہے	شرارتی بچوں سے تنگ آکر کہا جاتا ہے	
ایمان نال ویسی	ایمان ساتھ جائے گا	مرنے کے بعد ایمان ساتھ دے گا	ایمان ہی انسان کے ساتھ جائے گا
ایمان ہے تاں سب کُجھ ہے	ایمان ہے تو سب کچھ ہے	ایمان سے بڑھ کر کوئی شے نہیں	ایمان ہے تو سب کچھ
ایندا اُبھردا ای اندر ہے، لہندا وی اندر ہے	اس کا اُبھرتا بھی اندر ہے، غروب بھی اندر ہوتا ہے۔	دن بھر گھر میں موجود رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں	
ایندا اَن ڈگانواں جوڑا ہے/ ایندا اَن ڈگا نڑیا جوڑا ہے	اِس کا ان گنا جوڑا ہے (زمین کی پیداوار میں بیلوں کا جوڑا ملائے بغیر حصّہ لیتا ہے)	زبردست کے لئے بولتے ہیں جو بغیر حصّہ ملائے اپنا حصّہ لیتا ہے	
ایندا پیو تازہ موئیا ہوئیا ہے	اِس کا باپ تازہ مرا ہوا ہے	بے فکرے عیاش کے لئے بولتے ہیں	
ایندا تاں پاتری ہیٹھ لاتھے	اِس کا صحنک کے نیچے پڑا ہے	جسے کمانے کی فکر نہ ہو اس کے لئے بولتے ہیں	
ایندا تاں مُتر بلدے	اِس کا تو پیشاب جلتا ہے	بہت ہی خوش قسمت ہے	پیشاب سے چراغ جلتا ہے
ایندا اَتکیا کُئی ساوا نھیں رہیا	اس کا دیکھا ہوا کوئی سرسبز نہیں رہا	اس کی نظر بد شدید ہے	
ایندا دُعا پلوتا ہک ہے	اس کی دعا، بد دعا (کا اثر) برابر ہے	کسی بزرگ کی بزرگی کا کمال ظاہر کرنے کے لئے بولتے کہ یہ دعا کر دے قبول ہو جائے گی	
ایندا ڈنگیا پانی نھیں منگدا	اس کا ڈسا پانی نہیں مانگتا	سخت منتقم ہے	ان کے چاٹے روکھ نہیں رہے
ایندا ڈنگیا کُئی نھیں بچیا	اس کا ڈسا کوئی نہیں بچا	بہت بڑا ٹھگ ہے	ان کے چاٹے روکھ نہیں رہتے

ایندا اکُوئی چھوٹا وڈا کوئنی	اِس کا کوئی چھوٹا بڑا نہیں ہے	ہر قسم کی تربیت اور نگرانی سے محروم ہے	
ایندا اکُوئی رُہی پِٹّی کوئنی	اِس کا کوئی پرسان حال نہیں	جس کا کوئی بزرگ نہ ہو اس کے لئے بولتے ہیں	
ایندا اگُوڈوں تلوار نئیں چیندا	اس کا گدھا تلوار نہیں اٹھاتا (یہ شخص کسی کی پرواہ نہیں کرتا)	مغرور متکبر شخص کے لئے بولتے ہیں	
ایندا اَتّھے آلا زوراں تے ہے	اس کی پیشانی والا (ستارہ) جوبن پر ہے	خوش بخت کے لئے بولتے ہیں	
ایندی دوا حکیم لقمان کول وی کوئنی	اس کی دوائی حکیم لقمان کے پاس بھی نہیں	نہایت وہمی ہے	اس کی دوا تو لقمان کے پاس بھی نہیں ہے
ایندی زبان کالی ہے	اس کی زبان کالی ہے	جس کے کہنے سے دوسروں کو جلد نظر لگ جاتی ہو اس کے بارے میں کہتے ہیں	
ایندی قسمت وِچ وَٹّے ہِن	اس کی قسمت میں بٹّے ہیں	بد قسمت کے لئے بولتے ہیں	
ایندی ہِک رگ وادھو ہے	اس کی ایک رگ فالتو ہے	بہت ہی شرارتی ہے	
ایندے تے گالھ مُکدی ہے	اس پر بات ختم ہے	کسی باکمال کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں	
ایندے ہِچّے تلے ریت ہے	اس کے ہچّے (بھرفا ملے کے) نیچے ریت ہے	یہ غیر اہم اور بے وقعت ہے	
ایندے دماغ وِچ فتور ہے	اس کے دماغ میں خرابی ہے	دماغ خراب ہے	مغز میں کیڑا ہے
ایندے گھر خیر ہے	اس کے گھر خیر ہے	بے اولاد کے لئے بولا جاتا ہے	
ایندے ہتھّاں وِچ چھیک ہِن	اس کے ہاتھوں میں چھید ہیں	بہت فضول خرچ ہے اس کے پاس دولت نہیں ٹھہرتی	ہاتھ پیر میں سنیچر ہیں
ایندیاں اَن ڈُدھیاں ڈُوہیاں چھڑدِن	اس کی ان دوہی چھڑتی ہیں (اس کے کثیر ریوڑ کو دوہنے کی نوبت نہیں آتی)	بہت ہی مالدار ہے	
اینویں آ، جیویں کھوتی بچّل تے آندی ہے	یوں آؤ جیسے گدھی بچے (کے پاس) آتی ہے	کسی کو بہ عجلت واپسی کی تاکید کرتے ہوئے کہتے ہیں	
اینویں بُلیندے جیویں کاں بولے	یوں بولتا ہے جیسے کوّا بولے	بے تُکی بات کرتا ہے	
اینویں بیٹھے جیویں اندھے کوں ماسیت وِچ بٹھا ڈیندی ہے	یوں بیٹھا ہے جیسے اندھے کو ماں مسجد میں بٹھا جاتی ہے	لاوارث بنا بیٹھا ہے	
اینویں بیٹھے جیویں کنجراں دے گھر پُتر جمیا ہووے	ایسے بیٹھا ہے جیسے کنجروں کے گھر بیٹا پیدا ہوا ہو	پژمردہ آدمی	
اینویں تاں اینویں سہی	ایسے تو ایسے ہی سہی	جیسا کروگے ویسا بھروگے	جیسے کو تیسا
اینوں ڈیہدے جیویں بُڈھا کنجر دھی کوں ڈیہدے	یوں دیکھتا ہے جیسے بوڑھا کنجر بیٹی کو دیکھتا ہے	حرص اور طمع کی نگاہ رکھنے اور بایوس گھورنے والے کے لئے بولتے ہیں	
اینویں ڈیہدے جیویں چٹے کپڑے تے رت ہووے	یوں دیکھتا ہے جیسے سفید کپڑے پر خون ہو	سخت ناپسندیدہ سمجھنے والے کیلئے بولتے ہیں	

اینویں ڈیہدے جیویں منجھ موئے کٹے کوں	ایسے دیکھتا ہے جیسے بھینس مرے ہوئے کٹے کو	بے بس مگر پُرامید نظروں سے دیکھنے پر بولتے ہیں	
اینویں رکھے جیویں مونہہ وچ بتری ڈنداں وچ زبان	ایسے رکھا جیسے منہ میں بتیس دانتوں میں زبان	بہت حفاظت کی ہے	
اینویں سب نال تھیندی آئی ہے	ایسے سب کے ساتھ ہوتی آئی ہے	جب کوئی زمانے یا انسانوں کا شکوہ کرے تو جواباً کہا جاتا ہے	ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو بُرا کہتے ہیں
اینویں گئے جیویں گڈوں دے سر توں سنگھ	ایسے گیا جیسے گدھے کے سر سے سینگ	ایسے بھاگا کہ پتہ ہی نہ چلا	ایسے گیا جیسے محفل میں سے جوتا
اینویں نکلیئے روڈا، جیویں سوڑ وچوں گوڈا	ایسے سر منڈا نکلا جیسے رضائی میں گھٹنا	بہت ہی نمایاں نظر آتا ہے	
اینویں ویندے جیویں کاں کماں رغلیل کنوں	ایسے ڈرتا رہتا ہے جیسے کوا کمان رغلیل سے	بہت ڈرپوک ہے	ایسے گیا جیسے محفل میں سے جوتا
ایہاں دیرتاں کھا گھدے بیر	یہی تاخیر تو بیر کھائے	تاخیر ہو جائے تو کام نہیں ہوا کرتا	
ایہا زبان تخت تے بلھاوے، ایہا زبان کھلے کھواوے	یہی زبان تخت پر بٹھائے، یہی زبان جوتے مروائے	اچھی گفتگو باعزت بناتی ہے اور بُری بے عزتی کراتی ہے	زبان ہی ہاتھی چڑھاوے، زبان ہی سر کٹوائے
ایہو جیہیں سہاگ نالوں رنڈیپا چنگا	ایسے سہاگ سے رنڈاپا بھلا	شادی کے بعد سکھ نہ ملے تو شادی بیکار ہے	
ایہو حال مہینوال دا، تاں اللہ بیلی مال دا	اگر بھینسوں کے چرواہے کا یہی حال ہے تو ریوڑ کا اللہ حافظ	اگر چرواہا ریوڑ کی مناسب نگرانی نہ کرے تو جانور کمزور ہو جاتے ہیں	گر ہمیں مکتب و ہمیں مُلّا، کار طفلاں تمام خواہد شد (ف)
ایہو حال ہوسی، تاں ساڈا مُل پوسی	(تیرا) یہی حال ہو تو ہماری قدر و قیمت جانے	دُکھی ہی دُکھی کا احساس کرتا ہے	
ایہو گھڑا انت کھوہ تے گھڑا	یہی گھڑا، ہمیشہ کنویں پر گھڑا	جیسے جس چیز کی طلب ہو وہ وہیں پہنچتا ہے	
ایہوں جیہیں ساڈے کھیسے وچ ہن رٹیپک وچ ہن	ایسے ہماری جیب میں ہیں رچادر کے پلو میں (بندھے) ہیں	ہم داؤ میں آنے والے نہیں	ایسے جیب رناخن میں پڑے ہیں
ایہوں جیہیں کئیں مچھ پئے گئی ہے؟	ایسا کون سا قحط پڑ گیا ہے	بے حد بخیلی کا مظاہرہ کرنے والے سے کہا جاتا ہے	
ایہے تہاڈیاں بسریاں ہن	یہی تمہاری بسریاں ہیں	میزبان کی طرف سے کھانے کے بارے میں انکساری کا اظہار کرنے پر مہمان بطور شکریہ کہتا ہے	
اے اندھا جل ہے	یہ اندھا پانی رتالاب ہے	خربوزے کے بارے میں بولتے ہیں، اس کے میٹھا ہونے کا یقین نہیں ہوتا	
اے اُنہاں بکریاں دا کم ہے جہڑیاں روز کُسدن	یہ اُنہیں بکریوں کا کام ہے جو روزانہ ذبح ہوتی ہیں	تکلیف وہی برداشت کر سکتا ہے جو اس کا عادی ہو	
اے اَن ڈِٹھا خدا نہیں منیندا	یہ ان دیکھا خدا نہیں مانتا	ضدی اور ہٹ دھرم انسان کیلئے بولتے ہیں	بن جانے کون مانے

اے اُونداوی پیو ہے	یہ اُس کا بھی باپ ہے	تیز و طرار اور چالاک ہے	یہاں سب کان پکڑتے ہیں
اے بال ہے جنجال ہے؟	یہ بچہ ہے (یا) عذاب ہے؟	بہت شرارتی بچے کے لئے بولتے ہیں	آفت کا پرکالہ ہے
اے باہروں آئے	یہ باہر سے آیا ہے	جب کوئی شخص سب سے انوکھی کہے تو کہتے ہیں	
اے بلّی ہے تاں گوشت کتھ ہے، اے گوشت ہے تاں بلّی کتھ ہے	یہ بلّی ہے تو گوشت کہاں ہے؟ یہ گوشت ہے تو بلّی کہاں ہے؟	جھوٹے کا جھوٹ ثابت ہو جائے تو بولتے ہیں	
اے بُڈھیا ہویا نہیں، گُڑھیا ہویا ہے	یہ بڑھا ہوا نہیں۔ گڑھا ہوا ہے	تجربہ کار کے لئے بولا جاتا ہے	پڑھا نہیں، گن پڑھا
اے تاں اُوتریاں کوں پتر ڈیندے	یہ تو لاولد کو بیٹا دیتا ہے	بے تُکی ہانکنا اور کسی چیز کو غیر متعلقہ لوگوں سے منسوب کرنا	
اے تاں زور نال گھوٹ دی کُوار تھیون ٹھیا	یہ تو زبردستی دولہے کی بہن بھی بنتا ہوا	خواہ مخواہ قریب آنے کی کوشش کرتا ہے	تو کون، میں خواہ مخواہ
اے تاں سوغات ہے	یہ تو سوغات ہے	بالکل خراب چیز یا ناکارہ شخص ہے	ایسے ہوتے تو عید بقر عید کے کام آتے
اے تاں کوٹھے چڑھ کے پُوڑھی کپیندے	یہ تو کوٹھے پر چڑھ کر زینہ کاٹتا ہے	آگے بڑھا کر ساتھ چھوڑنے والا	
اے تاں نت بلوکڑا ہے	یہ تو ہمیشہ بچہ ہے	زیادہ عمر کے باوجود عقل نہ آئی	
اے تاں ڈنگا پھینڈی ہے	یہ تو باریک پیستی ہے	بہت ہی کنجوس ہے	تم بڑا نھما کاتتی ہو
اے تاں نویں تھئی	یہ تو نئی ہوئی	انوکھی بات پر بولتے ہیں	یہ تو نئی ہوئی ہے
اے تاں وٹ تے پئی ہے	یہ تو باٹ پر پڑی ہے	ہمارا فائدہ کہیں نہیں گیا	ہماری دلّالی بادشاہی جھنڈے تلے ہے
اے تیڈی راہ، او میڈی راہ	یہ تمہارا راستہ، وہ میرا راستہ	ہمارا تمہارا کوئی واسطہ نہیں	وہ راہ تمہاری ہے تو یہ راہ ہماری
اے جگ مٹھا، اگلا کئیں ڈٹھا	یہ دنیا میٹھی دیہے، اگلی کس نے دیکھی	لوگ اس دنیا کی دلچسپیوں میں مست ہیں	یہیں کا چُن، یہیں کا بُن
اے جم دا سُجاں ہے	یہ پیدائشی بدبخت ہے	بچپن ہی سے بدبختی کے شکار کے لئے بولتے ہیں	
اے چھوٹے ڈے کے پڑھے	یہ چھنے دے کر پڑھا ہے	ناقص تعلیم پر طنز	وہ کودوں دے کر پڑھا ہے
اے حالی کھیر پیندے	یہ ابھی دودھ پیتا ہے	نادان اور کم عمر کے لئے بولتے ہیں	ابھی کچا برتن ہے
اے ڈھینگراں دیاں چڑیاں نہیں جھڑیاں ڈیسن	یہ جھاڑیوں کی چڑیاں نہیں جو اُڑ جائیں گی	پختہ کار لوگ گھبرایا نہیں کرتے	
اے سب گول۔ تے کجھ نہ بھول	یہ سب گول (ہوا) اس لئے کچھ نہ کھلواؤ	بہت گڑبڑ ہے کچھ نہ پوچھو	
اے سبق ریّئی کیئں ہے کوں پڑھاویں	یہ سبق ریّی کسی اور کو پڑھاؤ	ہمیں یہ کام نہیں کرنا	یہ پٹی نہیں پڑھے
اے گھیو، او وستّ، ساڈا مفت دا ہے کھٹّ	یہ گھی، وہ بھی بلا پڑا، ہمارا مفت کا کھانا ہے	دو اپنوں میں تیسرا غیر بے وقعت ہوتا ہے	
اے مانگداں تپ نئیں ڈیندا	یہ مانگے میں بخار نہیں دیتا	بہت بخیل ہے	
اے وی نبھ ای ویسی	یہ بھی گذر ہی جائے گی	مشکل وقت ہمت باندھنے سے گزرتا ہے	

ایاݨاں گالھ کرے، سیاݨاں قیاس کرے	نادان بات کرے، عقلمند بوجھے	دانا جلدی بات کی تہ کو پالیتے ہیں	
ایڈوں اوڈوں ڈِتے، آدم واہݨ جھلّے	ادھرادھر کے پلٹے، آدم واہن نے سبھالے	گھوم پھر کر اُسی آستانے پر آگیا	صبح کا بھولا شام کو گھر آئے تو اُسے بھولا نہیں کہتے۔
ایکا کرن لوک، تاں کیوں ناں وَسّے جھوک	لوگ اتفاق کریں تو بستی کیوں نہ بسے	اکھٹے رہنے سے بستیاں شہر اور بنتے ہیں	
بابا آوے تے بکریاں چھیڑو	بیٹا آؤ اور بکریاں چراؤ	کسی کی اُمید پر بیٹھ رہنے والے کے بارے میں بولتے ہیں	
بابا ٹُل تے پکی پکائی گھل	بابا جا اور پکی پکائی بھیج	محنت کے بغیر حصول مقصد کی آرزو	
بابا سݙݨ سوکھا ہے، سݙ اوݨ اوکھا ہے	اَبّا / باپ کہنا آسان ہے، کہلوانا مشکل ہے	باپ بن کر کنبے کی کفالت کرنا آسان کام نہیں	
بابا دَلی، بُکّی سبھلّی	بابا دلی (تھا)، ڈھکا اچھا	کوئی بڑے خاندان کی بُرائی کر رہا تھا تو کہنے والے سے طنزاً کہا جاتا ہے	
بالو آکھیئی جو دِہاج ؟	کیا باپ نے کہا ہے کہ جَو خریدو	بیکار کام کرنے والے سے طنزاً کہتے ہیں	
بالو کوں بیج ناں ڈِیسیجے متاں ہل وَہاوݨے	باپ کو بیج نہ دیا جائے کہیں ہل چلانے	سست لوگ کام سے گھبراتے ہیں	
پوون / جو ہلاں کنوں چھُٹیجے	پڑیں / تاکہ ہلوں سے چھٹکارا ملے		
باچھا بھولوں، وزیر لولوں، رعیت کوں کِتھاں گولوں	بادشاہ بندر، وزیر نیولا، رعایا کو کہاں تلاش کریں	حاکم بے وقوف ہوں تو عوام کا خدا حافظ	
بادشاہ دا پتر مویا دُنیاں آئی، بادشاہ مویا کُئی ناں آیا	بادشاہ کا بیٹا مرا خلقت آئی، بادشاہ مرا کوئی نہ آیا	لوگ بڑے آدمی کے سامنے اس کی خوشامد کرتے ہیں	قاضی کی لونڈی مری، سارا شہر آیا، قاضی مرا کوئی نہ آیا
بادشاہ دی ڈات، جݨ بچّہ گھانی وات	بادشاہ کی عطا، رن بچّہ کولہو میں	بادشاہ کا جبر کسی کو نہیں دیکھتا	
بادشاہ دے اگّوں نوکر، نوکراں اگّوں چاکر چاکراں اگّوں کُتش کُتش	بادشاہ کے آگے نوکر، نوکروں کے آگے چاکر اور چاکروں کے آگے ہانکے جانے والے (کتّے)	لوگ ذمّہ داری اپنے سے چھوٹے پر منتقل کرتے ہیں	چاکر کے آگے کوکر، کوکر کے آگے پیش خدمت
بادشاہواں آلیاں گالھیں ہِن	بادشاہوں والی باتیں ہیں	کوئی بُرانا دانی والی باتیں کرے تو کہا جاتا ہے	صاحبزادوں کی سی بات کرتے ہو (غالب)
بادشاہواں آتے دریاواں دا بھیر / اَنت کیں پاتا	بادشاہوں اور دریاؤں کی انتہا کس نے پائی	بڑوں کے دل کی باتیں جاننا مشکل ہے	بادشاہوں اور دریاؤں کا بھیر کس نے پایا
بادشہیں کوں پووݨ ڈیکے، تے جٹی کون وچاری	بادشاہوں پر مصیبتیں آئیں تو جاٹنی کون بیچاری	جب بڑے عقلمند عاجز ہوں تو چھوٹے کی کیا حیثیت	بڑے بڑے بہے جائیں، گدھا پوچھے کتنا پانی
باز کوں ڈھا لگّے تاں چڑیاں دی وی ٹھونگے مریندن	باز پر بدبختی آئے تو چڑیاں بھی ٹھونگے مارتی ہیں	مصیبت میں ادنیٰ بھی مذاق کرتے ہیں	

باقی اللہ داناں	باقی اللہ کا نام	خدا لازوال ہے	باقی نام اللہ کا
باندی رُسّے تاں باندی مُسّے، بی بی رُسّے تاں باندی مُسّے	باندی روٹھے تو باندی خسارہ اُٹھائے مالکن روٹھے تو باندی خسارہ اٹھائے	ہر حالت میں کمزور نقصان اٹھاتا ہے	
باندری دے پیر سڑن لگے اوں بال پیراں ہیٹھ چا ڈِتے / باندری دے پیر سڑن لگن تاں او بالاں کوں چیر کے پیراں تلّے چا رکھیندی ہے	بندریا کے پاؤں جلنے لگے اُس نے بچے پاؤں تلے دے دیئے / بندریا کے پاؤں جلنے لگیں تو وہ بچوں کو چیر کر پاؤں تلے رکھ لیتی ہے	اپنی جان سب سے عزیز ہوتی ہے	
باندراں دے گل بانات دیاں ٹوپیاں	بندروں کے گلے میں بانات کی ٹوپیاں	کم ظرف کو نوازنے پر کہا جاتا ہے	بندر کے گلے میں موتیوں کی مالا
بُت راوی دو چڑھ جُلیم تے جی چھوڑیم تیڈے کول	میرا جسم چڑھ کر راوی کی طرف جا رہا ہے اور دل تیرے پاس چھوڑے جا رہی ہوں	عاشق کا دل محبوب کے پاس ہوتا ہے	
بُتھا پلانڑ ہے اُجّاں ہہانڑ ہے	بوسیدہ پالان ہے، ابھی بچھیری ہے	بوڑھا ہونے کے باوجود جوان کہلانے کی آرزو	بوڑھ بھجی گیاں . دماغ مور دیلے
بُتّی ڈنگوری تھاں بھنّنڑ جوگی ہے	بوسیدہ لاٹھی برتن توڑنے کے لئے کافی ہے	کوئی شے بے کار نہیں ہوتی	کھوٹا پیسہ بھی کام آتا ہے
بُھٹھ پیا اُدھار جہڑا انکھیڑے یار	بھٹی میں پڑا اُدھار، جو یار جُدا کرے	اُدھار دینے کے بعد دوستی میں فرق آجاتا ہے	اُدھار محبت کی قینچی ہے
بُھٹھ پیا او سونا جہڑا کن پاڑے / ترُوڑے	جو سونا کان چیرے اُسے بھٹی میں ڈالو	تکلیف دہ اچھی چیز بھی بُری لگتی ہے	بھاڑ میں / بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان
بُھٹھ پیا پیسہ جہڑا یار نکھیڑے	بھٹی میں پڑی دولت، جو یار جُدا کرے	دولت مند دوستی نہیں نبھاتا	
بُھٹھ پئی تانگھ پرائی	پرایا انتظار بھاڑ میں ڈالو	انتظار کی کوفت بہت بُری ہے	انتظار موت سے شدید تر ہے (ع)
بُھٹھ پئی وِنگار جہڑی یار نکھیڑے	بھٹی میں پڑی بیگار، جو یار جُدا کرے	بیگار لینے سے تعلقات کشیدہ ہوجاتے ہیں	
بُھٹھ تیڈا ڈِتا، جہڑا ساڑے ہاں پتّا	تیرا دیا بھاڑ میں، جو دل (اور) پتّے کو جلائے	کسی کو دے کر احسان نہ جتاؤ	
بُھٹھ کھیڑیاں دے تُول وِہانڑے، میکوں بھاندی رانجھنڑ دی لوئی	کھیڑوں کے گدّے تکیے بھاڑ میں جائیں مجھے رانجھے کی لوئی اچھی لگتی ہے	انسان کو اپنی معمولی چیزوں میں خوش رہنا چاہیئے	
بُھٹھ وے جوبن تیڈی یاری، وِداع ناں کیتو چُلدی واری	اے جوانی! تیری دوستی بُری، جاتے وقت الوداع نہ کہا	جوانی سدا نہیں رہتی / جوانی گزرنے کا ہمیشہ غم رہتا ہے	
بچّے تاں پوں بارہاں، نہیں تاں ترے کانڑے	بچّے تو مزے، نہیں تو تین کانے	نفع ہوا تو ٹھیک ورنہ نقصان	بچے تو پو بارہ، نہیں تو تین کانے
بچّے کوں جا ہے گھٹّے کوں جا نہیں	بچی ہوئی شے کی جگہ ہے کمی کی جگہ نہیں	کسی تقریب کے موقعہ پر شے کا بچنا اچھا ہوتا ہے	
بخت بہنڑ نہیں ڈیندا	خوش بختی بیٹھنے نہیں دیتی	خوش بختی آگے بڑھنے کے لئے بے چین ہے	
بخت چھتّا کُتّا ہے جیکوں چمبڑ ونجے	خوش بختی پاگل کتّے (کی طرح) ہے جسے چمٹ جائے	خوش بختی شکل دیکھ کر نہیں آتی	بخت و دولت بکاردانی نیست (ف)

بخت دا کھلا ڈاڈھا ہوندے	بخت کا تھپیڑا زبردست ہوتا ہے	خوش بختی زبردستی آتی ہے	
بخت عورت دے سر وچ ہے، اولاد مرد دے سر وچ	خوش بختی بیوی کی قسمت میں ہوتی ہے اور اولاد خاوند کی قسمت میں	نصیب کا تعلق بیوی کے سہاگ سے بتایا جاتا ہے	
بخت کھلے مار کے آندے	خوش بختی جوتے مار کر آتی ہے	خوش بختی زبردستی آتی ہے	
بختی تھیوی چھا ساکوں کتیاں کنوں چھڑا	تجھے چھاچھ بخشی، ہمیں کتوں سے بچا	ایسی فیاضی جس سے لوگوں کو تکلیف ہو بے فائدہ ہے	بلی نے تیری چھاچھ چھوڑی، کتوں سے چھڑا
بخشیش سو سو، لیکھا جو جو	بخشش سینکڑوں کی حساب ذرہ ذرہ کا	حساب کتاب میں ذرا بھر رعایت نہیں ہونی چاہیئے	۱۔حساب کوڑی کوڑی، بخشیش لاکھوں کی ۲۔حساب جو جو، بخشیش سو سو
بدرا بد بلا، ساوݨ ہووے ہا	بھادوں بری بلا (کاش) ساون ہوتا	بھادوں ساون کی نسبت زیادہ گرم ہوتا ہے	یا مارے ساجھے کا کام، یا مارے بھادوں کی گھام
بدراں بدرنگ، کالا گورا کالی گوری ہکو رنگ	بھادوں بدرنگ (کرتا ہے)، کالا گورا کالی گوری ایک رنگ (ہو جاتے ہیں)	بھادوں کی دھوپ رنگ جلاتی ہے	بھادوں کی دھوپ میں ہرن کالے ہوتے ہیں
بدراں دی پنڈ تے کتیں دی چھا، ہرتے دی چاہ	بھادوں کی کھجور (کھانا) اور کاتک میں لسی (پینا)، بخار کی خواہش (ہے)	کھانے کی اشیاء کا استعمال موسم کے مطابق کرنا چاہیئے۔	بھادوں کی چھاچھ پوتوں کو، کاتک کی چھاچھ بھوتوں کو
بدراں دی دھپ بری، متری دی بکھ بری	بھادوں کی دھوپ بری، سوتیلی کی بھوک بری	بھادوں کی دھوپ اور سوتیلی ماں کا ظلم برا ہوتا ہے	بھادوں کا گھام (گرمی) ساجھے کا کام
بد شکلی ہووے، بدعملی ناں ہووے	بدشکل ہو، بدعمل نہ ہو	اصل اہمیت کردار کی ہے	
بدکردار رچ ویندی ہے بدزبان نئیں رچیدی	بدکردار رچ جاتی ہے، بدزبان نہیں رچتی	بدزبانی، بدکرداری سے بھی بری ہے	
بد کنوں بدناں برا	بد سے بدنام برا	بداعمال سے بدنام زیادہ برا ہے	بد سے بد نام برا
بدل کالا تاں نت سیالا، بدل کالے تاں نت سیالے	بادل سیاہ (رہیں)، تو ہمیشہ سرما	سورج نکلنے ہی سے گرمی کا احساس ہے	
برا برائی توں ناں وبجھے تاں نیک نیکی توں کیوں وبجھے	برا برائی سے باز نہ آئے تو نیک نیکی سے کیوں رکے	نیکی کی عادت کبھی ترک نہ کرو	بد بدی سے نہ جائے تو نیک نیکی سے بھی نہ جائے
برے توں برا کرا، ناں ڈاند دی کوہانڈ ناں جٹ دا طرہ	سب سے بری رتے، خشک سالی، نہ بیل کی کوہان (رہتی ہے)، نہ جاٹ کا طرہ	خشک سالی کسان اور جانور دونوں کو نقصان دیتی ہے	
برے کوں گھر تئیں چھوڑ، گھرے بھن تئیں تاں چھوڑ	برے (آدمی) کو گھر تک چھوڑو، گھر سے پھوڑنے تک نہ بخشو	برے کی برائی عیاں کر دینی چاہیئے، برے کو انجام تک پہنچانا چاہیئے	جھوٹے کو اس کے گھر تک پہنچا دینا چاہیئے

بُرے کوں وی مُونہہ تے بُرا نہیں آہدے	بُرے کو بھی منہ پر بُرا نہیں کہتے	کسی کے نقص کا اظہار وضعداری کے خلاف ہے	بھڑوے کو بھی مُنہ پر بھڑوا نہیں کہتے
بُرائی لُکھی نہیں رہندی	بُرائی چھپی نہیں رہتی	بدی ظاہر ہو کر رہتی ہے	پاپ اُبھرے پر اُبھرے
برادری / ہمسایاں کوں ڈیکھنی مکان بنا یا شادی کر	برادری / ہمسایوں کو دیکھنا ہے تو مکان بنا، یا شادی	بیاہ کرنے اور مکان بنانے سے برادری اور ہمسایوں کی حقیقت کھلتی ہے	بیاہ رچا دیکھ اور مکان بنا دیکھ
بزاری رن دا کیاں اعتبار	بازاری عورت کا کیسا اعتبار	کمینہ قابل اعتماد نہیں ہوتا	بازاری آدمی کا کیا اعتبار
بسم اللہ دی بیڑی وِچ بیٹھے ہِن	بسم اللہ کی کشتی میں بیٹھے ہیں	زمانے کے سرد گرم سے بے تعلق ہیں	بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھے ہیں
بسم اللہ دے ویلے دا	بسم اللہ کے وقت کا	گذشتہ اور اچھے زمانے کا انسان	اچھے وقتوں کا ہے
بسم اللہ ہی غلط تھی گئی ہے	آغاز ہی غلط ہو گیا ہے	اچھا کام اپنے آغاز سے دیکھا جاتا ہے	سرے ہی کی جیٹر کانی
بستی دی نونہہ، جنگل ڈو ہوں مونہہ	بستی کی بہو، ویرانے کی جانب رُخ	جو خود خراب ہو اس کے زیرِ کفالت بھی ویسے ہی ہوں گے	
بستی / بی بی وَسّے قاسم بیلے، مَن فرید آباد	بستی / محترمہ قاسم بیلے میں رہتی ہے اس کا دل فرید آباد (میں ہے)	خود کہیں تصور کہیں	
بَسّے اُٹھ پلاݨ نہیں چیندے	پست حوصلہ اُونٹ پلان نہیں اٹھاتے	بزدل ذمہ داری / مشکلات برداشت نہیں کر سکتے	
بُکسا کچھ وِچ، ڈھنڈورا شہر وِچ	پوٹلی بغل میں ڈھنڈورا شہر میں	قریب پڑی شے کی ڈھنڈیا پڑنے پر بولتے ہیں	لڑکا بغل میں ڈھنڈورا شہر میں
بعضیاں / کنہاں دا مُتر بلدے، بعضیاں / کنہاں دا گھیو وی نہیں بلدا	بعض کا پیشاب جلتا ہے، بعض کا گھی بھی نہیں جلتا	خوش بخت کے اُلٹے کام بھی فائدے کا باعث بنتے ہیں	
بغاناں بال چُمیا، لالاں بھریا وات؛ بغانیں چُلھ پھوکی، سُوا بھریا وات	پرایا بچہ چوما تو، رال بھرا مُنہ، پرائے چولہے کو پھونکا، راکھ بھرا مُنہ	پرائی شے سے محبت نقصان دیتی ہے	پوت بگانے چوتیے، منہ رالوں بھریے
بغانی / پرائی قبر کوں لیندے	پرائی قبر کون لیتا ہے	ہر کوئی اپنوں کا بھلا کرتا ہے	پرائی سیر لینے میں کون دھواں کرتا ہے
بغانیں دیتیں شو ہکار	پرائے دھن پر ساہوکار	پرائے مال پر شیخی مارنے والا	بگانی کھیتی پر جھینگر ناچے
بغانیں ساہ دا کیاں وِسا	پرائے سانسوں کا کیا بھروسہ	زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں	بگانی آس، نت اپاس
بغانیں ہاوے، نیندر ناں آوے	غیر کے حسد میں نیند نہ آئے	حاسد خواہ مخواہ جلتا رہتا ہے	بگانی آس، نت اپاس
بُکھ اشراف اے، ڈرج کمینہ اے	بھوکا شریف ہے، پیٹ بھرا کمینہ	سرمایہ دار متکبر ہوتے ہیں	
بُکھ تے مردے ہِن لاڈ پئے کردے ہِن	بھوکوں مر رہے ہیں، لاڈ کر رہے ہیں	اُس کے لئے بولتے ہیں جو بھوک میں بھی محنت سے کترائے	
بُکھ تریہہ سب نال لگی ہوئی ہے	بھوک پیاس سب کے ساتھ لگی ہے	کھانا پینا انسانی فطرت کا تقاضا ہے	بھوک پیاس اللہ نے سب کے ساتھ لگا دی ہے
بُکھ مونے کنوں ترٹ مویا چنگا / بُکھ مرݨ کنوں ترٹ مرݨ چنگا	بھوکا مرنے سے (محنت کر کے) ٹوٹ مرنا بہتر (رہے)،	محنت کر کے کمانا اچھا ہے	بے کاری سے بیگاری بھلی

بکھ علیاں دی مار نانی	بھوک عیوب کی ماں رنانی	بھوک کا آدمی برائیوں پر اتر آتا ہے	
بکھ ناں پچھے رکھی سکھی، عشق تاں پچھے ذات، نیندر ناں پچھے بسترے، جتھ وہائی رات	بھوک روکھی سوکھی نہیں پوچھتی، عشق ذات نہیں پوچھتا، نیند بستر نہیں پوچھتی جہاں رات آئی گزار لی	بھوک، عشق اور نیند کی بے چینی ناقابل برداشت ہوتی ہے	پریت نہ جانے جات کجات، نیند نہ جانے ٹوٹی کھاٹ، بھوک نہ جانے باسی بھات پیاس نہ جانے دھوبی گھاٹ
بکھ ویلے چنے بدام نظردن	بھوک کے وقت چنے بادام نظر آتے ہیں	بھوک میں ادنیٰ شے بھی اعلیٰ سمجھی جاتی ہے	بھوک میں گوڑ پکوان
بکھا بنگالی	بھوکا بنگالی	ندیدہ اور حریص	بھوکا بنگالی بھات بھات کرے
بکھا جنڈل وچے، رجیا ادھاری منگے	بھوکا تھان بیچے، پیٹ بھرا ادھار میں چاہے	لوگ دوسروں کی مجبوری سے فائدہ اٹھاتے ہیں	بھوکا گیا جو بیچنے، اگاہنا کہے بندھک رکھو
بکھا خدا کنوں وی ڈاڈھا ہوندے	بھوکا خدا سے بھی طاقت ور ہوتا ہے	بھوکا بدمزاج ہوتا ہے	بھوکا سو روکھا
بکھا ڈینہہ ایں	بھوکا ڈائن کی طرح ہے	بہت ہی پیٹو ہے	
بکھا رجے تاں پرائیں کن بھجے	بھوکا رجے تو غیروں کی جانب دوڑے	خوشحالی میں اپنے بھول جاتے ہیں	
بکھا رن وچے، رجیا ادھاری منگے	بھوکا بیوی کو بیچے، پیٹ بھرا ادھار پر دلینا چاہے	پریشان حال کی پریشانیوں میں اضافہ ہی ہوتا رہتا ہے	بھوکا جورو بیچے، رجا کہے ادھار دوں
بکھا کتا سئیں پٹاوے	بھوکا کتا مالک کو گالیاں دلائے	برا نوکر مالکوں کے لئے بدنامی کا باعث ہوتا ہے	
بکھا کتا سئیں کوں بھونکے	بھوکا کتا مالک کو بھونکے	بھوکے کو اپنوں کی بھی تمیز نہیں رہتی	
بکھا کراڑ واہیاں پٹے، منجھوں لہا کے اتے گھتے	بھوکا بنیا بہی کھاتے کھولے، ہتھ آتار کے اوپر ڈالے	بھوکا سرمایہ دار اپنے مقروض لوگوں کی تلاش میں رہتا ہے	
بکھا کنجر دھی کوں ڈیہدے	بھوکا کنجر بیٹی کو دیکھتا ہے	حرص میں رشتوں کی تمیز نہیں رہتی	
بکھا ننگا یار دھروے در تے بیٹھا کھنگے، پچولی دی امید رکھیو سے ہتھوں ٹوپی منگے	بھوکا ننگا دوست اپنا یا دروازے پر بیٹھا کھانسے، پچولی کی امید کی الٹا ٹوپی مانگے	فائدہ کی امید میں نقصان ہوا	
بکھے تھیوسے تاں سجن اکھیوسے	بھوکے ہوئے تو (اُسے) دوست کہا	ضرورت کے وقت دوست بنائے جاتے ہیں	
بکھے جٹ کٹورا لدھا، پانی پی پی آپھریا	بھوکے دیہاتی نے کٹورا پایا، پانی پی کر اپھر گیا	جو چیز کبھی نہ دیکھی ہو اس کا زیادہ استعمال نقصان دہ ہوتا ہے	اترکھی کے ہاتھ آئی کٹوری، پانی پی پی ہوئی پدڑی
بکھے شریف تے رجے امیر کنوں ڈر بچے	بھوکے شریف اور رجے دولت مند سے ڈرنا چاہیئے۔	دونوں لڑنے کو تیار رہتے ہیں	بھوکے بھلے مانس اور پیٹ بھرے گنوار سے نہ بولے / رذیل سے ڈریئے
بکھے کنوں پچھیا، ڈو تے ڈو، آکھیس چار روٹیاں	بھوکے سے پوچھا، دو اور دو، اس نے کہا چار روٹیاں	ضرورت مند اپنی ضرورت کی بات کرتا ہے	بھوکے سے پوچھا، دو اور دو کتنے کہا چار روٹیاں
بکھے کوں سب کجھ گاجراں ہن	بھوکے کے لئے سب کچھ گاجریں ہیں	بھوکا آدمی ہر شے بآسانی کھا جاتا ہے	جب پیٹ میں کھدیا گی، میٹھا اور سلونا کیا

مُٹھے نیں مُٹھے کوں ماریا، ڈوہیں ڈھیہہ پئے	بھوکے نے بھوکے کو مارا، دونوں گر گئے	بے فائدہ محنت کس کام کی	بھوکے کو بھوکے نے مارا، یہ بھی گرا وہ بھی گرا۔/ دونوں کو غش آ گیا
بگانیاں دے محل ڈیکھ کے آپنْے چھپّر نال ڈھا ر ساڑ	غیروں کے محل دیکھ کر اپنے چھپّر نہ گراؤ ر جلاؤ	انسان کو اپنی حیثیت میں رہنا چاہیئے	پرایا سر لال دیکھ کر اپنا سر نہ پھوڑ
بگے مُول نال تھیندے کالے، بھانویں مل کھڑنْ مُکاے	سفید ہرگز کالے نہیں ہوتے، چاہے مُنہ کالا کریں	اصلیّت چُھپا نہیں کرتی	
بلوچاں نال یاری اَتے بوہے رکھنْے جھکے	بلوچوں سے دوستی اور دروازے کم بلند رکھنے (بلوچ شتربان ہوتے ہیں)	امیر لوگوں سے دوستی نہ لگاؤ یا اُس کا سامان کرو	یا مکن با پیل باناں دوستی، یا بنا کن خانۂ درخورد پیل (ف)
بماری آندی ہے گھوڑے ٹور، ویندی ہے کریلی ٹور	بیماری گھوڑے کی چال سے، آتی ہے اور چیونٹی کی چال سے جاتی ہے	بیماری دیر سے جایا کرتی ہے	آئے ہاتھی کی چال، جائے چیونٹی کی چال
بماری تے مقدمے کنوں خدا بچاوے	بیماری اور مقدمے سے خدا محفوظ رکھے	بیماری اور مقدمے پر بے حساب رقم اُڑتی ہے	
بماری ہمیشہ مونہہ کنوں آندی ہے	بیماری ہمیشہ منہ کی طرف سے آتی ہے	بد پرہیزی بیماری کا سبب بنتی ہے	پیٹ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں
بندر تے گڑکاں رتراڈاں پڑ تے گھوٹو	کھُرلی پر ڈکار کا شور، اور میدان میں سکوت	جو شخص کام کے وقت چستی نہ دکھائے اس کے لئے بولتے ہیں	
بندہ آپنْی مرضی آندے نال آپنْی مرضی ویندے	انسان اپنی مرضی سے آتا ہے نہ اپنی مرضی سے جاتا ہے	انسان کا اپنی پیدائش یا موت پر اختیار نہیں	انسان اپنی مرضی آتا ہے نہ اپنی مرضی جاتا ہے
بندہ آپنْے تے مچلدے	انسان خود پر قیاس کرتا ہے	انسان دوسروں کو اپنے پر قیاس کرتا ہے	المرء یقیس علیٰ نفسہٖ (ع)
بندہ آپنْے ناں توں پچھاتا ویندے	بندہ اپنے نام سے پہچانا جاتا ہے	انسان کے لئے اُس کا نام اہم ہوتا ہے	آدمی کے لئے اس کا نام اور شیر کے لئے اس کی کھال قیمتی ہے (ج)
بندہ آندا اپنْی مرضی نال ہے ویندا ہے دی مرضی نال ہے	انسان آتا اپنی مرضی سے ہے، جاتا دوسرے کی مرضی سے ہے	میزبان کی اجازت کے بغیر مہمان نہیں جا سکتا	انسان اپنے بس آتا ہے پرائے بس جاتا ہے
بندہ آدے، کم دی یاد آویندے	آدمی آئے، کام بھی یاد آ جاتا ہے	آدمی کے ہونے سے کام نکلتے ہیں	ہے آدمی ہے کام، نہیں آدمی نہیں کام
بندہ او تئیں باری، جے تئیں ٹُر کے نئیں گیا	انسان اس وقت تک بھاری ہے جب تک چل کر نہیں گیا	دوسرے کے پاس چل کر جانے کے بعد انسان کی اہمیت گھٹ جاتی ہے	
بندہ اُوہو جہڑا اوکھے ویلے پکڑے	انسان وہی جو مشکل میں کام آئے	اچھے انسان مشکل وقت میں دوسروں کے کام آتے ہیں	وہی اپنا جو اپنے کام آئے
بندہ ایندے ناں دا کُتّا وی ناں رکھے	انسان اس کے نام کا کُتّا بھی نہ رکھے	جس سے سخت نفرت ہو اس کے بارے میں کہتے ہیں	اس کے نام کا کتّا بھی نہیں پالتے
بندہ بشر جو تھیا	آدمی بشر جو ہوا	انسان کی فطرت میں سہو و خطا ہے	بندہ بشر ہے/ انسان خطا کا پتلا ہے

بندہ بندے دا دارُوں ہے/آسرا ہے	آدمی آدمی کا علاج ہے/سہارا ہے	آدمی کو آدمی سے فائدہ پہنچتا ہے	جیو کا آہا رجیو
بندہ بندے دے کم آندے	اِنسان اِنسان کے کام آتا ہے	ضرورت کے وقت انسان ہی ایکدوسرے کے کام آتے ہیں	آدمی کے کام آدمی آتا ہے
بندہ بندے دے مُغز/پچھوں نال پووے	انسان، انسان کے پیچھے نہ پڑے	اِنسان کی دشمنی شدید ہے	
بندہ بندے دے وَس نال پووے	انسان انسان کے بس نہ پڑے	کام پڑنے پر انسان کی حقیقت کھُلتی ہے	خُدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے
بندہ ٹھڈ نال نھیں مردا، بُکھ نال مَردے	انسان سردی سے نہیں مرتا، بھوک سے مرتا ہے	بھوک سردی سے زیادہ خطرناک ہے	سردی کا مارا پنپتا ہے ان کا مارا نہیں پنپتا
بندہ ڈِھڈھ پچھوں کیا نھیں کریندا	انسان پیٹ کی خاطر کیا نہیں کرتا	پیٹ پالنے کے لئے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے	پیٹ جو چاہے سو کرائے
بندہ ڈِھڈھ دا کُتا ہے	اِنسان پیٹ کا کُتا ہے	انسان بھوک میں بہت ادنیٰ ہو جاتا ہے	اِنسان پیٹ کا کُتا ہے
بندہ ڈِھڈھ دے پچھوں کُوڑ کماندے	اِنسان پیٹ کی خاطر جھوٹ کماتا ہے	روٹی کے لئے اِنسان بے شمار گناہ کرتا ہے	روٹی کارن آدمی، لاکھ پاپ کمائے
بندہ راضی خدا راضی	اِنسان راضی دتو، خدا راضی	اِنسان کو کسی صورت نہ دُکھاؤ	بندہ راضی، رب راضی
بندہ کرے اَوَلیاں، رب کرے سَوَلیاں	بندہ اُلٹے کام کرے، خدا سیدھے (نتائج) کرے	خُدا انسان پر مہربان ہے	خدا سب کی محنت سوارت کرتا ہے اکارت نہیں کرتا
بندہ کلّھا آندے، کلّھا ویندے	آدمی اکیلا آتا ہے، اکیلا جاتا ہے	ہر شخص اکیلا پیدا ہوتا ہے اور اکیلا مرتا ہے	ساتھ کوئی نہ آیا، نہ کوئی جائے
بندہ کم نال سوہݨاں ہے	اِنسان ہُنر سے سجتا ہے	بیکاری عیب ہے	
بندہ کیا جیڑھا بندے کوں ناں پچھاݨے	بندہ کیا جو بندے کو نہ پہچانے	اِنسان میں مردم شناسی ہونی چاہیئے	آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے
بندہ گلّے غم دترح، چاول گلّے دم وترح	اِنسان غم میں گھُلتا ہے اور چاول دم میں	غم انسان کو کھا جاتا ہے	جب تک دم ہے تب تک غم ہے
بندہ لِنڈا وَنڈ ہووے، ڈیوݨے دار ناں ہووے	اِنسان قرض خواہ ہو، مقروض نہ ہو	مقروض اِنسان معاشرے میں اچھا نہیں سمجھا جاتا	
بندہ مارے تُھو تے گِنے پِک	انسان تھُو (جوتے)، مارے اور ایک گنے	سخت ڈھیٹ کو سرزنش کرتے ہوئے بولتے ہیں	تھُو مارے اور ننانویں سے بھول جائے
بندہ مُتّھے توں نظردے	آدمی چہرے بُشرے سے نظر آتا ہے	چہرہ انسان کی حقیقت کھول دیتا ہے	آدمی چہرے مُہرے سے پہچانا جاتا ہے
بندہ مر ویندے شئیں رہ ویندن	آدمی مرجاتا ہے اشیاء رہ جاتی ہیں	اشیاء کی زندگی اِنسان سے طویل تر ہے	جوگی تھا سو اُٹھ گیا آسن رہی بھبوت
بندہ مر ویندے گالھ رہ ویندی ہے	آدمی مرجاتا ہے، بات رہ جاتی ہے	اِنسان کی باتیں یاد رہتی ہیں	
بندہ مِنڈے، رب گنڈے	انسان تخمینے لگاتا ہے، خُدا گنتا ہے	خُدا کی مرضی ہو کر رہتی ہے	بندے کا چاہا کچھ نہیں ہوتا، اللہ کا چاہا سب کچھ ہوتا ہے
بندہ مَوت دی راکھی ہے	انسان موت کی محافظت میں ہے	اِنسان وقت سے پہلے نہیں مرسکتا	
بندہ مویا، قیامت آ گئی	اِنسان مرا، قیامت آگئی	جب مرگئے تو دنیا اندھیر ہوگئی	آنکھ مندی، اندھیرا پاکھ

بندہ نہیں رہندا، اوندی گالھ رہ ویندی ہے	آدمی نہیں رہتا، اس کی بات رہ جاتی ہے۔	انسان کے مرنے کے بعد اس کے کام یاد آتے ہیں۔	
بندہ وݙا روݙو ہے	انسان بہت پھرنے والا ہے	آدمی بہت دوڑ دھوپ کرتا ہے	آدمی سا بکھیڑو کوئی نہیں
بندہ ہے، جن ہے؟	بندہ ہے یا جن ہے؟	زبردست قوت کے مالک شخص کے لئے بولتے ہیں	آدمی ہو یا آسیب
بندہ ہے ناں بندے دی ذات	اِنسان ہے نہ انسانوں کی جنس میں سے	ویران جگہ کے لئے بولتے ہیں	آدم نہ آدم زاد
بندہ ہے ناں چھینڈوں	آدم ہے نہ آدم زاد	ویران جگہ ہے	آدم ہے نہ آدم زاد
بندہ ہیں گھائیں ہیں	اِنسان ہے گھسیارہ ہے	کسی کی عدم مہارت دیکھ کر کہتے ہیں	
بندہ ہیں یا نائی	بندہ ہے یا نائی	کسی کی عدم مہارت دیکھ کر کہتے ہیں	
بندہ ہیں یا جانور/ڈھگر	انسان ہے یا جانور	جب کسی اِنسان سے کوئی کوتاہی ہو تو بولتے ہیں	آدمی ہو یا جانور
بندے دا پتہ اوندے یاراں کنوں لگدے	انسان کا اندازہ اس کے دوستوں سے ہوتا ہے۔	اِنسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے	انسان اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے
بندے دا شکل توں پتہ لگدے	انسان کا شکل سے پتہ چلتا ہے	چہرہ دلی کیفیات کا آئینہ دار ہوتا ہے	آدمی چہرے مُہرے سے پہچانا جاتا ہے
بندے دی دوا بندہ	آدمی کی دوا آدمی	اِنسان ہی انسان کا سہارا ہے	آدمی کی دوا آدمی ہے
بندے دی قدر مرݨ پچھوں تھیندی ہے	اِنسان کی قدر مرنے کے بعد ہوتی ہے	مرنے کے بعد انسان کی خوبیاں یاد آتی ہیں	انسان کی قدر مرنے کے بعد ہوتی ہے
بندے دی قدر مویں پچھے تھیندی ہے	آدمی کی قدر مرنے کے بعد ہوتی ہے	انسان کی خوبیاں اس کے مرنے کے بعد عیاں ہوتی ہیں	آدمی کی قدر مرنے پر ہوتی ہے
بندے دی گزران، کیا جھوپڑی، کیا مکان	انسان کا گزارہ، چاہے جھونپڑی چاہے مکان	اِنسان کہیں نہ کہیں زندگی گزار لیتا ہے	
بندے دی ڳݨیں کم نہیں آندی	انسان کی گنی ہوئی کام نہیں آتی	اِنسانی تدبیریں بیکار ہیں	بندے کا چاہا کچھ نہیں ہوتا، اللہ کا چاہا سب کچھ ہوتا ہے
بندے کوں اشارہ کافی ہے	اِنسان کے اشارہ کافی ہے	عقل مند کے لئے فہمائش کافی ہے	عقلمند کو ایک اشارہ کافی ہے
بندے کوں بندے نال واہ پوندا ہے	انسان کو انسان سے واسطہ پڑتا ہے	آدمی کا تعلق آدمی سے ہوتا ہے	آدمی کو آدمی سے کام پڑتا ہے
بندے کوں ݙو گز زمین لوڑیندی ہے	آدمی کو دو گز زمین درکار ہے	انسان کو قبر جتنی جگہ مستقل ملتی ہے	آدمی کو دو گز زمین کافی ہے
بندے کوں لحاظ مریندے	اِنسان کو مروّت مارتی ہے	اِنسان لحاظ اور مروّت میں سب کچھ برداشت کرتا ہے	لاج کی آنکھ جہاز سے بھاری
بندے نال سَو دفعہ کم پوندے	انسان سے سینکڑوں مرتبہ کام پڑتا ہے	انسان انسان کے کام آتا ہے	آدمی کو آدمی سے سو دفعہ کام پڑتا ہے
بُوا بھتریجی ہکا ذات، ماتاں دِھیاں ہِکی ہِکی ذات	پھوپھی بھتیجی ایک ذات، ماں بیٹیاں الگ الگ ذات	پھوپھی بھتیجی کی ذات مشترک ہوتی ہے	سب اپنے، بہو بیگانی

بنی داہر کئی، وگڑی دا کئی نہیں	بنی میں ہر کوئی، بگڑی میں کوئی نہیں	مشکل میں سب ساتھ چھوڑ جاتے ہیں	بنی کے سب یار
بوا بھتریجی ہکا، لوک پرایا پھکا	پھوپھی بھتیجی ایک، غیر لوگ شرمندہ	دوسروں کے معاملات میں مداخلت نہ کرو	ساجن ساجن مل گئے، جھوٹے پڑے لبیھڑ
بوا، کھول بوہا	اے بوا! دروازہ کھول	ماں کے بعد پھوپھی مہربان ہوتی ہے	
بہشت دے در کتا بدھا پئے	بہشت کے دروازے پر کتا بندھا ہوا ہے	کسی اچھی جگہ پر برا آدمی ہو تو کہا جاتا ہے (اچھے پیر کا ظالم خلیفہ)	
بی بی کنوں جھبے بھاری	بی بی سے، پستان بھاری	۱. خرچ جتنے کی اصل لاگت سے بڑھ کر ۲. کام کچھ نہیں دکھاوا ہی دکھاوا	۱. سونے سے گھڑائی مہنگی ۲. بن جنے کا تھیلا ہے
بی بی کوں اپنے پیر دھوونڑیں مہناں نہیں	خاتون کو اپنے پاؤں دھونے کا طعنہ نہیں	اپنا کام کرتے ہوئے عار نہیں	
بی بی کوں ہات ناں تات، بھیٹو / میاں پٹے ساری رات	بی بی کو غم نہ فکر، میاں ساری رات پیٹے	متعلقہ آدمی کی بجائے غیر متعلقہ بولے تو کہتے ہیں	
بیج پا ودھنڑ کے، پانی پیو دہنڑ کے	بیج منتخب کرکے ڈالو اور پانی چھان کر پیو	اچھے بیج اور پانی کا انتخاب ضروری ہے	پانی پیجئے چھان کر، گرو کیجئے جان کر
بے ادب، بے نصیب	بے ادب، بے نصیب	گستاخ بدبخت ہوتا ہے	بے ادب، بے نصیب
بے پرواہ دی نوکری کروں، اوہو پن کھونا ٹھیک ہے	بے پرواہ کی ملازمت سے، وہی مانگ کر کھانا اچھا ہے	نالائق کی سیوا بیکار ہے	غلامی شاہ کی بھی بری
بے حیا توں کیوں موٹا، لاہا جانڑ ناں تروٹا	(اے) بے حیا تو کیوں موٹا؟ نفع جانا نہ نقصان	بے حیا مزے کرتا ہے	بانس چڑھے، گڑ کھائے
بے حیا توں کیوں موٹا، ناں لاتھ جانڑ ناں تروٹا	(اے) بے حیا تو کیوں موٹا؟ نہ لائے کو کچھ جانا نہ ترودٹے کو	بے فکر صحت مند رہتا ہے	
بے حیا بے شرم دی بھاجی دیگ پئی، آکھیس رکھی چا کھاساں / بے حیا دا گھیو دیگ پیا آکھیس رکھی چا کھاسوں	بے حیا بے شرم کا سالن گر گیا، کہنے لگا روکھی کھاؤں گا / بے حیا کا گھی گر گیا، کہنے لگا روکھی کھاؤں گا	بے حیا شرمندگی چھپانے کی بجائے جواز بتاتا ہے	گھی گر گیا، مجھے سوکھی ہی بھاتی ہے
بے حیا دی چت تے اک رادھا، آکھیس چھاں وچ تھی بہساں	بے حیا کے پیچھے آک اگا، کہنے لگا سائے میں بیٹھوں گا	بے شرم اپنی برائی کی تاویل بتاتا ہے	بے حیا کے پیچھے رکھ جما، اس نے کہا چھاؤں ہوئی
بے حیاواں دے لال طرے	بے حیا لوگوں کے سرخ طرے	بے حیا مزے کرتا ہے	بے حیا کی رد بلا
بے حیاواں دیاں دور بلائیں	بے حیاؤں کی پریشانیاں دور	بے حیا کبھی پریشان نہیں ہوتا	بے حیا کی رد بلا
بے حیائی تے بادشاہی	بے حیائی اور بادشاہی	بے حیا مزے کرتا ہے	
بے درد کلھوٹا کیا جانڑے پیڑ پرائی	بے درد موٹا دوسرے کی تکلیف کیا جانے	ظالم دکھی کی تکلیف کا احساس نہیں کر سکتا	بے درد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی
بے دھڑک گڈوں	بے خوف گدھا	ہر معاملہ میں خواہ مخواہ مداخلت کرنے والا	
بے سوادیاں دا کیاں سواد	بدمزہ لوگوں کا کیا مزہ	جنہیں سلیقہ نہ ہو اُن کے پاس بیٹھنا بدمزگی ہے	بے سوادوں کا کیا سواد چھاچھ نہیں بلوئی تو ان بلوئی سہی

بے شرماں دیاں دُور بلائیں	بے شرم لوگوں کے عذاب دُور	بے غیرت کو عزت کی کچھ پرواہ نہیں ہوتی	بے حیا کی رد بلا
بے عیب ذات خدا دی	خدا کی ذات بے عیب ہے	خدا ہر قسم کے نقص سے پاک ہے	بے عیب خدا کی ذات ہے
بے کار کنوں وِنگار چنگی	بے کاری سے بیگار بھلی	نکمے رہنے سے کچھ کرنے سے بہتر ہے	بے کار سے بیگار بھلی
بے مَتّے دیاں سَتوّ متّیں	بے وقوف کی سینکڑوں بے وقوفیاں	بے وقوف، بے وقوفی کے بہت کام کرتا ہے	بے مت کی ستو متیں
بے مُلکے نواب	بے ملک کے نواب	مفلسی میں رئیسانہ ٹھاٹھ	نواب بے ملک
بے وقوفاں دے سِر تے سنگھ نھیں ہوندے	بے وقوفوں کے سر پر سینگ نہیں ہوتے	نادان اپنی حرکات سے پہچانا جاتا ہے	بے وقوف کے سر کیا سینگ ہوتے ہیں
بِج ٻی پوسی تاں رَڑھ ٻی ہوسی	بیج بھی پڑے گا تو کھیتی بھی ہو گی	محنت کئے بغیر نتائج حاصل نہیں ہوتے	لگانے سے ملتا ہے
بیسے دی جُوار جیہیں پِر، جیہیں پرار	بیسے کی جوار، جیسی پچھلے سال، جیسی پچھلے سے پچھلے سال	ہمیشہ ایک سا حال ہے	ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے
بیکھراں دی عجب چال اے، ہک مہینہ کھٹدے، کھاندے سارے سال اے	بیکھروں کا عجب پیشہ ہے، ایک مہینہ کام کرتے ہیں اور (منافع) سارا سال کھاتے ہیں	باغوں کے بیوپاری کم وقت میں زیادہ کما لیتے ہیں	
بھاجی جیہیں بھاجی تے کیہیں مُحتاجی	سالن جیسا سالن تو کیسی محتاجی	لین دین میں جب دونوں چیزیں یکساں ہوں تو احسان نہیں ہوا کرتا	بھاجی کی بھاجی، کیا دوسرے کی محتاجی
بھاگا کُتّا، سئیں پِٹاوے	خراب کتا، مالک کو برا کہلوائے	خراب نوکر مالکوں کو بدنام کرتے ہیں	
بھاگوند دا گھوڑا، غریب دا بھورا	امیر کا گھوڑا، غریب کا لقمہ (امیر کو گھوڑا چاہیئے غریب کو روٹی)	دولت مند کے نزدیک اچھی شے غریب کے لئے حقیر ہے	
بھاندی دی ہر شے بھاندی ہے، اَݨ بھاندی دی شکل دی نھیں بھاندی	پسندیدہ کی ہر شے پسند آتی ہے ناپسندیدہ کی شکل تک گوارا نہیں ہوتی	پیاروں کی ہر ادا اچھی لگتی ہے	جو عورت دل کو نہ بھائے اُس کا پکایا ہوا کھانا پھیکا لگے (دشس)،
بھاندے دا سب کجھ بھاوے، اَݨ بھاندے دا کجھ نال بھاوے	جو اچھا لگے اُس کا سب کچھ اچھا لگے، ناپسندیدہ کا کچھ اچھا نہ لگے	پسندیدہ شے کے لئے سب کچھ برداشت کیا جاتا ہے	سہاتے کا پاد اچھا، ان سہاتے کا بول برا
بھانڈے اَخیر کھڑک ہی پوندن	برتن آخر کھنک ہی جاتے ہیں	جہاں مل کر رہتے ہوں وہاں کبھی نہ کبھی جھگڑا ہو ہی جاتا ہے	۱۔ برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے ۲۔ جہاں چار برتن ہوتے ہیں کھڑکتے ہیں
بھانڈیاں وِچ ہک توا ضرور ہوندے	برتنوں میں ایک توا ضرور ہوتا ہے	اچھوں میں کوئی برا بھی ہوتا ہے	
بھانویں دُنیا اِتوں دی اُتوں تھی ونجے	چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے	عزم صمیم کے اظہار کے لئے بولتے ہیں	چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے
بھانویں ہووے کال، کھاسوں گھیو نال	چاہے قحط ہو، گھی سے کھائیں گے	باوقار لوگ معیار سے نہیں گرتے	
بھاہ پانی دا میل	آگ پانی کا ملاپ	اجتماعِ ضدین	آگ اور پانی کا سنجوگ
بھاہ پاݨی دا میل نھیں	آگ، پانی کا ملاپ نہیں	بے جوڑ یا ناممکن بات ہے	آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے

بھاہ تے پاݨی دے ہتھ پیر نئیں ہوندے	آگ اور پانی کے ہاتھ پاؤں نہیں ہوتے	آگ اور پانی پر قابو پانا مشکل ہے	
بھاہ چاوݨ آئی تے گھر دی مالک بݨ بیٹھی / بھاہ چاوݨ آئی تے چوکے دی سیݨ ٹھکی بیٹھی	آگ اٹھانے آئی اور گھر کی مالکن بن بیٹھی / آگ اٹھانے آئی اور باورچی خانے کی مالکن ہو بیٹھی	بہانہ بنا کر قبضہ کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے	آگ لینے آئی۔ گھر کی مالک بن گئی
بھاہ چاوݨ ونجے پیغمبری ملے	آگ اٹھانے جائے پیغمبری ملے	خدا بن مانگے عطا کرتا ہے	آگ لینے کو جائیں پیغمبری مل جائے
بھاہ دا سیک اُوہو جاݨدے جتھاں بھاہ لگدی ہے	آگ کی تپش وہی جانتا ہے جہاں آگ لگتی ہے	دکھی کو دکھی کا احساس ہوتا ہے	وہی جانے جس پر بیتے
بھاہ دی سڑی ٹانڈانیں کنوں ڈرے	آگ سے جلی، جگنو سے ڈرے	ایک چیز سے نقصان اٹھا کر اس جیسی چیزوں سے انسان خائف ہو جاتا ہے	سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے
بھاہ کپاہ دا ویر ہے	آگ اور روئی کی دشمنی ہے	دو جانی دشمن اکٹھے نہیں ہو سکتے	۱۔ آگ پھوس میں بیر ہے ۲۔ آگ اور روئی کی کیا دوستی
بھاہ کپاہ کٹھے ہووِن تے بلّن ناہنہ	آگ روئی اکٹھے ہوں اور نہ جلیں	عورت مرد اکٹھے ہوں تو جذبات ضرور بھڑکیں گے	آگ اور خس ایک ہو تو ممکن نہیں کہ نہ جلے
بھاہ کوں بھاہ مریندی ہے	آگ کو آگ مارتی ہے	دو ہمسر ہی اصل مقابلہ کرتے ہیں	لوہے کو لوہا کاٹتا ہے
بھاہ لا تماشا ڈیکھے	آگ لگا کر تماشا دیکھتا ہے	فتنہ انگیز کی نسبت بولتے ہیں	آگ لگائے تماشا دیکھے
بھاہ لاوݨ کیتے ہک چنگاری بہوں ہے	آگ لگانے کو ایک چنگاری بہت ہے	فساد برپا کرنے کے لئے معمولی بات بہت ہے	
بھاہ متوں، دھوں کتھوں	آگ کے بغیر دھواں کہاں	جو دکھی ہوتا ہے وہی شکایت کرتا ہے	آگ بن دھواں کہاں
بھاء بزار دے، وٹے سرکار دے	بھاؤ بازار کے، باٹ سرکار کے	کاروباری لین دین معمول سے ہٹ کر نہیں ہوا کرتا	
بھائی والی دی کُنّی، چوک وچ بھجّی	ساجھے کی ہنڈیا چوک میں پھوٹی	شراکت داری میں جھگڑا ہوتا ہے	ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹے
بھائی وَیَا، جھُوٹیں پیا	شراکت داری بالوں میں پڑا	شراکت بالآخر جھگڑے پر منتج ہوتی ہے	ساجھے کا کام اُتارے چام
بھت تاں بھت، منگر دی چیٹ	بھات تو بھات، کٹورا بھی ہضم	سود کے ساتھ اصل بھی گیا	
بھتریجے ترتے بھجے	بھتیجے تیسرے	بھائی کے مقابلے میں بھتیجے کا رشتہ کمزور ہے	
بھج بھج رُنی، توڑ ناں پُنی	دوڑ دوڑ روئی، انجام تک نہ پہنچی	کوشش بسیار کے باوجود مقدر نہ بدلا	جاؤ نیپال، ساتھ جائے کپال
بھج بھج رہی، پیکیں ناں گئی / بھج بھج بھجّی پیکیں ناں پُنّی	دوڑ دوڑ رہی۔ میکے نہ گئی / دوڑ دوڑ دوڑی۔ میکے نہ پہنچی	کوشش رائیگاں جانے پر بولتے ہیں	سارا دن پیسا، چپکی بھر اٹھایا
بھج گئے مہاݨے، تاں ٹھیلے آپ	ملاح دوڑ گئے تو خود ٹھیلے	کسی بھی شکل میں آسرے کے بغیر آگے بڑھنے کی کوشش کرو	سدا اپنی گاڑی کو تم آپ ہانکو
بھجاں دھڑکاں بھراں کلا دے، جیڑا لکھیا اُوہو ہتھ آوے	دوڑوں بھاگوں کلانچیں بھروں، جو لکھا وہی ہاتھ آئے	رزق تقدیر کا لکھا ملتا ہے	تو لاکھ پھرے دوڑا، دوڑا ہی ملے گا قسمت میں ہے اگر تھوڑا، تھوڑا ہی ملے گا

بھجدے دے پچھوں کوں بھجے	بھاگتے کے پیچھے کون بھاگے	نہ ملنے والی شے کے پیچھے نہ بھاگو	
پھوٹاں پاݨی اِچ اتے ڈرناں چھنڈاں کنوں	پانی میں گھسنا اور چھینٹوں سے ڈرنا	کام کرنے میں مشکل مراحل سے نہ گھبراؤ	اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر
پئی شے جی کریندی ہے	پڑی شے ہاں کرتی ہے	کوئی شے بیکار نہیں ہوتی	
پئی شے کم آندی ہے	رکھی چیز کام آتی ہے	کوئی چیز بیکار نہیں ہوتی	
پیئے ڈو کھرے تے کُڑی ٹور	خاوند بوڑھا اور لڑکی حور	بے جوڑ رشتے پر کہا جاتا ہے	
پیئے کیتے سُکھ تہیں ٹُھر سوہݨ کوں یا پاݨی لگ کے رووݨ کوں	خاوند کیا سکھ سینے کو یا پٹی سے لگ کر رونے کو	فائدہ کی امید پر کیا جانے والا کام نقصان دہ ثابت ہوا	خصم کیا سکھ سینے کو کہ پاٹی لگ کے رونے کو
پئے نہیں گھر، بی بی کوں کیندا ڈر	خاوند گھر نہیں (تو) بیوی کو کس کا ڈر	صاحب خانہ کے خوف سے گھر کا نظام قائم رہتا ہے	۱. میاں گھر نہیں۔ بیوی کو ڈر نہیں ۲. جس کا ڈر، وہی نہیں گھر
پیار کر، وپار ناں کر	پیار کرو بیوپار نہ کر	عشق میں قربانی دینا پڑتی ہے	
پیتی تے عرشاں دی سیل کیتی	پی لی اور عرش کی سیر کی	شراب پی کر انسانی سوچ کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہے	
پیر کراماتی، تاں کہے ناں کھاتی	پیر کرامات والا (ہو) تو چھری نہیں کاٹتی	تجربہ کار کی رہنمائی میں انسان نقصان نہیں اٹھاتا	
پیلا پتر جوار دا، کم داناں کار دا	جوار کا زرد پتہ، کام کا نہ کاج کا	ناکارہ انسان کے لئے بولتے ہیں	
پیلھوں چُݨݨ گئی، گھگھرا پُر دا آئی	پیلو چننے گئی، غرارہ بھڑوا آئی	معمولی نفع کے حصول میں زیادہ نقصان ہو گیا	
پینڈر پیوݨ، ادکیا ہوݨ جو نسا پیئے بھیڑن	پینے والے پئیں، وہ کیا پئیں جو جلد سیر ہو جائیں	جو جس چیز رکام کا عادی ہو وہی اسے کوبی سرانجام دے سکتا ہے	
پیو چھوڑ پتندر ہیں لگے	باپ کو چھوڑ کر پتندر کے پاس آئے	ضروری چیز چھوڑ کر غیر ضروری قبول کرنا	باپ سے بیر اور پوت سے سگائی
پیو دی جُتی پتر کوں پوری آوے تاں اوکوں یار سمجھو	باپ کا جوتا بیٹے کو پورا آئے تو اسے دوست سمجھو	بیٹا بڑا ہو جائے تو اس پر والدین کی سختی روا نہیں	
پیو کریسی پیو جیسی، پتر کریسی پتر جیسی	باپ کریگا باپ بھرے گا، بیٹا کریگا بیٹا بھرے گا	ہر شخص کو اپنے کئے کی سزا ملتی ہے	باپ کرے باپ پائے، بیٹا کرے بیٹا پائے

پیو موئیں ادّھا چھورا، ماء موئیں پکّا چھورا	باپ مرنے سے آدھا یتیم، ماں مرنے سے پورا یتیم	ماں کا سہارا زیادہ ضروری ہے	
پیو ناں ماری پدڑی تے پتر تیر انداز	باپ نے پدی نہ ماری، بیٹا تیر انداز	شیخی باز کے لئے بولتے ہیں	باپ نہ مارے پدڑی، بیٹا تیر انداز
پئے مُتّوں کیہیں پرنیں	خاوند کے بغیر کیسی بیاہی	عورت خاوند کے بغیر نامکمل ہے	تریا بھی نربن ہے ایسی، بنا دھی کے کھیتی جیسی
پیہندی موئی، پکیندی موئی، لوٹھر آئے کھا گئے	پیستی مری، پکاتی مری، حرام خور آئے کھا گئے	محنت مشقت کوئی کرے، فائدہ اور کو حاصل ہو	۱۔ پیس موئی، پکا موئی، آئے لوٹھے کھا گئے ۲۔ پیس مرئی، پکا موئی، آئے لوکھے کھا گئے
پیہوناں دریا وچ اتے ڈرناں چھنڈکاں کنوں	گھسنا دریا میں اور ڈرنا چھینٹوں سے	جب خطرے میں پڑ ہی گئے تو تکلیف سے ڈرنا بیکار ہے	اوکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر
پیالے وچ بھاجی تے کنڈل تے مہناں	پیالے میں سالن، کنارے پر طعنہ	احسان کرنے سے پہلے جتلانا	ہاتھ میں دے روٹی اور سر میں مارے جوتی
پیٹ دے ناں پُتھ دے، اللہ ڈیتے لُٹ دے	پیٹ سے نہ سُلب سے، اللہ نے مفت میں دیئے	جو چیز غیب سے مل جائے اس کی نسبت بولتے ہیں	
پیٹ کنوں سب ہیٹھ	پیٹ سے سب نیچے	اولاد اپنی اچھی لگتی ہے	
پیٹ پئیاں روٹیاں، سبھیاں گالھیں موٹیاں	پیٹ میں روٹیاں پڑیں، سبھی باتیں موٹی	پیٹ بھرے کو سب کچھ سوجھتا ہے	پیٹ پیج پڑی روٹیاں تو سبھی باتیں موٹیاں
پیٹ گرڑکے کھانے ڈکوں، بھمبھوٹ لگن دہانے کوں	پیٹ کھانے کو گڑگڑائے، ہتکیئے کو پھندے لگے ہوئے ہیں	دکھاوا کرنے سے پیٹ بھر کھانا بہتر ہے	
پیٹ ناں پئیاں روٹیاں، سبھیاں گالھیں کھوٹیاں	پیٹ میں روٹیاں نہ پڑیں، سبھی باتیں کھوٹی	بھوک کی حالت میں کوئی کام نہیں ہوتا	تن سکھی تو من سکھی
پیٹ ہوئی کرہیٹ ہوئی	پیٹ ہے کر بیٹ ہے	پیٹو کے لئے بولتے ہیں	
پیر اُستاد دے اُڈے تے	استاد پیر کے ٹھکانے پر	اُستاد کی جگہ متبرک ہوتی ہے	
پیر پتر ناں ڈیسی، ذال تاں ناں کھس گھنسی	پیر بیٹا نہیں دے گا، بیوی تو نہیں چھین لے گا	جس سوال کے کرنے میں خطرہ نہیں وہ کر گزرنا چاہیئے	راجا رتا منی نیاؤ نہ کرے گا گھر تو آنے/جانے دے گا
پیر رکھیندا کتھائیں ہے پوندا کتھائیں ہے	پاؤں رکھتا کہیں ہے پڑتا کہیں ہے	مدہوش کے بارے میں کہا جاتا ہے	پاؤں رکھتے کہیں ہیں پڑتا کہیں ہے
پیر فقیر دا غیرتی۔ ناں ڈھگی رہی ناں وہڑکی ترٹے کم پیش آونیں بکھ، ننگ تے نیستی	پیر فقیر کو نہ ماننے والے (تیرے پاس) نہ بیل رہے نہ گائے، تین کام تجھے پیش آئیں بھوک، ننگ اور نحوست	جو پیروں کے منکر ہیں وہ ہمیشہ تکلیف میں رہیں گے	سادھ سے جگت ہوں جس پر چھوں، نُوال جل نہ اس کا ہے
پیر وڈا، یقین وڈا	پیر بڑا، یقین بڑا	یقین سے بیڑے پار ہوتے ہیں	پیر من خس است، اعتقاد من بس است (ف)
پیر وڈے گنواراں دے، سر وڈے سرداراں دے	اُجڈ لوگوں کے پاؤں بڑے، سرداروں کے سر بڑے	بڑا سر بڑائی کی علامت ہے	سر بڑا سردار کا، پیر بڑا گنوار کا

پیراں دی جُتی سِروں وَتے	پاؤں کی جُوتی، سَر سے پلٹے	ادنٰی ہو کر سر چڑھتا ہے	
پیراں کوں پیر سُنجاݨن	پیروں کو پیر پہچانتے ہیں	ایک باصلاحیت دوسرے باصلاحیت کو پہچان جاتا ہے	پیر جی کی سگائی، میر جی کے ہاں
پیریں پیریں بھاگ ہوندے	پاؤں پاؤں میں خوش بختی ہوتی ہے	ہر آدمی کا اپنا مقدر ہوتا ہے	آیا بندہ آئی روزی، گیا بندہ گئی روزی
پیریں جُتی ناں سِر تے ٹوپکا	پاؤں میں جوتا نہ سر پہ پگڑی	نہایت مفلس کے لئے بولتے ہیں	پاؤں میں جوتی نہ سر پہ ٹوپی
پَیسہ آوݨی ونجݨی شے ہے	پیسہ آنی جانی شے ہے	دولت ایک کے پاس مستقل نہیں رہتی	پیسہ/رقم آنی جانی شے ہے
پیسہ اُوہو جیہڑا کیسے وِچ ہے، رَن اُوہا جیہڑی تلے ہے	رقم وہی جو جیب میں ہے، عورت وہی جو (ران) تلے ہے	دولت اور عورت جو اپنے قبضے میں ہوں اپنے ہیں	۱۔ پیسہ پاس کا، گھوڑا ران کا ۲۔ پیسہ گانٹھ کا، جورو ساتھ کی
پَیسہ پیر تریمت گُر، جیویں آکھے، اُونویں ٹُر، نئیں تاں ویسیا ڈُھگا رُڑھ	دولت پیر، عورت گرو، جیسے کہے ویسے چلو، نہیں تو کنبہ بہہ جائے گا	دولت اور عورت اپنی بات منواتے ہیں	
پَیسہ ڈِتا رَدک، تے کُھلا ڈِتا ٹھوک	رقم نقد دی اور جوتا مار دیا	احسان کر کے دُکھ دینا بُرا ہے	مُنہ میں روٹی، سر پہ جوتی
پَیسہ گنڈھ دا، پُتر آپݨے پیٹ دا	پیسہ گانٹھ کا، بیٹا اپنے پیٹ کا	اپنی دولت اور اپنا بیٹا وقت پر کام آتے ہیں	پیسا گانٹھ کا، بیٹا پیٹ کا
پَیسہ گنڈھ دا، پُتر پلیٹھی دا	پیسہ گانٹھ کا، بیٹا پہلوٹھی کا	اپنی دولت اور جوان بیٹا بہت کام آتے ہیں	پیسا گانٹھ کا، بیٹا ساتھ کا
پَیسہ ناں پَلے تے کھیسہ پیا ہَلے	پیسہ پلے نہیں اور جیب ہل رہی ہے	رقم پاس نہیں خواہشات بہت ہیں	بھڑک بھاری، کھیسہ خالی
پَیسہ ہتھ دا میل ہے	روپیہ ہاتھ کا میل ہے	دولت ادنیٰ شے ہے	روپیہ پیسہ ہاتھ کا میل ہے
پَیسہ کوئی نی، کینْدا گھر بھناں	رقم نہیں ہے، کس کا گھر توڑوں	غریب اپنی بے بسی کا اظہار یوں ہی کرتا ہے	میاں کا دم اور کواڑ کی جوڑی
پَیسہ آپݨاں کھوٹا، غیراں کوں کیا ڈوس	اپنا پیسہ کھوٹا، غیروں پر کیا الزام	اپنا بیٹا نالائق ہو تو غیروں کو کوسنا بیکار ہے	اپنا پیسا/دام کھوٹا، پرکھنے والے کا کیا دوش
پَیسہ ناں پَلے، بار گھتاں کِتھے	پیسہ پلے نہیں، بارلوں کر چھلے	خواہشات وسائل کے مطابق ہونی چاہئیں	پیسہ نہ کوڑی، بازار کو دوڑی
پیسے دی رَن تے ٹکے دیاں جلاں لوا دے	پیسے کی عورت اور دو پیسے کی جونکیں لگوائے	معمولی قیمت کی شے پر زیادہ اخراجات	دمڑی کی گھوڑی، چھ پسیری دانہ
پیسے کوں پیسہ کماندے/چھکیندے	پیسے کو پیسہ کماتا ہے	دولت سے دولت بنتی ہے	روپے کو روپیہ کماتا ہے
پیکے ماںواں نال، ماݨ بھراواں نال	میکے ماؤں سے، مان بھائیوں سے	بہن کی بھائیوں سے اُمیدیں وابستہ ہوتی ہیں	
پیکے نیڑے، بنت دی خواری، گھر ناں بہندی کرماں ماری	میکے قریب ہمیشہ کی خواری، کرم جلی گھر نہیں بیٹھتی	نزدیک کا میکا، گھر آباد نہیں ہونے دیتا	
پیکے وسن کوآریاں، میں وساں شریکیں نال	کنواریاں میکے میں بستی ہیں، میں شریکوں کے ساتھ بسوں گی	جو عورت ہر حال میں سسرال میں رہنا پسند کرے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے	
پیکے ونجݨ دا ڈوہ نئیں تے راہ وِچ کویلیاں	میکے جانے کی طبیعت نہیں اور راستے میں چیونٹیاں	کام کرنے کو جی نہ چاہنے پر بہانے کرنا (عذرِ لنگ)	ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا
پینْدا ر پینْدیا ہر کئی ہے، ٹھکیندا ر ٹھکیندی کئی کئی ہے	پہنتا پہنتی ہر کوئی ہے سجتا سجتی کوئی کوئی ہے	لباس ہر جسم پر ایک سا نہیں سجتا	سُرمہ سب لگاتے ہیں پر چتون بھانت بھانت

بِنیڈا اُڈا انگھلتے پیت کُلڑی	راستہ دشوار اور محبت بُری	عشق کا راستہ دشوار ہے	
پھاتھی دا کیا پھٹکݨ	پھنسی ہوئی کا کیا پھڑکن	مغلوب کو سب کچھ برداشت کرنا پڑتا ہے	بندھا خوب مار کھاتا ہے
پھاہی ڈیندے ہو تاں ڈیوو، پیڈیاں نلیاں سُکدیاں پین	پھانسی چڑھاتے ہو تو چڑھاؤ، میری پنڈلیاں سوکھ رہی ہیں	تھوڑی تھوڑی مسلسل تکلیف سے ایک دفعہ بڑی تکلیف بہتر ہے	
پھپھڑ گوشت نہیں، قصائی دوست نہیں	پھیپھڑا گوشت نہیں، قصائی دوست نہیں	قصائی بھلا نہیں کرتا	پھیپھڑا گوشت میں شمار نہیں ہوتا دشمن،
پھپھڑ ناں گوشت، دشمن ناں دوست	پھیپھڑا گوشت نہیں، دشمن دوست نہیں	دشمن سے بھلے کی توقع عبث ہے	
پھٹکنی جُتی، تاڑے کُھتی	پھٹ پھٹ کرتی جوتی، گُدّی کو تاڑتی ہے	ضرورت مند مالدار کی ٹوہ میں ہوتا ہے، بدنام بدنامی ہی دیتا ہے	
پھتو دے یار، کُتی گدڑ کتی بگھیاڑ	فتو کے دوست کوئی گیدڑ کوئی بھیڑیا	جس کے بُرے دوست ہوں اُسے کہا جاتا ہے	
پھتی / پھتے دا کیا پھٹکݨ	پھنسی / پھنسے کا کیا پھڑکنا	مغلوب بے بس ہوتا ہے	بندھا خوب مار کھاتا ہے
پھتے سِر جاٹی بھنڑنی پوندی ہے	پھنسے ہوئے سر (کے سبب) جاٹی توڑنی پڑتی ہے	بے بس انسان کو اپنا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے	
پھٹے ناں سیویجن، رُٹھے ناں منیجن تاں شہر کیویں وسیجن	پھٹے نہ سلیں، روٹھے ناں مانیں تو شہر کیسے بسیں	جھگڑا فساد مٹانے سے دنیا کا نظام چلتا ہے	پھٹے کو نہ سیئے اور روٹھے کو نہ منایئے تو کیسے گزارہ ہو سکتا ہے
پھدی آکھیا، سوئی ہیں کنیں یا خان کنیں	پدی نے کہا، سوئی میرے پاس یا خان کے پاس	غریب کو ادنیٰ شے بھی مل جائے تو وہ پھولا نہیں سماتا	دمڑی کی ارہر، ساری رات کھڑ،
پھدی کوں لدھا ڈھیلا، آکھے ہار گھناں کر چھلا	پدی کو ڈھیلا پایا، کہے ہار لوں یا چھلا	کم عقل ذرا سی شے پر بہت اِتراتا ہے	غریب کو کوڑی اشرفی ہے
پھدی لدھا پیسہ، آکھے خان کنیں، یا میں کنیں	پدی کو پیسہ ملا، کہے خان کے پاس یا میرے پاس	غریب کے لئے معمولی شے بہت اہم ہوتی ہے	غریب کو کوڑی اشرفی ہے
پھردیں البیلا، وِدّیں موت دِساری	البیلا پھرتا ہے موت کو بُھلائے ہوئے ہے	موت کو ہر دم یاد رکھنا چاہیئے	
پھڑلیاں ڈیندے، مانڈویاں گھندے	کھلا ہوا دیتا ہے، منڈی ہوئی لیتا ہے	خدا لینے پر آئے تو سب کچھ لے لیتا ہے	اینٹ کی لینی، پتھر کی دینی
پھکے خربوزے یتراں دی ارواح	پھیکے خربوزے دوستوں کی ارواح	خُدا کے نام پر ادنیٰ چیز دی جاتی ہے	مری بچھیا بامن کو دان
پھکے خربوزے، موئیں دی ارواح	پھیکے خربوزے، مرے ہوؤں کے ایصال ثواب کے لئے	خدا کے نام پر ادنیٰ شے دیتے ہیں	مری بچھیا بامن کو دان،
پھگݨ دی دیگر کوں دی تھک العنت ہے	پھاگن کی عصر پر بھی تُف ہے	گئی سردیاں بھی بعض اوقات اپنا جوبن دکھا دیتی ہیں	
پھگݨ، کندھی لگݨ، جے پھگݨ پھگے تاں ول سیالا لگے	پھاگن (سرما کا) کنارے لگنا (ہے) اگر پھاگن میں بارشیں ہوں تو دوبارہ سرما شروع ہو	پھاگن کی بارشیں سردی لاتی ہیں	

پھگݨ ـ وائیں وگݨ، سیالے دا کنڈھی لگݨ	پھاگن ـ ہواؤں کا چلنا، موسم سرما کا ٹھکانے لگنا	پھاگن کی آمد، موسم سرما کے اختتام کا اعلان ہے	
پھُل دی خشبو نک تئیں، چنگیاں دی چنگائی ملکاں تئیں	پھول کی خوشبو ناک تک اچھوں کی اچھائی ملکوں تک	بلند اخلاق و کردار شہرت کا سبب ہیں	
پھُل ڈُکھݨاں	پھول سے دُکھنے والا	بہت ہی نازک	چھُوا اور مُوا
پھُل ماریں ڈُکھدے	پھول مارے دکھتا ہے	بہت نازک ہے	چھُوا اور مُوا
پھُلاں نال کنڈے وی ہوندن	پھولوں کے ساتھ کانٹے بھی ہوتے ہیں	لوگوں میں اچھی عادات کے ساتھ بُری عادات بھی ہوتی ہیں	جہاں پھُول وہاں کانٹے
پھلدار درخت جھُکیا ہوندے	پھل دار درخت جھُکا ہوا ہوتا ہے	با صلاحیت میں انکساری ہوتی ہے	پھول کی ڈالی نیچے کو جھُکے
پھُلیلی دی ہٹی لُٹ آئے	سنگار کا سامان بیچنے والے کی دُکان لُوٹ آیا ہے	کسی کی آنکھوں میں بہت سرمہ دیکھ کر کہا جاتا ہے	
پھنّے خان بݨیا وَدے	پھنّے خان بنا پھرتا ہے	بہت ہی اکڑ باز ہے	افلاطون بنا پھرتا ہے
پھیرݨ دی آڑی، تے چِنگ گھتݨ دی ہُشیار	(چکّی) گھُمانے سے معذور دانوں کی مُٹھی ڈالنے کو ہوشیار	مشکل کام سے سب گریز کرتے ہیں	
پھینگ پھینگ نال دریا بݨ ویندے	قطرہ قطرہ سے دریا بن جاتا ہے	تھوڑی تھوڑی شے بہت بن جاتی ہے	قطرہ قطرہ دریا ہو جاتا ہے
تارا مرُدے دریا دی موت	تیراک دریا کی موت مرتا ہے	ہنر منداپنے ہنر میں غلطی کی سزا اٹھاتا ہے	تیراک ہی ڈوبتے ہیں
تاریاں کوں بالھیاں نھیں بھُلدیاں	تیرنے والوں کو بازو ہلانا نہیں بھُولتا	اپنے کام میں ہر شخص ماہر ہوتا ہے	جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے ٹھینگا باجے
تاڑی ڈُوہتھّر وجدی ہے	تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے	تنہا آدمی کچھ نہیں کر سکتا	تالی دونوں ہاتھ سے بجتی ہے
تازہ مور، پرونھا کاں	تازہ مور، باسی کوّا	تازہ شے ہر حال میں اچھی ہے	نو نقد نہ تیرہ اُدھار
تازی کوں اِشارہ، گڈھانہ کوں جھکّی ہوڑا	تازی گھوڑے کو اشارہ، گدھے کو ٹھوکار کوڑا	عقل مند کے لئے اشارہ کافی ہے	عاقل کو اشارہ، احمق کو چھٹ د
تاک جو ٹھی تے آندے رُوہندے	پٹ بنیاد پر آتا ہے رچلتاہے	ہر شے اپنے اصل پر لوٹتی ہے	
تاک ہمیشاں جو ٹھی تے بہندے	پٹ ہمیشہ بنیاد پر بیٹھتا ہے	ہر کوئی اپنوں میں سجتا ہے	
تاݨوں کھُتی ڈُومݨی، گاوے تال بے تال	تال کھوئی ڈومنی، تال بے تال گاتی ہے	صلاحیت سے محروم، کمال پیدا نہیں کر سکتا	
تانگھ بُری رتانگھ ڈاڈھی بُری ہوندی ہے	انتظار بُرا رانتظار بہت بُرا ہوتا ہے	انتظار کی تکلیف بُری ہے	انتظار موت سے زیادہ تکلیف دہ ہے (ع)
تاݨا پیٹا رِیشم ہے	تانا بانا ریشم ہے	نجیب الطرفین ہے، طنزاً گھٹیا لوگوں کے لئے کہتے ہیں	
تاݨی ترُٹی سو کڈھیں نھیں سنبھلدی	ٹوٹی ہوئی تانی آسانی سے نہیں سنبھلتی	بگڑے کام مشکل سے سنورتے ہیں	
تاݨی وِچ گِڈّا انھ پے گئے	تانی میں گدھا پڑ گیا ہے	بنا کام بگڑ گیا	سوت کے نولے ہو گئے

تتا پاݨی دی بھاہ بجھا ݙیندے	گرم پانی بھی آگ بجھا دیتا ہے	صلاحیتیں مخفی نہیں رہا کرتیں	
تیتر کھنبی بدلی رن ملائیاں کھا، او ونڄ ٹھی اے اُدھلی۔ قول ناں خالی جا	تیتر کے پر جیسا بادل، بالائی کھانے والی عورت وہ برسی یہ نکل بھاگی، یہ قول غلط نہیں	بری فطرت سے برا عمل ظاہر ہوتا ہے اور اعلیٰ فطرت سے اعلیٰ عمل	
تتی دی جمی، غریب دے گل لئی	بدنصیب کی بیٹی، غریب کے گلے بندھی	غریبوں کی اولاد غریبوں ہی میں بیاہی جاتی ہے	جلتی کی جائی، غریب کے گلے لگائی
تتی کوں تارا سامھنے، ݙکھی جا ݙکھے دامنے	بدقسمت کے لئے (برا) ستارہ سامنے، دکھی جگہ دامن سے دکھتی ہے	پریشان آدمی معمولی بات پر بھی پریشان ہو جاتا ہے	
تخت یا تختہ	تخت، یا تختہ	پکے عزم کے اظہار کے طور پر بولتے ہیں	تخت یا تختہ
تخم تاثیر تے صحبت دا اثر	تخم کی تاثیر (ہوتی ہے) اور صحبت کا اثر ہوتا ہے	خون بولتا ہے اور صحبت بناتی یا بگاڑتی ہے	صحبت کا اثر، تخم کی تاثیر
تدھ پرائی کیا پئی، جا آپݨی توڑ نبھا	تجھ کو پرائی کیا پڑی، جا اپنی انتہا تک نبھا	دوسرے کے کام میں مداخلت بے جا ہے	تجھ کو پرائی کیا پڑی، اپنی نبیڑ تو
تراڈیاں وڈیاں تے وِچ خیر	ترٹیاں رڈ کار بڑے اور اندر کچھ نہیں	خالی ڈھول زیادہ بجتا ہے	خالی ڈھول زیادہ بولتا ہے
ترپڑ لگے پئے ہِنس	ٹاٹ لگے ہوئے ہیں	بالکل بدحال شخص کے لئے بولتے ہیں	
ترٹ ترٹ بھجاں، توڑ ناں پُناں	ٹوٹ ٹوٹ کر دوڑا، آخر تک نہ پہنچا	بہت محنت کے باوجود مقصد حاصل نہ ہو	
ترٹی بانہہ گل جندڑی	ٹوٹا بازو، گلے کا ہار	اپنے بڑوں کو بھی گلے لگانا چاہیے	ٹوٹی بانھ گل جندڑی
ترٹی تانی سو کھی نئیں سنبھلدی	ٹوٹی ہوئی تانی آسانی سے نہیں سنبھلتی	بگڑا ہوا کام بمشکل سنورتا ہے، کشیدہ تعلقات مشکل سے بہتر ہوتے ہیں	ٹوٹی کا کیا جوڑنا گانٹھ پڑے اور نار ہے
ترسا پاݨی منگے، ماشکی مشک ٹنگے	پیاسا پانی مانگے، ماشکی مشک ٹانگے	مستقل کئے جانے والے کام میں انسان کا احساس مر جاتا ہے	
ترسا کھوہ کول ویندے، کھوہ ترسے کول نہیں ویندا	پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے، کنواں پیاسے کے پاس نہیں جاتا	طالب کو مطلوب کے پاس جانا پڑتا ہے	پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے، کنواں پیاسے کے پاس نہیں جاتا
ترکل تھیندی نئیں، تڑھدی ہے ماڑ تے	کمر اٹھتی نہیں، چڑھتی (اوپر کی) منزل پر ہے	بڑی خواہشات کے لئے مناسب وسائل ضروری ہیں	گھر میں ہوتا نہیں، ہمارا صاحب بلیا دو
ترکلے دی کار سدھا کر ݙتے	تکلے کی طرح سیدھا کر دیا ہے	شرارت کی سخت سزا دی	تکلے کا سا بل نکل گیا
ترکلے کوں ول ہوسی، میکوں ول ناں ہوسی	ترکلے کو بل ہوگا، مجھے بل نہ ہوگا	اپنی تعریف اور صفائی میں بولا جاتا ہے	تیر کی طرح سیدھا ہے
ترکنڈ نیں آکھیا ہئی، کُنیں دے ویلیاں تئیں انتظار کریں	ترکنڈا (مچھلی) نے کہا تھا، ہنڈیا کے جانے تک انتظار کرنا	بدذات کی شرارت کا اندیشہ، اس کے مرنے کے بعد بھی رہتا ہے	جاٹ مرا تب جانیے، جب تیرہ دن ہو جائے
ترک ہک گھوڑی تے پاگاں لہور توڑی	اسباب صرف ایک گھوڑی اور شہرت لاہور تک	اپنی حیثیت سے بڑھ کر بات کرنا	
تروپے دا ݙاں ناں آدے، ماوہترݨ دا قایل ہے	سلائی کا طریقہ آتا نہیں، بیوتنے میں ماہر ہے	ناتجربہ کار کی تعریف بیکار ہے	آنکھ نہ دیدہ، کاڑھے کشیدہ

ترٹے راہ گُراہ، رن کوں پَندھ، مرد کوں چکّی، سنڈھے کوں گاہ	تین راستے غلط۔ عورت کے لئے سفر، مرد کے لئے چکّی، سانڈھ کے لئے گہائی	ہر جاندار اپنی مخصوص جسمانی ساخت کے مطابق کام سرانجام دیتا ہے	
ترٹے سڈّن، تیرھاں آئن، دِب دال وِچ پاݨی	تین بُلائے تیرہ آئے، ڈال دال میں پانی	زیادہ مہمان آئیں تو عمدہ کھانا نہیں بنایا جاتا	تین بُلائے تیرہ آئے، دے دال میں پانی
ترٹے ئل گھلل۔ انّدھے اگوں رووݨ، گنگے ہتھ سنیہا، ڈورے اگوں گالھ	تین کام بے ڈھنگے۔ اندھے کے آگے رونا، گونگے کے ہاتھ پیغام رسانی، بہرے کے سامنے بات	یہ تین کام کرنا غلط ہے	
ترٹے وِچ ناں تیرھاں وِچ، ناں لوٹے آئے ہیراں وِچ	تین میں نہ تیرہ میں، نہ ٹوٹے والے ہیروں میں	کسی شمار میں نہیں	تین میں نہ تیرہ میں، نہ ستلی کی گرہ میں
ترٹے وَن گُوَن، مُنجھ ڈُبّی، بھیڈ پوچھلی، ڈاڑھی والی رَن	تین اقسام بُری۔ دھبّے دار بھینس، دم دار بھیڑ، داڑھی والی عورت	تینوں ناپسندیدہ سمجھی جاتی ہیں	
ترڑ بھاکواب وِچ ہڈّی	تیسرا کباب میں ہڈی	دو بے تکلف دوستوں میں تیسرے کی آمد کھٹکتی ہے	دو میں تیسرا، آنکھوں میں ٹھیکرا
تریڑ کپڑے دی سِر تے، ناں سرفراز خاں	کپڑے کی لیر سر پر، نام سرفراز خان	بڑے نام سے انسان بڑا نہیں ہو جاتا	سدا دکھی اور بخت آور نام
تریمت رِنج، تاں منجی اَرِنج	بیوی ناراض تو چارپائی الگ	بیوی ناراض ہو تو میاں کی خدمت نہیں ہوتی	تریا بن نر ہے ایسا، راہ بٹاؤ ہوئے جیسا
تریمتیں قیمتیں، رَناں رُنول، جھگّے پٹ کریندیاں چَوڑ، ایمان دا گھر ناں ڈیندیاں گول	بیویاں قیمتی ہوتی ہیں، داشتائیں گشتی ہوتی ہیں، بے لبائے گھر کو تباہ کرتی ہیں، ایمان کا گھر ڈھونڈ کر نہیں دیتی ہیں	بیوی گھر آباد کرتی ہے۔ داشتہ گھر برباد کرتی ہے	تریا تو ہے سو بھا گھر کی
تریہہ پُتر، تے چالیہہ پوترے، اَجاں وی بابا گھا کھوترے	تیس بیٹے، چالیس پوتے، ابھی باپ گھاس کھودے	صاحب اولاد بزرگ خود محنت کر رہا ہو تو کہا جاتا ہے	
ترڑ ہے ناں تاڈا	مقام ہے نہ ٹھکانہ	بے گھر انسان ہے	گھر نہ گھاٹ
تُساں کُن کیا وُ	تم کان کٹاؤ	جب کوئی خود غرضی کرتے ہوئے دوسرے کی فکر نہ کرے تو کہا جاتا ہے	چلتے نظر آؤ
تسبی ہتھ وِچ، کاتی کچھ وِچ	تسبیح ہاتھ میں، چھری بغل میں	بظاہر نیک بباطن ظالم	بغل میں چھری، منہ میں رام رام
تغلق وَنٹا وِگاڑ، سیداں سُنج کیتی چودھار	تغلق نے بگاڑ کیا، سادات نے چاروں جانب بربادی کی	تغلق کی لاپرواہی سے سادات کو آگے بڑھنے کا موقعہ مل گیا	
تقدیر دا لکھا کون مٹا سگدے	تقدیر کے لکھے کو کون مٹا سکتا ہے۔	قسمت کا لکھا پورا ہو کر رہتا ہے	قسمت کے لکھے کو کوئی نہیں میٹ سکتا
تقدیر ڈاڈھی ہے	تقدیر زیادہ طاقت ور ہے	ہونے والی بات ہو کر رہتی ہے	ہونی بلوان ہے
تقدیر نال زور نہیں	تقدیر پر بس نہیں	تقدیر کا لکھا اٹل ہے	مقدّر سے زور نہیں چلتا
تلوار دا پھٹ مل ویندے، زبان دا پھٹ نہیں ملدا	تلوار کا گھاؤ مل جاتا ہے زبان کا گھاؤ نہیں ملتا	دل آزاری یاد رہتی ہے	تلوار کا زخم بھر جاتا ہے بات کا نہیں بھرتا

تکھی ٹُرے تاں چھوہر ہے، مٹھی ٹُرے تاں نازو	تیز چلے تو چھوکری (کہلاتی) ہے، سست چلے تو نازو والی	لوگ کسی صورت معاف نہیں کرتے	
تل گھاٹا، موٹھ چھدرا، ڈیڈر ٹپ جوار کپی کپی پوٹا واڑ دا کدی ناں ہووے ہار	تل گھنے، موٹھ کھلے، جوار مینڈک کی جست کے فاصلے جتنی، کپاس کا کوئی کوئی پودا، کبھی ہار نہ ہووے	بجائی میں بیجوں کا مخصوص فاصلہ مدنظر رکھا جائے تو پیداوار زیادہ ہوتی ہے	
تلی تے آیا تے گلی اِچ ونجایا	ہتھیلی پر آیا اور گلی میں ضائع کیا	تازہ کمایا تازہ اُجاڑا	ہاتھ میں لانا، بات میں کھانا
تلی تے کھڈاوی، گلی تے جپھیاوی	ہتھیلی پہ لیا ہے، گلی میں چاٹا ہے	بے شرم و بے حیا سے کہتے ہیں	ہاتھ میں لانا، بات میں کھانا
تلے آلا ہتھ، اُتے نہیں آندا	نیچے والا ہاتھ اوپر نہیں آتا	مانگنے والے دیا نہیں کرتے	نیچے والا ہاتھ اوپر نہیں آتا
تلے پٹواری اُتے باری	نیچے پٹواری اوپر خدا	پٹواری کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے بولتے ہیں	نیچے پٹواری اوپر باری
تلے دھرتی، اُتے خدا	نیچے زمین، اوپر خدا	قسم کھانے کے موقع پر بولتے ہیں	تلے دھرتی، اوپر رام
تن سکھی تے من سکھی	جسم سکھی تو دل مطمئن	تندرستی سے زندگی کا مزا ہے	تن سکھی تو من سکھی
تند تند کر بنیں تانی بندی ہے	تار تار کرتے تانی بنتی ہے	تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے	چھوٹی چھوٹی تالاب بھر جاتا ہے
تند نہیں وگڑی تانی وگڑی ہے	تار نہیں بگڑی، تانی بگڑی ہے	سبھی بگڑے ہوئے ہیں	آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے
تنگ بھی تنگ ناں تھی	تنگ ہو جاؤ، شرمندہ نہ ہو	مانگنے میں خجالت ہے، تنگی میں برائی	
تو جاݨ، تیڈا کم جاݨے	تُو جان، تیرا کام جانے	ہم غیر متعلق ہیں، خود نبیڑو	تم جانو، تمہارا کام جانے
توا چنگا تاں روٹی کیوں سڑے، پتر چنگا تاں نونہہ کیوں لڑے	توا اچھا تو روٹی کیوں جلے۔ بیٹا اچھا تو بہو کیوں لڑے	اچھے توے اور اچھی بہو کی اپنی اپنی پہچان ہے	
توا ناں چلھا، گھر بنا دے ڈلا	توا نہ چولہا، ڈلا گھر بنائے	وسائل بغیر خواہشات پوری نہیں ہوتیں	گھر میں دیا نہ باتی، منڈو پھرے اتراتی
توبۃ النصوحے دی، رت بیواں کالے چوہے دی	سچی توبہ کی ہے کالے چوہے کا خون پیوں	سچی توبہ کرتے ہوئے بولتے ہیں	
توبھاں دا دروازہ اجاں کھلا ہے	توبہ کا دروازہ ابھی کھلا ہے	توبہ ہر وقت کی جا سکتی ہے	توبہ کا دروازہ کھلا ہے
توڑے پو ون کشالے، سِکدا طالب ناں چھوڑے	چاہے مشکلات پیش آئیں، چاہنے والا طلب نہ چھوڑے	غرض مند اندھا ہوتا ہے	غرض مند باؤلا ہوتا ہے
توڑے ماگھ ہے، پالے آگھ ہے	اگرچہ ماگھ ہے، سردی رکھتا ہے	ماگھ میں سردیاں رہتی ہیں	ماگھے جاڑ، بتاسے جاڑ
توڑے ہیں حیلے، اپنا ڈھونگر تاں کھیلے	چاہے اسی بہانے، اپنا کو لہا تو کھیلے	دوسروں کا آسرا لینے والا ذلیل ہوتا ہے	
توکل دے بیڑے پار	توکل کے بیڑے پار	متوکل انسان ضرور کامیاب ہوتا ہے	
تول وِچ آوے تاں آوݨ ڈے	وزن میں آئے تو آنے دو	خود بخود ملنے والی شے لینی چاہیئے	رو میں آئے تو آنے دو
تو عقل دا کم ناں آوے، رتی کرماں دی ڈاڈھی ہے	عقل تولہ بھر کام نہ آئے، بخت رتی بھر زبردست (ہوتا ہے)	انسان مقدر کا لکھا پاتا ہے	۱۔ روپ روئے، بھاگ کھائے ۲۔ بڑے منہ والا کھائے گا کر بلند ستارے والا (ش)

توں اپنی جا، میں اپنی جا	تو اپنی جگہ، میں اپنی جگہ	تیرا اور میرا کیا میل	
توں این گالھ دا ماماں لگدیں	تو اس بات کا ماموں لگتا ہے؟	کوئی غیر متعلقہ آدمی کسی معاملے میں مداخلت کرے تو کہتے ہیں	تجھے اور کی کیا پڑی تو اپنی سنبھال
توں بھُن دانے	تو دانے بھون	کسی معاملہ میں خواہ مخواہ دخیل کو چپ کرانے کے لئے کہتے ہیں	
توں بدھیا ہتھ ناں آسیں	تو بکڑا ہوا ہاتھ نہ آئے گا	جب کسی کو کسی خاص معاملے کی سنگینی کا احساس دلانا ہو تو بولتے ہیں	
توں پروں آئیں	تو دور سے آیا ہے	چاتر اور چالاک کو اس کی چالاکی کے اعتراف کے طور پر کہا جاتا ہے	
توں تاں حالی چوچاں، تو بناں ہیں	تم تو ابھی کم سن ہو	بہت بھولے بنتے ہو	تم تو کچھ جانتے ہی نہیں، اوندھے منہ دودھ پیتے ہو
توں تاں چھ سلیے وقوف ہیں	تم تو چھ سو گنا بے وقوف ہو	پکے بے وقوف کے لئے بولتے ہیں	تم بھی کورے چالیس سیرے بیوقوف ہو
توں جہڑی مسیت وچ پڑھیں، اساں اُتھاں سِتھاں ڈھوئن	تم جس مسجد میں پڑھتے ہو، ہم نے وہاں اینٹیں ڈھوئی ہیں	ہم تم سے زیادہ چالاک ہیں	آپ نے اڑائیں، ہم نے بھون کر کھائیں
توں سیر تاں میں سوا سیر / توں پار تاں میں سوا پار	تو سیر تو میں سوا سیر / تو پاؤ تو میں سوا پاؤ	مد مقابل کو اپنی بڑائی جتاتے ہوئے بولتے ہیں	۱۔ تو آن کا تو میں بان کا۔ ۲۔ تو سوئی تو میں دھاگہ ۳۔ تو مرزا تو میں خان
توں کون؟ میں خواہ مخواہ	تو کون (ہے)؟ میں خواہ مخواہ (ہوں)	دوسرے معاملات میں خواہ مخواہ ٹپکنے والا	تو کون، میں خواہ مخواہ
توں کون، میں کون	تو کون، میں کون	جب کوئی دوسرے سے خود کو افضل بتائے تو کہتا ہے۔	تو کون، میں کون
توں کون، میں گھوٹ دی توآ	تو کون، میں دولہے کی پھوپھی	زبردستی قریب آنے اور رشتہ جتانے والے کے لئے بولتے ہیں	مان نہ مان میں دولہا کی چچی
توں کہڑے باغ دی مُولی ہیں	تم کس باغ کی مولی ہو	تمہاری کیا حیثیت ہے	تم کس کھیت کی مولی ہو؟
توں کئی کتی خیل آ گئیں	کیا تو نواب آگیا ہے؟	جو ادنیٰ اعلیٰ بننے کا مظاہرہ کرے اُس کے لئے کہا جاتا ہے	
توں کیوں پرائے پھٹے، پھڈے وچ ٹنگ اڑیندیں	تم کیوں پرائے تختے / جھگڑے میں ٹانگ اڑاتے ہو	دوسروں کے معاملے میں مداخلت نہ کرو	تم کیوں پھٹے میں پاؤں دیتے ہو
توں مل دا مالک۔ اساں دل دے مالک	تو کارخانے کا مالک، ہم دل کے مالک	اپنی جگہ ہر انسان اہم ہے	پتھر اپنی جگہ بھاری ہوتا ہے
توں مینوں چھیڑیسیں	تم مجھے چھیڑو گے	کوئی خود چھیڑ خانی پر اکسائے تو بولتے ہیں	تم تو مجھے چھیڑو گے
توں ناں گوری تیڈیاں گانہیں گوریاں	تو گوری نہیں، تیری گائیں گوری ہیں	مالک سے زیادہ نوکر بھلے ہوں تو بولتے ہیں	
توں ناں لگیں ڈیوس ڈوئی نال ڈاٹا	تم نہ لگنے دینا ڈوئی سے دلیہ	ذرا سا بھی قصور تسلیم نہ کرنے والے سے کہتے ہیں	

تُوں نہیں ٻلیندا پیا، تیڈا اسائیں ٻلیندا پئے	تُو نہیں بول رہا، تیرا مالک بول رہا ہے	جس کا کوئی پُشت پناہ ہو وہ زیادہ تیز ہو جاتا ہے	بچھڑا کھونٹے کے بَل پر کُودتا ہے
تُوں وݙے پیُو دی دھی سہی	تُو بڑے باپ کی بیٹی سہی	المختصر ہم نے تجھے بڑا مان لیا	تم ہی بڑے باپ کی بیٹی سہی
تُوں وَنڄ اپݨی پیہہ، پِیکا	تو جا، اپنی پیس' پکا	انسان کو اپنے کام سے کام رکھنا چاہیئے	تُجھ کو پرائی کیا پڑی، اپنی نبیڑ تُو
تُوں دی آہدیں میکوں بھیݙاں گھن ݙیوو	تُو بھی کہتا ہے مجھے بھیڑیں لے دو	کوئی بے وقوفی کی بات کہے تو کہتے ہیں	تم بھی کہو گے مجھے تیرخا لے دے
تُوں وی پَدّیں پَڈّدیں، نقارچیݨ بݨ گئی ہیں	تُو بھی پادتے پادتے، نقارچن بن گئی ہے	نالائق ہو کر لیاقت کا اظہار کرنا	
تُوں وی راݨی میں وی راݨی، کون بھریسی گھر دا پاݨی	تُو بھی رانی، میں بھی رانی، کون بھرے گا گھر کا پانی	جہاں سبھی بڑے ہوں وہاں گھر کا کام نہیں ہوتا	تُو بھی رانی، میں بھی رانی۔ کون بھرے گا پن گھٹ پر پانی
تُوں تِی چڑھسی تے وارا کیہاں	پٹڑھے تو سٹّے پر باری کیسی	گنگا بہتی ہو تو باری کا انتظار بے سود ہے	بہتا دریا ہے جو چاہے چُلّو بھرے
تہاݙا بجت گھاٹا تھیوے	آپ کا بھات گاڑھا ہو	دو کی دوستی میں سے تیسرا شخص دور رہتے ہوئے کہتا ہے (آپ کی خوب بنی رہے)	
تہاݙا الَتھا ساݙی پراݨاں باہاں گا مال	آپ کی اُترن، ہماری سجاوٹ	آپ کی معمولی شے ہمارے لئے بہت بڑی ہے	آپ کے منہ کا اُگال، ہمارے پیٹ کا آدھا
تہاݙا ٹلݨ جہانگا تھی گئے	آپ کا ملنا مہنگا ہو گیا ہے	بہت کم ملنے والے سے کہا جاتا ہے	
تہاݙی دُعا برکت نال	آپ کی دُعاؤں اور برکت کے ساتھ	فراخی اور خوشحالی کے باوجود اظہارِ انکساری	آپ کی دُعاؤں کے طفیل
تہاݙی لسّی گھاٹی تھیوے	آپ کی لسّی گاڑھی ہو	آپ کی بنی رہے	
تہاݙے پِچھے کُوں کون چھاݨے	آپ کے پیسے ہوئے کو کون چھانے	آپ بے عیب کام کرتے ہیں (طنزاً)	تم تو نخا کاتتی ہو
تہاݙے پیراں وِچ مہندی تاں نہیں لگی ہوئی	آپ کے پاؤں میں مہندی تو نہیں لگی ہوئی	آنے میں کیا عذر ہے؟	مہندی تو پاؤں میں نہیں لگی
تہاݙے تھئے ہاسے تے غریباں دے بھجے پاسے	آپ کے مذاق ہوئے اور غریبوں کے پہلو ٹوٹے	ایک کا مذاق دوسرے کے لئے باعثِ نقصان ہوا	ہانسا توڑے پانسا
تہاݙے جِن سیاݨے ہن	تمہارے جن عقلمند ہیں	جس کی چھٹی حس اسے خبردار کر دے یا غیر متوقع طور پر مصیبت سے بچ جائے اُسے کہتے ہیں	
تہاݙے سر دا صدقہ ہے	آپ کے سر کا صدقہ ہے	آپ کی بدولت ہے	آپ ہی کی جوتیوں کا صدقہ ہے
تہاݙے گُڑ وِچ رمبے ہن	تمہارے گُڑ میں کُھرپے ہیں	تمہارے مزے ہی مزے ہیں	پانچوں گھی میں ہیں
تیݙے جمݨ تے کون راضی ہئی	تیری پیدائش پہ کون راضی تھا	تجھ پہ لعنت ہے، نالائق کی تحقیر کرتے ہوئے کہتے ہیں	تھو تیرے جنم پر
تیݙے ہتھاں کوں مہندی لگی ہوئی ہے؟	(کیا) تیرے ہاتھوں کو مہندی لگی ہوئی ہے	کوئی کام سے گریز کرے بولتے ہیں	کیا ہاتھوں میں مہندی لگی ہے
تیر کمر دا	تیر کمر کا	جو چیز اپنے پاس ہے وہی اپنی ہے	

تیرناں کماناں کتھ دے پٹھاݨ	تیر نہ کمان، کس (چیز) کے پٹھان	پٹھانوں کی وجہ شہرت ان کا اسلحہ ہے	تیر نہ کمان کاہے کے پٹھان
تیرناں کماناں، ناں دا پٹھاݨ	تیر نہ کمان، نام کا پٹھان	پٹھان کی وجہ شہرت اُس کی بہادری ہے جہاں کوئی شیخی بگھارے اور خود کچھ نہ کر سکے وہاں بولا جاتا ہے	تیر نہ کمان، کاہے کے پٹھان
تیرھواں مہینہ ہے	۱۳ واں مہینہ ہے	نئی فصل آنے سے پہلے دیہاتیوں پر جو مالی بحران ہوتا ہے اس کے بارے میں کہتے ہیں۔ مالی تنگی ہے	
تیڈا کُئی گھر گھاٹ ہے	تیرا کوئی گھر گھاٹ ہے	ہر جگہ آوارہ پھرنے والے سے کہتے ہیں	گھر کا نہ گھاٹ کا
تیڈا کئی مر گئے؟	کیا تیرا کوئی مر گیا ہے؟ (تجھ پر کیا آفت آئی ہے)	کسی کام کے نہ ہونے پر بولا جاتا ہے	
تیڈا وی مونہہ ڈٹھیجے	تیرا بھی منہ دیکھا جائے	کسی شخص سے اس کی اپنی تعریف سننے کے موقع پر طنزاً کہا جاتا ہے	
تیڈی اے راہ، ساڈی اے راہ	تمہاری یہ راہ، ہماری یہ راہ	ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں	تمہاری یہ راہ، ہماری وہ راہ
تیڈی جُتی تیڈے سِر	تمہاری جوتی، تمہارے سر	تمہارا مال تمہی پہ خرچ	تمہاری جُوتی اور تمہارے ہی سر
تیڈی جتی، میڈا سِر	تیرا جوتا، میرا سر	اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے کہا جاتا ہے کہ اگر میں قصور وار ہوں تو.....	
تیڈی لمبی عُمراں ہے	تیری طویل عُمر ہے	کسی کا اس کی عدم موجودگی میں ذکر ہو اور وہ اچانک آموجود ہو تو بولتے ہیں	
تیڈی ماء بہت ساڑی بیٹھی ہے	تیری ماں نے بہت جلا دیا ہے	بچے کو ماں کے انتظار کا احساس دلا کر گھر بھیجنے کے لئے کہا جاتا ہے	
تیڈے ایہے لارے، تاں پرنے وی کوارے	آپ کے ایسے وعدے، تو بیاہے ہوئے بھی کنوارے (ہو جائیں گے)	تمہارا وعدہ کبھی وفا نہیں ہوتا	تمہارے توتے کبھی اُگھاتے ہیں
تیڈے پیسے دا کئی چھاݨ ہے	تیرے پیسے ہوئے کو چھاننا کیسا	عمدہ کام کی تعریف میں بولا جاتا ہے	کسی کی ماں نے دھونسا کھایا ہے جو تمہارا مقابلہ کرے
تیڈے جیہیں کئی واݨ وٹیندے وَدِن	تیرے جیسے کتنے بان بٹتے پھرتے ہیں	تم کیا چیز ہو	تم جیسے سینکڑوں مارے مارے پھرتے ہیں
تیڈے کن ہئے پاسے ہن	تمہارے کان (توجہ) دوسری طرف تھے	تم اور ہی خیال میں تھے	تمہاری اور طرف کو آنکھ لگی ہوئی تھی
تیڈے مونہہ گھیو شکر	تیرے منہ میں گھی شکر	کوئی خوشخبری سُنائے تو کہتے ہیں	تمہارے منہ میں گھی شکر
تیڈے مونہہ وچ لڈوں رکھیر کھنڈ	تمہارے منہ میں لڈو، دودھ شکر	کوئی خوشخبری سُنائے تو کہتے ہیں	تمہارے مُنہ میں گھی شکر
تیڈے نال تاں او وی نہیں مل سگدا جیہڑا لت چا کے مُتر دے	تمہارے ساتھ وہ بھی برابری نہیں کرسکتا جو ٹانگ اٹھا کر موتتا ہے	اپنی تعریف کرنے والے سے طنزاً کہتے ہیں	تمہاری برابری وہ کرے جو ٹانگ اٹھا کر موتے

تیڈیاں اکھیں بئے پاسے لگیاں ہَن	تیری آنکھیں اور طرف لگی تھیں	تمہاری توجہ دوسری جانب تھی	تمہاری اور طرف کو آنکھ لگی ہوئی تھی
تیکوں اَٹے نال ہے کہ خرخشے نال	تجھے آٹے سے (مطلب) ہے کہ خرخشے سے	انسان کو اپنے مطلب سے مطلب رکھنا چاہیے	آم کھانے سے مطلب یا پیڑ گننے سے
تیکوں وڈا نک ہے	تجھے بڑا ناک ہے	جسے عزت کا شدید احساس ہو اُس سے طنزاً کہا جاتا ہے	واہ میاں ناک والے
تیکوں پیر دی پاکھر ہووے	تجھے پیر کی مدد ملے	دُعائیہ الفاظ، پیر کو وسیلہ سمجھنے والوں کا ایک مستقل جُملہ	
تیکوں حضرت سلیمان دی دُردہی جو اُگے مرد میڈا چا نھوتی	تجھے حضرت سلیمان کا واسطہ، تو نے پہلے میرا خاوند دھتکار دیا	کمزور طاقت ور کا نام لے کر اپنی جان بچاتا ہے	
تیل تِلاں وِچوں نکلدے	تیل تلوں سے نکلتا ہے	رعایا سے لے کر رعایا پر خرچ کیا جاتا ہے	تیل تلوں ہی میں سے نکلتا ہے
تیل ہٹی دا، گھیو جٹی دا	تیل دُکان کا (اچھا) گھی جاٹنی کا	سب سے اچھی چیز وہاں ملتی ہے جہاں بنتی ہے	گھی جاٹ کا، تیل ہاٹ کا
تیلاں باجھ ناں بلن مشالاں، درداں باجھ ناں آہیں	تیلوں کے بغیر مشعلیں نہ جلیں، دردوں کے بغیر آہیں نہیں نکلتی ہیں	کوئی کام بلاوجہ نہیں ہوا کرتا	
تیلی دا اچار، ہک مویا بیا تیار	تیلی کا اچار، ایک مرا دوسرا تیار	کسی کام کے دستکار وافر ہوں تو بولتے ہیں	
تیلی کیں دا ناں بیلی، ودے روپیہ ڈیندے دھیلی	تیلی کسی کا ساتھی نہیں، روپیہ کمائے تب آئے اَٹھنّی	تیلی کی محبت کا بھروسہ نہیں	
تیلی دا تھمبا بنا گھدا ہِنیں	تیلی کا کھمبا بنا لیا ہے	بے اصل بات بہت بڑھا دی گئی	ا. رسّی کا سانپ بن گیا ۲. سوئی کا بھالا ہوگیا
تیں اُلارے، اساں مارے ہیکھا ہک برابر	تُو نے ہاتھ اٹھایا، ہم نے مارا حساب برابر	کسی پر ہاتھ اُٹھانا مارنے سے کم توہین نہیں ہے	
تیں پاتی ہیں بُجھی، کانی اکھ ناں رہندی گجھی	تُو نے (نگاہ) ڈالی ہم نے بوجھی۔ ترچھی/ کانی نگاہ چھپی نہیں رہتی	کنکھیوں سے دیکھنے والوں کو لوگ تاڑ لیا کرتے ہیں	تاڑنے والے بھی قیامت کی نظر رکھتے ہیں
تھالی نال مُنگر، چُلھاناں پُر ہے	تھالی نہ کٹورا، باورچی خانہ بھرا ہے	وسائل نہ ہونے کے باوجود شیخی	گھر میں خرچ نہیں، اونٹھی پھرتی پھراج جڑل سوکھ ڈھائے
تھاں کٹھے ہووِن تاں کھڑک ای پوندِن	برتن اکٹھے ہوں تو کھٹک ہی پڑتے ہیں	جہاں لوگ اکٹھے ہوں وہاں جھگڑا ہو ہی جاتا ہے	جہاں چار برتن ہوتے ہیں کھڑکتے ہیں
تھڈیا تے لدّیا ہک برابر	کھودا ہوا اور لدا ہوا ایک برابر	نقل مکانی کے بعد دوسری جگہ، جگہ بنانا مشکل ہوتا ہے	
تھرے دا علاج کوئنی	ذہنی ماؤف کا کوئی علاج نہیں	پاگل درست نہیں ہو سکتے	
ٹُرگئے دا علاج ہے، تھر گئے دا علاج کوئنی	کم ہمتی کا علاج ہے ذہنی لاچارگی کا کوئی علاج نہیں	ذہنی پسماندگی لا علاج ہے	

تُھک کے چٹیندے پن	تُھوک کر چاٹ رہے ہیں	چیز رد کر کے دوبارہ قبول کرنا	تھوک کر چاٹتے ہیں
تُھک نال ای وَڑے پکدن ہا/ تھک نال وڑے نہیں پکدے	تھوک سے بڑیاں پکتی ہیں ؟/ تھوک سے بڑیاں نہیں پکتی ہیں	خرچ کئے بغیر کام نہیں چلا کرتے	۱. تھوک میں پکوڑے نہیں تلے جاتے ۲. تھوکوں ستو نہیں سنتے ۳. پھوار سے کھیت نہیں بھرتے
تھک ہے طباخی دے نوڑ کوں	تھوک ہے طبّاخ کے سالن پر	بازاری سالن کبھی گھر جیسا نہیں ہوتا / ناکارہ آدمی کے لئے طنزاً بولتے ہیں	
تھکا بیٹھیں تاں سہی کڈھ بیٹھاتے واٹ دی وَٹ بیٹھا	تھکا ہوا ہے تو آرام بھی کرتا رہ اور بان بھی بٹتا رہ	بعض لوگ دوسرے کی تکلیف کو تکلیف نہیں جانتے	
تھکّے دا کُئی سکا کو نئیں	تھکے (ہوئے) کا کوئی رشتہ دار نہیں	کم ہمت کا کوئی ساتھ نہیں دیتا	
تھکّے دیلے چِچڑ دی چھوڑ ویندن	تھکاوٹ کے وقت چچڑیاں بھی چھوڑ جاتی ہیں	دُکھی کو بلائیں بھی کچھ نہیں کہتیں	
تِھگڑی نال تھگڑی رلدی ہے	دَھجی سے دَھجی ملتی ہے	برابر کی حیثیت والوں کی رشتہ داری سجتی ہے	
تھلاں دے پلّے پانی دِرج ہگے	تھلوں (تھل کے علاقوں) کے پلے ہوئے پانی دکے علاقوں) میں خراب ہوتے	جس آب و ہوا میں انسان پروان چڑھتا ہے اُسی میں زندہ رہتا ہے	
تھبّ روٹی دا، گنّاں دال دا، کم نکّے بال دا	روٹی کا ڈھیر، دال کی بڑی ہنڈیا، کام چھوٹے بچے کا	جو بہت کھائے اور کام نہ کرے تو بولا جاتا ہے	۱. کھانے کو اونٹ کمانے کو مجنوں ۲. کھانے کو زچہ رچا، کمانے کو ننھا بچہ ۳. کھانے کو شیر، کمانے کو بکری
تھوبی تتی تاں دشمن دی ناں ونجے	توا گرم (ہو) تو دشمن بھی نہ جائے	کھانا تیار ہو تو دشمن کو بھی پیش کر دینا چاہیے	
تھولا پانی ڈھیرا اُبالا کھاندے	تھوڑا پانی زیادہ جوش کھاتا ہے	کمزور / کم ظرف زیادہ اتراتا ہے	۱. تھوتھا چنا، باجے گھنا ۲. تھوڑے پانی میں اُبھرتے پھرتے ہیں
تھولا کھا، تے نوکر چا کھڑا	تھوڑا کھاؤ اور نوکر کھڑا کرلو	کام کرنے سے انکاری شخص حکم دینے والے سے کہتا ہے	
تھولا کھاؤ، حکیم کول مُول ناں جاؤ	تھوڑا کھاؤ، حکیم کے پاس ہرگز نہ جاؤ	کم کھانے سے صحت قائم رہتی ہے	تھوڑا کھانا سکھی رہنا
تھولا کھٹے برکت ڈھیر	تھوڑا منافع کمائے، برکت بہت (ہو)	تھوڑا منافع سے کاروبار بڑھتا ہے	
تھولا کھٹیا تے بہوں سُودہ	تھوڑی محنت کی اور زیادہ فائدہ	معمولی محنت سے زیادہ فائدہ حاصل ہوا	
تھولی تھولی مُچکّے، سُنج کریندی جھگّے	تھوڑی تھوڑی مُچگے، گھر ویران کرے	مسلسل تھوڑے تھوڑے اخراجات بھی معاشی طور پر تباہ کر دیتے ہیں	تھوڑا تھوڑا ہی کر کے بہت ہو جاتا ہے
تھولی راہ تھل پلا، جھگی کپ تے نکی گاہ برکت ڈیسی آپ خدا	تھوڑی کاشت کرو املیان سے پانی دو نیچے سے کاٹو اور تھوڑی تھوڑی گہائی کرو۔ خدا خود برکت ڈالے گا	کام تھوڑا کرو لیکن بہتر کرو	

تھولی کوں تھولا کر ڈیندے تھولی موڑھی سئیں کوں کھاندی ہے تھوڑے تے صبر کرو تھیونی تھی تے رہندی ہے	تھوڑی کو تھوڑا کرتے ہیں تھوڑی پونجی مالک کو کھاتی ہے تھوڑی (شے) پر قناعت کرو ہونی ہو کر رہتی ہے	بات کو نہیں بڑھانا چاہیئے تھوڑے سرمائے سے کاروبار نہیں پنپتا لالچ بُری شے ہے قسمت کا لکھا تبدیل نہیں ہوتا	آئی گئی بات پار پڑی تھوڑی پونجی خصموں کھائے ہونی ہو کر رہتی ہے
ٹاہلی، کِکر دا کئی جوڑ کائنھیں	شیشم، کیکر کا کوئی مقابل نہیں	دونوں کی لکڑی اچھی ہوتی ہے / اعلیٰ انسان لاجواب ہوتے ہیں	
ٹبر ٹکھ مرے تے ٹبر اسیلاں کرے	کنبہ بھوکوں مرے اور دولہا سیریں کرے	سربراہ خاندان غیر ذمہ دار ہو تو گھر آباد نہیں رہا کرتے	باہر کے کھائیں، گھر کے گیت گائیں
ٹُبک دا ڈِھلہ	(پانی میں) آن گرنے والا ڈھیلا	خواہ مخواہ مداخلت کرنے والا	
ٹپ ونجے دریا ٹپ ونجے، نئیں تاں اَدھ تے کھڑ ونجے	چھلانگ جائے (تو) دریا چھلانگ جائے نہیں تو کھائے پہ ٹھہر جائے	امیر لوگوں کے بارے میں کہا جاتا ہے جو دل چاہے تو بہت کچھ کر جائیں نہ چاہیں تو معمولی کام بھی نہ کریں	اونٹ نگل جائیں اور دُم سے ہچکیاں لیں
ٹپا زمین دا تے ناں زمیندار ٹپکے دا ڈر ہے	زمین کا (معمولی) ٹکڑا اور نام زمیندار ٹپکنے کا خوف ہے	رقبہ کتنا ہی کم ہو مالک زمیندار ہی کہلاتا ہے ناگہانی آفت سے بچنا چاہیئے	ٹپکے کا ڈر ہے
ٹپے تاں دریا ٹپ ونجے، کھڑے تاں نالی تے کھڑ ونجے	پھاندے تو دریا پار کر جائے، ٹھہر جائے تو نالی پر رک جائے	اپنی مرضی کا مالک ہے	اونٹ نگل جائیں اور دُم سے ہچکیاں لیں
ٹپے نچے ہیجڑا، مزے کرے پاندی / پاندھی	اُچھلے ناچے ہیجڑا، مزے کرے آفری / مسافر	محنت کوئی کرے اور مزے کوئی اور اٹھائے	
ٹیٹھر آہدی اے اسمان کوں میں تھملی کھڑی / وُدی ہاں	ٹیٹری کہتی ہے آسمان کو میں اٹھائے ہوئے ہوں	کمزور آدمی جو خود کو بہت اہم سمجھے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے	ٹیٹری سے آسمان نہیں تھمتا
ٹُر آپ ناں سگے، پچھے موہنہ گوڈیاں دا	چل خود نہ سکے، لعنت ملامت گھٹنوں کو	اپنی کمزوری کا ذمہ دار دوسرے کو ٹھہرانے والے کے لئے بولا جاتا ہے	
ٹُر پھر وڈی، رکاباں مُنج دیاں	شہبازی بہت، رکابیں مونج کی	آدمی کچھ نہ ہو کر بھی بڑائی کا اظہار کرے	
ٹردا جاگدا، بیٹھا ستا، ستا مویا	چلتا ہوا جاگتا ہے، بیٹھا ہوا سویا ہوا ہے سویا ہوا مُردہ ہے	جو متحرک ہے وہی زندہ ہے	چلنا چلنا مدام چلنا
ٹردے تے بھجدے دا کیا میل	چلتے اور بھاگتے کا کیا جوڑ	امیر اور غریب کا کیا مقابلہ	پیدل سوار کا کیا ساتھ
ٹردے تے ٹُرھدے کوں کئی نئیں ہلدا	چلتے اور بہتے کو کوئی نہیں ملتا / پکڑ سکتا	آہستہ مگر مستقل مزاجی سے کام کرنے والا ترقی کر جاتا ہے	پیدل، سوار کا کیا ساتھ

ٹُردے دے پیر نئیں بھُردے	چلنے والے کے پاؤں نہیں ٹوٹتے	باہمت کامیاب ہوتے ہیں	
ٹُردیاں دے پچھیکڑ، بھجدیاں دے موہری	چلتے ہوؤں کے آخری، بھاگتے ہوؤں کے آگے	چالاک اور عیار آدمی کے بارے میں بولا جاتا ہے	بھاگتے کے آگے، مارتے کے پیچھے
ٹُر کے روٹی ناں کھنو، تنگی آندی ہے	چل کر روٹی نہ کھاؤ۔ غربت آتی ہے	چلتے ہوئے کھانا ناپسندیدہ ہے	اُدھیڑ کے روٹی نہ کھاؤ تنگی آتی ہے
ٹُر گئے دا گلہ کوئی نئیں کریندا	مُردہ کا کوئی گلہ نہیں کرتا	مرنے والوں کی شکایت نہیں کرنی چاہیے	
ٹُرگیں پتہ لگدے یا وَت مرگئیں	چلنے سے پتہ چلتا ہے یا پھر مرجانے (کے بعد)	چلنے سے سفر کا اندازہ ہوتا ہے اور مرجانے کے بعد انسان کا	
ٹُرمَرداں پُرمَرداں، بہہ رہنداں ٹھُرمَرداں	چل پڑتا ہوں بھر جاتا ہوں، بیٹھ رہتا ہوں گلتا رہتا ہوں	حرکت میں برکت ہے	حرکت میں برکت ہے
ٹکے دی باندی، ہزاراں کوں بدّھے	دو پیسے کی نوکرانی، ہزاروں کو باندھے	معمولی سرکاری ملازم۔ بڑے بڑے امیروں پر بھاری ہوتا ہے	
ٹکے دی بَندی، ہزاریں کو بدّھے	دو پیسے کی اکاؤنٹ بک، ہزاروں کو باندھے	ایک ہی کھاتہ ہزاروں لوگوں پر بھاری ہوتا ہے	
ٹکے دی چھوٹی گھنِدن اوں دی کھڑ کا کے ڈیہدن	ٹکے کی ڈھکنی لیتے ہیں وہ بھی ٹھونک بجا کر دیکھتے ہیں	ادنیٰ شے بھی دیکھ بھال کر خریدنی چاہیے	مٹی کا گھڑا بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں
ٹکے دی دال، سجّناں دی سنبھال	دو پیسے کی دال، دوستوں کی خبرگیری	معمولی شے سے دنیا کو فیض نہیں پہنچایا جا سکتا	دمڑی کی ارہر، ساری رات کھڑر
ٹکے دی رَن، پُجّن آیاں دِیاں جُھاں	ٹکے کی عورت چار آنے کی جونکیں	قبول صورت مگر بیمار بیوی پر بہت اخراجات ہوں تو طنزاً کہتے ہیں	۱۔ ٹکے کی بڑھیا، نو ٹکے سر مُنڈائی ۲۔ دمڑی کی بڑھیا، ٹکا سر مُنڈائی
ٹکے دی کُتی، چَھی آنے کھلائی	ٹکے کی کُتیا، چھ آنے گھسیٹنے کے	شے کی اصل قیمت سے زیادہ اس کو دفع کرنے پر خرچ	دمڑی کی بچھیا، بارہ ٹکے کی ہتھیا
ٹکے دی کُنّی دی ٹھنگور کے گھنِدن	ٹکے کی ہنڈیا بھی بجا کر لیتے ہیں	چیز کو جانچ کر خریدنا چاہیے	ادھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں
ٹکے دی ٹوکی گھنِدن اوں دی کھڑ کا کے، ٹھوک وَجا کے ڈیکھ گھِندن	ٹکے کا کوزہ لیتے ہیں وہ بھی کھنکھٹا کر، ٹھونک بجا کر دیکھ لیتے ہیں	ہر چیز کو جانچ کر خریدنا چاہیے	دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اُسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں
ٹکے دی ہانڈی گئی، کُتے دی ذات پچھاتی گئی	ٹکے کی ہنڈیا گئی، کتے کی ذات پہچانی گئی	معمولی نقصان سے کم ظرف پہچانا جائے تو گھاٹے کا سودا نہیں	دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی گئی
ٹُنڈا مُنڈا، بُوہا ناں گُنڈا	لُنجا لنگڑا، دروازہ نہ کنڈا	انتہائی خستہ حال	
ٹُنڈی بانہہ، چُوڑی دا چاہ	ٹُنڈا بازو، چوڑی کی چاہت	بے صلاحیت ہو کر بڑی خواہشات	آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نو نو

ٹھامسوں ٹھامسوں ناں تاں بھیݨ بھرا تاں رہسوں	راضی ہو گئے تو ہو گئے نہیں تو بہن بھائی تو رہیں گے	اُلجھے ہوئے مسئلے پر بحث کرتے ہوئے دو قرابت دار تلخی سے بچنے پر بولتے ہیں	
ٹھٹھاراں دے کبوتر شی کیتیاں نہیں اُڈدے	ٹھٹھیروں کے کبوتر "شی" کرنے سے نہیں اڑتے	جو جس کا عادی ہوتا ہے اس کے ساتھ ویسا سلوک کرنا پڑتا ہے	لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے
ٹھڈ نال بندہ نھیں مردا، بکھ نال بندہ مردے	سردی سے انسان نہیں مرتا، بھوک سے انسان مرتا ہے	بھوک سردی سے زیادہ خطرناک ہے	سردی کا مارا پنپتا ہے، ان کا مارا نہیں پنپتا
ٹھڈّا بندہ چنگا ہوندے	ٹھنڈا (مزاج) آدمی اچھا ہوتا ہے	نرم مزاجی اچھی خوبی ہے	سہج پکے سو میٹھا ہو
ٹھڈّا لوہا تتے کوں کپیندے	ٹھنڈا لوہا گرم کو کاٹتا ہے	ٹھنڈا مزاج گرم مزاج پر غالب آتا ہے	ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے
ٹھڈی ٹھڈی کھا، ناں پووی پھوکناں، کولھوں کولھوں سٹ ناں پووی کوکناں	ٹھنڈی ٹھنڈی کھاؤ گرم نہ کرنی پڑے، قریب والوں کو بلاؤ تاکہ شور نہ مچانا پڑے	ہر کام میانہ روی سے اچھا لگتا ہے	
ٹھڈے دا پندھ کرو	ٹھنڈے (وقت) کا سفر کرو	جب کسی ناپسندیدہ شخص کو چلتا کرنا ہو تو بولتے ہیں	
ٹھڈے کھیر کوں پھوکے ڈیندے	ٹھنڈے دودھ کو پھونکیں مارتا ہے	آسائشات میں بدمستی آتی ہے	
ٹھک ٹھک ڈڈھی رکاباں منج دیاں، خان چڑھیا شکار، خبراں سنج دیاں	شور/آواز بہت، رکابیں مونج کی، خان شکار کرنے لگا خبریں بُری	شیخی کرنے والے کے بارے میں کہا جاتا ہے	
ٹھلا حق ناں حق بھلا مانس	موٹا (آدمی) خواہ مخواہ کا شریف (سمجھا جاتا ہے)	موٹے آدمی کی بارعب شخصیت اس کی شرافت کا اظہار کرتی ہے	الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی
ٹھلی ہنی، کھاوے گھنی، شوہ آکھے میڈی کلھوٹی بھنی، پتلی کوار کھاوے چار، شوہ آکھے میڈی صرفے دار	موٹی عورت، کھائے زیادہ، خاوند کہے میری گندم کی کلھوٹی ٹوٹی، دبلی بیوی، چار کھائے، خاوند کہے میری (بیوی) بچت کرنے والی (ہے)	دبلی عورت کو کم خور سمجھا جاتا ہے	
ٹھلی ترمیت، سیالے دی تجوڑ ہے	موٹی عورت، سردیوں کی رضائی ہے	موٹی عورت کو سردی کم لگتی ہے	
ٹھلی ٹھلی بیڑی کیتی ویندے پاسا کئے، ونج دھانویں بیٹھے یار لگا داغ ناں لہیا	کشتی چلی، یار جدا ہو رہا ہے، مکے جا کر نہانا لگا داغ نہیں اترے گا	عشق کے داغ نہیں مٹا کرتے	
ٹھلے کپڑے ہنڈدے چنگے ہن	موٹے کپڑے زیادہ چلتے ہیں	موٹا کپڑا دیرپا ہوتا ہے	
ٹھوٹھیاں نال گنالی، ڈھگیاں نال ہالی	مٹی کی رکابیوں کے ساتھ صحنک، بیلوں کی جوڑی کے ساتھ کسان (سجتا ہے)	ہر چیز اپنی متعلقہ چیزوں کے ساتھ اچھی لگتی ہے	
ٹھوکر کھا کے مت آندی ہے	ٹھوکر کھانے کے بعد نصیحت ملتی ہے	نقصان اٹھا کر انسان سیکھتا ہے	ٹھوکر کھاوے، بدھ پادے

ٹھوکر لگدی ہے تاں سمجھ آندی ہے	ٹھوکر لگتی ہے تو سمجھ آتی ہے	نقصان اٹھا کر انسان سیکھتا ہے	ٹھوکر کھا دے۔ بُدھ پادے
ٹھیکریاں تے پڑھے ہوئے ہیں	ٹھیکریوں پر (ہم) پڑھے ہوئے ہیں (اچھی تعلیم پائی ہے)	جب کوئی شخص اپنی تعلیمی قابلیت ظاہر کرنا چاہے تو کہتا ہے	
ٹھیلن میر مُہانے، اگوں اللہ آپ جانے	میر ملاح کشتی چلائیں، آگے خُدا جانے	کوشش کرنا انسان کا کام ہے پوری کرنا خدا کا	
جا اُوہا سڑدی ہے جتھاں بھاہ بلدی ہے	جگہ وہی جلتی ہے جہاں آگ جلتی ہے	دکھی اپنے دکھ کا بہتر احساس رکھتا ہے	وہی جانے جہاں بیتے
جا ہے نال جاگر	کوئی جگہ نہیں ہے	تل دھرنے کی جگہ نہیں	
جاڑا بال، ما دا جنجال	جُڑواں بچہ، ماں کے لئے عذاب	جڑواں بچے مشکل سے پلتے ہیں	
جاگدیاں دیاں کٹیاں تے سُتیاں دے کٹے	جاگنے والوں کی کٹیاں اور سوئے ہوئے (لوگوں) کے کٹے	غافل نقصان اٹھاتا ہے	۱۔ جو سووے گا اُس کا ٹڑوا جو جاگے گا اس کی ٹڑیا ۲۔ جاگتے کی کٹیا اور سوتے کا کٹڑا
جان بچی تاں لکھ کھٹیا	جان بچی تو لاکھ پایا	مصیبت سے بچ نکلنا بہت بڑی نعمت ہے	جان بچی سو لاکھوں پائے
جان دا صدقہ مال	جان کا صدقہ مال	مال دے کر جان بچے تو بہتر ہے	جان کا صدقہ مال
جان سب کوں پیاری ہے	جان سب کو پیاری ہے	کوئی بھی مرنا گوارا نہیں کرتا	جان سب کو پیاری ہے
جان سُکھ جہان سُکھ	تن سُکھی، دنیا سُکھی	سُکھی کو لوگ سُکھی نظر آتے ہیں	آپ سُکھی تو جگ سُکھی
جان مارݨ نال پیدا تھیندی ہے	محنت کرنے سے دولت بنتی ہے	محنت سے روپیہ حاصل ہوتا ہے	جان مارنے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے
جان ونجے، آن نال ونجے	جان جائے، آن نہ جائے	عزت کی خاطر جان قربان کر دینی چاہیئے	جائے لاکھ، رہے ساکھ
جان ہے تاں جہان ہے	جان ہے تو جہان ہے	ہونے سے سب کچھ ہے	جان ہے تو جہان ہے
جتم جوڑا پاٹی لائم واڈ کوں، ڈکھیں دا گوگڑا اوریخ ڈلیسوں کراڑ کوں	بیل جوتے، پانی لگایا کپاس کو، دکھوں سے دیا (کیا ہوا) پھل، ہندو (بنیئے) کو جا دیں گے	ہندو بنیا مسلمان کسان کی محنت کھا جاتا تھا اس جانب اشارہ ہے	
جتنے مُونہہ اُتنیاں گالھیں رجتی مونہہ، اُتی گالھیں	جتنے منہ، اتنی باتیں	ایک معاملے پر لوگ مختلف الرائے ہوتے ہیں	جتنے مُنہ، اتنی باتیں
جتھ بھاہ بلدی ہے اُتھائیں سیک آندے	جہاں آگ جلتی ہے وہیں تپش ہوتی ہے	دُکھی کو دُکھ کا احساس ہوتا ہے	وہی جانے جس پر بیتے
جتھ بھاہ بلے، اُوہا جا جھلے	جہاں آگ لگے، وہی جگہ برداشت کرے	دکھی کو دکھ کا علم ہوتا ہے	وہی جانے جس پر بیتے
جتھ پیر، اُتھائیں خیر	جہاں پاؤں، وہیں خیریت	سفر پر جانے والے بیٹے کے لئے ماں کی دعا	
جتھ گُڑ، اُتھائیں مکھیاں	جہاں گُڑ، وہیں مکھیاں	دونوں لازم و ملزوم ہیں	جہاں گُڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی
جتھاں آپ دا قدم شریف، اُتھاں نہ ربیع نال خریف	جہاں آپ کا قدم شریف، وہاں ربیع نہ خریف	منحوس کی آمد تباہی لاتی ہے	جہاں جائے بھوکا، وہاں پڑے سوکھا
جتھاں اَدھ پا سماوے، اُتھاں سوا پا کیویں آوے	جہاں آدھ پاؤ سمائے وہاں سوا پاؤ کیسے آئے	کم ظرف میں بڑائی پیدا نہیں ہو سکتی	آدھا پاؤ کے پاتر میں کیسے سیر سمائے

جتھاں اللہ جوڑ جوڑے، بندہ کیویں توڑے	جہاں خدا رابطے جوڑے، انسان کیسے روکے	خدا دینے پہ آئے تو انسان نہیں روک سکتا	جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے
جتھاں اُونڑاں پیر، اُتھ ڈاتری پھیرناں پھیر	جہاں اُس کا پاؤں، درانتی پھیر نہ پھیر	منحوس کے قدم پڑتے ہی تباہی آتی ہے	جہاں جائے بھوکا، وہاں پڑے سوکھا
جتھاں بھاہ بلدی ہے اُتھاؤں دُھوں نکلدے	جہاں آگ جلتی ہے وہیں سے دھواں نکلتا ہے	دُکھی ہی دکھ کا اظہار کرتا ہے	آگ بن دھواں کہاں
جتھاں بھاہ بلدی ہے، سیک اُوہو جاندے	جہاں آگ جلتی ہے تپش وہی جانتا ہے	دکھی اپنے دکھ کو بہتر جانتا ہے	
جتھاں بالاں دی کھیڈ، اُتھاہیں ڈیݨ دا گھر	جہاں بچوں کا کھیل، وہیں ڈائن کا گھر	بچے بے دھڑک ہوتے ہیں	جہاں بالک کا بیٹھنا وہاں بھوتوں کا باس
جتھاں بلے بھاہ، سڑے اُوہا جا	جہاں آگے دہکے، وہی جگہ جلے	غم کا احساس دکھی ہی کر سکتا ہے	وہی جانے جہاں بیتے
جتھاں پئی پھٹ، اُتھاں پئی لُٹ	جہاں پھوٹ پڑی، وہاں لوٹ پڑی	نااتفاقی میں بربادی ہے/ آپس کی لڑائی میں دوسرے فائدہ اُٹھاتے ہیں	تم انت گئے، ہم انت کرایو، ماڑو بل چول کو تو نے کھایو
جتھاں تُساں ٹرے ہو اَساں اُتھاں سِلھاں ڈوڈھݨ/ ڈھوتݨ	جہاں تم ٹرے ہو وہاں ہم نے اینٹیں ڈھوئی ہیں	ہم تمہاری چالیں سمجھتے ہیں	تم نے اڑائیں ہم نے بھوں بھوں کر کھائیں
جتھاں ڈتے دال، اُتھاں کیہیں مجال	جہاں بال دیئے وہاں کیا مجال	جس گھر میں بیٹی دی ہو وہاں ہرگز جھگڑا نہ کرو	
جتھاں ڈیکھن چوپڑی، اُتھاں مارن دھڑ دکڑی	جدھر تر مال دیکھیں، اُدھر چھلانگ لگائیں	لوگ کھانے پر مرتے ہیں آن کو نہیں دیکھتے	دیکھ پرائی چوپڑی گر پڑا بے ایمان
جتھاں ڈیکھے توا پرات اُتھاں گاوے ساری رات	جہاں توا پرات دیکھے وہاں ساری رات گائے	غرض مند اپنے فائدہ کو دیکھتا ہے	جہاں دیکھے توا پرات وہیں ناچیں ساری رات
جتھاں ڈیوین دِھیاں اُتھاں کیا کریݨ بیاں	جہاں بیٹیاں دی جائیں وہاں اور کیا کیا جائے	جس گھر میں بیٹی دی ہو وہاں ہرگز جھگڑا نہ کرو	
جتھاں ذالیں پنج، اُتھاں جھیڑا اَسنوٖیں سنج	جہاں عورتیں پانچ، وہاں سرِشام جھگڑا	عورتوں کا آپس میں جھگڑا ہو جاتا ہے	
جتھاں ذالیں چار اُتھاں دھوں اندھار	جہاں عورتیں چار، وہاں (دباتیں)، دھواں دھار	عورتیں باتونی ہوتی ہیں	
جتھاں ذالیں ست اُتھاں جھیڑا ہُتو ڑٹ	جہاں سات عورتیں، وہاں مسلسل جھگڑا	زیادہ عورتوں میں زیادہ جھگڑا ہوتا ہے	
جتھاں رات پے گئی اُتھائیں دیرا	جہاں رات پڑ گئی وہیں ڈیرا	اظہار خاکساری پر بولتے ہیں	فقیر کو جہاں رات ہو گئی وہیں سرائے
جتھاں رُکھ نئیں، اُتھاں جوانہہ رُکھ ہے	جہاں درخت نہیں وہاں جوانہ درخت ہے	زیادہ لیاقت والا نہ ہو تو کم لیاقت والا ہی لائق ہوتا ہے	۱۔ جہاں روکھ نہیں وہاں انڈہی روکھ ۲۔ جہاں روکھ نہیں، رنڈ پہ دھان
جتھاں رَناں چار، اُتھاں گالھیں دا گھمکار	جہاں چار عورتیں وہاں باتوں کا شور	عورتیں خاموش نہیں بیٹھ سکتیں	
جتھاں ستیاناس، اُتھاں سوا ستیاناس	جہاں ستیاناس وہاں سوا ستیاس	جہاں بربادی ہو وہاں تھوڑے بہت کی کیا پرو	جہاں ستیاناس وہاں ساڑھے ستیاناس
جتھاں سَو (۱۰۰)، اُتھاں سوا سَو (۱۲۵)	جہاں سَو (۱۰۰) وہاں سوا سَو (۱۲۵)	جہاں خرچ کرنا ضروری ہو تو کم و بیش کی پروا نہیں کی جاتی	۱۔ جہاں سَو وہاں سوا سَو (۱۲۵) ۲۔ جہاں لاکھ لُٹے وہاں سوا لاکھ سہی
جتھاں سئیں دا پیر، ڈاتری پھیرناں پھیر	جہاں جناب کا پاؤں، درانتی چلا نہ چلا	منحوس کا قدم تباہی لاتا ہے	جہاں جائے بھوکا، وہیں پڑے سوکھا

جھتاں سیر، اُتھاں سواسیر	جہاں سیر وہاں سوا سیر	۱۔ کم و بیش کی پرواہ نہیں ۲۔ ذمہ داری میں کچھ اضافہ کرنے سے فرق نہیں پڑتا	۱۔ جہاں سیر وہاں سوایا/سوا سیر ۲۔ جہاں لادی وہاں سوا لادی
جھتاں فقیر بیٹھا دیرا اُدھو	جہاں فقیر/درویش بیٹھا وہی ڈیرہ	درویش بے فکرے ہوتے ہیں	
جھتاں کتا تے مورت ہووے اُتھاں رحمت دا فرشتہ نہیں آندا	جہاں کتا اور تصویر ہو وہاں رحمت کا فرشتہ نہیں آتا	بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے	جہاں کتا ہوتا ہے وہاں نیکی کا فرشتہ نہیں آتا
جھتاں کئی بکری کوہندے، مُلاں وانگ ہلیں دے بھوندے، سری پادے ٹھک بنائی	جہاں کوئی بکری ذبح کرتا ہے، مُلا چیلوں کی طرح گھومتا ہے۔ سری پائے اپنا حق بناتا ہے	مُلا لالچی ہوتا ہے	
جھتاں لالچ ڈھیر، اُتھاں ڈیوائے بکھ نہیں مردے	جہاں لالچ زیادہ ہو وہاں دیوالیئے بھوکوں نہیں مرتے	لالچ زیادہ نقصان کرتا ہے	لالچ بُری بلا ہے
جھتاں ڈکھو دھرک، ڈہندے ونجن سُک	جہاں دوڑ کر جاؤ، بہتے دریا خشک ہو جائیں	منحوس جہاں جائے گا اس کی نحوست منفی اثرات لائے گی	جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا
جھتاں ہووی پیار اُتھاں ناں ڈے اُدھار جے ڈے بہیں تاں اصلوں ڈے وسار	جہاں پیار (کا تعلق) ہو وہاں اُدھار نہ دو اگر دے بیٹھو تو بالکل بھلا دو	اُدھار محبت کی قینچی ہے	۱۔ اُدھار دیجئے دشمن کیجئے ۲۔ اُدھار دیوے دونوں کھووے
جھتوں دا پانی پیوے، اُتھوں دی گالھ بولے	جہاں کا پانی پیے، وہاں کی بات چلائے	جہاں آباد ہو وہاں کی زبان بولو	جہاں کا پیوے پانی، تہاں کی بولے بانی
جھتوں دی بلا ہے اُتھائیں چنگی ہے	جہاں کی بلا ہے وہیں اچھی ہے	ہر شخص کا اپنی ہی قوم میں گزارہ ہوتا ہے	جل کی مچھلی، جل ہی میں بھلی
جھتوں دی کھوتی، اُتھائیں آن کھلوتی	جہاں کی گدھی، وہیں آن کھڑی ہوئی	ہر شے اپنے اصل کی طرف لوٹتی ہے	
جتی اُتے ہے اُتی تلے ہے	جتنا اوپر ہے اتنا نیچے ہے	شریر کی نسبت بولتے ہیں	جتنا اوپر اتنا ہی نیچے
جتی ٹھڈا اُتی فتنہ	جتنا پست قامت، اتنا فتنہ	پست قامت شرارتی ہوتے ہیں	جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا
جتی بال، اُتی جنجال/خواری	جتنے بچے اتنی مصیبت/ذلت	زیادہ بچے ہوں تو مسائل بڑھ جاتے ہیں	
جُتی پیر، دشمن زیر	پاؤں میں جوتا، دشمن مغلوب	دشمن قوت سے مغلوب ہوتا ہے	دشمن زیر پاؤں
جتی چھوٹا، اُتی کھوٹا	جتنا چھوٹا، اتنا کھوٹا	پست قامت بہت شرارتی ہوتے ہیں	جتنا چھوٹا، اتنا ہی کھوٹا
جتی زمین دے اُتے ہے اُتی تلے ہے	جتنا زمین کے اوپر ہے، اتنا زمین کے نیچے ہے	پست قد شرارتی ہوں تو بولتے ہیں	جتنا زمین کے اوپر، اتنا ہی نیچے
جُتی سئو دی ہووے تاں پنجاہ دا ہک پولا پیا	جوتا سو کا ہو تو پچاس کا ایک ہزار پڑا	پچاس مار کر ایک گننے پر بولتے ہیں، سخت سزا دینا	
جتی سوڑ ہووے اُتی پیر ڈگھیرو	جتنی رضائی ہو اتنے پاؤں پھیلاؤ	اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرو	جتنی چادر دیکھو اتنے پاؤں پھیلاؤ
جتی گُڈی اُتی ڈوڈی	جتنی گوڈی، اتنی ڈوڈی	انسان محنت کا پھل پاتا ہے	جتنی گوڈی، اتنی ڈوڈی
جتی گڑ، اُتی مٹھا	جتنا گڑ، اتنا میٹھا	جتنا خرچ زیادہ کرو گے اتنا کام اچھا ہوگا	جتنا گڑ ڈالو گے، اتنا میٹھا ہوگا
جتی لگیاں میکوں، ہک لگی تاں جانیں	جتنی مجھے لگیں، تجھے ایک لگے تو جانے	دوسرے کے دکھ کا احساس نہیں ہوتا	

جتی لمبا اُتی کوڑن	جتنا لمبا اتنا بے وقوف	طویل القامت بے وقوف ہوتے ہیں	کُل طویل احمق (ع)
جتی مُونہہ اُتی گالھیں	جتنے منہ اُتنی باتیں	انسان مختلف الرائے ہوتے ہیں	جتنے منہ اتنی باتیں
جُتی نال جُتی ملدی ہے	جوتی سے جوتی ملتی ہے	برابر کے دونوں میں رشتہ داری ہوئی دونوں ایک جیسے ہیں	طابق النعل بالنعل (ع)
جتی نانگ لمبا، اُتی گوہ چیڑی	جتنا سانپ لمبا اتنی سوسمار سخت جان رہندی		جتنا سانپ لمبا اتنی گوہ چوڑی
جتی نکی، اُتی تکھی	جتنی چھوٹی، اتنی چالاک	کوئی چھوٹا بہت چالاکی کرے تو بولتے ہیں	جتنا چھوٹا، اتنا ہی کھوٹا
جُتیاں دا صدقہ	جوتیوں کا صدقہ	جس کی بدولت کچھ حاصل ہو اس کے لئے کہا جاتا ہے	جوتیوں کا صدقہ
جُتیاں گھسائیں در ملدن	جوتے گھسانے سے بر ملتے ہیں	کام آسانی سے نہیں ہوا کرتے	
جڈاں تھیسی پیدا سُنسن لوک سبھوئی	جب پیدا ہو گی سبھی لوگ سنیں گے	بر ملا نظر آنے والی چیزوں کا سب کو علم ہو جاتا ہے	چاند چڑھے کل عالم دیکھے
جڈاں حیا ونڈیا ہا، تر نگر اُڈے ہا لِس	جب حیا تقسیم ہوا، بورے پھیلائے گئے	بالکل بے شرم و بے حیا ہے	
جڈاں گُڑ گلیاں پاپڑاں دا مینہ وسیا ہئی	جب پکوڑوں پاپڑوں کا مینہ برساتھا	ایک لوک کہانی کا فقرہ، جو بہکانے کے لئے یاد کرایا گیا تھا کہ جب کہا جائے تو واقعہ ہنسی بن جائے	کھیل بتاشوں کا مینہ
جڈوں ہوئی عید برات، مُلاں دے بالیں پٹیاوات۔ روندیں روندیں ہوئی پربھات ہائے قیامت آئی ہے	جب کبھی عید شبرات ہوئی، مُلا کے بچوں نے رونا شروع کیا، روتے روتے فجر ہو گئی ہائے قیامت آگئی ہے	مُلا کی خستہ حالی کی طرف اشارہ ہے	
جڈے تے کانڑے دی ہک رگ وادھو ہوندی ہے	لنگڑے اور کانے کی ایک رگ فالتو ہوتی ہے	ایک صلاحیت سے محروم کی دوسری صلاحیتیں بیدار ہو جایا کرتی ہیں	اندھے کانے کچھ زیادہ ہی شرارتی ہوتے ہیں
جڈے چاہ، اُڈاہیں راہ	جدھر چاہت، اُدھر راستہ	انسان ارادہ کرے تو مشکلیں دم توڑ جاتی ہیں	جہاں چاہ، وہاں راہ
جُڑی کوں جس ہے	جُڑی ہوئی (محبت) کی تعریف ہے	بنی کی سب تعریف کرتے ہیں	
جستی تھاں	سلور/جست کا برتن	ایسا شخص جو جلد غصے میں آئے اور جلد ٹھنڈا ہو جائے	اُتھلا کٹورا
جگ دُ ہوتاں آدمی اوڑک نکھڑ ویندے	جگ کا محتاج آدمی بالآخر ختم ہو جاتا ہے	جس شخص کی اپنی ذات میں صلاحیت نہیں وہ ترقی نہیں کر سکتا	
جگرا جوان دا، شینہہ پناہ منگے	جوان کا جگر، شیر پناہ مانگے	مرد کو دلیر ہونا چاہئیے	
جل توں جلال توں، صاحب کمال توں، آئی بلا کوں ٹال توں	عظیم تو، جلال والا تو، صاحب کمال تو آئے عذاب کو ٹال تو	مصیبت کے وقت کے دعائیہ کلمات	جل تو، جلال تو، صاحب کمال تو، آئی بلا کو ٹال تو

جگو دے ڈو ہڑے بھٹے، مینہ اُتے چھپّر ڈُھٹھے، رل بکریاں قصائی کوں کُٹھے، کنجری اِیاں مٹھے، بھونکن چور تے نسّن کُتّے	جگو کے دوہڑے الٹے ہیں، بارش کے اوپر چھپّر برسے، بکریوں نے مل کر قصائی کو ذبح کیا، طوائف چرواہے کو لوٹے، چور بھونکیں اور کُتّے بھاگیں	جہاں سارا نظام الٹ ہو وہاں بولتے ہیں	
جلتی وِچ دیر تھیندی ہے	جلد بازی میں دیر ہوتی ہے	عجلت میں انسان نقصان کر بیٹھتا ہے	
جلّے دے ارائیں، اُوہے چور تے اُوہے سائیں	جلّے کے ارائیں، وہی چور اور وہی مالک ہیں مشہور ہے کہ وہ کوئی جھگڑا تھانے تک	(جلّے کے بااثر ذیلدار الٰہی بخش کے بارے نہ جانے دیتا، تمام معاملات خود نمٹا لیتا تھا)	اُتا ولا سو باولا (جلّے کے لوگ اپنے سبھی معاملات کے خود ہی ذمہ دار ہیں)
جُمّاں جنج نال تیار	جمّاں بارات کے ساتھ تیار	بیکار آدمی جو ہر جگہ جانے کو تیار ہوتا ہے	
جمعرات پچھّاں	جمعرات کل	کیا دھرا جلدی سامنے آتا ہے	آج سے کل نزدیک ہے
جمعرات دی جھڑی اٹھ ڈینہہ کھڑی	جمعرات کی جھڑی آٹھ دن کھڑی (رہتی ہے)	جمعرات سے شروع ہونے والی بارشیں عموماً ہفتہ بھر جاری رہتی ہیں	
جمعرات مُلّاں دے گھر شادیاں، دل تنگ تے بانھاں کُشادیاں	جمعرات کو مُلّا کے گھر خوشیاں، دل تنگ اور بازو کُھلے ہوئے	جمعرات کو مولوی کے گھر وافر کھانا جمع ہو جاتا ہے مگر وہ کسی کو دیتا ہرگز نہیں	
جمعہ جمعہ اٹھ ڈینہہ	جمعہ جمعہ آٹھ دن	جب تھوڑا عرصہ بتانا ہو تو بولتے ہیں	جمعہ جمعہ آٹھ روز
جن چھوڑے بھوت چھوڑے، اے کڈاہیں ناں چھوڑے	جن چھوڑے بھوت چھوڑے، یہ کبھی نہ چھوڑے	ایسے شخص کے بارے میں بولتے ہیں جو ہر قسم کے حالات میں اپنا کام رمقصد ترک نہ کرے	
جن سیانے ہِن جو بچ گے	مقدّر اچھے تھے جو بچ گیا	اتفاقاً نجات ہو گئی	
جِتھے گئیاں بیڑیاں اُتھے گئے ملّاح	جدھر کشتیاں گئیں اُدھر ملّاح گئے	جب اصل نہ رہے تو ان کے متعلقات بیکار ہوتے ہیں	
جِتھے لنگھ گئے راہ سفر دے، اے وی لنگھ ویسی	جدھر سفر کے راستے گزر گئے، یہ بھی گزر جائے گا	جہاں اور تکلیفیں برداشت کیں، یہ بھی برداشت کر لیں گے	
جِتھے ویسن لوگ لگائی، اساں انی ویسوں دگا جائی	جدھر لوگ بھاگ جائیں گے ہم بھی لٹھ اٹھائے جائیں گے	مخلوق میں بھیڑ چال ہوتی ہے	
جنج آئی بوہے، جھوہیر اگُڑی دے کن بِندھ	بارات دروازے پر آئی، دلہن کے کان سیو	شے کی ضرورت کے وقت تیاری کرنا نادانی ہے	آگ لگنے پر کنواں کھودنا
جنج پرائی، احمق نچے، جُتّی تروڑے کپڑے پاڑے	پرائی بارات، بے وقوف ناچے، جوتا توڑے، کپڑے پھاڑے	غیر متعلقہ آدمی کا کسی معاملے میں دخیل ہونا بے عزتی کا سبب بنتا ہے	
جنج پرائی احمق نچن، منجھوں لہا کے دیلاں گھتن	پرائی بارات میں احمق ناچیں، نچلے دھڑ کے کپڑے اتار، بیل دیں	بے وقوف اوچھے کام کرتا ہے	
جنج پرائی تے احمق نچے، جنگھاں تروڑے تے کپڑے اُٹے	پرائی بارات میں احمق ناچے، لاتیں تھکائے اور کپڑے میلے کرے	کسی جگہ بن بلائے پہنچنے والا نادان اور احمق ہے	

جنج چڑھی تے رنج ڈٹھی	بارات شروع ہوئی اور پہنچ گئی	خوشی کے لمحات مختصر ہوتے ہیں	
جند ڈتی ہس تاں روزی وی ڈیسی	زندگی دی ہے تو رزق بھی دے گا	خُدا ہر ذی روح کو رزق دیتا ہے	
جند رب کوں ڈیونڑی ہے ایمان نسے گلیندے	جان خدا کو دینی ہے، ایمان ضائع نہیں کرتے	حق بات کہنے سے گریز نہ کرو	ایمان رہے جائے سب کچھ
جند سکھ، جہان سکھ	جان سکھ، جہان سکھ	اِنسان خود سُکھی ہو تو ساری دنیا سُکھی نظر آتی ہے	جان سُکھ، جہان سُکھ
جند ہر کہیں کوں پیاری ہوندی ہے	جان ہر کسی کو عزیز ہوتی ہے	جان سب کو پیاری ہوتی ہے	جان سب کو پیاری ہے
جندرے سادھاں کیتے ہوندن چوراں کیتے نہیں ہوندے	تالے شریفوں کے لئے ہوتے ہیں چوروں کے لئے نہیں ہوتے	چور کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی	
جنگل جٹ ناں چھیڑیئے، ہٹی تے کراڑ، بیڑی تے مہاناں، جو بھن گھتیس متھاڑ	جنگل میں جاٹ کو نہ چھیڑو، دکان پر ہندو کو، کشتی میں ملاح کو، کہ وہ منہ توڑ دیں گے	ہر آدمی اپنے اڈے پر شیر ہوتا ہے	جنگل جاٹ نہ چھیڑیئے، ہٹی بیچ کراڑ، جھوکا ترک نہ چھیڑیئے، ہو جائیں جی کے جھاڑ
جنگل وچ مور نچیا، تاں کیں ڈٹھا	جنگل میں مور ناچا تو کس نے دیکھا	ویرانے میں کمال کا اظہار بے معنی ہے	جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا
جنگلاں مویاں دے کیہیں جنازے	جنگلوں میں مرنے والوں کے کیسے جنازے	شہر سے دُور رہنے والوں کو کوئی نہیں پوچھتا	
جنھوں دی ہوا، تھاؤں دا اوڈھر	جدھر کی ہوا، اُدھر کی اوٹ	جدھر سے ہوا آتی ہے اُدھر لوگ پشت کر لیتے ہیں۔	
جنہاں آسرا رب دا، اُنہاں رزق ہمیش	جنہیں خُدا کا آسرا، اُنہیں ہمیشہ رزق	رزق کے لئے خدا سے لَو لگانی چاہیئے	
جنہاں اگ تائے، اُنہاں پُتر جائے	جو تنگ ہوئے، انہیں بیٹے پیدا ہوئے	تکلیفیں برداشت کرنے والے ہی خوشیاں پاتے ہیں	
جنہاں جُتے کھوہ اُنہاں سکھ ناں ڈٹھے رُوح	جنہوں نے کنوئیں چلائے اُن کی روحوں نے سُکھ نہ پایا	کاشت کاری صبر آزما کام ہے	بڑوں کو دُکھ بھی بڑا
جنہاں جائن، اُنہاں بھارے چائن	جنہوں نے پیدا کئے، انہوں نے ذمہ داری اُٹھائی	والدین ہی اولاد کو پالنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں	جس نے کوڑا دیا، وہ گھوڑا بھی دے گا
جنہاں دیاں ٹُر گیاں ماواں اُنہاں دے ڈکر کھادے کانواں	جن کی مائیں چلی گئیں اُن کی روٹی کوؤں نے کھائی	ماں کے بغیر اولاد دُکھ اُٹھاتی ہے	
جنہاں کوں مار بخت دی، رہن عقل توں وانجھے، مٹی دے بھاں ناں تھیندے کانجھے، تورڑے دل دل مانجھے	جن کو بدبختی کی مار ہو وہ عقل سے محروم رہتے ہیں۔ مٹی کے برتن چمکدار (پیتل کی طرح) نہیں ہوتے چاہے بار بار مانجو	بدقسمتی تدابیر سے نہیں ٹلتی	
جنہاں کھادا ہن کے، او کیا جانڑن رنھ کے	جنہوں نے مانگ کر کھایا، وہ پکانے کا کیا جانیں	جو کام کرتا ہے وہی مشکلات سمجھتا ہے	
جنہاں کھادا منگ تنگ، او کیا جانڑن شرم تے ننگ	جنہوں نے مانگ تانگ کر کھایا، وہ ننگ و شرم کیا جانیں	دست سوال دراز کرنے والا بے شرم ہو جاتا ہے	

جھنہاں کھادیاں دلیھیاں، او کیا جانن کار	جنہوں نے فارغ بیٹھ کر کھایا، وہ کام کیا جانیں	بیکار رہنے والے ناکارہ ہو جاتے ہیں	جسے کھانے کو ملے یُوں، وہ کمانے کو جائے کیوں
جنہاں کیتی شرم، اُنہاں دے سڑے کرم	جنہوں نے شرم کی، اُن کے کرم جلے	بے موقع جھجک نقصان دہ ہے	جس نے کی شرم اس کے پھُوٹے کرم
جنہاں لتی بے حیائی، اُنہاں کھادی کھیر ملائی	جنہوں نے بے حیائی اختیار کی، انہوں نے دودھ بالائی کھائی	بے حیا مزے میں رہتا ہے	جس نے کی بے حیائی اس نے کھائی دودھ ملائی
جو چور دی سزا، او میڈی سزا	جو چور کی سزا، وہی میری سزا	اپنی صفائی میں کوئی ملزم کہتا ہے	چور کا حال سو میرا حال کرنا
جو دم غافل سو دم کافر	جتنا عرصہ غافل، اتنا عرصہ کافر	صوفیا کی کہاوت، جو وقت یاد خدا میں نہ گزرے وہ کفر میں گزرا	جو دم غافل سو دم کافر
جو رہیسو، سو چیسو/ اُدہو چیسو	جو بوؤ گے وہی کاٹو گے	جیسی نیت ویسی مراد	۱۔ جو بوؤ گے وہی کاٹو گے ۲۔ جو بوئے گا وہی کاٹے گا
جو ساوے کُئی ناں آوے، جو پکے، آ گئے سکے	جو ہرے دہوں، کوئی نہ آتے، جو پکے، رشتہ دار آ گئے	خوشحالی میں پرائے بھی اپنے بن جاتے ہیں	۱۔ بھات ہے تو کوے بہت ۲۔ چھپرے میرے، سر تلے بہتیرے
جو سر دے سو کر دے	جو آگے بڑھتا ہے وہ کر لیتا ہے	باہمت کامیاب ہو جاتا ہے	ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا
جو سُکھ چبارے، ناں بلخ ناں بخارے	جو آرام چوبارے میں، نہ بلخ نہ بخارے میں	اپنے گھر میں انسان کو بہت سکون ملتا ہے	جو چھجو کے چوبارے نہ بلخ نہ بخارے
جو گھڑیسو، اَنت بھجسی	جو بنے گا بالآخر ٹوٹے گا	ہر شے ایک نہ ایک دن فنا ہو جائے گی	کُلّ شیٔ فان (ع)
جوآں دی ڈھیری تے گدڑا نمبر رکھوالا	جو کی ڈھیری اور گدھا رکھوالا	چور سامان کے محافظ نہیں ہو سکتے	
جوبن دے ڈینہہ چار	جوبن کے دن چار	جوانی کا حسن عارضی ہے	چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ہے
جُوٹھ جوٹھ ہے، سچ سچ ہے	جھوٹ جھوٹ ہے، سچ سچ ہے	سچ اور جھوٹ یکساں نہیں ہو سکتے	جھوٹ جھوٹ ہے، سچ سچ ہے
جُوٹھ دے پیر نہیں ہوندے	جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے	جھوٹ پائیدار نہیں ہوتا	جھوٹ کی بیل منڈھے نہیں چڑھتی
جُوٹھ مارے یا جُھوٹھ مارے	جھوٹ مارتا ہے یا جوٹھی شے مارتی ہے	جوٹھی شے کھانا اور جھوٹ بولنا، دونوں مضر ہیں	جھوٹ کہنا اور جھوٹ کھانا برابر ہے
جوڑ بھیلیو جوڑ، کھا ویسیں ہور	اے دبوث جوڑ، کھائیں گے دوسرے	جوڑتا کوئی ہے کھاتا کوئی ہے	جوڑ جوڑ مر جائیں گے، من کی نہ پائیں گے
جوڑ جوڑ مُتی، تے کھا گئی کالی کُتی	جوڑ جوڑ کر سوئی، اور کالی کتیا کھا گئی	کنجوس کا مال ضائع ہو جاتا ہے	جوڑ جوڑ مر جائیں گے، مال جنوائی کھائیں گے
جوڑ گئے سو بوڑ گئے، کھا گئے رنگ لا گئے	اکٹھا کر گئے ڈبو گئے، کھا گئے رنگ لگا گئے / مزے کر گئے	جو کھایا پیا وہی اپنا ہے	۱۔ جوڑ جوڑ مر جائیں گے، مال جنوائی کھائیں گے ۲۔ کھایا پیا انگ لگا
جوڑا جوہ ڈیتا ونجے تاں کھوہ دا پانی چُو ویندے	(بیلوں کا) جوڑا جوت دیا جائے تو کنویں کا پانی اُٹھ آتا ہے	مسلسل خرچ سے دولت کا بڑے سے بڑا ذخیرہ بھی کم ہو جاتا ہے	
جوڑے اُتے بندن	جوڑے رب اوپر بنتے ہیں	رشتے قدرت کی طرف سے طے ہوتے ہیں	
جوڑا یا گھوڑا لکھ دا، گھر ترے پا آٹا پکدا	گھوڑا لاکھ روپے کا جوڑا، گھر (میں) تین پاؤ آٹا پکتا ہے	ظاہری شان ہے، اندر کچھ نہیں	جوڑا باگا لکھ دا، گھر تن پا آٹا پکدا

جیکے / جو نکھے دی ٹھجھائی، ہک شاہی کُڑتے چار ہک چھائی	بھاڑ جھونکنے والے کی مزدوری، سوا تولہ گڑ، چار مٹھیاں راکھ	آگ بھڑکانے والے کی مزدوری بہت کم ہے	
جوگی کیئں دا متر نئیں ہوندا	جوگی کسی کا دوست نہیں ہوتا	جگہ جگہ پھرنے والا تعلقات نہیں نبھا سکتا	جوگی کس کے میت ہوتے ہیں
جوں وِیائی، لیکھ جائی	جوں بیائی۔ لیکھ پیدا ہوئی	کمزور سے کمزور ہی جنم لیں گے	
جیہڑا آپݨاں نئیں، او کیئں دا نئیں	جو اپنا نہیں، وہ کسی کا نہیں	اپنی بہتری کا خواہاں ہی دوسرے کا بھلا سوچ سکتا ہے	جو اپنے کام نہ آئے وہ بھاڑ چولہے میں جائے
جیہڑا آکھے جی، بَھج اِگوں تے تھی	جو جی کہے، بھاگ کر آگے ہو جاؤ	جو مصیبت میں کام آئے اس کے کام آنا چاہیئے	جو بندہ نوازی کرے جاں اُس پہ فدا ہے
جیہڑا آگیا، آگیا، جیہڑا ناں آیا ناں سہی	جو آ گیا، آ گیا، جو نہ آیا نہ سہی	غیر موجود کی پرواہ نہیں کی جاتی	حاضر کو حجت نہیں، غیر کی تلاش نہیں
جیہڑا اِتھ سُنجاں، او لہور دی سُنجاں	جو یہاں نالائق، وہ لاہور میں بھی نالائق	نالائق ہمیشہ نالائق ہوتا ہے	جو یہاں کھوٹے سنتو، وہ وہاں بھی کھوٹے
جیہڑا اِتھاں چنگا، او اُتھاں دی چنگا	جو یہاں اچھا وہ وہاں بھی اچھا	دنیا میں اچھے لوگ خدا کے ہاں بھی مرتبہ پائیں گے	جس کا یہاں چاہ، اس کی وہاں چاہ
جیہڑا اُٹھدے / ٹُردے کھٹ کھاندے	جو اٹھتا ہے / چلتا ہے، کما کھاتا ہے	محنت کرنے والے ہی پاتے ہیں	جو بڑھتا ہے وہ پاتا ہے
جیہڑا اَڈ نئیں تر پیدا، بھاٹ کیا تَرسی	جو کھالا نہیں پھلانگتا، وہ دریا کی شاخ / بازو کیا تیرے گا	بزدل سے بہادری کی توقع فضول ہے	
جیہڑا الاوے، اُوہو لوہا ڈلاوے	جو بولے، وہی دروازہ بھیڑے	مشورہ دینے والے کو ہی کام کرنا پڑتا ہے	جو بولے وہی کُنڈا کھولے
جیہڑا اَلیسی دَر ڈلیسی	جو بولے گا پٹ بند کرے گا	بعض اوقات کام مشورہ دینے والے کے گلے پڑ جاتا ہے	۱۔ جو بولے سو کُنڈا کھولے ۲۔ جو بولے سو گھی کو جائے
جیہڑا ایں جہان گندا، او اُوں جہان دی گندا	جو اس دنیا میں گندا وہ اُس دنیا میں بھی گندا	فانی دنیا کا نیکوکار ہی اگلی دنیا میں مقام پاتا ہے	جو یہاں کھوٹے سنتو وہ وہاں بھی کھوٹے
جیہڑا بھونکدے او ڈِیندا نئیں	جو بھونکتا ہے وہ کاٹتا نہیں	سامنے آکر لڑنے والا زیادہ خطرناک نہیں ہوتا	بھونکنے والے کتے شاذونادر ہی کاٹتے ہیں۔ (دانگ)
جیہڑا بانھ پکڑے، اُوکوں سِر ڈیوو	جو بازو تھامے، اُس کے لئے سر دو	محسن کے لئے جان کی بازی لگا دینی چاہیئے	جو بندہ نوازی کرے جاں اس پہ فدا ہے
جیہڑا بلیندے اُوہو مَردے	جو بولتا ہے وہی مرتا ہے	بات کہنے سے آدمی عیاں ہو جاتا ہے / جو مشورہ دیتا ہے اُسی کو کرنا پڑتا ہے	جو بولے سو گھی کو جائے
جیہڑا بولے، اُوہو کُنڈی کھولے	جو بولے وہی کُنڈا کھولے	مشورہ دینے والے کو خود کام کرنا پڑتا ہے	جو بولے وہی کُنڈا کھولے
جیہڑا بہوں نِوّے اُوکوں بھلا ناں جاݨ	جو بہت جھکے اُسے اچھا نہ سمجھو	بہت متواضع خطرناک ہوتا ہے	جو بہت قریب سو زیادہ رقیب
جیہڑا بئے تے ہَسّے، رب اُوں تے وَسّے	جو دوسرے پر ہنسے، خدا اس پر برسے	جو دوسروں کا مذاق اڑاتا ہے ایک دن وہ خود شرمندہ ہوتا ہے	
جیہڑا بئے دا بُرا منگدے، اُوندا پہلے تھیندے	جو دوسرے کا بُرا چاہے اس کا پہلے ہو	دوسرے کا نقصان کبھی نہ چاہو	جو اوروں کا بُرا چاہے گا، اس کا پہلے بُرا ہو گا
جیہڑا باوے رولا، اُوہو وِچوں پولا	جو شور مچائے وہی اندر سے خالی	مجرم شور مچا کر بری الذمہ ہونے کی کوشش کرتا ہے	

جیہڑا پا سوا ان دا کھاندے، شارک دماغ دی رکھیندے	جو پاؤ بھر غلہ کھاتا ہے، چھٹانک (بھر) دماغ بھی رکھتا ہے	دوسرے کو نادان نہ سمجھو	
جیہڑا تردے اُوہو ٻڈدے	جو تیرتا ہے، وہی ڈوبتا ہے	تیراک ہی ڈوبا کرتے ہیں	جو تیرے گا سو ڈوبے گا
جیہڑا جیتیا اُوہو کھڈار	جو جیتا وہی کھلاڑی	جیتنے والے ہی نام پاتے ہیں	جو جیتے وہی کھلاڑی
جیہڑا چڑھسی، اُوہو ڈھسی	جو چڑھے گا وہی گرے گا	جو کام کرتا ہے وہی نقصان اٹھاتا ہے	جو چڑھے گا سو گرے گا
جیہڑا دم ہے شُکر ہے	جتنے سانس ہیں شکر ہے	زندگی جسقدر ہے غنیمت ہے	جو دم گزرے غنیمت ہے
جیہڑا ڈھیر نوّے اُوکوں دشمن جاݨ، تیکوں نوّ کے مارے چِلیا، تیر، کماݨ	جو بہت جھکے اُسے دشمن سمجھو، تمہیں چلتا تیر، کمان جھک کر مارتے ہیں	زیادہ منکسرالمزاج سے بچو، وہ دھوکا دیتا ہے	جو بہت قریب سو زیادہ رقیب
جیہڑا راہ ناں وَنجے اوندا پندھ ناں پُچھے	جس راستے پر نہ جائے اُس کا فاصلہ سفر نہ پوچھے	جس سے تعلق نہیں اُس کے بارے میں استفسارات بیکار ہے	جس راہ نہیں چلنا، اُس کے کوس گنتا کیا
جیہڑا رن دی مت لگے او خوار تھیندے	جو عورت کے کہے چلے وہ ذلیل ہوتا ہے	عورتوں کی باتوں پر عمل کرنے سے رسوائی ملتی ہے	تریا مت جو نر آوے، وہ اک دن لاج گنوائے
جیہڑا سُتھݨ پیندے پشاپ دی جا رکھیندے	جو شلوار پہنتا ہے پیشاب کی جگہ رکھتا ہے	ہر کام کرنے والا اپنے بچاؤ کے بارے میں بہتر جانتا ہے	۱. جو چوری کرتا ہے سو موری بھی رکھتا ہے ۲. پجامہ سیتے ہیں تو پہلے پیشاب کے لئے راہ رکھ لیتے ہیں
جیہڑا تے کھوادے، بال اُہوں دا	جو چیز کھلائے بچہ اُسی کا	بچہ چیز دینے والے سے محبت کرتا ہے	
جیہڑا کرے او ڈرے، جیہڑا ناں کرے او وی ڈرے	جو کرے وہ ڈرے، جو نہ کرے وہ بھی ڈرے	برا وقت آتے دیر نہیں لگتی اس لئے ہر وقت ڈرتے رہنا چاہیئے	
جیہڑا کجھ دیگ وِچ ہوندے اُوہو نکلدے	جو کچھ دیگ میں ہوتا ہے وہی نکلتا ہے	اصلیت ظاہر ہوجایا کرتی ہے	ہرچہ در دیگ است، در کفچہ می آید (ف)
جیہڑا کماوے، بیشک جوٹا کھاوے	جو کمائے بیشک دو کھائے	اچھے کی زیادتی بھی گوارا کرلی جاتی ہے	کماؤ پوت، کلیجے مُوت
جیہڑا کھا کے ہنگے، او گھر دا اَندا مُنگے	جو کھا کر ہگے، وہ گھر کا بُرا چاہے	جو کھاتا اور ہگتا ہے اُس کا گھر تباہ ہوجائیگا	
جیہڑا کھاوے او پچھتاوے، جیہڑا ناں کھاوے او وی پچھتاوے	جو کھائے وہ پچھتائے، جو نہ کھائے وہ بھی پچھتائے	شادی کے میوے کے بارے میں کہا جاتا ہے	۱. کھائے تو پچھتائے، نہ کھائے تو پچھتائے ۲. کنواری ارمان، بیاہی پشیمان
جیہڑا کھوہ وِچ ڈھاندے ڈھاوݨ ڈیوؤ	جو کنویں میں گرتا ہے گرنے دو	جو نصیحت نہ مانے اُسے تباہ ہونے دو	بہتے کو بہ جانے دے، مت بتلادے ٹھور، سمجھائے سمجھے ناہیں، دھکا دے دے اور
جیہڑا کھیڈیا گندھک ہڑتال، او بیٹھا جھگا ڳال	جو گندھک اور ہڑتال سے کھیلا وہ گھر تباہ کر بیٹھا	کیمیاگری برباد کردیتی ہے	
جیہڑا کیتیں کیتے کھوہ مریندے، آپ وِچ ڈھندے	جو کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے، خود اس میں گرتا ہے	بُرائی کا بُرا انجام ہے	جو کوئی کسی کے لئے کنواں کھودتا ہے اس کو کھائی تیار ہے
جیہڑا گھڑیندے، او بھنیندے	جو گھڑا جاتا ہے وہ ٹوٹتا ہے	ہر کمال کو زوال ہے	ہر کمال را زوال

جیہڑا گُڑ نال مردا ہووے، اُوکوں زہر کیوں ڈُو بجھے	جو گُڑ سے مرتا ہو اُسے زہر کیوں دیا جائے	جب مقصد بآسانی پورا ہو سکتا ہو اُس کے لئے زیادہ زحمت بیکار ہے	جو گُڑ دینے سے مرے، اُسے زہر کیوں دے
جیہڑا گیا رُوم شُوم، ڈھوڑھے اُتے بلیا تھوم	جو رُوم وغیرہ گیا (اُسے) موٹی روٹی پہ لہسن ملا	جہاں جاؤ وہیں مقدر کا لکھا ہی ملے گا	اُتر جاؤ کہ دکھن، وہی کرم کے لچھن
جیہڑا مر گیا، اُوندے کیتے قیامت آگئی	جو مر گیا اُس کے لئے قیامت آگئی	زندگی سے سب باتیں ہیں	آپ مرے جگ پرلو
جیہڑا مونہہ تے مکرے، اوندا دارو کیاں	جو منہ پر مُکر جائے، اس کا علاج کیا	جھوٹے کا علاج ممکن نہیں	جھوٹے کے آگے سچا رو مرے
جیہڑا اوسی بھیلووال، کالی کُنّی نال نال	جو بھلوال جائے گا، کالی ہنڈیا ساتھ ساتھ	بھلوال کی کالی مٹی کی ہانڈیاں بہت مشہور ہیں	
جیہڑا ہتھ قلم چینڈے تلوار نئیں چینڈا	جو ہاتھ قلم اٹھاتا ہے تلوار نہیں اٹھاتا	ادیب جنگجو نہیں ہوا کرتے	
جیہڑا ہوندے ناں کھاوے اُوکوں پھٹ،	جو ہوتے ہوئے نہ کھائے اُس پر لعنت، جو نہ ہوتے ہوئے کھائے اُس پر بھی لعنت	انسان کو اپنے حالات کے اندر رہنا چاہیے	
جیہڑا ناں ہوندے کھاوے اُوکوں دی پھٹ			
جیہڑی پھبھی ٹُھٹی، سوادوں پھبھی	جو بھی بگڑی منہ کے مزے سے بگڑی	کھانے پینے کے چسکے لینے والی عورت رسوا ہوتی ہے	
جیہڑی ڈھکدی ہے او ڈُولا جھنیندی ہے	جو دودھ دینے کے لئے چلاتی ہے وہ ڈول توڑتی ہے	کام کرنے والے تشہیر نہیں کیا کرتے	وہ گرجتے ہیں وہ برستے نہیں
جیہڑی ڈُسکی، او رُنی	جو بسوری وہ روئی	بسورنا اور رونا یکساں ہے	
جیہڑی رات قبر وِچ آونی ہے، آونی ہے	جو رات قبر میں آنی ہے، آنی ہے	موت کا وقت نہیں ٹل سکتا	موت کا وقت اٹل ہے
جیہڑی رَن بدکار، او وہڑے دی سردار	جو عورت بدکار، وہ محلے کی سردار	بدکار ہی بڑائی پاتے ہیں	
جیہڑی رہیسو، اُوہا چیسو	جو بوؤ گے، وہی کاٹو گے	اپنے کئے کا پھل ملتا ہے	اپنی کرنی، اپنی بھرنی
جیہڑی شے کوں ہتھ لیندے مِٹّی تھی ویندی ہے	جس شے کو ہاتھ لگاتا ہے، خاک ہو جاتی ہے	بہت ہی بدقسمت ہے	سونا چھوئے تو مٹی ہو
جیہڑی کرے گھیتو، ما کرے ناں پیو	جو گھی کرتا ہے، ماں باپ نہیں کرتے	صحت سازی میں گھی کی اہمیت مسلّم ہے	گھی کھاوت بل تن میں آوے، گھی آنکھن کی جوت بڑھاوے
جیہڑی گنڈھ ہتھ نال کُھلے، ڈند نال کیوں کھلیجے	جو گرہ ہاتھ سے کھلے، دانتوں سے کیوں کھولی جائے	آسانی سے ہونے والے کام میں الجھنیں پیدا نہ کرو	جو گُڑ سے مرے اُسے زہر کیوں دیں
جیہڑی لتّر دی رکدی ہے او لتّر ڈیندی ہے	جو بھیل لاتی رکھتی ہے وہ کٹتی ہے	اچھے لوگوں کو ہر کوئی تنگ کرتا ہے	جو خال حد سے بڑھا سو مٹا ہوا
جیہڑی وِیا نال بگّے، او کیوں بِنی لگّے	جو بچہ نہ جن سکے وہ نر سے ملاپ کیوں کرے	اُس کام کا آغاز نہ کرو جسے انجام تک نہ پہنچا سکو	
جیہڑی بے نیتی، او قضا نئیں کیتی	جو نیت کی ہے وہ قضا نہیں کی	مستقل مزاجی کے بارے میں کہتے ہیں	
جیہڑے ایں جہان چنگے، او اوں جہان دی چنگے	جو اس دُنیا میں اچھے، وہ اس دنیا میں بھی اچھے	خدا نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے	جن کی یہاں چاہ، ان کی وہاں چاہ
جیہڑے پندھ نئیں وَنجݨاں اُوندا راہ کیا پچھݨاں	جس سفر پہ نہیں جانا اس کا راستہ کیا پوچھنا	غیر متعلقہ کاموں میں مداخلت نہ کرو	جس راہ نہیں چلنا اس کے کوس گننا کیا

جتھڑے تھاں وِچ کھاندِن اوںھیں تھاں وِچ مُتردِن	جس برتن میں کھاتے ہیں اُسی برتن میں پیشاب کرتے ہیں	کمینے سے بھلائی کی اُمید بیکار ہے	جس برتن میں کھانا اسی میں چھید کرنا
جتھڑے جوڑ گئے او بوڑ گئے، جتھڑے کھا گئے تن لا گئے	جو اکٹھا کر گئے وہ ڈبو گئے، جو کھا گئے تن کو لگا گئے	اپنی آمدنی سے خود فائدہ اُٹھانے والا عقل مند ہے	کھا گیا سو انگ لگ گیا، دے گیا سو لے گیا چھوڑ گیا سو کھو گیا
جتھڑے رُکھ تلے بہوو، اوندی خیر مناؤ	جس درخت کے نیچے بیٹھو، اُس کی خیر مناؤ	جس اِنسان سے فائدہ اُٹھاؤ اس کا بھلا سوچو	اسی روکھ پر ہے چڑھا، اسی کی جڑ کٹوائے، وہ مورکھ تو ایک دن دب کر مرجائے
جتھڑے سُتھن سِویندِن، او نیفے دی کھیندِن	جو شلوار سلواتے ہیں وہ نیفے بھی رکھتے ہیں	چیز رکھنے والا اُس کا استعمال بخوبی سمجھتا ہے	
جتھڑے سکول تُوں پڑھیں میں اُتھاں سٹّھاں ڈو بھٹن/ دھوتن	جس سکول میں تم پڑھتے ہو، وہاں میں نے اینٹیں ڈھوئی ہیں	میں تمہارا بھی استاد ہوں	آپ نے اُڑائیں ہم نے بھون بھون کر کھائیں
جتھڑے گجدِن او وَسدے نہیں	جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں	شیخی مارنے والوں کے قول و فعل میں تضاد ہوتا ہے	۱۔ جو گرجے گا وہ برسے گا کیا ۲۔ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں
جتھڑے گھر بیر ہووے اُتھاں وَٹّے آندِن	جس گھر میں بیری ہو وہاں پتھّر آتے ہیں	اچھے لوگوں کو بُرا بھلا کہا جاتا ہے	بھلے مانس کی سب طرح مٹی خراب
جتھڑے ویلے ڈیکھو حاضر ہے	جس وقت دیکھو، حاضر ہے	مفت خورے اور خوشامدی کے لئے بولتے ہیں	جب دیکھو تب حاضر میاں نتھو کا اٹالا
جتھڑے ویلے ڈیکھو تیر دی کار کھڑے	جب دیکھو تیر کی طرح کھڑا ہے	ہر وقت حاضر رہنے والے پر طنز ہے	جب دیکھو تیر سے کھڑے ہیں
جُوار دا اٹّا، ناں شادی داناں غمی دا	جوار کا آٹا نہ شادی کا نہ غم کا	ادنیٰ/ ناکارہ لوگ کسی کام نہیں آتے	
جُوان، زنانی تے ہتھ نہیں چیندے	جوان/ مرد عورت پر ہاتھ نہیں اٹھاتے	عورت کو دبانا مردانگی نہیں	عورت پر ہاتھ اٹھانا بزدلی ہے
جُوان کوں کئی کھاندا ناں ڈیکھے، رَن کوں کئی دھاندا ناں ڈیکھے	مرد کو کوئی کھاتا نہ دیکھے، عورت کو کوئی نہاتا نہ دیکھے	مرد کو کھانے اور عورت کو نہلانے میں جلدی کرنی چاہیے	مرد کا نہانا، عورت کا کھانا برابر ہے
جُواناں دے دار خالی نہیں ویندے	جواں مردوں کے دار خالی نہیں جاتے	باہمت لوگ شکست نہیں کھایا کرتے	دار مرداں خالی نہ باشد (ف)
جُواناں کوں اللہ دی اُمان/ دیاں اُماناں	جوانوں کو خدا کی امان/ امانیں	خدا جوان آدمی کو دکھ نہ دے	
جُوانی اندھ تیندی آندی ہے	جوانی آندھی دھاندی آتی ہے	جوانی جلدی آتی ہے بڑھاپا آہستہ	
جُوانی دیوانی ہوندی ہے	جوانی دیوانی ہوتی ہے	جوانی میں اچھے بُرے کی تمیز نہیں ہوتی	جوانی، دیوانی
جُوانی وِچ تاں کھوتی وی سوہنی لگدی ہے	جوانی میں تو گدھی بھی حسین نظر آتی ہے	جوانی میں بدشکل بھی حسین نظر آتا ہے	جوانی میں گدھی پر بھی جوبن آتا ہے
جی بُت دا جھیڑا ہے	روح اور جسم کا جھگڑا ہے	قریب المرگ انسان کے بارے میں کہتے ہیں	
جی جی دی آپنڑی گالھ ہے	فرد فرد کی اپنی بات ہے	طوائف الملوکی ہے، نفسا نفسی ہے	ہر ایک اپنی ہانکتا ہے
جی دا جہان ہے	خوش اخلاقی کی دُنیا ہے	خوش اخلاقی ضروری شے ہے	
جی کوں جی ہے	ہاں کو ہاں ہے (محبّت سے محبّت ہے)	خوش خلقی کے بدلے خوش خلقی	جی کہو۔ جی کہلاؤ
جی کوں سلام ہے	خوش اخلاقی کو سلام	تواضع سے عزّت میں اضافہ ہوتا ہے	تواضع سے توقیر بڑھتی ہے
جے پوڑھ آوے تاں بخت وَدھاوے، جے ناں آوے تاں کُرا کھاوے	اگر سیلاب آئے تو بخت بڑھائے، اگر نہ آئے تو خشک سالی کھائے	سیلاب زمین کی صلاحیت بڑھاتا ہے	

جی نال جی ہے	عزت سے عزت ہے	جو عزت کرے گا عزت پائے گا	رکھ پت، رکھا پت
جے توں بندہ سائیں دا۔ وِسا ناں کھائیں ارائیں دا	اگر تو خدا کا بندہ ہے (تو) ارائیں پر اعتبار نہ کرنا	ارائیں خود غرض ہوتے ہیں	
جے توں ہیں چور چکار، اے گھِن رانی اے گھِن ہار	اگر تو چور ہے، لو یہ رانی، لو یہ ہار	ہندو بہت بزدل ہوتے ہیں، ان کے بارے میں کہا جاتا ہے	
جے توں ہیں مُنڈھ مُنڈھان، تاں اساں دی ہیں چندر بھان	اگر تو جدی پشتی ہے تو ہم بھی اعلیٰ خاندان سے ہیں	میں تم سے بڑھ کر ہوں	تو آن کا میں بان کا، تو سُوئی تو میں دھاگا، تو مرزا تو میں خان
جے تئیں بال رووے ناں، ماں کھیر نہیں ڈیندی	جب تک بچہ روئے نہ، ماں دودھ نہیں دیتی	بغیر کوشش کے کچھ نہیں ملتا	۱. بے روئے لڑکا بھی دودھ نہیں پاتا ۲. بن روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی
جے تئیں ٹُردے، ٹوری چلّو	جب تک چلتا ہے، چلائے چلو	جب تک کام نکلے، نکالتے جانا چاہیے	جب پہیا لڑھکے، لڑھکائے جاؤ
جے تئیں دَم ہے، اد تئیں غم ہے	جب تک دم ہے، تب تک غم ہے	زندگی میں غموں سے نجات نہیں	جب تک دم ہے، تب تک غم ہے
جے تئیں وڑ ہے، ریڑھی چلّو	جب تک لڑھکے، لڑھکاتے چلو	جب تک کام نکلتا ہے نکالے جاؤ	جب تک پہیہ لڑھکے، لڑھکائے جاؤ
جے جیڈے جھَٹر، او جیڈے اُتارے	جتنی بڑی مشکلات، اُسی جتنے حل	ہر مشکل ختم ہو جایا کرتی ہے	جیسا سانپ ویسا جوگی
جے ظالم ہووے والی، سٹو زمین تے ساڑو ہل پنجالی	اگر مالک ظالم ہو تو پھینکو زمین اور ہل پنجالی جلاؤ	ظالم زمیندار کا کام نہیں کرنا چاہیے	
جے کھوائیں نہاری تاں ترپساں محل ماڑی، جے کھوائیں داݨاں تاں ترپساں کانہہ تے لاݨاں، جے کھوائیں بھوں تاں او سنگ تے اے توں	اگر نہاری مجھے کھلاؤ تو محل ماڑیاں پھاندوں گا، اگر دانہ کھلائے تو کانہہ اور لاناں (کے پودے) پھلانگوں گا، اگر کھلائے بھوسہ تو وہ کا مٹی اور یہ تُو	گھوڑے کی خوراک اُس میں طاقت اور چستی پیدا کرتی ہے	
جے کُئی گُڑ کھوائیں مرے، ڈِہو ڈیوݨ دی کیا ضرورت/لوڑ ہے	اگر کوئی گڑ کھلانے سے مرتا ہے، زہر دینے کی کیا ضرورت ہے	جب پیار سے کام نکل سکتا ہے، زبردستی کی ضرورت نہیں	جو گُڑ دیئے مرے اُسے زہر کیوں دے
جے لوڑھا رڑھہ کوں چرے تاں جٹ کتھوں ساوا	اگر باڑھ کھیتی کو چرے، تو کاشت کار کیسے بڑھے	محافظ خود چوری کرنے لگیں تو پھر ملک کا خدا حافظ	باغ بان جب چور ہو تو پھر کون رکھوالی کرے
جے وَسے بھگݨ ماہنیں، تاں اَن ناں ماوے گھائیں، جے وَسے بھگݨ چیتر، اَن ناں ماوے کھیتر	اگر بھاگن ماگھ میں برسے تو گھسیاروں کی خوراک نہ سماوے، اگر بھاگن چیت میں برسے تو کھیت میں غلّہ نہ سماوے	بر وقت بارش پیداوار بڑھاتی ہے	
جیتر وجیڈا بندہ ناں ہئی	تنکے جتنا آدمی نہ تھا	کوئی ذی روح نہ تھا	آدم نہ آدم زاد
جیجھاں ڈیس، اوجھاں ویس	جیسا دیس، ویسا بھیس	انسان کو ماحول کے مطابق رہنا چاہیے	جیسا دیس، ویسا بھیس
جیجھاں ڈیسیں، اوجھاں جھلیسیں	جیسا دو گے ویسا برداشت کرو گے	ادلے کا بدلہ	جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے
جیجھاں مونہہ/دات، اوجھیں چاٹ/چماٹ	جیسا منہ، ویسا تھپڑ	ہر ایک سے اس کے مزاج کے مطابق سلوک کیا جاتا ہے	جیسا منہ ویسا تھپڑ

جھیں روح او جھیں فرشتے	جیسی روح، ویسے فرشتے	ہر آدمی سے اس کی حیثیت کے مطابق سلوک کیا جاتا ہے/ ناقص کو ناقص شے ملتی ہے	جیسی روح ویسے فرشتے
جیڈا قد ہووے، اُجیڈی سَوڑ بنڑیجے	جتنا قد ہو، اُتنی رضائی بنائی جائے	انسان کو ضرورت کے مطابق ضروریات حاصل کرنا چاہئیں	
جیڈے گئی ہِݨ ہِݨ، اُڈاں ہئیں گئی چھݨ چھݨ	جدھر گھوڑی، اُدھر زیور گئے	اصل شے کے ساتھ اس کے لوازمات بھی نہ ہوں تو بولتے ہیں	
جیکر ڈَسو تاں ہتھوں پھسّو	اگر بتاؤ تو اُلٹا پھنسو	مشورہ دینے والے کو کام بھی کرنا پڑتا ہے	جو بولے سو کُنڈا کھولے
جیکوں آپݨی نئیں، او بے دی کیا رکھیسی	جس کو اپنی نہیں وہ پرائے کی کیا رکھے گا	جسے اپنی عزت کی پرواہ نہیں وہ دوسرے کی عزت کا خیال نہیں کرتا	جس نے اتاری اپنی، دوسرے کا کیا لحاظ
جیکوں اللہ رکھّے او کُوں کون چکھّے	جسے اللہ بچائے اُسے کون نقصان پہنچا سکتا ہے	جس کے ساتھ خدا کا کرم ہو وہ کامیاب ہوتا ہے	جسے خدا رکھے، اُسے کون چکھے
جیکوں رووݨ دا ڈھاں نال آوے، اُوندا مرّے ای کئی نال	جسے رونے کا طریقہ نہ آئے، اس کا مرے بھی کوئی نہ	بدسلیقہ کو ضرورت ہی پیش نہ آئے	خُدا گنجے کو ناخن نہ دے
جیکوں سڈیا میاں، اوندے نال لیکھا کیہاں	جس کو جناب/ بڑا کہا، اس کے ساتھ حساب کیا	محترم/ بڑوں سے حساب کتاب نہیں کیا جا سکتا	
جیکوں کُتا چَکے، سَت کھلے اوہو کھاوے	جسے کُتا کاٹ کھائے، سات جُوتے وہی کھائے	جسے دُکھ پہنچے، لوگ اُسی کو پریشان کرتے ہے	مرے کو مارے شاہ مدار
جیکوں کنڈا پُڈ دے، درد اُوں کوں ہوندے	جسے کانٹا چُبھے، درد اُسی کو ہوتا ہے	جسے تکلیف ہو اُسی کو احساس ہوتا ہے	جس کے تن کو لگی ہو وہ جانے یار
جیکوں گالھ نئیں کپیا، اُوکوں تلوار کیا کپیسی	جسے بات نے نہیں کاٹا، اُسے تلوار کیا کاٹے گی	زبان کا زخم کاری ہوتا ہے	زبان کا زخم تلوار کے زخم سے زیادہ مہلک ہوتا ہے
جیکوں لڑے پدم، اُونیں بھرناں ڈِتھا قدم، جیکوں کھادا کَھݨ، اُوکوں ماں ناں ڈِٹھا جݨ	جسے پدم نے ڈس لیا وہ ایک قدم نہ سکا، جسے کھن کھالے اُسے ماں نے جنا ہی نہیں	پدم اور کھن سے ڈسا جانے والا نہیں بچ سکتا	
جیکوں لڑے گوہ، اُوندا دارو سِندھ ناں روہ	جسے گوہ کاٹ کھائے اس کا علاج سندھ میں ہے نہ روہی میں	گوہ کا ڈسنا خطرناک ہے	
جیل جٹ دا گہݨاں ہے	جیل کاشت کار کا زیور ہے	دیہاتی لوگ جیل جانے سے نہیں گھبراتے	
جیں پیتی جھوکاں دی چھا، اُو کوں وِسر گیا پیو ماء	جس نے جھوکوں پر لسی پی لی اسے ماں باپ بھول گئے	گھاٹ گھاٹ پھرنے والا گھر نہیں رہ سکتا	
جیں تن لگے، سو تن جاݨے	جس تن لگے، وہی تن جانے	دُکھی ہی مصیبت کو محسوس کرتا ہے	جس تن لاگے، وہی تن جانے

جیں تے جگ ہسے اوں تے رب ڈسے	جس پر دنیا ہنسے اُس پر خدا مہربانی کرے	خدا کے نیک بندے، اہل دنیا کی طنز کا نشانہ ہوتے ہیں	
جیں رنجاتے یار، کہڑا انہیں نال تھیسی بھلی وار	جس نے یار ناراض کئے وہ کبھی سکھی نہ رہا	عاشق اپنے محبوب کو ہر صورت راضی رکھتا ہے	
جیں کنوں بادشاہ رُسے اوں نال کون وسے	جس سے بادشاہ روٹھے، اس کے ساتھ کون بسے	حکومت کی خفگی کے شکار سے سبھی گریز کرتے ہیں	
جیں کوں لگا پٹھا، ناں پھل تُرے ناں تگا	جسے پٹھا لگے، نہ تعویذ چلے نہ دھاگا	جانور کے لئے پٹھا انتہائی مہلک بیماری ہے	
جیں کھادا کِکر، اوکوں کیا فکر	جس جانور نے کیکر کھایا اُس کو کیا فکر	کیکر کو چرنا جانور کیلئے مفید ہے	
جیں گھدا تسّو اُوندا کئی نال بھو، جیں گھدا ہک، چھک ڈیہی تے لکھ	جس نے تسو لیا اس کا کوئی ڈر نہیں، جس نے ایک لیا فوراً ہی پر لکھو	معمولی اُدھار فراموش ہو جاتے ہیں اس لئے لکھ لینے چاہئیں	پہلے لکھ اور پیچھے دے، پھر بھولے تو کاغذ مجھ سے لے
جیں گھر ڈیوا ناں بلے، وِچ ناں کھیڈن بال اوں گھر کوں راجہ کیوں ڈنے، او آپ ڈنیا کمتار	جس گھر میں دیا نہ جلے اور اس میں بچے نہ کھیلیں، اس گھر پر راجہ کیوں جرمانہ کرے اسے تو خود خدا نے جرمانہ کیا	گھر کی رونق، چراغ اور بچوں کے دم سے ہے	جس گھر بچے نہ بوجھیں، دیپک جلے نہ سانجھ، وہ گھر اُجڑ جائیں گے جن کی تریا بانجھ
جیں گڑ نال ڈٹھا، اوندے کیتے گڑ ہا مٹھا	جس نے گڑ نہ دیکھا، اُس کے لئے خشک گڑ میٹھا	نعمت سے محروم، نعمت کی قدر کیا جانے	اندھا کیا جانے بسنت کی بہار
جیں لائی نہیں، اوں وجائی نہیں	جس نے دوستی نہیں لگائی، اُس نے نہیں بگاڑی	جہاں تعلق ہوتا ہے وہیں بگاڑ پیدا ہوتا ہے	جن کو چاؤ گھنیرا، اُن کو دکھ بہتیرا
جیں لئی گلی، ہوں دے نال چلی	جس نے گلی تباہی (راستہ دکھایا) اسی کے ساتھ چلی	جس کی اپنی رائے نہ ہو اُس کے بارے میں بولتے ہیں	
جیں نیتی اُوں تھقا ناں کیتی	جس نے نیت کی، اس نے ترک نہ کی	پختہ ارادہ ختم نہیں ہوا کرتا	
جیں ڈل بھاری/دائی، وار اہوں دا	جدھر پلڑا بھاری/دائی ہو باری اُسی کی	سفارش سے سب کام چلتے ہیں/مالک جس کی طرف داری کرے وہی اہم ہو جاتا ہے	جسے پیا چاہے وہی سہاگن
جینڈا اپڑ، او سٹے جائی ڈدے	جس کی ڈھیری وہ خوشے اٹھائے پھرتا ہے	اصل مالک اپنی چیز سے محروم ہو تو بولتے ہیں	
جینڈا ایندھ ناں پوتناں، اوندا راہ کیا پچھاں	جس کا سفر نہ کرنا، اُس کا راستہ کیا پوچھنا	غیر متعلقہ معاملے میں مداخلت بیکار ہے	جس باٹ نہیں جانا اس کے کوس گنن کیا
جینڈا اجم ٹھیک ناں ہووے اوندے ڈند کیوں ڈیکھیجن	جس کی پیدائش صحیح نہ ہو اس کے دانت کیوں دیکھیں	ہر کام کی ابتدا دیکھی جاتی ہے	کام وہی اچھا جس کا کہ ہو آغاز اچھا
جینڈا جمناں یاد ہووے، اوندے ڈند کیا ڈیکھیجن	جس کی پیدائش یاد ہو، اُس کے دانت کیا دیکھنے	پیدائشی منحوس کے لئے بولتے ہیں	جس کا حال دیکھے اُس کا احوال کیا پوچھے
جینڈا سر چھکیجے، اوں کنوں اپنے چھپر دا ڈر رکھیجے	جس کا تنکا کھینچا، اُس سے اپنے چھپر کا ڈر رکھا جائے	دشمن کو کمزور نہ سمجھو	دشمن کو کم نہ سمجھے

جیندا کم ہُوں کُوں آوے، ڈُوجھا کرے تاں سٹّاں کھاوے	جس کا کام اُسی کو آئے، دوسرا کرے تو چوٹیں کھائے	تجربہ کار زیادہ مہارت سے کام سرانجام دیتا ہے	جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے
جیندا کھیر وِکاوے، اوڈُہی کیوں جماوے	جس کا دودھ بکے وہ دہی کیوں جمائے	جب تھوڑی محنت سے پورا فائدہ حاصل ہو سکتا ہے تو زیادہ محنت کی ضرورت نہیں	جس کا آنڈو بکے وہ بدھیا کیوں کرے
جیندا کُئی نہیں اُوندا خدا	جس کا کوئی نہیں اُس کا خُدا	بے سہاروں کا سہارا خُدا ہے	جس کا کوئی نہیں اُس کا خُدا
جیندا اَنّ کھائیے اوندے گُن گائیے	جس کا نمک کھائیے اُس کے گُن گائیے	جس سے فائدہ پہنچے اس کی خیر خواہی کرو	جس کا کھائیے ان پانی، اُس کی کیجئے آوا دانی
جیندا مال کھٹو، اوندا کم وی کرو	جس کا مال کھاؤ اس کا کام بھی کرو	جس سے فائدہ اٹھاؤ اسے فائدہ پہنچاؤ (مرتشی کا مقولہ)	
جیندا مَرے، چٹّی اُو ہو بھرے	جس کا مرے، تاوان وہی ادا کرے	کمزور پر زیادہ بوجھ آتا ہے	ڈُبلے/مرے کو مارے شاہ مدار
جیندا نمک کھٹو، اوکوں حلال وی کرو	جس کا نمک کھاؤ۔ اس کو حلال بھی کرو	جس سے فائدہ اٹھاؤ اُسے نقصان مت پہنچاؤ	ہر جا کہ نمک خوری، نمک دان مشکن
جیندا ہاتھی لکھ دا، مویا سوا لکھ دا	زندہ ہاتھی لاکھ کا، مرا (ہوا) سوا لاکھ کا	مرا ہوا رئیس بھی عزیز و اقارب کے لئے بہت مفید ہوتا ہے	ہاتھی ہزار لُٹے پھر بھی سوا لاکھ ٹکے کا
جیندا ہِک پُتر، اُوندے موہنہ وِچ چا مُتر	جس کا ایک بیٹا، اس کے منہ میں پیشاب کرو	اکیلا بیٹا اکثر نالائق ہوتا ہے	ایک انڈا وہ بھی گندا
جیندی تانی وُنڈُں، وُنڈُوں، ناں وُنڈُوں، ناں وُنڈُوں	جس کی تانی بنیں، بنیں، نہ بنیں نہ بنیں	نواب بہاولپور سے جولاہوں نے بیگار کے خلاف درخواست گزاری تھی کہ ہمیں اجازت دی جائے تاکہ بیگار سے نجات ملے	
جیندی جُتّی اوندا سِر	جس کی جوتی، اُس کا سَر	جس کی چیز اسی پر خرچ	جس کی جوتی اُسی کا سر
جیندی چوری تھیندی ہے، لوک سَٹ کھٹے وی ہوں کوں مریندن	جس کی چوری ہوتی ہے، لوگ سات جوتے بھی اُسی کو مارتے ہیں	جس کا مال چوری ہو، پولیس اسی کو پریشان کرتی ہے	جس کا جاوے، وہی چور کہاوے
جیندی خاطر شہر غرق تھیا او وِچ ناں ہا	جس کی خاطر شہر غرق ہوا، وہ بیچ میں نہ تھا	جس کے لئے سب سامان تیار کیا جائے وہی شریک نہ ہو تو بولتے ہیں	جس کے واسطے روئے اُس کی آنکھوں میں آنسو بھی نہیں
جیندی ڈِسّس کوئنی، اوندی چکھس کیا ہوسی	جو تہلانے میں نہیں، وہ مزے میں کیا ہوگی	جس کے ظاہر میں خوبی نہ ہو اس کے باطن میں کچھ نہیں ہوتا	دیکھنے میں نا، سو چکھنے میں کیا
جیندی رات سنگھٹ وِہاتی، اُوں اگھ ناں پُچھیا کھٹر	جس کی رات بھوکی گزری، اُس نے ٹھہر کر قیمت نہ پوچھی	مجبور آدمی ہر قیمت پر چیز خریدتا ہے	
جیندی زبان تکھیری، اوندی ذات اُچیری	جس کی زبان تیز، اُس کی ذات اونچی	چرب زبان اپنی بات منواتا ہے	جس کی جیب چلتی ہے اس کے نو ہل چلتے ہیں
جیندی سَس چاچی، او لوکاں وِچ لاچی، جیندی سس لوآ او گل بھسی پیکا لوہا	جس کی ساس چچی، وہ لوگوں میں الائچی (کی طرح) جس کی ساس لُوآ وہ میکے کا دروازہ سنبھال بیٹھے گی	چچی کے گھر سے لیا گیا رشتہ زیادہ اچھا ہوتا ہے	

• جینڈی سس کوار، اوندی نونہہ خوار	جس کی ساس دلہن، اس کی بہو ذلیل	جہاں ساس زیبائش کرے وہاں بہو کو کوئی نہیں پوچھتا	جس گھر ساس مٹکنی، اس گھر بہو کا کیا سہاگ
• جینڈی سس ماسی، صدقے ماسی، گھولے ماسی، بھنیجا روٹی گھر ونج کھاسی	جس کی ساس خالہ (ہو) قربان خالہ، فدا خالہ، بھانجا روٹی گھر جاکر کھائے گا	خالہ ساس ظاہری محبت کا اظہار کرتی ہے	
• جینڈی عزت ویندی ہے، گھروں ویندی ہے	جس کی عزت جاتی ہے گھر سے جاتی ہے	بھیدی ہی نقصان پہنچاتے ہیں	گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے
• جینڈی کھڑی اگھا دے، اوکوں انبار کرن نال کے ہے؟	جس کی کھڑی فصل، قیمت پائے، اس کو ڈھیری کرنے کی کیا ضرورت ہے؟	محنت بغیر معاوضہ ملے تو محنت کرنے کی ضرورت نہیں	جس کا آنڈو بکے وہ بدھیا کیوں کرے
• جینڈی گچی گھٹو، اوہو اکھیں کڈھیندے	جس کی گردن دباؤ وہی آنکھیں نکالتا ہے	جس کے ساتھ نیکی کریں وہی بدی کرتا ہے	جس کا گلا گھونٹیں وہی آنکھ دکھاوے،
• جینڈی منجھی تلے بھاہ لئو اوہو ٹپدے	جس کی چارپائی تلے آگ جلاؤ وہی اچھلتا ہے		جس کی چارپائی تلے آگ جلادیں وہی بھاگے
• جینڈی لگی ناں دیائی، او کیا جانے پیڑ پرائی	جس کی نہ لگی نہ بیائی، وہ دوسرے کا دکھ کیا جانے	ایک دکھی کو ہی دوسرے دکھی کا احساس ہوتا ہے	۱. بانجھ کیا جانے پرسوتی کی پیڑ ۲. پیادے کا درد گھڑسوار کیا جانے (ج) ۳. جس کی پھٹی نہ ہو لبوائی، وہ کیا جانے پیڑ پرائی
• جینڈی مانی، ہنوں دی کانی	جس کی چپاتی، اسی کی چیز	جو کھلاتا ہے اسی کی طرف داری کی جاتی ہے	۱. جس کا کھائیے اس کا گائیے ۲. جس کا کھائیے ان پانی. اس کی کیجیے آدارانی
• جینڈی مکھی کوں نگلیندے	زندہ مکھی کون نگلتا ہے	جان بوجھ کر کوئی دھوکا نہیں کھاتا	جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی
• جینڈی نیت کھوٹی اورنج ناں کھاسی روٹی	جس کی نیت میں فتور وہ پیٹ بھر روٹی نہ کھائے گا	دوسرے کے بارے میں برائی سوچنے والا خود نقصان اٹھاتا ہے	
• جینڈے پیر، اوندے بیر	جس کے پاؤں اس کے بیر	جو کوشش کرے گا وہ پائے گا	جو جھاڑے سو پاوے
• جینڈے پیکے نیڑے، او پیراں نال کھیڑے	جس کے میکے نزدیک، وہ پاؤں سے چھیڑے	قریب کا سسرال باعث عذاب ہوتا ہے	
• جینڈے تے گزردی ہے اوہو جانڈے	جس پر گزرتی ہے وہ ہی جانتا ہے	انسان اپنی باطنی کیفیت کے بارے میں خود بہتر جانتا ہے	وا کی گت، وا ہی جانے/ وہی جانے جس پر گزرے
• جینڈے تے ہتھ رکھو، آپنا مل آپ کریسی	جس پر ہاتھ رکھو اپنی قیمت خود بتائے گا	برے سے واسطہ پڑے تو اس کی حقیقت کھلتی ہے	
• جینڈے جی ہک ڈینہہ مل رہندن	زندہ لوگ ایک نہ ایک روز مل جاتے ہیں	زندگی صورتِ ملاقات کا دوسرا نام ہے	جیتے جی کا میلہ ہے
• جینڈے دا جہان، موئے دا گرستان	زندہ کی دنیا، مردہ کا گورستان	دنیا زندہ لوگوں کی جگہ ہے	جیتے کا گھر اور موئے کی گور
• جینڈے ڈٹھے ہک ناں لہے، اوندے کھادیں مکھ ناں مٹے	جسے دیکھے خواہش نہ دبے، اس کے کھائے بھوک نہ مٹے	اچھی چیز کی پہلی خوبی اچھا نظر آنا ہے	جس کا حال دیکھے اس کا احوال کیا پوچھے
• جینڈے کولوں چار پیسے گھنو، او حلال کرکے کھنو	جس سے چار پیسے لو، انہیں حلال کرکے کھاؤ	جہاں سے تنخواہ ملے وہاں درست کرو	جس کے چار پیسے لو، انہیں حلال کرکے کھاؤ

جینڈے گھر دانے، اوندے کملے وی سیانے	جس کے گھر دانے اس کے نادان بھی دانا	خوشحال آدمی کی بے وقوف اولاد بھی عقل مند سمجھی جاتی ہے	۱۔ جس کے پاس ڈھبوا وہی پیارا ہوا ۲۔ اشراف وہ جس کے پاس اشرفی ہے
جینڈے گھر کوں بھاہ لگے اوہو جاݨدے	جس کے گھر کو آگ لگے وہی جانے	مصیبت میں مبتلا انسان ہی دکھ کا صحیح احساس رکھتا ہے	جس کے تن کو لگی ہو وہ جانے یار
جینڈے نال ناں ستی، ہوں دے نال رُٹھی	جس کے ساتھ نہ سوئی، اُسی سے روٹھی	جس کا کام نہ کرو وہی ناراض ہو جاتا ہے	
جینڈے نال واہ نہیں پئی اوہو چنگا	جس سے واسطہ نہیں پڑا وہی اچھا	واسطہ پڑنے پر انسان کی برائی ظاہر ہو جاتی ہے	جو پھل چکھا نہیں وہ سب سے میٹھا
جینڈے نال یار، اوندے نال سب دا پیار	جس کے ساتھ محبوب، اس کے ساتھ سب کا پیار	خدا مہربان ہو تو ساری دنیا مہربان ہوتی ہے	
جینڈے ہاں کوں بھاہ لگدی ہے اوہو جاݨدے	جس کے دل کو آگ لگتی ہے وہی جانتا ہے	تکلیف کا احساس دکھی کو ہی ہوتا ہے	جس تن لگے وہی تن جانے
جینڈے ہتھ اِچ کُھلا اوندا جگ اِچ بھلا	جس کے ہاتھ میں بیزار، اس کا دنیا میں بھلا	دُنیا طاقت کے سامنے سرِتسلیم خم کرتی ہے	جس کی لاٹھی اُس کی بھینس
جینڈے ہتھ ڈنگوری، ہیٹھ ہوں ڈوری	جس کے ہاتھ میں لاٹھی، بھینس اُسی نے چلائی	زبردست اپنی بات منواتا ہے	جس کی لاٹھی اس کی بھینس
جینڈے ہتھ ڈوئی، اوندا ہر کوئی	جس کے ہاتھ ڈوئی، اُس کا ہر کوئی	دینے والے کی ہر کوئی خوشامد کرتا ہے	جس کے ہاتھ ڈوئی، اس کے سب کوئی
جینڈے ہتھ ڈوئی، بکھی مرے سوئی	جس کے ہاتھ میں ڈوئی، وہ ہی بھوکی مرے	منتظم خسارے میں رہتا ہے	
جینڈیاں دا جہان ہے، مویاں دا گُستان ہے	زندہ لوگوں کی دنیا ہے، مردہ لوگوں کا گورستان ہے	دنیا زندوں کے دم سے آباد ہے / زندگی سے ہی سلسلے ہیں	جیتے کا گھر اور موئے کی گور
جیوݨ جھوریاں جکیاں، موت جتے جندراہ	جیون نے (دستی) چکیاں چلائیں، موت نے (مشینی) چکیاں چلائیں	موت ہر شے پر غالب ہے	موت کے آگے سب ہارے
جیوݨ کوڑا آسرا، موت سچ دی دات / حقانی راہ	جیون / زندگی جھوٹا آسرا، موت حق کا راہ	زندگی کا کوئی اعتبار نہیں اور موت اٹل ہے	۱۔ جینے سے دور مرنے کے نزدیک ۲۔ پیدا ہوا نابید کے لئے
جیناں دیاں گالھیں ہن	زندگانی کی باتیں ہیں	زندگی ہے تو سب رشتے ہیں	جیتے جی کا ناتا / میلا ہے
جیناں وِچوں ناں مویاں وِچوں	زندوں میں نہ مُردوں میں	بے فائدہ اور بے کار انسان جس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے	زندوں میں نہ مُردوں میں
جیندیں گندیاں سیندے، موئیں خان پنیندے	زندہ ہوتے ہوئے گندیاں سیئے، مرنے پر خان کہلائے	زندہ کی قدر نہیں مرے پر قدر ہوتی ہے	
جیندیں لکھ دا موئیں سوا لکھ دا	جیتے لاکھ کا مرے سوا لاکھ کا	ہاتھی مرنے کے بعد زیادہ قیمتی ہو جاتا ہے	مرا ہاتھی سوا لاکھ کا
جیندیں مندے کڈھیندن، موئیں سر پٹیندن	زندگی میں گالیاں دیتے ہیں مرنے پر سر پیٹتے ہیں	زندگی میں دشمن اور مرنے کے بعد افسوس	جیتے جی سیٹھنیاں اور موئے دھاڑ دھاڑ پٹنیاں

جیندیں مندے کڈھیندِن، موئیں غلاف چڑھیندِن	زندگی میں گالیاں دیتے ہیں مرنے پر غلاف چڑھاتے ہیں	باکمال کی قدر زندگی میں نہیں ہوتی / لوگ مردہ پرست واقع ہوتے ہیں	جیتے تھے تو لیکھوں بھرے، مر گئے تو موتیوں جڑے
جیندیں چُنج ڈِتی ہے او چوگا وی ڈیسی	جس نے چونچ دی ہے وہ چوگ بھی دیگا	خالق نے لوگوں کے رزق کے مکمل سامان کا اہتمام کر رکھا ہے	چیرا ہے جس نے، وہ نیرے گا
جیندیں ڈِھڈھ لئے اور روٹی وی ڈیسی	جس نے پیٹ لگایا ہے وہ روٹی بھی دیگا	خالق ہی لوگوں کو رزق مہیا کرتا ہے	چیرا ہے جس نے، وہ نیرے گا
جیندیں رات ناں کھادا، اُوندیں اگھ ناں پچھا	جس نے رات کو نہ کھایا، اُس نے قیمت نہ پوچھی	بھوکا مول تول نہیں کیا کرتا	
جیندیں کیتا بھا، او ناں رہیا بھرا	جس نے مول تول کیا وہ بھائی نہ رہا	آپس داری میں لحاظ نہ ہو تو تعلقات ختم ہو جاتے ہیں	
جیندیں کیتی شرم، اُوندے سڑ گئے کرم	جس نے شرم کی، اس کے بخت پھوٹے	بے موقع جھجک سے نقصان ہوتا ہے	جس نے کی شرم، اس کے پھوٹے کرم
جیندیں کھادی سِنگھے دی دال، او ناں رلیا پچھلیاں / ٹبر نال	جس نے دیگچے کی دال کھائی، وہ اپنے پچھلوں / کُنبے سے نہ مل سکا	ہوٹل سے کھانے کا عادی گھر پر روٹی نہیں کھاتا	
جیندیں کتی بے حیائی، اُوندیں کھادی کھیر ملائی	جس نے بے حیائی اختیار کی اس نے دودھ بالائی کھائی	بے حیا اور منہ پھٹ مزے میں رہتا ہے	جس نے کی بے حیائی، اس نے کھائی دودھ ملائی
جیوں دیر، تیوں خیر	جتنی دیر، اتنی خیر	تاخیر میں فائدہ ہے	دیر آید درست آید (ف)
جیوں سجن تھولے، جیویں دہڑا موکلا	جتنے بھی خواہ تھوڑے، اتنا صحن کشادہ	انسان کم رشتہ داروں کے سبب سُکھی رہتا ہے	چھیدی مرلی خوب بجتی ہے
جیوں وِرلی، جیوں سٹّے تے زور	جتنی چھدری، اتنا پھل زیادہ	فصل کا بیج جتنا دُور دُور بویا جائے اتنا ہی خوشہ گھنا ہوتا ہے	چھیدی مرلی خوب بجتی ہے
جیویں آکھسیں، اُونویں سُنسیں	جیسی کہو گے ویسی سُنو گے	خراب بات کا خراب اور اچھی بات کا اچھا جواب ہوتا ہے	جیسی کہنا، ویسی سُننا
جیویں آندی ہے اُونویں ویندی ہے	جیسے آتی ہے ویسے جاتی ہے	مفت کا مال ضائع ہو جاتا ہے	جن مولوں آئی، اُن مولوں گئی
جیویں بیٹھے ہو، اُونویں ٹُرے آؤ	جیسے بیٹھے ہو ویسے چلے آؤ	فوراً پہنچو	جس طرح بیٹھے ہو اسی طرح چلے آؤ
جیویں کریسیں، اُونویں بھرسیں	جیسی کرنی، ویسی بھرنی	انسان کئے کا انجام پاتا ہے	جیسا کرو گے ویسا بھرو گے
جیویں کریسی، اُونویں جیسی / بھرسی	جیسا کرے گا ویسا اٹھائے گا	انسان کو نیت کا پھل ملتا ہے	جیسا کرو گے، ویسا بھرو گے
جیویں کریندے، اُونویں لہندے	جیسے کرتا ہے، ویسے اترتا ہے	انسان کئے کا انجام پاتا ہے	اپنا اپنا کرنا، اپنا اپنا بھرنا
جیویں گئے، اُونویں آئے	جیسے گئے ویسے آئے	(طنز) جیسے کورے تھے ویسے رہے	صحیح گئے، سلامت آئے
جیویں ماء، اُونویں ماسی کندھ ایرے تے آسی	جیسی ماں، ویسی خالہ، دیوار بنیاد پر آئے گی	ہر شے اپنے اصل پر جاتی ہے	جیسی مائی، ویسی جائی
جیویں وجدی آندی ہئی، اُونویں وجا ماردے تُوت ناں کھڑکا	جیسی بجتی آئی ہے ویسی بجا، ماں کے تُوت (طوطی کا اسم مکبر) نہ بجا	آباؤ اجداد کے کاموں کی تقلید کرو	

جیویں مریسیں، اُونویں کھاسیں	جیسا مارو گے ویسا کھاؤ گے	ترکی بہ ترکی جواب	جیسے کو تیسا
جیہاں تیڈا لوݨ پاݨی، تیہاں ساڈا کم جاݨی	جیسا تیرا نمک پانی۔ ویسا ہمارا کام جاننا	معاوضے کے مطابق کام کا معیار ہوتا ہے	جیسا تیرا لینا دینا۔ ویسا میرا کام کاج
جیہاں مُونہہ، ادہو جیہیں چاٹ	جیسا مُنہ ویسا تھپّڑ	ہرایک سے اس کے معیار کے مطابق سلوک کیا جاتا ہے	جیسا مُنہ ویسا تھپّڑ
جیہوں جیہیں سَمدِن۔ اُدہو جیہیں جَمدِن	جیسے سوتے ہیں ویسے پیدا ہوتے ہیں	جیسے والدین ویسی اولاد	جَیسا سوتا ویسا ہی دھارا
جیہوں جیہیں کوہݨ آلے، اُوہوں جیہیں کھاوݨ آلے	جیسے ذبح کرنے والے، ویسے کھانے والے	اچھے کو اچھا ملتا ہے اور بُرے کو بُرا	کند ہم جنس با ہم جنس پرواز۔ ف
جیہیں ماء، تیہیں دھی	جیسی ماں، ویسی بیٹی	اولاد پر والدین کا اثر مسلّم ہے	
جیہیں نیّت تیہیں مُراد	جیسی نیّت ویسا پھل	نیّت کا پھل ملتا ہے	جیسی نیّت ویسی مُراد
جھڑدا چِھکا تے مَترئی دا ترِنڈکا، برُدوں برو بر ہے	بادلوں میں سے دھوپ اور سوتیلی (ماں) کی ڈانٹ ڈپٹ بالکل برابر ہے	بادلوں میں نکلنے والی دھوپ بہت تیز ہوتی ہے	
جَھڑ، مینہ دی نشانی ہے	گھٹا بارش کی علامت ہے	بادل آئیں تو بارش آنے کے امکانات ہوتے ہیں	
جھڑالو دا سِر جھیڑے وِچ ویندے	جھگڑالو کا سَر جھگڑے میں جاتا ہے	جھگڑے جان لیوا ثابت ہوتے ہیں	تیراک ہی ڈوبتے ہیں
جَھڑی جھڑی ڈِینہہ گیا، کُچّی دا پُتر بُکھ مویا	بوندا باندی میں دن گیا، بدسلیقہ کا کُنبہ بھوکوں مرا	سُست آدمی کے کام ادھورے رہ جاتے ہیں	
جھک نِوائی وِچ فائدہ ہے	تواضع میں فائدہ ہے	انکساری عظمت پیدا کرتی ہے	
جھکا مول ناں کھاوے دھکّا	عاجزی کرنے والا ہرگز دھکّا نہ کھائے	عجز و انکسار اچھی چیز ہے	عاجزی سب کو پیاری ہے
جھک جاتے پاݨی آندے	نشیب کی جانب پانی آتا ہے	کمزور آدمی سبھی کی زد میں ہوتا ہے	مادہ بر عضوِ ضعیف می ریزد (ف)
جھکی دھرتی، اُچّا آسمان	نیچی زمین، اُونچا آسمان	امیر اور غریب ہمسر نہیں ہو سکتے	
جھکے دے اگوں ہر کوئی جھکے، جھڑ دی جھکا تھلے کے وسدے	جھکے ہوئے کے آگے ہر کوئی جھکتا ہے، بادل بھی نیچے ہو کر برستا ہے	انکساری انسان کا مرتبہ بلند کرتی ہے	عاجزی سب کو پیاری ہے
جھوپڑی وِچ رہݨاں اَتے شیش محلاں دے خواب ڈیکھݨے	جھونپڑی میں رہنا اور شیش محلات کے خواب دیکھنے	غریب ہو کر امیروں کی سی باتیں کرنا	
جھوٹھے دے پیر نئیں ہوندے	جھوٹے کے پاؤں نہیں ہوتے	جھوٹ بولنے والا بات کی تاب نہیں لا سکتا	دروغ گو را حافظہ نباشد (ف)
جھوٹھیاں تے خدا دی لعنت	جھوٹوں پر خدا کی لعنت	جھوٹے کی مذمت میں بولتے ہیں	لعنت اللہ علی الکاذبین (ع)
جھوجھے دی چوݨ، تیل تے لوݨ	کپاس کی آخری چنائی، تیل اور نمک	کپاس کی آخری چنائی کا پھل بہت کم ہوتا ہے	

جھیڑا اسّنویں سنجھ، ٹکڑا اُکھوا بُنجھ	جھگڑا سرِ شام، روٹی الگ الگ	ابتدا ہی میں اختلافات ہو جائیں تو نبھانا مشکل ہو جاتا ہے	
جھیڑے تے جھارے دا کیا وَدھاوݨ	جھگڑے اور لسّی کا کیا بڑھانا	دونوں کو جتنا بڑھانا چاہو بڑھا سکتے ہیں	لڑائی اور آگ کا بڑھانا کیا
جھیڑے رات ہووے، وِچھوڑے رات ناں ہووے	لڑائی والی رات ہو، جدائی والی رات نہ ہو	فراق کا صدمہ ہر صدمے سے شدید ہے	خدا لڑتی رات کرے، بچھڑتی رات نہ کرے
جام دی زن تے ہتّی دے کن	جام کی بیوی اور بلّی کے کان	بڑے آدمی کی بدصورت بیوی	
جاݨ کے مکھی نہیں نگلی ویندی	جان کر مکھی نہیں نگلی جاتی	جان بوجھ کر کوئی نقصان نہیں اٹھاتا	آنکھوں دیکھی مکھی نہیں نگلی جاتی
جاݨ ناں پچھاݨ، میں تیڈا مہمان	جان نہ پہچان، میں تیرا مہمان	خواہ مخواہ اپنائیت جتانے والا	۱۔ جان نہ پہچان۔ بڑی خالہ سلام ۲۔ مان نہ مان، میں تیرا مہمان
جاݨ کے کُئی کھوہ وِچ ترپ ٹرپ نہیں مریندا	جان بوجھ کر کوئی کنویں میں چھلانگ نہیں لگاتا	جان بوجھ کر اپنا نقصان نہیں کیا جاتا	
جائی ہک ہسا، لہائی ہک ہس	جنی ایک ہے، بیٹائی حسرت ہے	واحد اولاد وہ بھی بیکار	ایک انڈا وہ بھی گندا
جٹ اُشناک تے ٹیبک وِچ پودا	جاٹ نفاست پسند تو ڈاب میں بیزار	گنوار اپنے عمل سے پہچانا جاتا ہے	سیانا کوا گوہ پر بیٹھتا ہے
جٹ اُشناک تے گونگلاں دا اُجاڑا	جاٹ نفاست پسند، شلجموں کا دشمن	جاٹ کتنا مہذب ہو جائے اپنی عادات کو نہیں بدل سکتا	راجا بھئے تو کیا ہوا، انت جاٹ کے جاٹ
جٹ مُچھاں تے اللہ دی امان رکھیان	جاٹ اُجڈ اور اللہ کی امان / محافظت	اُجڈ دیہاتیوں کا خدا ہی محافظ ہے	بھوڑ کے ہولڑ ہوتے ہیں
جٹ بار تے چڑھیا کھڑا ہا۔ بادشاہ دے مہاوت کوں آہدا ہا، کھوتر ٹا وِچیندیں	کسان خرمن پر کھڑا تھا، بادشاہ کے مہاوت سے کہتا تھا۔ "چھوٹا گدھا بیچتے ہو؟"	غلہ اٹھاتے وقت کسان بہت دلیر ہوتا ہے	
جٹ پنج نہیں سہندا، پنجاہ سہندے	جاٹ پانچ برداشت نہیں کرتا۔ پچاس برداشت کرتا ہے	دیہاتی معمولی لالچ میں زیادہ گنوا بیٹھتے ہیں	گنوار گنّا نہ دے، بھیلی دے
جٹ پلاوے لسّی تے گل وِچ پاوے رسّی	جاٹ لسّی پلائے اور گلے میں رسّی ڈالے	ذرا سا احسان کر کے بہت جتلائے	اوچھے کے گھر کھانا، جنم جنم کا طعنہ
جٹ توڑے سونے دا ہووے تاں دی پیچھا پتّل دا ہوندس	جاٹ چاہے سونے کا ہو پھر بھی اُس کی پُشت پیتل کی ہوتی ہے	خوبیوں کے ساتھ بُرائیاں بھی	سونے کا گڑوا اور پیتل کی پیندی
جٹ تے بھٹ بدھا چنگا	جاٹ اور زخم بندھا اچھا	ان دونوں کی آزادی سے خطرناک صورتحال پیدا ہوتی ہے	جاٹ کے سر کھوسڑا اور چپے کے سر چھا
جٹ تے سنڈھے دا وَیر نہیں ویندا	جاٹ اور بھینسے کی دشمنی نہیں جاتی	جہاں قریبی تعلق ہو گا وہاں مستقل روابط ہوں گے	
جٹ جانڑے تے وِجّوں جانڑے	جاٹ جانے اور بجّو جانے	ایسے کے ساتھ ویسا نباہ کر سکتا ہے	

جٹ دا پتر پٹیلے جیڈا ہل دی چوڑی پلر مڑے	کسان کا بیٹا پٹیلے جتنا ہل کا مُٹھا پکڑے	بچے آبائی کام کم عمری میں کرنے لگ جاتے ہیں	
جٹ دا مونہہ پانڑی دھرتاں پانڑی دا مونہہ کیارے دھر، جٹ دا مونہہ گھر دھر تاں پانڑی مونہہ جھر دھر	کسان کا منہ پانی کی جانب تو پانی کیاری کی طرف، کسان کا منہ گھر کی جانب تو پانی کا منہ جنگل کی طرف	کھیتی باڑی ذاتی نگرانی سے ہوتی ہے	
جٹ دا ہاسا، بھنے پاسا	جاٹ کا ہانسا، توڑے پانسا	جاہل کا مذاق بھی نقصان دہ ہے	جاٹ کا ہانسا، توڑے پانسا
جٹ دی راڈھی، ہر کئیں کھا دی	کسان کی پیداوار، ہر ایک نے کھائی	کسان کی محنت سے سبھی فائدہ اٹھاتے ہیں	
جٹ دے پال دا سر وڈھیجے، نائی دا پال سکھے	جاٹ کے بیٹے کا سر کٹتا ہے اور نائی کا بیٹا سیکھے ہے	لوگ اپنے تجربے کے لئے دوسرے کا نقصان کرتے ہیں	کٹے کا جمان کا، سیکھے گا نائی کا
جٹ دیاں سَو ماواں ہوندن	جاٹ کی سو مائیں ہوتی ہیں	دیہاتی مطلب نکالنے کے لئے سب کو اپنا بنالیتے ہیں	
جٹ ڈیوے دلاسا جیں ویلے ترمنہ چائے، اکھیں کڈھے کوڑھیاں جیں ویلے ڈھیری چائے	کاشت کار جب قرض لے تو دلاسہ دے، کڑوی آنکھیں دکھائے جب ڈھیری اٹھائے	دیہاتی عاجزی کر کے قرض لیتے ہیں لیکن خوشی سے ادا نہیں کرتے۔	
جٹ ڈیوے دلاسا جیں ویلے ہل واہئے، اکھیں کڈھے کوڑھیاں جیں ویلے منھتاں پائے، ساری پت ونجائے جیں ویلے بار چائے	کاشت کار جب ہل چلائے دلاسا دے جب رکھوالی کی جھونپڑی ڈالے آنکھیں دکھائے۔ ساری عزت گنوائے جب ڈھیری اٹھائے	کسان قرض خواہوں کو ٹرخاتا رہتا ہے رقم ادا نہیں کرتا	
جٹ رُٹھا تاں کَمی مُٹھا، کمی رُٹھا تاں کمی مُٹھا	جاٹ ناراض ہوا تو کمی نے کھویا، کمی ناراض ہوا تو کمی نے کھویا	غریب کو ہر صورت نقصان ہوتا ہے	قہر درویش بر جان درویش (ف)
جٹ سَو دھَل ڈڈ کھادے، سَو کھلے دی	جاٹ سَو پیاز بھی کھائے سو جوتے بھی	نادانی کے سبب دوہری مصیبت اٹھائی	بانس کے بانس، ملاحی کی ملاحی
جٹ کُنیں تے چٹ، پیالہ دھو تے مچھاں وٹ	جاٹ، ہنڈیا چاٹ، پیالہ دھو اور مونچھیں مروڑ	کاشت کار کی خوشحالی دکھاوے کی ہے	
جٹ کوں بھل بھلوائیا، ٹبر گھن کے بوہے آیا	دیہاتی سے بھلا کیا۔ کنبے کو لے کر دروازے پر آگیا	نادان رکمینے کو منہ لگاؤ تو سر چڑھ جاتا ہے	
جٹ کیا جانڑے لونگاں دا بھاو	جاٹ کیا جانے لونگوں کا بھاؤ	جس کا کام ہو وہی جانتا ہے	۱. بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ ۲. گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ
جٹ کیا جانڑے کچالو کھا	جاٹ کچالو کھانا کیا جانے / کچالو کھانے والا دیہاتی کیا جانے	جس کا کام ہو وہی جانتا ہے	۱. بندر کیا جانے ادرک کا سواد ۲. جُلاہا جانے جَو کاٹنے؟

جٹ گنا نہیں ڈیندا، گڑ دی روڑی ڈے ڈیندے	جاٹ گنا نہیں دیتا، گڑ کی بھیلی دے دیتا ہے	دیہاتی معمولی فائدہ کی لالچ میں زیادہ نقصان کر لیتے ہیں	گنوار گنا نہ دے، بھیلی دے
جٹ رسلمان وَدّھے راہ رَدگ بدّھے کراڑ وَدّھے جٹ بدّھے	کسان / مسلمان خوشحال ہو تو راستہ روکے ہندو خوشحال ہو تو کسان کو باندھے	دیہاتی لوگ مفاد عامہ کی پرواہ نہیں کرتے ہندو بنیا کسانوں کی زمینیں اپنے پاس رہن رکھ لیتا تھا	
جٹ ملوک، تڑوّا ڑ مال	جاٹ نرم و نازک، سردوں کا بنا ہوا ڑ مال	دیہاتی کی زندگی میں گنوارپن ضرور ہوتا ہے	راجا ہوئے کیا ہوا انت جاٹ کے جاٹ
جٹ ملوک، گونگلاں / وصلاں دا اُجاڑا	جاٹ نرم و نازک، شلجموں/پیاز کا دشمن	بلند مرتبہ پر پہنچ کر بھی فطرت نہیں بدلتی	راجا ہوئے کیا ہوا انت جاٹ کے جاٹ
جٹ نیں راھی، سارے جگ نیں کھادی	کاشت کار نے کاشت کی، ساری دنیا نے کھائی	کاشت کار کی فصل سے سب فیض پاتے ہیں	
جٹ، وٹ، پھٹ۔ ترییے بدّھے چنگے	جاٹ، کنارہ، زخم۔ تینوں بندھے اچھے	ان تینوں کو کھلا نہ چھوڑو	
جٹ یار نہیں، کنگ ہتھیار نہیں	جاٹ دوست نہیں، اور اکتارا ہتھیار نہیں	دیہاتی دوستی نہیں نبھا سکتا	
جٹی دا گھیو، ڈولے وکاوے	جاٹنی کا گھی برتن بکتا ہے	لوگ اچھی چیز ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں	
جٹی ڈٹھے ڈمبھرے، ادگھاں کراد	دیہاتن نے بھلی دیکھی، یہ لوں کر دہ	رقم نہیں مگر خواہش بہت	
جٹی ڈھٹی آمرادی، جینڈا ملّاں ناں قاضی	جاٹنی اپنی مرضی سے آباد ہوئی، جس کا مُلّا اور قاضی نہیں ہے	اپنی مرضی سے شادی کرنے والی عورت	
جُلدیاں نال تُلدی	جانے والوں کے ساتھ تُلتی	سب کے ساتھ تیار	
جم ناں دھانتی، کوڑا تیل	کبھی نہائی نہیں، تیل کڑوا	جو کام کبھی نہ کیا ہو اُس کے متعلقات کے بارے میں رائے دینا نادانی ہے	
جم ناں ڈِٹھی ترپڑی، خوابیں آئی کھٹ	کبھی ٹاٹ (دنک)، نہ دیکھا، خوابوں میں پلنگ (نظر) آیا	خواب کا حقیقی زندگی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا	
جم ناں کیتی کنگھی، سِر لیکھیں جُڑیا	کبھی کنگھی تک نہ کی، سر (کے بال) جوؤں سے جڑے ہیں	کنگھا نہ کرنے سے بالوں میں جوئیں پیدا ہوتی ہیں	
جم ناں مُکی تے نانی دے مُہاندرے	پیدا نہ ہوئی اور نانی کی مشابہت	جو چیز نہ ہو اُس کے بارے میں خوش فہمی بیکار ہے	پیش از مرگ واویلا (ف)
جم ناں مُکی، نک نانکیاں دا	پیدا ہوئی نہیں، ناک ننھیال جیسا	جس چیز کا وجود نہ ہو اُس کے بارے میں خوش فہمی	مرگ سے پہلے واویلا
جَمایا ہک ہئی، لہاتی سِک ہئی	ایک پیدا کیا ہے، حسرت پوری کی ہے	اکیلا بیٹا مگر نالائق	ایک انڈا وہ بھی گندا
جمدا مریں ہا، کفن تھولا لگّے ہا	پیدا ہوتے ہی مرتا (تو) کفن تھوڑا لگتا (کاش بچپن میں مرجاتے)	کسی کے بُرے کام پر نفرت سے کہتے ہیں	ہوتے ہی نہ مرا جو کفن تھوڑا لگتا

جمدا ناں موئیوں	پیدا ہوئے ہوتے نہ مرے	شروع ہی میں مرجاتے تو اچھا تھا، سخت نالائق ہو	تھو تیرے جنم پر
جمدو پاکے جھولی، کر ویݨ ڈِتی مالولی	پیدائش ہی سے جھولی میں ڈال کر ماں نے بین کرکے لوری دی	پیدائشی بدبخت	
جمدیاں سُولاں دے موہنہ تر کھے	پیدا ہوتے ہی دکھوں کے مُنہ تیز	خوبی شروع سے نمایاں ہو جاتی ہے	ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات
جمدیں تِل روون لگے یا دایونیں گھاٹی	پیدا ہوتے ہی تل رونے لگے (انہیں) کو لہو یاد آگیا	دکھی کی مشکلات کبھی ختم نہیں ہوتیں	سر منڈاتے ہی اولے پڑے
جمدیں ناں مولیں	پیدا ہوتے ہی نہ مر گیا	بُرے کی بُرائی سے تنگ آکر کہتے ہیں	ہوتے ہی کیوں نہ مر گیا
جمݨ لعل، وَنڈیجݨ کولے، جتی ڈنڈو اُتی تھوڑے	لعل پیدا ہوں، کوئلے تقسیم ہوں جتنے بانٹو اتنے کم	جب کوئی بے وقوف کوئی الٹا کام کرے تو بولتے ہیں	
جمے نُوں تے پٹے سارتھاں، واہ ری ماسی مہراں	پیدا ہونے نُو اور روئے ستّرہ (کو) واہ واہ خالہ مہراں	سدا دکھی رہنے والے کے لئے بولتے ہیں	
جمیا بال تے ایہو حال	پیدا ہوا بچہ تو یہی حال	بچپن سے ایسے ہی کرتوت ہیں	جب سے جنے بال، تب سے یہی حال
جمیا سلکھݨاں، گلی لکھ ناں رکھݨاں	بدبخت پیدا ہوا، جھونپڑی میں ٹھکانہ رکھنا	بدقسمتی تباہ کر دیتی ہے	
جمیندی گئی ہئی تے نہوں ناں ڈِتیندی گئی ہئی	پیدا کرتی گئی تھی اور ناخن نہ رکھتی گئی تھی (ٹینٹوا دباتی گئی)	بُرے کی پیدائش پر طنز	
جݨ وڈا تے دیہہ سُنج	جنم بڑا اور دیہات (کا نام) ویرانہ	شہرت بہت حقیقتاً کچھ نہیں	نام بڑا اور درشن چھوٹے
جواہنہ دا کنڈا، کر چھوڑے منڈا	جواہنہ کا کانٹا، لنگڑا کر دے	جواہنہ کا کانٹا مشکل سے نکلتا ہے	
جوانھہ، ہر دم جوان	جواہنہ (کا پودا) سدا جوان	جواہنہ سدا ہرا رہتا ہے	
جھیے سِکھیندے آئے	بیٹے سکھاتے آئے	نئی نسل پچھلی نسل سے چالاک ہوتی ہے	اڑھائی ہاتھ کی ککڑی، نو ہاتھ کا بیج
جیٹھ جالیں ہیٹھ	جیٹھ جالوں کے نیچے	جیٹھ میں سائے میں بیٹھو	
جیٹھ جیٹھی، ہاڑھ کٹھیں، ساوݨ مول ناں رہائیں	جیٹھ میں بر وقت، اساڑھ میں تاخیری، ساون میں ہرگز نہ بونا	فصل وقت پر کاشت کرنی چاہیے	جیٹھ جیٹھے، اساڑھ ہیٹے
جیندی گئی تے ڈرکیندی ناں گئی	پیدا کرتی گئی اور کھاتی نہ گئی	نالائق کا نہ ہونا بہتر ہے	

چا اُدھار گھنوں بݨاواں، شوہکار دی رَن سڈاواں	اُدھار لیکر گلے بناؤں، ساہوکار کی بیوی کہلاؤں	مانگے کی عزت اور دکھاوے کی دولت/ پرائی شے مانگ کر اتراتی ہے	مانگے کی منگنی گڑیا کا سنگھار
چا پڑ داشہ پور	چا پڑے سے شاہ پور	بات آگے پہنچتے پہنچتے کچھ سے کچھ بن جاتی ہے	من چہ میگویم و تنبورہ من چہ می سرائید (ف)

چاٹی رَچھوڑ وچ سِر ڈِتیاں موہلے کنوں کیا ڈِرناں	اُکھلی رمٹکے میں سر دینا، موسلوں سے کیا ڈرنا	مصیبت مول لینے کے بعد ڈرنا بیکار ہے	ادکھلی میں سر دیا تو موسلوں کا کیا ڈر
چاچا بابے جیہاں پر ہاں ناں بابے جیہاں	چچا باپ کی طرح مگر دل باپ کی طرح نہیں	باپ جیسی محبت کوئی دوسرا نہیں دے سکتا	
چاچا چور بھتریجا قاضی	چچا چور۔ بھتیجا قاضی	اپنوں کے معاملے میں انصاف کے تقاضے پورے نہیں ہوتے	چچا چور۔ بھتیجا قاضی
چاچی مامی آلا کم ہے	چچی ممانی والا کام ہے	بُرائی کرنے کے بعد بزرگوں کا حوالہ دے کر جواز پیدا کرنا	
چار[۴] چور چُراسی[۸۴] اساں، حملہ کیتا چوراں دُھرک پیوسے اساں، لعنت چوراں تے شاباش اساں	چار[۴] چور، چوراسی[۸۴] ہم، چوروں نے حملہ کیا ہم دوڑ پڑے، چوروں پر لعنت، ہم پر شاباش (ہندوؤں کی بزدلی پر طنز ہے)	لوگ اچھائیاں اپنے سر منڈھتے ہیں اور عیب دوسروں پر	
چار ڈینہہ دی چاننی وَل اَندھاری رات	چار دن کی چاندنی، پھر اندھیری رات	عروج عارضی ہوتا ہے	چار دن کی چاندنی، پھر اندھیری رات
چار ڈینہہ شوق دے تے وَل کُتّے بھونکدے	چار دن شوق کے، پھر کتے بھونکیں	نئی شے کی قدر عارضی ہوتی ہے	نیا نو دن، پرانا سو دن
چار ڈینہہ وڈا ہاں	چار دن بڑا ہوں	زیادہ تجربہ کار ہوں	چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں
چار ڈیہاڑے چیتر دے تے کُوڑے بکر وال	چار دن چیت کے اور کوڑے چرواہا	تھوڑی خوشی میں انسان کو بدمست نہیں ہونا چاہیے	چار دن کی چاندنی، پھر اندھیری رات
چار کتاباں عرشوں لتھیاں پنجواں لتھا ڈِنگا	عرش پر سے چار کتابیں اُتریں پانچواں لٹھ اترا	باتوں سے زیادہ طاقت کا اثر ہوتا ہے	چار لبید، پانچواں لبیدا
چار کتاباں کجھ ناں کیتا۔ ڈنگے کیتا سِدّھا	چار کتابوں نے کچھ نہ کیا، لٹھ نے سیدھا کیا		
چاکر، چور، ونجارا، گھر آوے تاں جاپے	نوکر، چور، پھیری والا اور بنجارا، گھر آئے تو جانیں	یہ تینوں ہمیشہ گھر سے باہر رہتے ہیں	
چاکری سوکھا کم نھیں	نوکری آسان کام نہیں	خدمت گزاری مشکل کام ہے	نوکری خالہ جی کا گھر نہیں ہے
چاکی ڈاند ونجایا، وَل وَل گوے کِلّا	تیلی نے بیل گنوایا، بار بار کھونٹا ڈھونڈے	گمشدہ شے کا سُراغ اس کی ابتداء سے لگایا جاتا ہے	
چالیہہ[۴۰] خالی، پنجاہ[۵۰] منجھا، سٹھ[۶۰] قبر کھٹ	چالیس (کی عمر) خالی ہے، پچاس پر چارپائی اور ساٹھ پر قبر کھودو	ساٹھ سال کے بعد زندہ رہنے کے امکانات بہت کم ہوتے ہیں	
چاندی دا بدّل گجّے، سوراں تے سُو وَسّے	چاندی کا بادل گرجے، سوروں پر سو برسے	بُرے کا علاج بُرا ہے	
چاندی دی ریت نھیں، سونے دی توفیق نھیں	چاندی کی رسم نہیں، سونے کی ہمت نہیں	ہر صورت مشکل کام کے لئے بولتے ہیں	
چاول گلّے دم ہووے، بندہ گلّے غم ہووے	چاول دم میں گلے، انسان غم میں گلے	غم انسان کو ختم کر دیتا ہے	جب تک دم ہے، تب تک غم ہے
چاہندا جیوݨ ہے، ویندا کُہیوݨ ہے	چاہتا جینا ہے، جاتا ذبح ہونے ہے	انسان کا عمل اس کے نصب العین کے مطابق ہونا چاہیے	

چاہ، تماکو، سوناں، جنس ناں گھنّے بئی	چائے، تماکو، سونا، کوئی اور جنس نہیں لینا (قبول نہیں کرنا)	اِن اشیاء میں ملاوٹ کا فوراً پتہ چل جاتا ہے	
چھھڑ دی بار تے ڈیسی	کپڑیوں کی ڈھیری پر دے گا	جب چیز نہ لوٹانا ہو تو بولتے ہیں	
چبری دا چہرہ تے ناں نور بی بی	چبری کا چہرہ اور نام نور بی بی	بدصورت کا خوبصورت نام	آنکھ کدو، ناک غدارد، سوہنی نام
چپ بھلّی ہے	خاموشی اچھی چیز ہے	خاموشی فائدہ مند شے ہے	السکوت ذھبٌ (ع)
چپ تاں چپ، نئیں تاں ہاڑ ماگھ دی دُھپ	چپ رہا تو چپ (رہا)، نہیں تو اساڑھ ماگھ کی دھوپ	اگر کوئی کم گو بولنے پر آجاتے تو انتہائی خطرناک ہو جاتا ہے	چُپ آدمی اور بندھے پانی سے ڈرنا چاہیے
چپ تھی گئے ڈھول، تاں ہُن بیشک بول	ڈھول خاموش ہو گیا ہے تو اب بیشک بول	منہ پھٹ بولتا ہو تو لوگ خاموش ہو جاتے ہیں	
چپ دا اجر رب ڈیسی	خاموشی کا صلہ رب دے گا	صبر کا اجر خدا دیتا ہے	چپ کی داد خدا دے گا
چھپّے کنول تلے ریت ہے	چھپّے سے نیچے ریت ہے	غیر اہم آدمی کے لئے بولتے ہیں	
چُپت بھیڈیں، مونہہ بکرا	پیچھا بھیڑ کا، منہ بکری کا	دو رخا پن اور منافقت ہے	
چُپت پتّل دی تے پوسی ساگ دی	پیچھا پیتل کا اور اخراجِ ریاح ساگ کا	نمائش بہت اندر سے کھوکھلا	
چُپت گھادے پاہمݨ تے لیکھا کرے کراڑ	پیچھے پر مار کھائے برہمن اور رقم بتائے بنیا	تکلیف کوئی اٹھائے اور مزے کوئی کرے	دکھ بھریں بی فاختہ اور کوّے انڈے کھائیں
چُپت دی ہوندی، تھک دی ہوں دی	گانڈ بھی اُسی کی، تھوک بھی اُسی کی	ہر طرح دوسرے کا نقصان سوچتے ہیں	چپت بھی میری، پٹ بھی میری
چُپت ءِ چ گھوں نئیں، کاں مہمان ہے	گانڈ میں گوہ نہیں، کوا مہمان ہے	حیثیت سے بڑھ کر دکھاوا	گانڈ میں گوہ نہیں اور کوے مہمان
چتھ کے کھاتے سوچ کے الا	چبا کر کھاؤ اور سوچ کر بولو	چبا کر کھانا اور سوچ کر بولنا اچھی عادات ہیں	پہلے تولو، پھر بولو
دھیلا ناں پلے، ہار گھناں کر چھلے	دھیلا پاس نہیں ہار لوں کر چھلے	خواہشات معاشی حالات کے مطابق رکھنی چاہئیں	گرہ میں کوڑی نہیں، بازار کی سیر
ڈھٹھی اٹھ توں، کاوڑ جتوال تے	گری اونٹ سے، غصہ شتربان پر	ایک کے قصور کی سزا دوسرے کو دینا غلط ہے	گرے کھم، پلال بھاری
ڈھٹھی گڈہا نہ توں، رسی کمہار نال	گری گدھی سے، روٹھی کمہار سے	ایک کے قصور کی سزا دوسرے کو دینا غلط ہے	گرے کھم، پلال بھاری
ڈوڈرکاں دا نگوں بئے دی بولی سکھن گئے، آپنی دی ڈکھا آئے	ڈوڈرکے کی طرح دوسرے کی بولی سیکھنے گئے اپنی بھی بھلا آئے	دوسروں کی نقالی سے نقصان ہوتا ہے	کوا چلا ہنس کی چال اپنی بھی بھول گیا
ڈھانڈا پالیا، سیالا ٹالیا	ڈنگر پالا، جاڑا گزارا	کسی نہ کسی طرح وقت گزار لیا	ڈھانڈا پالا، جاڑا ٹالا
ڈھائی ڈینہ بھیڈ تے وی جوانی آندی ہے	اڑھائی دن بھیڑ پر بھی جوانی آتی ہے	ہر ایک خوش قسمتی کے دور سے گزرتا ہے	کبھی کوڑی کے بھی دن پھرتے ہیں
ڈھائی ڈینہ دی سقے آلی شاہی ہے	اڑھائی دن کی نظام، ماشکی والی بادشاہی ہے	عارضی آن بان اور عروج ہے	اڑھائی دن کی سقے نے بادشاہت کی
ڈھائی ڈینہ کھوتی تے وی جوانی آندی ہے	اڑھائی دن گدھی پر بھی جوانی آتی ہے	بدصورت بھی کبھی خوبصورت نظر آتا ہے	کبھی گھورے کے بھی دن پھرتے ہیں
ڈھیں کوں اندھارا بھاندے	بلی کو اندھیرا پسند ہے	بدکردار اندھیرے میں برائیاں کرتے ہیں	رات گنہگاروں کے لئے بڑی اوٹ ہے
ڈھڈ بکھ مرے تے مونہہ عیش کرے	پیٹ بھوکوں مرے اور منہ عیش کرے	خستہ حالی کے باوجود شیخی	پیٹ سے فاقہ، طبیعت خوش بے اندازہ
ڈھڈ پچھوں بندہ کیا کیا کریندے	پیٹ کے پیچھے آدمی کیا کیا کرتا ہے	پیٹ پالنے کے لئے سب کچھ کرنا پڑتا ہے	انسان پیٹ کی خاطر سب کچھ کرتا ہے
ڈھڈ پچھوں بندہ کیا نہیں کریندا	پیٹ کی خاطر آدمی کیا نہیں کرتا	پیٹ پالنے کے لئے معیار نہیں دیکھا کرتے	پیٹ جو چاہے سو کرائے
ڈھڈ تاں کتا وی پلیندے	پیٹ تو کتا بھی پالتا ہے	پیٹ پالنا مقصد حیات نہیں	پیٹ پالنا کتا بھی جانتا ہے
ڈھڈ دی خاطر پچھوں پردیس ویندن	پیٹ کی خاطر پردیس جاتے ہیں	فکر معاش میں لوگ سفر کرتے ہیں	پیٹ کے واسطے پردیس جاتے ہیں

ڈھڈھ رجا، اکھیں بکھیاں	پیٹ بھرا، آنکھیں بھوکی	لالچی کبھی سیر نہیں ہوتا	
ڈھڈھ رجے دیاں گالھیں ہن	پیٹ بھرے کی باتیں ہیں	خوش حالی سے تکبر آتا ہے	پیٹ بھر جائے تو باتیں آتی ہیں (ش)
ڈھڈھ سب کجھ کریندے	پیٹ سب کچھ کرواتا ہے	بھوک سے مجبور ہو کر انسان برائی کرتا ہے	پیٹ جو چاہے سو کرائے
ڈھڈھ سب نال ہے	پیٹ سب کے ساتھ ہے	سب کو خوراک چاہیئے	پیٹ سب رکھتے ہیں
ڈھڈھ کوں نک نہیں ہوندا	پیٹ کو شرم نہیں ہوتی	روزی کے لئے سب کچھ کرنا پڑتا ہے	ا: پیٹ سب کچھ کراتا ہے۔ ۲: روٹی گئی منزلیں، ذات گئی گورہ میں
ڈھڈھ کھوئی، مونہہ سوئی	پیٹ کنواں، چہرہ پتلا	چہرے سے دبلا مگر پیٹو	پیٹ کوئی، منہ سوئی
ڈھڈھ کہیں دی نہیں سنڑدا	پیٹ کسی کی نہیں سنتا	روزی کے لئے سب کچھ کرنا پڑتا ہے	پیٹ کسی کی نہیں سنتا
ڈھڈھ ناں پیاں روٹیاں تاں سبھے گالھیں کھوٹیاں	پیٹ میں روٹیاں نہ پڑیں، تو سبھی باتیں کھوٹیں	بھوکے پیٹ کچھ نہیں سوجھتا	
ڈھڈھ دا انجا، بستر سانجھا	پیٹ خالی، دوست ساتھ	ایسے دوست کا کیا فائدہ جو بھوکے دوست کو نہ کھلائے	
ڈھڈھ وچ پیاں روٹیاں سبھے گالھیں موٹیاں	پیٹ میں روٹیاں پڑیں، سبھی باتیں اچھی	پیٹ بھرا ہی سوچ و فکر کی صلاحیت رکھتا ہے (آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے)	ا: پیٹ بیچ پڑی روٹیاں تو سبھی باتیں موٹیاں ۲: پیٹ میں پڑی روٹیاں تو سب گلاں موٹیاں
ڈھڈھ وچ پیڑ، ہٹوں کڈھاؤ	پیٹ میں درد داڑھ نکلواؤ	بے تکی بات پر کہتے ہیں کہ اس کا اس سے کیا تعلق	مارے گھٹنا، سر لنگڑا
ڈھڈھ وچ روٹی، ہر گالھ موٹی	پیٹ میں روٹی، ہر بات موٹی	پیٹ بھرے کو سب سوجھتا ہے	اوّل طعام، بعد کلام
ڈھڈھ وچ وڑو تاں پتہ لگدے	پیٹ میں گھسو تو پتہ لگتا ہے	قریب ہونے سے راز معلوم ہوتے ہیں	پیٹ میں گھسو تو بھید ملے
ڈھڈھل کوں کم کھاوݨ دا	پیٹو کو کھانے کا کام	ضرورت مند اپنی غرض سے غرض رکھتا ہے	پیٹو مرے پیٹ کو
ڈھگی ناں ڈھور، کیا آن کریسی چور	بیل نہ مویشی، چور آ کر کیا کرے گا	غریب بے فکری کی نیند سوتا ہے	سکھ سووے ہوردہ، جس کے گلئے نہ گو
ڈھول وجے تے ماڑوں بھجے	ڈھول بجے اور ماڑوں بھاگے	بے وقوف، ہر بے وقوفانہ عمل کی جانب دوڑتا ہے	
ڈھولا گیا بنوں، گھر آوے تاں منوں	ڈھولا محبوب بنوں گیا، گھر آئے تو مانیں	دور گئے واپس نہیں آیا کرتے	ا: گئے کنک، رہے اٹک ۲: دور گئے کی آس کیا
ڈھیر بار سدھی کاٹھی تے آندے	زیادہ بوجھ سیدھی لکڑی پر آتا ہے	سیدھے لوگ مات کھا جاتے ہیں	
ڈھیر غلامیں، ڈھگا سنج	زیادہ نوکروں میں گھر تباہ	بہت سوں کی ذمہ داری میں کام بگڑتا ہے	
ڈھیر کاوڑ تے گھر دا زیان	زیادہ غصہ اور گھر کا نقصان	غصہ ور خود کو کھاتا ہے	قہر درویش بر جانِ درویش
ڈھیر کاوڑ مار کھویندی ہے	زیادہ غصہ مار کھلاتا ہے	بے اعتدالی سے نقصان ہوتا ہے	
ڈھیر کوں ڈھیر بھاہ ہوندی ہے	زیادہ والے کو زیادہ آگ ہوتی ہے	دولت مند زیادہ لالچی ہوتا ہے	جتنی لابھ، اتنا لوبھ

ڈھیر کوں جھٹ مریسیں، تھوڑی دِ بچا ہسیں	زیادہ کو جھپٹو گے، تھوڑی کھو بیٹھو گے	زیادہ کی لالچ میں تھوڑی بھی ضائع ہو جاتی ہے	زیادہ کو جائے، تھوڑی سے جائے
ڈھیر کوں لوچے، تھوڑی دَ نجے	زیادہ کی لالچ کرے، تھوڑی جائے	حرص میں نقصان ہوتا ہے	لالچ بُری بلا ہے
ڈھیر گزر گئی ہے تھوڑی رہ گئی ہے	زیادہ گزر گئی ہے، تھوڑی رہ گئی ہے	زندگی کا تھوڑا عرصہ باقی ہے	
ڈھیر نسر دی، دِتی کپیندی	جلدی پھل لانے والی بروقت (جلدی) کٹتی ہے	جو حد سے بڑھتا ہے، نقصان اٹھاتا ہے	
ڈھیر دَسے تاں جھگے کھسے	زیادہ برسے تو گھر چھینے	زیادہ برسات تباہی لاتی ہے	
ڈھیماں دِچوں نکل کے دَہن دِچ پھسے	ڈھیموں سے نکل کر راستے میں پھنسے	ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں پھنس گئے	کڑاہی سے نکلے تو آگ میں گرے
ڈھینگراں تے اَنّ پے وِٹیندِن	جھاڑیوں پر آٹا بکھیر رہے ہیں	نالائق پر نوازشات بیکار ہیں	چکنا گھڑا، بوند پڑی اور ڈھل گئی
ڈھینگری کھڑتے چھُر ڈِنیدا ہے	کانٹے دار لکڑی ٹھہر کر چھڑائی جاتی ہے	مصیبتوں کا مقابلہ بعجلت نہیں کیا جاسکتا	
ڈاتری کوں ہک پاسے ڈندے ہوندِن دُنیا کوں ڈُو ہاں پاسے	درانتی کو ایک طرف دندانے ہوتے ہیں۔ دنیا کے دونوں طرف	اہلِ دنیا کسی کو معاف نہیں کرتے	
ڈاچی کیتا ڈیہہ کوہ، توڈے کیتا تریہ کوہ	اونٹنی نے بیس کوس سفر کیا۔ بچے نے تیس کوس کیا	بے وقوف زیادہ تکلیف اٹھاتا ہے	
ڈاڈھا مارے پٹے تے ننگے ڈیون گھیتاں، ننگے دے اُستادے تے ڈاڈھے دیاں مسیتاں	زور والا خوشیاں منائے اور منحوس جھگڑے، منحوس کے لوٹے اور زور والے کی مسجدیں	امیر سب کام کرسکتا ہے مگر غریب کی جیب اجازت نہیں دیتی	
ڈاڈھا مارے، رووݨ ناں ڈیوے	زبردست مارے، رونے نہ دے	طاقتور زیادتی کرتا ہے اور شکایت بھی نہیں کرنے دیتا	۱۔ اگلا زبردست ظالم مارے اور رونے نہ دے ۲۔ مارا مارے اور آگے رکھے
ڈاڈھے آندے پی پی ویندے، گھر دے شودے تتے	زبردست آتے ہیں پی پی کر جاتے ہیں اہل خانہ بیچارے پیاسے	باہر والوں کی خاطر داری، گھر والے محروم	باہر کے کھائیں گھر کے گیت گائیں
ڈاڈھے تے پھر دا نہتیں تے ہینے توں ٹلدا نہتیں	زبردست سے مقابلے کی سکت نہیں پاتا اور کمزور سے گریز نہیں کرتا	زبردست سے ہر کوئی ڈرتا اور کمزور کو ہر کوئی دباتا ہے	زر کا تو ذرہ بھی آفتاب ہے بے زر کی مٹی خراب ہے
ڈاڈھے تے پھر ناں آوے، ہینیں کوں لتاں مارے	زبردست کا مقابلہ نہ کرے، کمزور کو لاتیں مارے	کمزور پر سبھی کا بس چلتا ہے	دھوبی پر بس نہ چلا، گدھیا کے کان مروڑے
ڈاڈھے تے پھرے ناں تے ہینے تے پھرے ناں	زبردست سے مقابلہ نہ کرے اور کمزور پر چڑھائی نہ کرے	انتہائی شریف کے بارے میں بولتے ہیں	زبردست کا ٹھینگا سر پر

ڈاڈھے تے ہیݨیں دی کیہی بھئی دالی، او منگے بجاہ، او کڈھے گالھیں	زبردست اور کمزور کی کیسی شراکت وہ حساب مانگے وہ گالیاں دے	شراکت داری برابر کے لوگوں میں چلتی ہے	
ڈاڈھے دا ڈن، ہر حال ڈن	طاقت ور کا جرمانہ ہر حال تسلیم کرو	طاقت ور کے سامنے بولنا بے کار ہے	بلوان کا بل، بہت جوتے
ڈاڈھے دا سجھ پچھادھوں اُبھردے	زبردست کا سورج مغرب سے طلوع ہوتا ہے	طاقت ور اپنی بات منوالیتا ہے	زبردست کی لاٹھی سر پہ
ڈاڈھے دا کھلا تے ہیݨیں دا مُندا	طاقت ور کا جوتا اور کمزور کی گالی	زبردست مارتا ہے اور کمزور محض گالیاں بکتا ہے	زبردست کی لاٹھی، کمزور کی آہ
ڈاڈھے دا ہتھ چلدے ہیݨیں دی زبان	طاقتور کا ہاتھ چلتا ہے، کمزور کی زبان	بے بس گالیاں دیتا ہے	کسی کا ہاتھ چلے اور کسی کی زبان چلے
ڈاڈھے دی رن کوں ہر کوئی مئی سڈیندے	زبردست کی بیوی کو ہر کوئی ماں کہے	طاقت ور سے سبھی ڈرتے ہیں	
ڈاڈھے دی مار تے ہیݨے/ ریتے دی گالھ	زبردست کی مار اور کمزور کی بات	طاقتور کا ہاتھ چلتا ہے اور کمزور کی زبان	کسی کا ہاتھ چلے اور کسی کی زبان چلے
ڈاڈھے دی وَنڈ، گردن تے لت	زبردست کی تقسیم، گردن پر لات	طاقتور اپنی بات منواتا ہے	زبردست کا بیگھہ سولبسوے کا
ڈاڈھے دے ڈو حصے	زبردست کے دو حصے	طاقت ور ہمیشہ کمزور کو دباتا ہے	زبردست کا بیگھہ سو بسوے کا
ڈاڈھے کوں ڈھنگا کون گھتے	زبردست کو رسی کون ڈالے	زبردست / بُرے کی بُرائی سے ڈرنا چاہیئے	بلّی کی میاؤں کو کون پکڑے
ڈاڈھے کوں ڈاڈھی ہوندی ہے	دولت مند کو زیادہ (فکر) ہوتی ہے	دولت مند زیادہ تفکرات میں مبتلا ہوتا ہے	بقدر مال باشد سرگردانی (ف)
ڈاڈھے کوں ڈاڈھے دی بجاہ ہوندی ہے	امیر کو زیادہ کی آگ ہوتی ہے	امیر بھی کسی نہ کسی محرومی کا شکار ہوتا ہے	راجا کو موتی کا دُکھ
ڈاڈھے نال آنہہ، مروڑ بھنے بانہہ	زبردست کے ساتھ دوستی، بازو مروڑ کر توڑے	اپنے سے طاقت ور سے تعلق نہ رکھو	زبردست مارے اور رونے نہ دے
ڈاڈھیاں نال برابری، اُجڑ ونجݨ دی نیت	زبردست سے برابری، بربادی کی نیت	زبردست سے ٹکر نہ لو	زر کے آگے زور نہیں چلتا
ڈاڈھے نال رادھی، کیہیں من دیچ شادی؟	زبردست سے دوستی، من میں کیسی خوشی	زبردست سے تعلق نقصان دہ ہے	زبردست مارے اور رونے نہ دے
ڈاڈھے نال وپار، ڈیندے گھندے گھاٹا	زبردست سے کاروبار، دیتے لیتے گھاٹا	طاقت ور سے دوستی نقصان دہ ہے	زبردست کے بیسیوں بسوے
ڈاڑھی ناں مچھ، نراپچھ داپچھ	داڑھی نہ مونچھ، محض گچے کا لچا	چہرے پر داڑھی یا مونچھ معیار شرافت ہے	شنو گنڈا، نہ ایک مچھ منڈا
ڈاند آکھیا، چور گھر دی وہناں، سادھ گھر دی وہناں	بیل نے کہا تھا، چور کے گھر بھی جُتنا، شریف کے گھر بھی جتنا	نوکر کو ہر جگہ کام کرنا ہوتا ہے	
ڈاند بھانویں کاناں، سئیں دے من کوں بھاناں	خواہ بیل کانا۔ مالک کے دل کو اچھا لگا	جو چیز دل کو اچھی لگے، وہی اچھی ہے	جس کو چاہے پیا وہی سُہاگن
ڈاند دا ڈاند ہے	بیل کا بیل ہے	انتہائی احمق کے لئے بولا جاتا ہے	نرا گاؤدی ہے
ڈاند کوں ہنالے دا گاہ، پاسیالے دا کھوہ یاد آوے تاں اُگل ڈیہہ پوندے	بیل کو گرمیوں کی گہائی یا سردیوں کا کنواں (چلانا) یاد آجائے تو جگال گر جاتا ہے	بیل کے لئے ان دونوں موسموں کے کام تکلیف دہ ہیں	
ڈاند گھا نال یاری لاوے تاں کھاوے کیا	بیل گھاس سے دوستی کرے تو کھائے کیا	دوسروں کا لحاظ کرنے والا نقصان میں رہتا ہے	گائے جب دوب سے دوستی کرے کیا کھائے

ڈاندنیں چور گھر دی وہناں، سادھ گھر دی وہناں	بیل کو چور کے گھر بھی جتنا اور ساہوکار کے گھر بھی جتنا	ملازم کو ہر جگہ کام کرنا ہوتا ہے	ہر چہ بر خرے باشد۔ من پالانم (ق)
ڈانڈ ہولا، بیا سبھو کوڑ ہے	بیل وہی جس کے لمبے سینگ ہلتے ہوئے ہوں باقی سب جھوٹ ہے	لٹکے ہوئے لمبے سینگ بیل کی ایک خوبی ہے	
ڈاندا! ونہیں آپ دی داری لوٹیاں مالھ سنگھاری، پتہ اوں ڈیہاڑے لگسی، جڈاں تلسی ڈھیری ساری	اے بیل! تو خود بخود چل رہا ہے، لوٹوں نے تیری مالھ کو سنوارا ہوا ہے، پتہ اُس دن چلے گا جب ساری ڈھیری / خرمن کو تولا جائے گا	انسان کی زندگی کے کاموں کا نتیجہ آخرت میں ملے گا	
ڈانگ تے ڈاکو ڈو جنے، جنج شودی کلھی	ڈانگ اور ڈاکو دو جنے، بارات بیچاری اکیلی	مسلح آدمی بہت سے لوگوں پر بھاری ہوتا ہے	چور لاٹھی دو جنے، ہم باپ بیٹا اکیلے
ڈاتور وانگے سبھو کم فریب دا ہے	مکڑے کی طرح سارا کام دھوکا ہے	مکڑے کا جال ناپائیدار ہوتا ہے	
ڈاہ ڈتا چور نہیں مردا	اطلاع دینے سے چور نہیں مرتا	بُرائی عملی اقدامات سے رکتی ہے	
ڈتا اُدھار، مویا خلی دار	اُدھار دیا۔ خریدار مرا	اُدھار دینے کے بعد رقم اور خریدار دونوں نہیں آتے	اُدھار دیا گاہک کھویا
ڈتا اگوں آ گئے	دیا آگے آ گیا ہے	نیکی کام آئی ہے	کچھ دیا ہی آگے آ گیا
ڈتا اگوں آندے	دیا آگے آتا ہے	صدقہ بلائیں ٹالتا ہے	دیا ہی آڑے آتا ہے
ڈتا کم آ گئے	دیا کام آ گیا ہے	صدقہ نے مصیبت سے بچا دیا ہے	کچھ دیا ہی آگے آ گیا
ڈتا کم آندے	دیا کام آتا ہے	خیرات بلائیں ٹالتی ہے	دیا ہی آڑے آتا ہے
ڈٹھا چندر منیسوں	دیکھا چاند مانیں گے	بعض لوگ زبانی باتوں پر اعتبار نہیں کرتے	بن جانے کوں مانے
ڈٹھا لہور ملوتاں، اندر مٹی باہروں چونا	لاہور عجیب دیکھا، اندر مٹی، باہر کی جانب چونا	ظاہر سے دھوکا نہ کھاؤ	ہر چمکدار شے سونا نہیں ہوا کرتی
ڈٹھی چٹی چمڑی، بھل گئی امڑی	سفید کھال دیکھی، ماں بھول گئی	شادی کے بعد ماں باپ بھول جاتے ہیں	اُوکھلی میں موسلا، مائی باپ بچھڑا
ڈٹھے کوں انڈٹھا کرن	دیکھے کو ان دیکھا کرنا	بے پرواہی کا رویہ	دیکھے کو ان دیکھا کرنا
ڈٹھے کوں ناں ڈیکھ	دیکھے ہوئے کو نہ دیکھ	آزمائے ہوئے کو نہیں آزمانا چاہیے	آزمائے کو آزمانا، جہل ہے
ڈٹھے مٹھے ہوندن	دیکھے ہوئے میٹھے ہوتے ہیں	زندہ اولاد مر جانے والوں سے زیادہ عزیز ہوتی ہے	
ڈٹھے نہیں تے مٹھے نہیں	دیکھا نہیں اور مٹھے نہیں	بیوی کو دیکھ لیا تو اسی کا ہو گیا	اوکھلی میں موسلا، مائی باپ بچھڑا
ڈٹھے نہیں تے مٹھے نہیں	دیکھا نہیں تو میٹھے نہیں	جب تک بیوی کو نہیں دیکھا اُس کی اہمیت کا پتہ نہیں ہوتا	
ڈٹھیں مکھی گئی نہیں نگلیندا	دیکھ کر مکھی کوئی نہیں نگلتا	جان بوجھ کر بُری شے کوئی قبول نہیں کرتا	دیکھی آنکھوں مکھی نہیں نگلی جاتی

ݙڈھ پاء اٹا، چُبارے رسوئی	ڈیڑھ پاؤ آٹا، چوبارے پر ضیافت	ذراسی چیز پر اترانے والے کے لئے بولتے ہیں	۱:۔ ڈیڑھ پاؤ چون، چوبارے رسوئی ۲:۔ آدھا پاؤ آٹا، چوبالی رسوئی
ݙُدھ پیوے رحمو دی ما، اُٹھی نہالا وَچھا اڑا	دودھ رحمو کی ماں پئے، اے نہال! اُٹھ بچھڑے کو باندھ	کوئی تکلیف اٹھائے اور دوسرا مزے کرے	جُت جُت مرے بیلوا، بیٹھے کھائیں ترنگ
ݙُدھ ݙُدھیا نھیں، بچڑا گھٹ گھٹ پی	دودھ دوہا نہیں۔ بچہ تھوڑا تھوڑا پی	کام کے ہونے سے پہلے اس کے بارے میں ہدایات	
ݙُدھوں وی وَدھ، پُتراں دی وَدھ پر دلّوں ناں وَدھ	دودھ سے بڑھو، پوتوں سے بڑھو، پر دل سے نہ بڑھو	بے باکی بے حیائی کو جنم دیتی ہے	دودھ نہاؤ، پوتوں پھلو
ݙُدھی تھݨیں نھیں پوندی	دوہی ہوئی تھنوں میں واپس نہیں پڑا کرتی	کیا ہوا کام اَن کیا ہوا نہیں ہوسکتا	۱:۔ نکلے دانت پھر اندر نہیں آتے ۲:۔ کیا ہوا اَن کیا نہیں ہوسکتا (دانگ)
ݙَرے بلّی توں، ناں شیر خاں	بلّی سے ڈرے نام شیر خاں	اسم بامسمّٰی نہیں	ڈریں لومڑی سے نام شیر خاں
ݙِسّݨ دا بگلا، مچھیاں دا اڑکاؤ	دیکھنے کو بگلا، مچھلیوں کا ڈکار لینے والا	دیکھنے میں معصوم مگر اندر سے بدطینت	دیکھنے کو بلبل، نگلنے کو دو مڑیا پڑ
ݙِسّݨ دا چَن ہے، اَوڑیں بھجان ݙھن ہے	دیکھنے میں چاند ہے، ویسے باڑے توڑ ہے	روشن چہروں والے بھی منحوس ہوسکتے ہیں	دیکھنے میں ننھی، کھا جاوے دھنی
ݙِسّݨ دا چنگا، عملاں دا خراب	دیکھنے میں اچھا، عملوں سے خراب	ظاہری صورت سے اعمال کا اندازہ نہیں ہوتا	دیکھنے کے ایت ہیں بیسوا سے رہے بھیس ماتھے تلک لگائے ہیں مالا گلی میں دس
ݙِسّݨ دے من موچلے، گِتّن دے گیناؤ	دیکھنے میں بھولے بھالے، مال ہضم کرنے والے	ظاہراً معصوم باطناً چالاک	دیکھنے میں بکری، کھا جائے مکڑی
ݙکریاں آلے کھوہ تے مونہہ دھو آ	ڈکروں والے کنویں پر منہ دھو کر آؤ	جب کوئی شیخی بھگاڑے تو کہتے ہیں	گڑھے کے پانی میں منہ دھو کر آؤ
ݙُکھ آندا گھوڑی چڑھیا اتے ویندا کویلی ٹور ہے	دکھ آتا گھوڑی پر چڑھا ہوا ہے اور جاتا چیونٹی کی چال ہے	بیماری جلدی آتی ہے مگر آہستہ جاتی ہے	آئے ہاتھی کی چال، جائے چیونٹی کی چال ہے
ݙُکھ دی رات سال برابر	دکھ کی رات سال جتنی	دکھ کی گھڑیاں مشکل سے کٹتی ہیں	بیمار کی رات پہاڑ برابر
ݙُکھ ویلے، سُکھ دی قدر تھیندی ہے	دکھ کے وقت آرام کی قدر ہوتی ہے	تکلیف نہ آئے تو آرام کا احساس نہ ہو	دکھ میں سکھ کی قدر ہوتی ہے
ݙِکھاوݨی سَجّی، مارنی کھبّی / ݙِکھیندے سجّی، مریندے کھبّی	دکھانا دایاں، مارنا بایاں / دکھاتا دائیں ہے، مارتا بائیں ہے	دھوکا دینا، کہنا کچھ، کرنا کچھ اور	گندم نما جو فروش
ݙکھݨ آیا، تُھپھڑ گیا	پچھم کی ہوا چلی تو پھر غائب	ہر چیز کا مخصوص توڑ ہوتا ہے	
ݙکھݨ مینہ ناں وسدا، وَسّے تاں جالیں، کاؤ کاٹھ نہ بھجدا، بھجّے تاں جالیں	جنوب کی ہوا سے مینہ نہیں برستا، برسے تو جانتا، کاؤ کی لکڑی نہیں ٹوٹتی ٹوٹے تو جانتے	جنوب سے آنے والی ہوائیں نہیں برستی ہیں	
ݙکھی جا وَل وَل ݙکھدی ہے	دکھی جگہ کو باربار دکھ پہنچتا ہے	دکھی کو زیادہ دکھ ملتے ہیں	دکھتے چوٹ کنوڈے پھینٹ
ݙکھی کوں ݙکھ کُھن لہندے	دکھی کو دکھ بیٹھتا ہے	غریب اپنی جان پر غصہ کرتا ہے	قہر درویش برجانِ درویش

ڈُکھی گھڑی وی مانوݨ دی نھیں	دُکھ کا لمحہ بھی سمانے کا نہیں	دُکھ کا وقت مشکل سے کٹتا ہے	بیمار کی رات پہاڑ برابر
ڈَند تلے کنکرا ڈے	دانت کے نیچے سنگریزہ دے	ذرا تامل کر، ذرا صبر کر	ذرا دانت تلے زبان دے
ڈند دی تیلی نسی چھوڑی	دانت کی تیلی نہیں چھوڑی ہے	بالکل اُجاڑ دیا ہے	تنکا نہیں چھوڑا
ڈند گئے سواد گیا، اکھیں گیاں جہان گیا	دانت گئے مزا گیا، آنکھیں گئیں دُنیا گئی	زندگی کا مزا دانتوں اور بینائی سے ہے	
ڈَند مُنتوں ڈَیݨ	دانت کے بغیر ڈائن	مخصوص نشانی کے بغیر بُرائی کوئی تسلیم نہیں کرتا	
ڈَند نال ہَن تاں کھیر ڈِتُس، ڈند ڈِتِنس تاں اَن نال ڈِیسی	دانت نہ تھے تو دودھ دیا۔ دانت دیئے ہیں تو روٹی نہیں دے گا	صحت اور خوشحالی یکجا نہیں ہوا کرتے	
ڈَند ہَن تاں چݨے نال ہَن، چݨے ہِن تاں ڈند نھیں	دانت تھے تو چنے نہ تھے، چنے ہیں تو دانت نہیں	صحت اور خوش حالی بہت کم یکجا ہوتے ہیں	دانت تھے تو چنے نہ تھے، چنے ہوئے تو دانت نہ رہے
ڈندلی ڈِتیں کال نھیں ویندا	دانت خلال دینے سے قحط نہیں جاتا	چھوٹی خیرات سے بڑے عذاب نہیں ٹلا کرتے	
ڈنڈا پیر ہے وِگڑیاں تِگڑیاں دا	بگڑے ہوؤں کا ڈنڈا پیر ہے	لوگ طاقت سے ڈرتے ہیں	گر نبودے چوب تر، فرمان نبردے گاؤ خر (ف)
ڈَنڈی مار، اُڑَند تول، ناں سُݨ گاہک دے بول	ڈنڈی مار، زائد تول، گاہک کی بات سُن	تول میں کسی کی رُو رعایت نہ کرو	سچ بول، پورا تول
ڈو بیڑیاں دے وِچ لت	دو کشتیوں میں ٹانگ	فیصلہ کُن حیثیت اختیار نہ کرنے کی صورت/ ضرورت سے زیادہ نفع کی ہوس	دو کشتی میں پاؤں
ڈو پُڑاں وِچ سِر	دو پاٹوں میں سَر	ہر طرف سے مصیبت میں پھنسا ہوا آدمی	دو پاٹوں کے بیچ
ڈو پہلوان لڑدِن، ہِک ڈھیندے	دو پہلوان لڑتے ہیں، ایک گرتا ہے	مقابلے میں ایک کو شکست ہوا ہی کرتی ہے	دو کشتی لڑیں گے تو ایک گرے گا
ڈو پہراں کوں پرچھانواں دی چھوڑ ڈیندے	دو پہر کو سایہ بھی (ساتھ) چھوڑ جاتا ہے	بُرے وقت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا	
ڈو تلواراں ہِک میان وِچ نھیں آسگدیاں	دو تلواریں ایک میان میں نہیں آسکتی ہیں	دو ہمسروں کا یکجا رہنا مشکل ہے	دو تلواریں ایک میان میں نہیں رہتیں
ڈو تے ڈو، چار روٹیاں	دو اور دو، چار روٹیاں	مطلبی اپنی بات کرتا ہے	دو اور دو چار روٹیاں
ڈو جوئے دا ماناں، ڈاڑھی کھودی تے اکھوں کاناں	دو بیویوں کا خاوند، داڑھی صاف اور آنکھوں سے کانا	دو بیویوں والے خاوند کی زندگی اجیرن ہوتی ہے	دو جورو کا خصم، بجو سر کا پالنہ
ڈو دے جنے ڈو سنبھالن، ترِیجے ابر خدا نال گھتے	دو کی اولاد کو دو سنبھالیں، تیسرے کے بس خدا نہ ڈالے	سوتیلے ماں باپ سے خُدا بچائے	
ڈو ذالیں دا دُنرا، جیویں ڈو کُتیں وِچ سُور	دو بیویوں کا دُلہا، جیسے دو کتوں میں سُور	دو بیوؤں کے خاوند کی زندگی اجیرن ہوتی ہے	دو جورو کا خصم، جو سر کا پالنہ

ڈو رناں دے سئیں آں، تیڈے نال کیا بݨی؟	دو بیویوں کے مالک! تیرے ساتھ کیا ہوا؟	دو بیویوں کا خاوند ذلیل ہوتا ہے	کوئی کھینچے لانگ لنگوٹی، کوئی کھینچے موچھریاں، کوٹھے چڑھ کے دی دہائی، کوئی مت کریو دو جنیاں
ڈو شینہاں وچ بکری	دو شیروں میں بکری	طاقتور لوگوں میں ایک کمزور	
ڈو گیدڑاں شینہ کوں مار گھتیا ہئی	دو گیدڑوں نے شیر کو مار ڈالا تھا	دو کمزور ایک طاقتور پر بھاری ہوتے ہیں	دو چوہن کے بھی بُرے ہوتے ہیں
ڈو گھراں دا مہمان بکھا رہندے	دو گھروں کا مہمان بھوکا رہتا ہے	ایک کا ہو رہنا فائدہ مند ہے	دو کشتیوں کا سوار نقصان اٹھاتا ہے
ڈو گھراں/ چلھیں دا مہمان یا بکھ مرے یا رَج کھاوے	دو گھروں/ چولہوں کا مہمان یا بھوکوں مرے یا خوب کھائے	ایک کا ہو رہنے میں عافیت ہے	دو کشتی میں پاؤں نقصان دہ ہے
ڈو مُلوانیاں وچ ککڑ حرام	دو ملاؤں میں مرغی حرام	ایک کام کو دو کریں تو کام بگڑ جاتا ہے	ا:۔ دو ملاؤں میں مرغی حرام ۲:۔ دو قصائیوں میں گائے مُردار
ڈو دل پگی دے ترے ہتھ ٹرا	پگڑی کے دو بل، ٹرا تین ہاتھ	حیثیت سے بڑھ کر دکھاوا	
ڈو یار تے تریجھا خار	دو دوست اور تیسرا کانٹا	دو اپنوں میں تیسرے کی آمد کھٹکتی ہے	دو میں تیسرا، آنکھوں میں ٹھیکرا
ڈولی وچ آئی ہے جنازے وچ ویسی	ڈولی میں آئی ہے جنازے میں جائے گی	بیٹی سسرال میں بہو بن کر آتی ہے تو مر کر ہی میکے جاتی ہے	
ڈولی بوچ گھیو ٹنگ کے، شوم رُکھی کھاوے	ڈولی میں گھی لٹکا کر کنجوس روکھی کھاتا ہے	کنجوس اپنی ذات پر بھی خرچ نہیں کرتا	
ڈوم کوں ملیا نائی، ایں کڈھیا شیشہ اوں ڈھولکی وجائی	مراثی کو نائی ملا، اس نے شیشہ نکالا اس نے ڈھولکی بجائی	ہر شخص اپنے پیشے کی بڑائی بیان کرتا ہے	
ڈوم نال بیلی، کنگ نال ہتھیار	مراثی نوکر نہیں، کنگ ہتھیار نہیں	مراثی ملازمت نہیں کر سکتا	
ڈوماں دی شادی تے سبھے چجمان	ڈوموں کی شادی پر سارے سردار	نوکروں کے اجتماع میں کوئی خدمتگار نہیں ہوتا	نائی کی بارات میں سبھی ٹھاکر
ڈومالی گھر ویاہ، جیہنویں آکھن، اونویں گا	مراثی کے گھر میں بیاہ، جیسے کہیں ویسے گاؤ	جو شخص فن سمجھتا ہے وہ اپنی مرضی سے کام لیتا ہے	ڈوم کے گھر بیاہ، من آوے سو گا
ڈوماں گھر ویاہ، جیہنویں بھاوی تیویں گا	مراثیوں کے گھر شادی، جیسے چاہے ویسے گا	نالائق اچھے بُرے میں تمیز نہیں کر سکتا	ڈوم کے گھر بیاہ، من آوے سو گا
ڈُدہ کے کھاؤ، کوہ کے ناں کھاؤ	دوہ کر کھاؤ، ذبح کر کے نہ کھاؤ	تھوڑا تھوڑا مستقل مفاد، ایک دفعہ کے زیادہ مفاد سے بہتر ہے	
ڈہ کراڑ ہکو جٹ، چالیہہ مُلاں اَدھی رن	دس ہندو ایک دیہاتی، چالیس مُلا آدھی عورت (کے برابر)	تنہا عورت باتوں میں کئی مردوں پر اور ایک کسان کئی ہندوؤں پر بھاری ہے	
ڈہ ڈیسوں، ڈہ گھنسوں، ڈہ دا کئیں ڈیوݨ ہے	دس دیں گے دس لیں گے، دس کا بھی کوئی دینا ہے	دینا نہ لینا، محض زبانی جمع خرچ	دس دیں گے دس دلائیں گے، دس کا دینا بھی کیا ہے

ڈُوانی دی کھوتی تے بارہاں آنیاں دا ڈھنگا	دُونی کی گدھی اور بارہ آنے کا ساندا	چیز کی اصل لاگت سے زیادہ اس کی حفاظت پر خرچ آئے تو بولتے ہیں	سستا اونٹ مہنگا پٹا
ڈیکھ بگانی چوپڑی ناں ترسادیں جی، رُکھی سُکی کھاکے ٹھڈا پانی پی	دوسرے کی چپڑی (روٹی) دیکھ کر جی نہ ترسانا۔ روکھی سوکھی کھاکر ٹھنڈا پانی پی لو	حسد بُری شے ہے اس سے بچو، جو ملے اس پر قناعت کرنی چاہیئے	دیکھ بگانی چپڑی مت ترساؤ جی۔ روکھی سوکھی کھاکے ٹھنڈا پانی پی
ڈیکھ بھڑوے دی مت گئی، مَنجھ ویچ کے گھوڑی لئی، کھیر پیونوں گیا لِڈ ہٹاونی پئی	دیکھ بھڑوے کی عقل ماری گئی، بھینس بیچ کر گھوڑی لی، دودھ پینے سے گیا لید ہٹانی پڑی	گھر میں دودھیل جانور کا رکھنا معاشرتی زندگی میں قدر بڑھاتا ہے	
ڈیکھ پرائیاں ڈھیریاں دِھنا نوا کھیں پھیریاں	پرائی ڈھیریاں دیکھ کر چالاک عورت نے آنکھیں پھیرلیں (دوسروں سے)	لالچی عورت کے لئے بولتے ہیں	
ڈیکھ چلکی تے من گھلکی	چمک دیکھی اور من مائل ہوا	لوگ ظاہری آن بان پر مرتے ہیں / دولت سے لالچ آتی ہے	جہاں دیکھے توا پرات، وہاں گائے ساری رات
ڈیکھ ڈیکھ جیندے ہن	دیکھ دیکھ جیتے ہیں	۱: سچی محبت کرنے والا محبوب کو دیکھنے سے ہی زندہ رہتا ہے ۲: جو شخص کچھ نہ کھانے کی عادت بتائے اس کے بارے میں طنزاً کہا جاتا ہے	دیکھ دیکھ جیتے ہیں
ڈیکھ رناں دے چالے، سِر مُنّے مُونہہ مُنکالے، ڈیکھ یاراں دی پھیری، ماں تیری کہ میری	دیکھ عورتوں کی چالاکی، سَر منڈا یا منہ کالا کیا، دیکھ یاروں کے چکر، ماں تیری کہ میری۔ (ایک کہانی کی طرف اشارہ ہے کہ ایک چالاک عورت نے اپنے خاوند سے کہا کہ وہ اپنی ماں کا سَر منڈا کر منہ کالا کرکے لائے۔ اس ٹونے سے اس کی تکلیف رفع ہوگی۔ جب خاوند ایسا کرکے لایا تو عورت نے اس موقع پر پہلا جملہ کہا۔ مرد نے جواباً دوسرا جملہ کہا)	عورت کے فریب اور مرد کی عقل مندی کی طرف اشارہ ہے	دیکھ تریا کے چالے، سر منڈا منہ کالے، دیکھ مردوں کی پھیری، ماں تیری کہ میری
ڈیکھ، کھُری کوں گھوں لگا پیئے	دیکھ، ایڑی کو گوہ لگا ہوا ہے	جہاں نظر بد کا اندیشہ ہو وہاں بولتے ہیں	دیکھو ایڑی کو گوہ لگا ہوا ہے
ڈیکھݨ تے سُݨݨ وچ فرق ہے	دیکھنے اور سننے میں فرق ہے	سُنی سُنائی بات پر اعتبار نہ کرو	دیکھنے اور سننے میں بڑا فرق ہے
ڈیکھݨ دی مکڑی، کھاوݨ کوں بکری	دیکھنے میں مکڑی، کھانے کو بکری	کمزور بیٹوں کے بارے میں کہا جاتا ہے	دیکھنے میں مکڑی، کھانے میں بکری
ڈیکھو شیر دی اکھ، ڈیو سونے دا نوالہ	دیکھو شیر کی آنکھ، دو سونے کا نوالہ	اولاد کو اچھی خوراک ضرور دو لیکن رعب قائم رکھو	دیکھئے قصائی کی نظر اور کھلائیے سونے کا نوالہ
ڈینہہ بھلے تاں متر دی بھلے	دن اچھے تو دوست بھی اچھے	خوش بختی ہو تو دوست بھی اچھے ملتے ہیں	دن اچھے آتے ہیں تو کنکر بھی جواہر ہو جاتے ہیں

ڈینہہ تتا، جن متا	دن گرم (دہوا) جن جوش میں آیا	محنت کش کی جیتی کام کرنے سے بڑھتی ہے۔	
ڈینہہ دی دُھپ تے رات دی بکھ جنج دا گاہݨاں ہے	دن کی دھوپ اور رات کی بھوک، بارات کا زیور ہے	بارات میں جانے والوں کو تکلیف ہوا ہی کرتی ہے	
ڈینہہ دے تارے نظر آوسن	دن کے تارے نظر آ جائیں گے	ہوش ٹھکانے کر دوں گا (دھمکی)	دن میں تارے نظر آنے لگیں گے
ڈینہہ کوں اللہ ہو، رات کوں جنڑے دُھو	دن کو اللہ ہو، رات کو تالے توڑے	ظاہر میں عبادت گزار، باطن میں شیطان	حُجرا بھی اور مُجرا بھی
ڈینہہ لتھا تے گِدڑ متا	دن ڈوبا اور گیدڑ رجار جوش میں آیا	بے وقت کام کیا	
ڈینہہ لتھا تے گھڑا اٹھ متا	دن ڈوبا اور گدھا رجا	بے وقت کام کرنے والے کی نسبت بولتے ہیں	
ڈیہیں کتاں، راتیں کتاں، ادناں تھیے جوا تے گھتاں	دن کو کاتوں، رات کو کاتوں، اُتنا نہ ملے جو اوپر ڈالوں	محنت بہت، آمدنی کم	راتوں کاتا کاتنا، سر پر نہیں تا تنا
ڈیہیں سیڈن کا کاتے راتیں پوڑن بھا کا	دن کو بڑا بھائی کہیں اور رات کو دھا کر کریں	ظاہر میں اچھے باطن میں بُرے	دن کو بھائی، رات کو سنگائی
ڈیوے دی چھت تلے اندھارا	دیئے کے پیندے کے نیچے اندھیرا	دوسروں کو دینے والے خود محروم رہتے ہیں	چراغ تلے اندھیرا
ڈیوے نال ڈیوا بلدے	دیئے سے دیا جلتا ہے	ایک کی نیکی سے دوسرے کو ترغیب ملتی ہے	چراغ سے چراغ جلتا ہے
ڈیے دا گھن ہے	دینے کا لینا ہے	جیسا کرو گے ویسا بھرو گے	اِس ہاتھ دو۔ اُس ہاتھ لو
ڈیے کے ناں منگ، متاں پوندی ہووی جنگ	دے کر نہ مانگو، کہیں جنگ نہ ہو جائے	اُدھار محبت کی قینچی ہے	اُدھار دیجئے، دشمن کیجئے
ڈیے ناں جائے ڈُھڈی تے شریکاں کنوں رُتھی	بیچاری دینا نہ جانے اور برادری والوں سے روٹھی	گھٹیا لوگ دینے سے بچنے کے لئے رشتوں ناتوں کی پرواہ نہیں کرتے	
ڈیے ناں گھن، اجایا جھنجھٹ یا جن	دین ناں لین، فضول جھنجھٹ جن	فضول آدمی ناک کا بال ہوا	
ڈیے ناں گھن نری سلام علیکی	لینا نہ دینا خالی دعا سلام	لین دین بغیر صاحب سلامت اور جھوٹی محبت	بھوجن نہ بھات، نیہرو کا ساد
ڈیساں ہک وصل، جیساں ساری فصل	دوں گا ایک پیاز، اٹھاؤں گا ساری فصل	ایک کے بدلے دس لینے کے موقعہ پر بولتے ہیں	
ڈیموواں دی کھکھٹ کوں ہتھ ناں لا	بھڑوں کے چھتے کو ہاتھ نہ لگاؤ	فسادی شخص سے دُور رہنے میں عافیت ہے	بھڑوں کے چھتے کو مت چھیڑو
ڈیندا بھلے ناں گھندا	دیتا بھولے نہ لیتا	صاف اور واضح حساب پر بولتے ہیں	دیتا بھولے نہ لیتا
ڈیندے دا گھوڑا، کھاندے دا بھوا	دینے والے کا گھوڑا، کھانے والے کا لقمہ	جب کسی غریب کے تحفے کو امیر اہمیت نہ دے تو بولتے ہیں	
ڈیندے دا ہتھ ناں تھکے	دینے والے کا ہاتھ نہ تھکے	سخی کے لئے دُعائیہ کلمات	

ڈیندے گھندے گھاٹا ہے	دیتے لیتے گھاٹا ہے	لین دین میں نفع کی اُمید نہ ہو تو مداخلت نہ کرتے ہوئے بولتے ہیں	
ڈیݨ دا گھر، بالیں دے مدان وِچ	ڈائن کا گھر، بچوں کے میدان میں	جہاں ضدّین جمع ہوں وہاں بولتے ہیں	جہاں بالوں کا بیٹھنا وہاں بھوتوں کا باس
ڈیݨ دا گھر وی اُتھائیں، بالاں دی کھیڈ وی اُتھائیں	ڈائن کا گھر بھی وہیں، بچوں کی کھیل کود کی جگہ بھی وہیں	دشمنوں کے قریب بوجہ مجبوری رہنے کے موقعہ پر بولتے ہیں	جہاں بالوں کا بیٹھنا وہاں بھوتوں کا باس
ڈیݨ ڈِکھالی ݙے گئی ہے ؟	(تمہیں) ڈائن نظر آگئی ہے؟	انتہائی عجلت سے کام کرنے والے سے طنزاً کہا جاتا ہے	
ڈیݨ مرگئی، ݙند سٹ گئی	ڈائن مرگئی، دانت پھینک گئی	کسی مصیبت کے خاتمے کے بعد بھی اس کا اثر باقی رہتا ہے	ساس مرگئی اپنی ارواح تونبے میں چھوڑ گئی
ڈیݨ دا نگوں ہاں کڈھی ویندیں	ڈائن کی طرح کلیجہ نکالے جاتے ہو	بہت ہی ظالم ہو	
ڈیݨ وی سَت گھر چھوڑ ݙیندی ہے	ڈائن بھی سات گھر چھوڑ دیتی ہے	ظالم کو بھی پڑوسیوں کا لحاظ ہوتا ہے	ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کے کھاتی ہے
ݙیوا بتی بلے، بھلے مانس گھر بھلے	دیا بتی جلے، بھلے مانس گھر (میں) بھلے	زن مرید کی نسبت بولتے ہیں	دیا باتی بلے، بھلے مانس گھر بھلے
ݙیوݨ آلے دیاں سَتو گالھیں سُݨیاں ویندن	دینے والے کی ستو باتیں سُنی جاتی ہیں	جہاں فائدہ ملے وہاں تکلیف برداشت کی جاسکتی ہے	دودھیل کی دولاتیں بھی سہی جاتی ہیں
ݙیوݨ ݙیونداں جائے چار قوم، ملّاں بھٹ، برہمن، ڈوم	چار قبیلے دینے والے دن پیدا نہیں ہوئے ملّاں، بھاٹ، برہمن، ڈوم	جو لینا جانتا ہے وہ دینا نہیں جانتا	
ݙیوناں لیکا، تھیوناں پار	دینی رقم، ہونا پار	رقم دینے سے کام نکلتے ہیں	دام بنائے کام
ݙیوناں بُرا ہوندے	قرض بُرا ہوتا ہے	قابلِ ادا قرضہ کی رقم دُکھاتی رہتی ہے	
ݙیونیں پیسے، ٹھیناں پار	پیسے دینے، پار اُترنا	رقم سے ہر کام نکلتا ہے	دام بنائے کام
ݙیوے تاں کلروں، گھنے تاں کھلروں	دے تو کوٹھے میں سے، لے تو کھال میں سے (کھینچ لے)	خدا لینے پر آئے تو دیر نہیں کرتا	خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے
ݙیہدے کوں شرم آوے یا ہنگدے کوں	دیکھتے کو شرم آئے یا ہگتے کو	باہمی زندگی میں شرم و حیا ضروری ہے	دیکھتے کو شرم آئے یا ہگتے کو
ݙیو سونے دا نوالہ، ݙیکھو شیر دی اکھ	دو سونے کا نوالہ، دیکھو شیر کی آنکھ	بچوں کو خوراک اچھی دو، لیکن بے خوف نہ ہونے دو	دیکھتے قصائی کی نظر اور کھلایئے سونے کا نوالا
ذات پئی کھوہ وِچ، روٹی پئی مونہہ وِچ	ذات گئی چاہ میں، روٹی پڑی مُنہ میں	لوگ دولت کے لئے ذلت سے بھی گریز نہیں کرتے	ذات پڑی کھوہ/کوہ میں، روٹی پڑی منہ میں
ذات خدا دی بے عیب ہے	خدا کی ذات نقص سے پاک ہے	خدا تمام نقائص سے پاک ہے	ذات بے عیب خدا کی

ذات دی بھدّی آنٹاں ٹوس تے	ذات کی بدّی، گھونسلا چوٹی پر	ادنیٰ اعلیٰ بننے کا مظاہرہ کرے تو بولتے ہیں	
ذات دی گُٹاٹی تے تکّے منجھ کوں	ذات کے لحاظ سے نیچ اور تکے بھینس کو	کم اصل ہو کر بڑائی کا اظہار	
ذات دی کراڑی مُونہہ کعبے دو	ذات کی ہندوانی، منہ کعبے کی جانب	ادنیٰ ہو کر اعلےٰ بنتی ہے	
ذات دی کِرڑی، گپ وِچ سِر ڑی	ذات کی چھپکلی، کیچڑ میں سر	کم ذات کا ویسا ہی انجام ہوتا ہے	
ذات دی کِرلی/کِرڑی شتیراں کوں بَھجّے/ چِنبے/چِنبڑے	ذات کی چھپکلی، شہتیروں سے بغل گیر/ چاٹے	کم حیثیت لوگ بڑائی کا اظہار کریں تو بولا جاتا ہے	چھوٹا منہ بڑی بات
ذات دی کُمّیں، خواجہ خضر دی پوتری	ذات کی کھمبی، خواجہ خضر کی پوتی	کم حیثیت لوگ بڑے لوگوں سے اپنا رشتہ جتاتے ہیں	تھوتھا چنا، باجے گھنا
ذات دی کنیری تے ناں غلام فاطمہ، رَگ آلے ماجیاں دی ہِلایت	ذات کی کنیری ہے اور نام غلام فاطمہ، صحرائی زمینوں کے مالکان سے دوستی	کم ظرف اپنے دوستوں سے پہچانا جاتا ہے	
ذات دے چیپے چھٹّے، کھاوݨ کوں اَبجوا بَجّ، لڑݨ ڈیلے کٹھّے	ذات کے چیپے چھٹے، کھانے پینے میں الگ الگ لڑائی کے وقت اکٹھے	دونوں اپنی برادری پر جان دیتے ہیں	کائستھ اور کشمیری میں بڑا اتفاق ہے
ذات دے لٹھے، اگّے پچھے انجوا نج کھاوݨ ڈیلے کٹھے	ذات کے جنگلی کبوتر، اگے پیچھے الگ الگ کھاتے وقت اکٹھے	لوگ مطلب کے وقت باہمی اختلافات فراموش کر دیتے ہیں	
ذال آئی تاں اَدھی گئی، بال آئے تاں ساری گئی	بیوی آئی تو آدھی گئی، بچے آئے تو ساری گئی	بیوی خاوند کے نصف وسائل ہضم کر جاتی ہے اور بچے سارے	
ذال پئے راضی تے کیا کریسی مُلّاں قاضی	میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا مُلّا قاضی	آپس میں اتفاق ہو تو غیر کچھ نہیں کر سکتا	میاں بیوی راضی، کیا کرے گا قاضی
ذال پیر دی جُتّی ہے	عورت پاؤں کی جوتی ہے	عورت بے حیثیت ہے	مرد کا کیا ہے ایک جوتی پہنی اور اتار دی
ذال تے بال ڈُوہیں رو برو چنگے، اوڈھر تھیون تاں دشمن بݨدے، ناں علاج ناں ٹُوݨاں مَندے	بیوی اور اولاد دونوں سامنے بھلے ادھر ہوں تو دشمن بنتے ہیں نہ علاج نہ ٹونا مانتے ہیں	اولاد اور بیوی دونوں کو زیر نظر رکھنا چاہیے	
ذال دا مرید تے دُوجہ خراب	زن مرید اور قالین خراب	جو خاوند زن مرید ہو اس کے گھر کی حالت بُری رہتی ہے	
ذال دے مُرید دا مُونہہ دی شرمندے	بیوی کے غلام کا منہ بھی شرم کرتا ہے	زن مرید ذلیل ہوتا ہے	تریامت جو نر آوے، وہ اک دن لاج گنوائے
ذال گئی سیاپے، ول آوے تاں جاپے	بیوی جھگڑے میں گئی، واپس آئے تو مانیں	جھگڑے کے بعد میکے جانے والی بیوی بمشکل ہی واپس آتی ہے	
ذال، مال، بال تے مُچھ دا وال جتھاں ہِلاؤ اُتھائیں ہِلسی	بیوی، ڈھور ڈنگر، بچہ اور مونچھوں کا بال جہاں عادی بناؤ وہیں عادی ہو گا	نو آموز کی تربیت بآسانی کی جا سکتی ہے	

ذال مُنوں کیہیں مُجھگے ؟	بیوی کے بغیر کیسے کُنبے ؟	بیوی کے بغیر گھر ویران ہوتا ہے	تریا بن نر ہے ایسا، راہ بٹاؤ ہوئے جیسا
ذال نہ بال، خواہ مخواہ دی حال حال	بیوی نہ بیٹا، خواہ مخواہ کا شور	بے تعلق سے ہمدردی جتانا	پوت نہ بھتار، پچھتر ہی ٹائیں ٹائیں
ذائیں دے کھٹے کھوہ پانی ڈیونڑ ہاتاں مرداں دی گالھ کون پُچھے ہا	عورتوں کے کھُدے ہوئے کنویں پانی دیتے تو مردوں کی بات کون پوچھتا	عورت سخت کام نہیں کرسکتی	
ذرا کئیں اَلایا، سگھرا باہر آیا	ذرا کوئی بولا (سب کچھ) صاف باہر آیا	گفتگو سے انسان کا پتہ چلتا ہے	پہلے تولو، پھر منہ سے بولو
ذری ذری چھگے، چوڑ کریندی مُجھگے	تھوڑا تھوڑا چھگے، گھر برباد کرے	تھوڑی تھوڑی فضول خرچی سے بھی گھر اُجڑ جاتے ہیں	بوند بوند گیا حوض میں نہیں آتا

رات اُنہاں دی، تاتا اُنہاں دی	رات اُنہی کی، جلدی اُنہیں ہی	جس کے لئے سب کچھ ہو رہا ہو وہی جلدی کرے	
رات دی گِنی کم نہیں آندی	رات کی سوچ کام نہیں آتی	رات کو باندھے جانے والے ارادے ناپختہ ہوتے ہیں	نیتِ شب حرام
رات دی نیتی کم نہیں آندی	رات کو کی گئی نیت کام نہیں آتی	زندگی کے پروگرام رات کو نہیں بنائے جاتے	رات کی نیت حرام
رات رَجّے دی دی لنگھ ویندی ہے تے بُکھے دی دی	رات پیٹ بھرے کی بھی گزر جاتی ہے اور بھوکے کی بھی	بُرے بھلے حال سبھی زندگی گزار لیتے ہیں	کسی نے پیا دودھ، کسی نے پیا پانی، دونوں نے ہے رین گنوائی
رات کوں بُہاری ڈیوَں تاں غریبی آندی ہے	رات کو جھاڑو دو تو غربت آتی ہے	رات کو جھاڑو نہیں دینی چاہیئے	رات کو جھاڑو دینا منحوس ہے
رات کوں بُہاری ناں ڈیو نحوست آندی ہے	رات کو جھاڑو نہ دو، نحوست آتی ہے	رات کو جھاڑو نہیں دینی چاہیئے	رات کو جھاڑو دینا منحوس ہے
رات کھادا، فجر داوالی اَللہ	رات کو کھایا، صبح کا اللہ مالک	انسان کو قناعت پسند ہونا چاہیئے	
رات گئی نے چھوت پئی	رات گزری اور بدشگونی ہوئی	گمشدہ شے پر رات پڑ جائے تو نہیں ملا کرتی	
راجا کیندا یار، جوگی کیندے میت	راجہ کس کا دوست، جوگی کس کے ساتھی	بادشاہ اور جوگی کسی کے دوست نہیں ہوتے	راجا جوگی کس کے میت
راجیاں دا گھر تے موتیاں دا کال	راجوں کا گھر اور موتیوں کا کال	دولت مندوں کے ہاں کسی چیز کی کمی نہیں	راجا کے گھر، موتیوں کا کال
رام جوڑے کوڈی کوڈی، بھگوان لوڑھے گُپّا	رام کوڑی کوڑی اکٹھی کرے، بھگوان سارا کُپّا گرادے	معمولی معمولی بچت اکٹھی ہو کر بعض اوقات برباد ہو جاتی ہے	رام جوڑے پلی پلی، بھگوان لُنڈھائے کُپّا
رام رام کیتی رکھ، مال پرایا بیتی رکھ	رام رام کئے جاؤ، پرایا مال کھائے جاؤ	ریاکار زاہد کے لئے بولتے ہیں	رام رام جپنا، مال پرایا اپنا
رانجھا سب دا سانجھا	رانجھا سب کے لئے یکساں	پیارے سب کو پیارے لگتے ہیں	
رانی کوں رانا ٹِلیں پیارا، کانی کوں کانا ٹِلیں پیارا	رانی کو رانا پیارا، کانی کو کانا پیارا	ہر شخص اپنی مرغوب شے کو عزیز رکھتا ہے	رانی کو رانا پیارا، کانی کو کانا پیارا
راوی راٹھاں، چناں لاڈلاں سندھ سنافقاں	راوی سرداروں کا، چناب لاڈلوں کا، سندھ منافقوں کا (علاقہ ہے)	سب دریاؤں کے علاقوں میں آباد انسانوں کی انفرادی خوبیاں ہیں	
راوے پکیاں جالیں، سٹ پرانیاں سالیں	بیابان میں پکے مکان (رہیں) پرانے چھپر گرادو	پختہ مکان میں رہائش اچھی ہوا کرتی ہے	

رادے پکیاں جالیں، سٹ پُرانیاں سالھیں	بیٹ میں جال کے درخت پکے ہیں پُرانے چھپر گرا دو (پیلو سے لدا جال کا درخت بہت حسین ہوتا ہے)	۱: پیلو سے لدے ہوئے درخت کے مقابلے میں پرانے چھپر کی حیثیت کچھ نہیں ہے ۲: پیلو کا پھل اتنی قدر و قیمت نہیں رکھتا اس لئے اس کی امید پر پرانے چھپر گرانا غلطی ہے (امید موہوم پر اپنا بڑا نقصان نہ کرو)	
راہ پئے پتہ لگدے یا نال رہے پتہ لگدے	راستہ چلے پتہ چلتا ہے یا ساتھ رہے پتہ لگتا ہے	راستے کی حقیقت سفر کرنے سے کھلتی اور انسان کی ہمسائیگی سے	راہ چلے جانئے یا پاس بسے جانئے
راہ پئے پتہ لگدے یا واہ پئے پتہ لگدے	راستہ چلنے سے اندازہ ہوتا ہے یا واسطہ پڑنے سے اندازہ ہوتا ہے	کسی سے پالا پڑے تو اس کی حقیقت کھلتی ہے	راہ پڑے جانئے یا باہ پڑے جانئے
راہ ویندی بلا، ویہڑے تھیندی آ	راستے سے گزرتی بلا، آنگن سے ہوتی آ	کوئی جان بوجھ کر مصیبت گلے لگاتے تو بولتے ہیں	آ بیل مجھے مار / بھکوس
رب دا ڈتا کم آندے	خدا کا دیا کام آتا ہے	انسانی عطا ساتھ نہیں دیتی	خدا کا دیا کام آتا ہے
رب دی رب جانڑے	خدا کی خدا جانتا ہے	خدا کی حکمت خدا ہی کو معلوم ہے	خدا کی باتیں خدا ہی جانے
رب دی بنی توڑ چڑھدی ہے	رب کی لکھی پوری ہوتی ہے	تقدیر کا لکھا ضرور ہوتا ہے	وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے
رب دی گِنڑیں سچ ہے	خدا کی گنی ہوئی حقیقت ہے	تقدیر کا لکھا ہی اصل ہوتا ہے	مرضئ مولیٰ از ہمہ اولیٰ (ف)
رب دی گِنڑیں کم آندی ہے	رب کی گنی ہوئی کام آتی ہے	تقدیر کا لکھا ہو کر رہتا ہے	وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے
رب دی لکھی پوری تھیندی ہے	خدا کا لکھا پورا ہوتا ہے	تقدیر نہیں ٹلتی	لکھا ہوا نہیں مٹتا
رب دے کول دیر ہے اندھیر نہیں	خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں	خدا کے ہاں انصاف ملتا ہے	خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں
رب دے ناں تے گنگھنیاں، پیراں دے ناں دے منڈھے	خدا کے نام پر گنگھنیاں، پیروں کے نام کے بھنیے	لوگ خدا کے نام پر گھٹیا چیز خیرات کرتے ہیں	کانی گائے باہمن کو دان
رب دے ناں دی ٹکی، ادھی سڑی ادھی سکی	اللہ کے نام کی روٹی، آدھی جلی ہوئی آدھی سوکھی	لوگ گھٹیا شے خیرات میں دیتے ہیں	کانی گائے باہمن کو دان
رب ڈیندا ناں تھکے	خدا دیتا نہ تھکے	خدا مہربان رہے	خدا کا دیا نور، کبھی نہ ہووے دُور
رب ڈیوے تاں چھپر پاڑ کے ڈیوے	خدا دے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے	خدا بے انتہا دیتا ہے	خدا چھپر پھاڑ کر دیتا ہے
رب راضی تاں سب راضی	خدا راضی تو سب راضی	خدا مہربان ہو تو دنیا مہربان ہو جاتی ہے	۱۔ اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے ۲۔ خدا مہربان تو کل مہربان
رب لکھ کوں ککھ کرے، ککھ کوں لکھ کرے	خدا لاکھ کو صفر کرے، صفر کو لاکھ کرے	خدا دولت دینے اور لینے پر قادر ہے	
زیڑ رہاونڑ، مغز کھپاونڑ	سخت زمین پر کاشت کرنا، مغز کھپانا ہے	سخت زمین کاشت کرنا بیکار ہے	
رت کوں اسیس تھیندی ہے	خون کو محبت ہوتی ہے	اپنائیت قرب پیدا کرتی ہے	خون بولتا ہے / جوش مارتا ہے

رت کوں رُتّی لگدی ہوندی ہے	خون کو رُتّی لگا کرتی ہے	اپنے کشش رکھتے ہیں	اپنا اپنا، غیر غیر
رت دہا، بھت کھا	خون بہا، بھات کھا	نیکی کرو، صلہ پاؤ	خدمت سے عظمت ہے
رتوں دا مُل ناں گھتو	خون والے جانور کی قیمت نہ ڈالو	جس جانور کی قیمت لگ جائے اسے بیچ دینا چاہیئے	
رتوں پھٹ گِن	خون بگڑ گئے ہیں	آجکل خونی رشتے میں محبت نہیں رہی	خون سفید ہوگیا ہے
رتوں چٹیاں تھی گِن	خون سفید ہو گئے ہیں	لوگ بے حس ہو گئے ہیں اور اپنا پن جاتی رہی ہے	خون سفید ہو گئے ہیں
رتی رت وچوں فائدہ ہے، رتی سونے وچوں فائدہ کوئنی	رتی بھر خون سے فائدہ ہے، رتی بھر سونے سے فائدہ نہیں ہے	مال کے مقابلے میں صحت زیادہ اہم ہے	
رُٹھی نال الادے تاں مُٹھ بجے کھاوے	روٹھی ہوئی سے بولے تو لعنت ملامت اُٹھائے	ناراض انسان ہر ایک سے جھگڑتا ہے	
رُٹھے دا اجاڑنگا، گُڑ کنوں وی مٹھا	روٹھے ہوئے کا حصہ، گُڑ سے بھی میٹھا	لوگ پرایا مال جلدی ہڑپ کر جاتے ہیں	مفت کا سرکہ، شیر سے میٹھا
رُٹھے رٹھے کوں کیں منایا، چپ کر وی آپے آیا	روٹھے ہوئے کو کس نے منایا، خاموش رہو، میں خود آیا	بے شرم آدمی کے لئے بولتے ہیں	
رُٹھے کوں کیں منایا، بکھ لگی تاں آپے آیا	روٹھے کو کس نے منایا، بھوک لگی تو خود آیا	بے شرم آدمی سے کہتے ہیں	
رُٹھے منیجوں، وَل جھیڑا ناں لیسوں	روٹھے ہوئے مان جائیں پھر جھگڑا نہیں کریں گے	جھگڑا کرنا آسان ہے۔ دوبارہ جڑنا مشکل ہے	
رُٹھے نہ منیجن، پاڑے ناں سیوجن، ملک کیویں وسے	روٹھے ہوئے نہ مانیں، پھٹے ہوئے نہ سلیں ملک کیسے آباد رہے	تعلقات میں مستقل بگاڑ اچھا نہیں ہوتا	روٹھے کو منائے، پھٹے کو سلائے
رنج رنج کھاندوں پکے، رب ڈیندا ناں تھکے	تمام رنج رنج کر کھاتے ہیں، خدا دیتا نہ تھکے	خدا کی عنایت سے سب کچھ ملتا ہے	خدا کا دیا نور، کبھی نہ ہووے دور
رنج کمینہ ہے، بکھ اشراف ہے	پیٹ بھرا کمینہ ہے، بھوک شریف ہے	دولت مندی برائی پیدا کر دیتی ہے	
رجّ کوں ننگ ہے	پیٹ بھرے کو سلیقہ ہے	امارت سلیقہ سکھا دیتی ہے	
رجّ کھادے دی مار ہے	پیٹ بھرے کی مار ہے	خوشحالی انسان کو بگاڑ دیتی ہے	پیٹ بھرے کے کھوٹے چالے
رنج کھادے دی مستی ہے	پیٹ بھرے کی مستی ہے	خوشحال اکڑ باز ہو تو بولتے ہیں	پیٹ بھرے کے کھوٹے چالے
رجّا ملّاں بکھی مینھ جتی کھاندے	پیٹ بھرا مُلّا، بھوکی بھینس جتنا کھاتا ہے	مُلّا پیٹو ہوتے ہیں	
رجّی دی مار کجی	پیٹ بھرے کی ماں چھپی رہتی ہے	دولت سے عیب چھپ جاتے ہیں	
رجّی منجھ، کما دیں اُجاڑا	پیٹ بھری بھینس، کماد کا اجاڑا	پیٹ بھرا کھاتا کم اور اجاڑتا زیادہ ہے	
رجّے امیر اتے بکھے شریف کنوں ڈریجے	پیٹ بھرے امیر اور بھوکے شریف سے ڈرا جائے	دونوں کا مزاج نازک ہو جاتا ہے	بھوکے بھلے مانس اور پیٹ بھرے رذیل سے ڈریئے
رجّے کم نہیں آندے، نائی، کتے، باز	نائی، کتا، باز سیر ہوں تو کام نہیں آتے	انہیں بھوکا رکھو تو زیادہ کام کرتے ہیں	
رڈھ کوں لوڑھا چِر دا ہے	کھیتی کو باڑ چر رہی ہے	محافظ خود چور ہو جائیں تو اللہ مالک ہے	کھیتا چوروں مل گئی تو پہرہ دیوے کون

بڈھا پوڑتے پکی روٹی، جہڑا چھوڑ ڈیوے اوندی قسمت کھوٹی	پکا ہوا سالن اور پکی ہوئی روٹی جو چھوڑ جائے اُس کی بدقسمتی	تیار کھانے پر مہمان کو نہیں جانا چاہیے	
رُس ویسی / ناراض تھیسی تاں ہک روٹی زیادہ کھاسی	رُوٹھے گا / ناراض ہوگا تو ایک روٹی زیادہ کھائے گا	روٹھنے میں انسان اپنا نقصان کرتا ہے	روٹھا رہے گا تو ایک روٹی زیادہ کھائے گا
رستم جیہیں بہادر وڈّے موت آئی تے ڈند اڈّے	رستم جیسے بڑے بہادر، موت آئی پر دانت نکال دیئے / دکھائے	موت کے سامنے سبھی بے بس ہیں	
رتہ ہووے مُنج دا، پاسا ہووے سُنج دا	رتہ ہو مونج کا، طرف ہو ویرانے کی	کسی کو سزا سے ڈراتے ہوئے کہتے ہیں	
رتہ ہتھیں جار کنوں تروٹدے	رتہ کمزور جگہ سے ٹوٹتا ہے	انسان اپنے عیبوں سے بدنام ہوتا ہے	
رسّی سڑ گئی، وٹ ناں گیا	رسی جل گئی، بل نہ گیا	جو تباہ ہو کر بھی متکبر رہے اس کے لئے بولتے ہیں	رسّی جل گئی، بل نہیں گیا
رضا رب دی	خدا کی مرضی	جب موت آتی ہے بڑے بڑے نہیں بچ سکتے	راجا بھیم کی قضا، رام کی رضا
رکاباں مُنج دیاں، خبراں سُنج دیاں	رکابیں مونج کی، خبریں ویرانوں کی	جو خود بڑے نہیں ان کی باتیں بڑوں والی کیسے ہو سکتی ہیں	
رکھ پت، رکھا پت	عزت کرو، عزت کراؤ	دوسروں کی عزت کرنا اپنی عزت بڑھانا ہے	رکھ پت، رکھا پت
ڈکھ کنوں ٹہنگڑیاں پیاریاں ہوندن	درخت کی نسبت شاخیں عزیز تر ہوتی ہیں	بیٹے سے پوتے زیادہ عزیز ہوتے ہیں	۱:۔ مول سے بیاج پیارا ہوتا ہے ۲:۔ ہڈی سے گودا لذیذ ہوتا ہے دش
رکھی تے کم آندی ہے	پڑی چیز کام آتی ہے	بچت مفید ہے	بچایا سو پایا
رکھی کر بلھائی، پیڑے گھنتے تروٹد	محافظ سمجھ کر بٹھایا، پیڑے توڑے	محافظ خود چور ہوں تو رکھوالی کیسے ہو	جب باڑ ہی کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے
رُکھی کھا، پھکا پی، چرتیں ورا جی	روکھا کھاؤ، پھیکا پیو، دیر تک جیتے رہو	روکھی سوکھی کھانا صحت کے لئے زیادہ مفید ہے	روکھا کھانا، دھرتی سونا، ناتھ سہیلا، پھکڑ ہونا
رکھی لبھدی نہیں، چوری کُٹ کے کھاسوں	روکھی ملتی نہیں ہے، چوری بنا کر کھائیں گے	انسان کو اپنے حالات کے مطابق سوچنا چاہیئے	
رُکھی ناں لہندی ہتے چوری کُٹ کُٹ کھاندی	روکھی ملتی نہیں اور چُوری کُوٹ کُوٹ کر کھاتی	کچھ نہ ہوتے ہوئے بڑائی کا اظہار کرنا	
رکھتے وی ڈھڈھ تے اُجاڑے وی ڈھڈھ	پیٹ رکھتا بھی ہے، پیٹ اجاڑتا بھی ہے	بھوک پر کنٹرول رکھنے سے آبرو برقرار رہتی ہے	پیٹ سب کچھ کراتا ہے
رُل گیاں دے کیہیں جنازے	گم ہو جانے والوں کے کیسے جنازے	مسافر کی موت بے بسی کی موت ہے	پتھر اپنی جگہ بھاری ہوتا ہے

رُل مویاں دے کیہیں جنازے	راہ بھٹک کر مرنے والوں کے کیسے جنازے	مُسافر بے بسی کی موت مرتا ہے	
رَن بیٹھی دِگڑی، جیویں بھِتی گِدڑی	عورت بگڑی بیٹھی ہے جیسے بدمزاج گیدڑی	عورت کا بگڑنا خطرناک ہے	
رَن جاں رو پڑی، ذو نقی کا کا بھو گڑی	عورت اگر بیمار ہے، بڑے بھائی بے فکری سے بھگتنے رہو	بیوی بیمار ہو تو گھر کا نظام بگڑ جاتا ہے	
رَن دا یار دی اُدہو تے پیکے پچاون آلا وی اُدہو	عورت کا آشنا بھی وہی اور میکے پہنچانے والا بھی وہی	جس کے سبب جھگڑا ہو وہی خیر خواہ بنا	
رَن دی مَت کھُری وِچ ہوندی ہے	عورت کی عقل ایڑی میں ہوتی ہے	عورتیں معاملہ فہم نہیں ہوتی ہیں	عورت کی مت گُدّی کے پیچھے
رَن کتّے تاں بھَنّے تے کتّے، بھَیں تاں لال کوں بھَن گھتّے	عورت کاتے تو ٹوٹے ہوئے (چرخے) پر کاتے، نہیں تو رنگین (چرخے) کو بھی توڑ ڈالے	سلیقہ شعار ٹوٹے پھوٹے چرخے سے بھی کات لیتی ہے	جو دھن ہو گی کاتی سو ایندھن سے سوت کتائے
رَن کوں بھیت ناں ڈِے	بیوی کو راز نہ دو	عورت سے کبھی راز کی بات نہ کرو	بانن در راز ہرگز مزن (ف)
رن گئی سیاپے، آوے تاں جاپے	عورت جھگڑے میں گھر گئی ہے، آئے تو پتہ چلے	جھگڑے کے بعد میکے جانے والی بیوی بمشکل آتی ہے	
رَن گئی سیاپے، آوے تاں جاپے	عورت مرگ والے گھر گئی ہے، آئے تو پتہ چلے	جہاں عورتیں اکٹھی ہوں وہاں باتوں میں وقت ضائع ہوتا ہے	
رَن گئی سیاپے، ڈُکھ رووے آپڑا آپڑے	عورت مرگ پر گئی، دُکھ اپنے ہی روتی جائے	دوسروں کے حوالے سے اپنے دُکھ رونے پر کہا جاتا ہے	دُکھیار کا ہو بہانہ بیٹا بنے دش،
رَن دِٹّی کیویں جاپے، گالھ گالھ تے کھِلّے آپے	بدسلیقہ عورت کیسے پہچانی جائے، بات بات پر خود ہی ہنسے	بلاوجہ نہیں ہنسنا چاہیئے	
رَن ویلھی، پچو سیلی	فارغ عورت۔ بُری چاٹ والی	عورت کو گھر میں فارغ نہ رہنا چاہیئے	
رَن ہووے بُکھی، سویلے دھونی دُکھی	عورت بھوکی ہو (تو) جلدی آگ جلائے	عورت کو خود بھوک لگی ہو تو کھانا جلدی پکاتی ہے	
رَناں دی ذات بے وفا ہے	عورت کی جنس بے وفا ہے	عورت سے وفا نہیں	عورت کی ذات بے وفا ہوتی ہے
رَناں گیاں مُکانڑ کوں، پِٹّن آپنیاں مویاں کوں	عورتیں تعزیت کو گئیں اپنے مرے ہوؤں کو روئیں	عورت ہمیشہ اپنا دُکھ رویا کرتی ہے	
رَناں نال مَتھا لاوے تاں کنّاں دی خیر مناوے	عورتوں سے بحث کرے تو کانوں کی خیر مناوے	عورتیں بہت بولتی ہیں	
رَناں وِچ بہووے، تاں رَنّوں اکھواوے	زنان میں بیٹھے تو زنانہ کہلوائے	مرد کا ہر وقت گھر میں رہنا معیوب ہے	
رَنڈر دا پُتر، سوداگر دا گھوڑا، کھاوَݨ دا ڈھیر، کماوَݨ دا تھوڑا	بیوہ کا بیٹا، سوداگر کا گھوڑا، کھانے کو بہت، کمانے کو تھوڑا	بیوہ کی اولاد بگڑ جاتی ہے	رانڈ کا سانڈ، سوداگر گھوڑا، کھائے بہت، چلے تھوڑا

رَنڈروں دا پُتر لکھیٹاں، کھاوے کنک تے ہنگے چنیاں	بیوہ عورت کا بیٹا بھاگ بھرا، گندم کھائے چلیا گئے	بیوہ کی بگڑی اولاد کے لئے بولتے ہیں	
رَنڈر رنڈیپا کڈھیندی ہے، مُسٹنڈے بھیں رہن ڈیندے	بیوہ بیوگی گزارتی ہے مطلبی بدمعاش نہیں رہنے دیتے	عورتوں کو مرد نیک نہیں رہنے دیتے	رانڈ رہے جو رنڈوے رہنے دیں
رَنڈر کوں آئی گرمائی، آپنی کرے کہ پرائی	رنڈوے کو رشتہ آیا، اپنی کرے کہ دوسرے کی	ضرورت مند اپنی ضرورت پہلے پوری کرتا ہے	رانڈ گیا سگائی کو، آپ کو لائے یا بھائی کو
رَنڈر رُتی گرمائی، آپنی کرے کہ پرائی	بیوہ نے رشتہ (کا پیغام) بھیجا (شادی) خود کرے کہ دوسرے کی	ضرورت مند اپنی ضرورت پہلے پوری کرتا ہے	رانڈ گیا سگائی کو، آپ کو لائے یا بھائی کو
رنگ بھورا اعملاں دا لورا	رنگ بھورا، عمل کے لحاظ سے پورا	ظاہری حُسن سے نیکو کار نہیں بنتے	
رنگ مُشکی، کھنگ نہ ہووے ناں خشکی	کمیت رنگ، کھانسی رہے نہ خشکی (ہو)	مزاحاً کہا جاتا ہے کمیت گھوڑا ہر آب وہوا برداشت کر سکتا ہے	رنگ مشکی، نہ کھانسی نہ خشکی
رنگ ناں ہووے تاں سنگ کیہاں	مزا (کیفیت) نہ ہو تو رشتہ کیسا	باہمی محبت رشتہ داری کی نوعیت متعین کرتی ہے	
رنگ وِچ بھنگ پے گئی	رنگ میں بھنگ پڑ گئی	کام بگڑ گیا	رنگ میں بھنگ ہو گئی
رَنگی دا ہر کوئی، نارنگی دا کوئی ناں	خوشی کا ہر کوئی، غم میں کوئی نہ	لوگ اچھے دنوں کے ساتھی ہوتے ہیں	
رِنھ پکا کھوا دے، اُوویں مُول ناں بھاوے	مُون پکا کھلائے، ویسے بالکل نہ بھائے	لوگ مطلب نکلنے تک ہی دوسرے کی تعریف کرتے ہیں	
رُنیں مُنتوں ما بال کوں کھیر نئیں ڈیندی	روئے بغیر ماں بچے کو دودھ نہیں دیتی	بغیر محنت کچھ حاصل نہیں ہوتا	روئے بغیر ماں بھی دودھ نہیں دیتی
رَنیں وِچ مرد تاں چیتا غرد	عورتوں میں مرد، تو حواس مختل	عورتوں کی مسلسل گفتگو سامع کو پریشان کر دیتی ہے	
رو، مونہہ دھو، سجناں کیہاں ڈوہ	رو، منہ دھو، دوستوں پر کیسا دوش	اپنے کئے پر دوسروں کو الزام نہ دو	
روپئے دی ذات وڈی ہے	روپیہ کی ذات بڑی ہے	روپے سے آدمی کی عزت ہے	روپیہ تو شیخ، نہیں تو جُلاہا
روپئے سیر مچھی دہانگی، پنج روپئے سیر ستی	ایک روپے سیر مچھلی مہنگی، پانچ روپے سیر سستی	غربت میں سستی چیز مہنگی معلوم ہوتی ہے جبکہ امارت میں مہنگی چیز سستی نظر آتی ہے	ٹکے تیتر مہنگا، پانچ روپے پر ستا
روپئے کوں روپیہ چھکیندے	روپے کو روپیہ کھینچتا ہے	دولت سے دولت بڑھتی ہے	۱۔ روپے کو روپیہ کماتا ہے ۲۔ زر کو زر ہی کھینچتا ہے
روٹی اُتھاں کھنوں تاں پانی اِتھاں پیوو	روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو	بہت جلدی واپس آؤ	روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو
روٹی پرائی ہے، ڈھڈ تاں آپناں ہے	روٹی غیر کی ہے، پیٹ تو اپنا ہے	پیٹو مہمان سے کہا جاتا ہے	کھانا پرایا ہے تو پیٹ تو اپنا ہے
روٹی پئی مونہہ وِچ، ذات پئی کھوہ وِچ	روٹی منہ میں پڑی۔ ذات کنوئیں میں گئی	پیٹ کی خاطر ذلت گوارا کرنا	ذات پڑی گوہ میں اور روٹی پڑی منہ میں

روٹی تروڑا، مُچھ مروڑا	روٹی توڑنے والا، مونچھیں مروڑنے والا	دھوکے باز، اکڑباز	بوٹی توڑا، موچھ مروڑا
روٹی تھندی ہووے ناں ہووے، چوٹی تھندی ضرور ہووے	روٹی چکنی ہو نہ ہو، سر کے بال ضرور چکنے ہوں	چپڑی روٹی کھانے کے مقابلے میں سر میں تیل ڈالنا زیادہ مفید ہے	
روٹی کوں پُھوتا، ٹکڑ کوں دُعا	روٹی کو بددُعا، ٹکڑے کو دُعا	سالم شے کو بُرا کہنا ضمنی شے قبول کرنا	کھاتا بھی جائے اور غُرّاتا بھی جائے
روٹی کوں چوچی آہدے؟	روٹی کو چوچی کہتا ہے؟	کیا بہت نادان ہے صحیح نام نہیں لے سکتا؟	روٹی کو توتی، پانی کو بلا، خصم کو دادا
روٹی کھادی شکّر نال، پیسے بچائے مکّر نال	روٹی شکر کے ساتھ کھائی، رقم مکر سے بچائی	دولت کی حرص اپنی آسائشات ختم کر دیتی ہے	روٹی کھائے شکر سے، دنیا ٹھگے مکر سے
روٹی کھاوو ساگ نال، کیا پرائے بھاگ نال	روٹی ساگ سے کھاؤ، پرائے مقدر سے کیا مطلب	انسان کو اپنے مال پر قناعت کرنی چاہیئے	کھانا پینا گانٹھ کا، نری سلام علیک
روٹی گُم، تبر دی گُم	روٹی گُم، صحنک گُم	کچھ بھی نہ ہونے کے موقعہ پر بولا جاتا ہے	
روٹی مُکّے تاں جَجمان دا قصور، بھاجی مُکّے تاں مزمان دا قصور	روٹی ختم ہو تو میزبان کا قصور، سالن ختم ہو تو مہمان کا قصور	مہمان اور میزبان دونوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیئے	
روٹی ناں کپڑا، لڑن کوں تکڑا	روٹی دے، نہ کپڑا، لڑنے کو تگڑا	نکما شوہر بیوی سے لڑتا رہتا ہے	
روٹیاں پکاوے ڈُو، چُلھے بھنّے ترّے	روٹیاں دو پکائے، چولہے تین توڑے	فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہے	
روح آن رَلیا تے قید دی مُک گئی	طبیعت آن ملی اور قید بھی ختم ہوگئی	تھوڑی دیر صحبت رہی	
روح رضا دے سودے	من: مرضی کی بات	جو چیز من کو بھائے اچھی لگتی ہے	
روح نہیں رہندا، وجود نہیں سہندا	طبیعت ٹھہرتی نہیں، جسم برداشت نہیں کرتا	کسی صورت سکون نہیں ہے	
روز دے مرن کنوں، ہک واری مرن چنگا	ہر روز کے مرنے سے ایک دن مرنا اچھا	متعدد چھوٹے غموں کی بجائے ایک بار بڑے غم کو برداشت کر لینا اچھا ہے	
روز دی کِل کِل گھڑیاں دا پانی سُکا ڈیندی ہے	ہر روز کا جھگڑا، گھڑوں کا پانی خشک کر دیتا ہے	نا اتفاقی تباہی لاتی ہے	
روزے خور، خدا دا چور	روزہ خور، خدا کا چور	روزہ نہ رکھنے والا گنہگار ہے	روزے خور، خدا کا چور
رَسّی سڑ گئی، وَل ناں گیا	بان کی رسی جل گئی بل نہ گیا	تباہ ہونے کے باوجود غرور باقی ہے	رَسّی جل گئی، بل نہیں گیا
روگی دا کھادا، قرضائیں دا پاتا، کہیں کم دا	بیمار کا کھایا، مقروض کا پہنا، کس کام کا	بیمار کھائے تو جان کو نہیں لگتا، مقروض پہنے تو شان نہیں بنتی	
روندا کیوں ہے؟ شکل اینویں ہے	روتے کیوں ہو؟ شکل ایسی ہے	رونی صورت بنائے رکھتا ہے	روتے کیوں ہو؟ کہا!! صورت ہی ایسی ہے
روندا کیوں ہیں؟ تھالی وِچ کجھ نھیں	روتا کیوں ہے؟ تھالی میں کچھ نہیں	بھوکا روتا ہے	
روندے گئے، پٹیندے آئے	روتے گئے پیٹتے آئے	جو کام بے دلی سے کیا جائے اُس کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے	۱. روتا جائے موئے کی خبر لائے ۲. چھینکتے گئے، چھینکتے آئے
روواں موئیاں کوں، سُناواں یاراں کوں	روؤں مرے ہوؤں کو، سناؤں آشناؤں کو	اشارے کنایے میں پیغام دینا	
رووݨ ڈُتّیں ماکھیر نھیں ڈیندی	روئے بغیر ماں دودھ نہیں دیتی	کوشش بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا	بے روئے لڑکا بھی دودھ نہیں پاتا
رووے یاراں کوں، گِھن گِھن ناں بھراواں دا	روئے آشناؤں کو لے کر نام بھائیوں کا	دوسروں کے حوالے سے اپنے دکھ بیان کرنا	

رودے یاراں کوں، ناں موئیاں دا	روتے آشناؤں کو نام مرے ہوؤں کا	دوسروں کے حوالے سے اپنے دُکھ بیان کرتا ہے	
روہاں دے پندھ ہن، رستے بند ہن	پہاڑوں کے سفر ہیں، راستے بند ہیں	مشکلات میں مزید مشکلات پیدا ہو گئیں	
رَہا حلال تے بوٹیاں مُردار	شوربہ حلال اور بوٹیاں حرام	اصل چیز ناپسندیدہ قرار دے کر اس کی ضمنی شے قبول کرنا	
رَہا دے کُتی تے چادے کُتی	کوئی بوئے، کوئی اٹھائے	ضروری نہیں محنت کرنے والے کو اس کا صلہ ملے	
رَہن آلے کُلیاں دے، خواب شیش محلاں دے	رہنے والے جھونپڑوں کے، خواب شیشی محلوں کے	چھوٹے لوگوں کی سوچ، بڑے لوگوں جیسی ہو تو بولتے ہیں	رہنا فرش پر، سوچ عرش پہ
رہنڑاں دریا وِچ اَتے وَیر مگرمچھ نال	رہنا دریا میں اور دشمنی مگرمچھ سے	ہمسایوں سے اچھے تعلقات رکھنے چاہئیں	دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر
ریت دی مٹھ چھک کے گھُٹو	ریت کی مٹھی زور سے دباؤ	علم کو کوشش کر کے حاصل کیا جاتا ہے اور دہراتے رہنے سے یاد رہتا ہے	
ریت دے کوٹھے نہیں اُسردے	ریت کے کمرے رمکان تعمیر نہیں ہوتے	ناممکن، ممکن نہیں ہوتی	ہیجڑے کے گھر بیٹا پیدا نہیں ہوتا
ریت ویائی، ٹھِکّی جائی، پیدا تھیا بھوئیں پھوڑ	ریت بیائی، ٹیلہ جنا، بھوئیں پھوڑ پیدا ہوا	ناکارہ لوگوں سے ناکارہ ہی پیدا ہوتے ہیں	
ریس چنگی تے گھیس مندی	نقل اچھی۔ منّت بُری	رشک منت سماجت سے بہتر ہے	ریس بھلی ہونس بُری
ریس کر، ہونس ناں کر	رشک کر، حسد نہ کر	حسد کرنا بُری عادت ہے	ہونسا سو مونسا
زبان تخت تے بلھیندی وی ہے، لہیندی وی ہے	زبان تخت پر بٹھاتی بھی ہے اور اُتارتی ہے	انسان گفتگو سے اعلےٰ یا ادنیٰ مقام پاتا ہے	۱:۔ زبان ہی ہاتھی چڑھاوے زبان ہی سر کٹوائے ۲:۔ زبان شیریں ملک گیری زبان ٹیڑھی ملک بانکا
زبان دا پھٹ ساکھڑا نہیں ملدا	زبان کا زخم آسانی سے نہیں ملتا	طعن و تشنیع ہمیشہ یاد رہتی ہے	تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان کا نہیں بھرتا
زبان شیری تے ملک گیری	زبان شیریں اور ملک پر حکومت	شیریں زبانی دلوں کو مسخر کر لیتی ہے	زبان شیریں، ملک گیری
زبان نال دھی بھیݨ دا کم تھیندے	زبان سے بیٹی بہن کا رشتہ ہوتا ہے	زبانی بات اٹل ہوتی ہے	زبان سے بیٹا بیٹی اپنے ہو جاتے ہیں
زبان ہلاوݨ نال کم چلدے	زبان ہلانے سے کام چلتا ہے	بات کرنے سے کام بن جاتا ہے	زبان ہلانے سے کام نکلتا ہے
زر ہے ناں زاری، ساری خُواری	دولت ہے نہ منّت سماجت، ساری ذلّت و خواری	دولت کام آتی ہے یا التجا، دونوں نہ ہوں تو خواری کے سوا کچھ نہیں ہے	زر بل نہ زور بل
زمانہ وڈا اُستاد ہے	زمانہ بڑا استاد ہے	زندگی گزارنے سے انسان تجربہ حاصل کرتا رہتا ہے	

زلفاں آلے، چونڈیاں وِچ نہیں پیندے	زلفِ درازولے، چونڈوں میں ہاتھ نہیں ڈالتے	جو خود خطرے میں ہو وہ دوسروں کو دِق نہ کرے	شیشے کے محل میں رہنے والے اوروں کو پتھر نہیں مارتے
زمین کھا گئی ہے، اسمان کھا گئے	زمین کھا گئی ہے، آسمان کھا گیا ہے	گمشدہ شے کے ملنے پر بولتے ہیں	زمین کھا گئی کہ آسمان
زمیندار دَربھ دی پاڑ	زمیندار دربھ کی جڑ	زمیندار سخت جان ہوتے ہیں، حکمران بدلتے ہیں لیکن زمیندار ہمیشہ حاکم رہتا ہے	زمینداری دوب کی جڑ ہے
زناتے فنا	زنا فنا کرتا ہے	زنا کاری انسان کو تباہ کر دیتی ہے	زنا، فنا
زنانی تے ہتھ چاوݨ جُوانی نہیں	عورت پر ہاتھ اٹھانا مردانگی نہیں	عورت کو نہیں مارنا چاہیئے	عورت پر ہاتھ اٹھانا بزدلی ہے
زندگی دے پوڑے، کیئں کوں ڈاڈھے کیئں کوں ہولے	زندگی کے پیزار، کسی کو زور سے کسی کو آہستہ	زندگی گزارنا سبھی کے لئے تکلیف دہ ہے	؎ زندگی نام ہے مر مر کے جیئے جانے کا
زور تھولا تے ہبب ڈڈی	طاقت تھوڑی، اکڑ بہت	لوگ اپنی کمزوری دوسروں پر ظاہر نہیں ہونے دیتے	
زور تھولا مار کھاوݨ دی نشانی	طاقت کم، مار کھانے کی نشانی	کمزور لڑے تو مار کھاتا ہے	کمزور کا غصہ، مار کھانے کی نشانی
زور دے اگوں زاری کیئں	طاقت کے سامنے عاجزی کیسی	زبردست کسی کی نہیں سنتا	زور کے آگے ضرب نہیں چلتی
زور دے اگوں زاری ہے	طاقت کے سامنے عاجزی ہے	زبردست کو عاجزی سے رام کیا جا سکتا ہے	
زور دے پنج لنگ	طاقت کے پانچ اعضاء	طاقت ور کامیاب ہو جاتا ہے	جس کی لاٹھی اس کی بھینس
زور نال گھوٹ دی بُوا اتھوݨ بھیا	زبردستی دولہے کی پھوپھی بنا ہوا	خواہ مخواہ قرب حاصل کرنے کی کوشش کرنا ہے	تو کون؟ میں خواہ مخواہ
زور آور داست دیہاں ستو	زبردست کا سینکڑہ سات کوڑیوں کا	زبردست اپنی منواتا ہے	زبردست کا بیگھہ سولبوے کا
زور آور دے چار دیہاں ستو	طاقتور کی چار کوڑیوں سے ستو	زبردست اپنی مرضی سے دی گئی کم چیز کو پورا کہتا ہے	زبردست کا ٹھینگا سر پر
زیارت بزرگاں، کفارت گناہاں	بزرگوں کی زیارت، گناہوں کا کفارہ	نیک بزرگوں کی دُعائیں لینی چاہئیں	۱: سادھ سنگت دیں جہاں اسیس سکھی رہیں دے لبوے بیس ۲: زیارت بزرگاں۔ کفارہ گناہ
زیرے دے ہوٹیں، بکری کو ہندے	کلیجی کی خاطر بکری ذبح کرتا ہے	معمولی مفاد کی خاطر زیادہ نقصان	تسمے کے واسطے بھینس مارنا
ساتھوں گئیاں گوریاں، مجھاں ویں گھن ونجن کالے چور	ہم سے گوری گائیں چلی گئیں چاہے کالے بھی چور لے جائیں	جب چیز اپنے پاس نہ رہے تو اس کی فکر بے کار ہے	
